اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا

تک پہنچانا چاہتے ہیں تو زوبی ناولز زون

https://www.zubinovelszone.com

https://www.znzlibrary.com/

https://www.znz.today

آن لائن ویب سائٹ آپکو پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پر اپنا ناول، افسانہ، کالم آرٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

ZUBINOVELSZONE@GMAIL.COM

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل اور وٹس ایپ کے ذریعہ رابطہ کر سکتے ہیں

وہاٹسیپ پر رابطہ کرنے کے لئے نیچے لنک پر کلک کرے

0344 4499420

https://www.facebook.com/Zubi.Novels.Zone.10

انتباہ! اس ناول کے تمام جملہ حقوق زوبی ناولز زون کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جائے۔

https://www.facebook.com/groups/Z.Novel.Zone

**WhatsApp Channel Link**

Channel Join Now

باکس میں موجود ناولز یا کیٹیگری والے ناولز پڑھنے کے لئے ناول نام یا کیٹیگری نام پر کلک کریں

Famous Youtube Novels

Novel Name : Yaar E Sitamgar

Jaan E Aziz Novel By Dua Khan

Lams E Junoon By Zoya Ali Shah

Teri Rahguzar Novel By Kitab Chehra

Bismil Novel By Mehrunnisa Shahmeer

Shiddat E Yaar Novel By Zoya Ali Shah

Ishq E Maknoon Novel By Maryam Jutt

Saza E Ishq Novel By Shahzmeen Mehdi

Atish E Ishq An American Monster By Saleha Iqbal

Novels Categories

Web Special

Short Novels

Long Novels

Digest Novels

Romantic Novels

Facebook Novels

Ebook Novels PDF

Youtube Novels PDF

# مکمل ناول

# سیریل کلر

## تانیہ طاہر

Zubi Novels Zone

لاس ویگاس کی جیل کے سیل نمبر 208میں جہاں خطرناک قیدیوں کو سخت سکیورٹی میں رکھا جاتا تھا اس وقت ایک قیدی جس کے لیے خطرناک لفظ بہت مختصر سا تھا وہ سیل کے بیچم بیچ لٹکا کھڑا تھا اسکے دونوں ہاتھ اوپر کی سمت بندھے ہوئے تھے ایک زنجیر سے۔۔۔دونوں ہاتھوں پر ٹیٹوز بنے تھے اور ان ٹیٹوز میں ایک طرف تیندوا بنا ہوا تھا جبکہ دوسری سمت عجیب غریب نقش ونگاری تھی

سننے میں آتا تھا یہ تیندوا اسکا پالتو ہے اور اس تیندوے سے اسکے مالک کو خصوصی محبت تھی جس کا اظہار ہاتھ پر ٹیٹو بنوا کر کیا گیا تھا۔۔۔

اسکا کسرتی جسم اس بات کا ثبوت تھا کہ وہ جم جاتا ہے اور شاید ہارڈ ورک کرتا ہے کیونکہ رسی سے اسکے ہاتھ باندھنے سے وہ سہولت سے خود کو آزاد کر کے پولیس کو یہ مشورہ دے چکا تھا کہ اسکے ہاتھ زنجیر سے باندھیں جائیں اور اسکے مشورے پر عمل کیا گیا تب ہی جا کر وہ قید ہوا تھا وہ پچھلے بائیس دنوں سے جیل میں تھا اور بائیس دن سے۔۔ اس نے باہر کی دنیا کو نہیں دیکھا تھا

یہ اسکے لیے خصوصی سزا تجویز کی گئی تھی۔۔ کیونکہ سزا دینے والا چاہتا تھا جتنا ہو سکے اتنی اذیت اسکو دے

اور سزا تجویز کرنے والا بھی شاید کافی دل گردے والا تھا جو کہ جیکس روبو فیملی کی آخری نشانی کو اس جیل تک لے آیا تھا۔۔

انسپیکٹر کارٹر۔۔یہ وہ نام تھا جس نے جیکس فیملی کو توڑا تھا۔۔
اور جیکسن کو ڈھونڈ کر اس سیل میں اسکی مہمان نوازی کی تھی

۔۔۔۔۔۔

سر تین دن سے کھڑا ہے کیا ہمیں اسے آزاد نہیں کرنا چاہیے بچارہ کم از کم۔۔بیٹھ جائے گا" ایک ہمدردی سے بھرپور آواز اسکے کانوں سے ٹکرائی اور اسنے اپنی آنکھیں کھول لیں تو صرف سیاہی اور گھیرے اندھیرے کے علاوہ کچھ دیکھائی نہیں دیا۔
تم اپنی زبان بندر کھو بلاوجہ ہمدردی کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ میں جانتا ہوں یہ یہاں سے آزاد ہو کر باہر جائے گا۔۔ ہر صورت اور جس طرح تم اس سے ہمدردی کر رہے ہو یہ اگلا قتل تمھارا کر دے گا۔۔ یہاں آنے سے پہلے ہی اسنے کہا تھا مجھ پر ترس نہ کھانا ورنہ میں ترس کھاؤ گا پھر تم سب پر"۔

کہنے والے نے تھوک نگلا جبکہ اسکے چہرے پر ایک مسکراہٹ نمودار ہوئی جو اندھیرے نے ہی دیکھی اور اسی اندھیرے میں مسکراہٹ مدعوم ہو گئ۔۔

مجھے ڈر لگ رہا ہے سر چلتے ہیں پلیز یہاں سے "دوسرے آدمی نے کہا جبکہ۔۔پہلے والے نے سر ہلایا اور دونوں اس سے پہلے وہاں سے جاتے کہ کارٹر اسی جانب آتا دیکھائی دیا۔۔

گڈ ایوننگ سر "دونوں نے اسے سلوٹ مارا۔۔

چھ فٹ سے نکلتا قد غوری رنگت اور اسپر تیکھے نین نقش کے ساتھ۔۔گرے آنکھیں۔۔شاندار وجاہت اور اسپر سنجیدگی باکمال تھی۔۔

اسنے سر ہلا کر ان دنوں کو سائیڈ پر ہٹنے کے لیے کہا اور۔۔سامنے دیکھا۔

۔

آنکھوں کو کچھ سکون سا ملا تھا۔۔

جیکس جیکسن" وہ اسپر طنز مارنے لگا جان بوجھ کر جیک کا نام لیا تھا جیکسن کے وجود میں کوئی جنبش نہیں تھی۔۔اسنے ان دونوں کو اسے آزاد کرنے کے لیے کہا تو دونوں پولیس والے کارٹر سے کم اور جیکسن سے زیادہ گھبرائے ہوئے تھے

" سر کیا ہم دونوں

یہاں کوئی اور بھی ہے تم دونوں کے علاوہ"کارٹر کی کڑک آواز پر وہ دونوں ایکدم سیدھے ہوئے اور جیکسن کی جانب بڑھے۔

اس کا تو نام سن کر پاؤں کانپ اٹھتے تھے اسکی بے رحمی ایسی تھی کہ شاید امریکہ کی ہر مافیا خوفزدہ تھی اور۔۔ شکر گزار تھی کارٹر کی کہ وہ اسے جیل میں قید کیے ہوئے ہے۔۔

ان دونوں نے زنجیر سے اسکے ہاتھ آزاد کیے۔۔اور تین دن بعد اسکے ہاتھ سیدھے ہوئے۔۔

وہ یوں ہی کھڑا تھا کارٹر کے بقول اسے اپنے چہرے پر سے وہ سیاہ چمڑہ خود ہٹانا چاہیے تھا جس میں سے سانس بھی بمشکل آر پار ہوتی تھی لیکن وہ سیدھا کھڑا ہو گیا۔

شرٹ لیس وجود اور اس وجود پر مختلف جگہوں پر۔۔ان کے مارے گئے ڈنڈوں کے نشان واضح تھے

ہٹاؤ اسکے چہرے پر سے یہ "کارٹر بلآخر تپ کر بولا

اور ڈرتے ڈرتے ان دونوں نے اسکے چہرے پر سے وہ چمڑہ ہٹایا تو۔۔

جیکسن نے آنکھیں کھول کر سامنے دیکھا

بائیس دن بعد اسے نظر آیا بھی تو کارٹر۔۔اسنے ہاتھ بلند کیا تو دونوں پولیس والے ایکدم اس سے دور بھاگے کارٹر نے ضبط سے ان دونوں کو دیکھا اور جیکسن نے ہاتھ بلند کر کے ہاتھ میں سے دو چار پٹاخے نکالے

اور گردن کو بھی موڑ کر گردن کے بل نکالے تو کڑ کڑانے کی آواز اس خاموشی میں گونج گئی۔۔

مسکراتے لبوں سے کارٹر کو دیکھا۔۔۔۔۔

اسکی آنکھیں اسکی ماں جیسی تھیں ہیزل براؤن۔۔

اسکے بال بکھرے ہوئے ہلکے بھورے رنگ جبکہ۔۔ بائیس دن میں سے اسے صرف دس دن بمشکل کھانا ملا تھا پھر بھی وہ کافی فریش اور۔ ۔دوسروں کا لہو گرمانے کے لیے تیار تھا۔۔

وہ وہیں کھڑا رہا اور کارٹر کو خود آگے بڑھنا پڑا

آزادی کا پروانہ اگیا ہے تمھارا" کارٹر ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا

مہمان نوازی کا شکریہ" اسنے سکون سے بالوں میں ہاتھ پھیرہ۔۔

اور سامنے ایک سوراخ سے بمشکل زبردستی اندر آنے والی سورج کی کرن کو دیکھنے لگا۔۔۔

مگر کب تک مجھے تمھیں مستقل مہمان بنانا ہے جیکس دا جیکسن"۔

کارٹر نے سیگریٹ کا شعلہ جلایا اور مسکرایا جبکہ جیکسن کے چہرے پر سنجیدگی تھی

تمھیں پتہ ہے مجھے بڑا مزاہ آتا ہے جب تم اس سنجیدگی سے مجھے دیکھتے ہو۔۔ تمھاری دنیا کے لوگوں کا کہنا ہے جب تم ایسے دیکھتے ہو تو خون کی ندیاں بہاتے ہو۔۔

کبھی میرے لیے بھی یہ اہتمام کرو۔" وہ دھواں فضا میں چھوڑتا بولا۔

جبکہ مقابل پر سکون کھڑا اسے ہی دیکھ رہا تھا

نیویارک تمھاری نہیں رہی۔۔اب تم دادا پوتے مل کر ایسا کیا کر لو گے کہ نیویارک تمھاری بن جائے۔۔

حکومت بدل گئ وقت بدل گیا تمھارا باپ بدل گیا اور رہ کون گیا

جیکس روبو اینڈ جیکسن چہ چہ چہ۔۔ایک بوڑھا دادا اور اسکا جوشیلا پوتا" کارٹر اسے اکسا رہا تھا

جبکہ وہ سنجیدگی سے اسے پھر بھی دیکھتا رہا

میرا نام اچھے سے یاد رکھنا بھولنا مت" وہ بولا جبکہ کارٹر نے بڑے ضبط سے اسے دیکھا۔

اور پھر اس سوراخ کی جانب دیکھنے لگا کارٹر نے اسکے ہاتھ میں ہتھکڑی ڈالی اور اسے باہر لے جانے لگا۔۔

جبکہ جیکس روبو کا پوتا گینگسٹر کی دنیا کا نیا کھلاڑی جس کے اصول جس کا طریقہ آج تک کی کسی مافیا سے میچ نہیں کرتا تھا۔۔ معلوم نہیں کیوں اسے خون کی بو پسند تھی

وہ جہاں ہوتا خون کی ہولی کھیل دیتا وہ دونوں آگے پیچھے باہر کی سمت چلنے لگے۔۔

جبکہ کارٹر نے اسے لا کر ایک کمرے میں چھوڑ دیا۔

وہاں ایک وکیل بیٹھا تھا جیکسن نے کوئی ریسپونس نہیں دیا۔۔

ہتھکڑی کھولو "کارٹر نے اپنے انسپیکٹر سے کہا

جبکہ وہ انسپیکٹر جیسے ہی جیکسن کی سمت اسکی ہتھکڑیاں کھولنے کو بڑھا۔

۔ویسے ہی جیکسن نے دونوں ہاتھ بلند کیے اور اسکے منہ پر دونوں ہاتھوں کا مکہ دے مارا۔۔

وہ انسپیکٹر دروازے میں جا کر لگا اور اسکی ناک سے خون کی لکیر پھوٹ پڑی۔۔

جیکسن "کارٹر کی دھاڑ پر وہ سیدھا ہوا

وہ اسے اس کھلونے سے ڈرا رہا تھا جس سے کھیل کھیل کر وہ بڑا ہوا تھا

جیکسن نے اپنے دنوں ہاتھ اسکے سامنے رکھ دیے

کھولو" ایک لفظی بات میں وہ مفہوم سمجھا گیا تھا کہ۔۔ اسکی ہتھکڑیاں کون کھولے گا۔۔

کارٹر نے نفرت اور غصے سے اسے دیکھا

کھول دیجیے سر آپ جانتے ہیں۔۔ سر ایسے نہیں جائیں گے" وکیل اپنی جگہ سے اٹھا

شیٹ آپ" کارٹر دھاڑا جبکہ۔ وہ سکون سے اسے مچلتے ہوئے دیکھنے لگا

اور جب وہ اپنی بات سے ٹس مس نہیں ہوا تو کارٹر کے جن ہاتھوں نے۔۔ ہتھکڑیاں لگائیں تھیں انھیں ہاتھوں نے اسکی ہتھکڑیاں کھولیں۔۔

اور جیسے ہی اسکے ہاتھ آزاد ہوئے ایکدم۔۔ بلکل بے ساختہ کہ سامنے کھڑے وکیل اور دو انسپکٹرز کو بھی پتہ نہیں چلا کہ کب۔۔

جیکسن نے کارٹر کی گردن پر وار کیا اور اسکا سر ٹیبل پر دھر تا۔۔

وہ اسکی گردن کو اپنے تیندوے کیطرح جکڑے کھڑا تھا

بلکل ویسے ہی جیسے وہ شکار کرتا تھا اسکی آنکھوں میں عجیب جنون تھا۔۔

اسکے ہاتھوں کی گرفت میں اتنی طاقت تھی کہ کارٹر کا چہرہ نیلا پڑنے لگا

س۔۔۔سر۔۔۔سر" وکیل ایکدم چلایا کہ بائیس دن بعد تو ضمانت ہو

رہی تھی اسکی اور وہ اگلا قتل کرنے پر تیار کھڑا تھا

جیکس نے نگاہ گھمائی اور اسے ٹیبل پر پیپر ویٹ نظر آیا

اور بھاری پتھر نما پیپر ویٹ اٹھا کر اسنے کارٹر کے سر پر مارنا شروع کیا۔

۔اور مسلسل اسکے سر پر وار کرتا رہا یہاں تک کے اسکی پیشانی کی ہڈی

ٹوٹ گئی

جبکہ کارٹر کی چیخوں سے شاید پورا جیل سہم گیا تھا۔۔اور جیکسن تب تک

وار کرتا رہا جب تک۔۔۔اسکا خون چاروں سمت نہیں پھیل گیا۔۔اور

اسکے ہاتھ کارٹر کے خون سے لتھ پتھ نہیں ہوئے وکیل نے کانپتے ہاتھوں سے جیکس کو کال ملائی۔۔

س۔۔س۔ر۔۔"۔

وہ بس اتنا ہی بولا تھا۔

جیکسن "دادا کی ایک پکار پر اسکا ہاتھ تھم گیا۔

اور کارٹر کے بے جان وجود کو دور پھینک کر اسنے اپنا پسینہ اسکے خون سے صاف کیا

آئی لو یو گرینڈ ڈیڈ "وکیل کے ہاتھ سے موبائل چھین کر وہ بولا اور اس کمرے سے نکلا بائیس دن بعد اسے باہر کی تازہ ہوا نے چھوا تھا

آئی لو یو ٹو گرینڈ سن مگر اس کی ضرورت نہیں تھی"۔

جیک جان گیا تھا وہ اسے مار چکا ہے۔۔

اب کسی نئے کارٹر کے آنے تک لاس ویگاس میں سکون رہے گا لنچ آپکے ساتھ کروں گا"۔

وہ بولا اور۔۔ باہر نکلا۔۔ جبکہ وکیل کانپتے قدموں سے اسکے پیچھ پیچھے تھا۔۔

یہاں تک کے سیاہ لمبر گنی اسکے سامنے رکی وکیل کا فون ہوا میں اچھال کر وہ اپنی گاڑی میں سوار ہو گیا اگر وہ وکیل اس موبائل کو نہ سنبھالتا تو شاید۔۔ ہی اس بے چارے کا موبائل ٹوٹنے سے بچتا۔

یہ یہ انسان نہیں ہے۔۔" وہ سانس حلق میں اتارتا اندر پڑی کارٹر کی لاش کا سوچتا وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا۔

جبکہ دوسری طرف لمبر گنی بڑی تیزی سے روڈ پر چل رہی تھی۔۔

ویلکم بیک برو" وہ مسکرایا۔

بائیس دن بعد لاس ویگاس دیکھا ہے" ہینری کی چہچہاتی آواز کو اگنور کر کے اسنے گھیرہ سانس بھرا۔

اور تم جانتے ہو ان بائیس دنوں میں تمھارا پالتو ہم سب کی بینڈ بجا چکا ہے" وہ اسکے تیندوے کی بات کر رہا تھا۔

کتنوں کو کھایا" وہ ہلکے سے مسکرا کر سوال کرنے لگا

پورے چار لوگوں کو۔" ہینری نفی میں سر ہلانے لگا

اور میں صرف ایک کا شکار کر کے آیا ہوں۔۔ ہمیشہ مجھ سے آگے رہتا ہے" وہ نفی میں سر ہلانے لگا۔۔

گرینڈ ڈیڈ کہاں ہیں"۔

افکورس تمھارے ٹھکانے پر۔" وہ بولا

جبکہ اسنے سر ہلایا۔۔۔اور ہینری نے گاڑی بھگائی۔۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

یہاں تک کہ وہ دونوں لاس ویگاس کے پوش ایریا جہاں دور دور تک پھیلا جیکسن روبو کا بنگلہ۔۔جو کہ جیک کی طرف سے اپنے پوتے کے جوان ہونے کا تحفہ تھا

سیاہ اور گرے کا یہ مینیشن میں پوری شان سے کھڑا چمچمارہا تھا

اسکے آگے لمبر گنی رکی اور وہ دونوں گاڑی سے نکلے تو۔۔ جیکسن اندر بڑھا اسکے گارڈز اسے دیکھنے لگے جو کہ اپنی پسندیدہ جگہ پر جارہا تھا اور ایک گارڈ نے اسکا پالتو جانور بڑے سارے جنگلے سے آزاد کیا اور وہ دوڑتا ہوا اسپر ایکدم جھپٹا

کہ جیکسن پیچھے گیرہ اور وہ اسپر چڑھ گیا جبکہ جیکسن نے اسکی دونوں ٹانگوں کو پکڑ لیا

وہ تیندوا تھا جس سے روح بھی کانپ جائے اور ہنری تو اکثر کانپ جاتا تھا

۔

اگر دادا کا حکم نہ ہوتا تو کبھی اس پاگل مینٹل سائیکو کے ساتھ وہ نہ رہتا اور

اب بھی وہ اکثر اسکے پاس سے بھاگ جاتا تھا جب اسے دورے پڑتے

تھے لوگوں کو مارنے کے۔۔۔

یہ جیکس روبو کی پرورش تھی اور کچھ اسکا اپنا مزاج ہی اتنا خطرناک تھا کہ

کسی کی بھی روح فنا کر دے۔۔

جیکسن کے ہنسنے کی آواز پر ایکدم سب نے شاکڈ نظروں سے اسکی جانب

دیکھا جو گھاس پر لیٹا اتنے خطرناک جانور سے کھیل رہا تھا اور وہ جانور

بھی تو اسکو اپنی زبان سے چاٹ رہا تھا تیندوے سے وہ کب بلی بن گیا۔۔

پتہ بھی نہیں چلا

یہاں تک کے ہینری کو تو ابکائی آئی اور۔ وہ وہاں سے بھاگ کر اندر ا گیا۔

اگیا جیکسن"۔

جی باہر ہے آپکا پاگل پوتا۔۔"۔ہینری نے پانی پیااور منہ بنا کر بیٹھ گیا

جیکس اسے دیکھنے کو بے چین تھا۔۔

کم اون ٹائیگر کم ان سائیڈ" جیکسن کی ہشاش بشاش آواز پر۔۔

جیکس روبو نے مڑ کر دیکھااور ایسالگا جیسے جیک روبو سامنے سے چلتا ہوا

رہا ہو یہ پھراس سے بھی زیادہ حسین لیکن اتنا ہینڈ سم ہونے کے باوجود

اسکی آنکھوں میں وہ سکوت تھا کہ۔۔

کوئی بھی اسکے آگے ٹھہر نہ پائے۔۔

وہ اپنے ٹائیگر کے ساتھ چلتا اندر آیااور۔۔ایک گارڈ نے اسے بیچ میں ہی

شرٹ تھمائی جسے اسنے پہنااور یوں ہی بٹن کھلے چھوڑے وہ دادا کے سینے

سے لگ گیا

جیکس کو لگا سکون سااتر گیا ہو۔۔

وئیر ازمائے پرنسیسز" وہ پرل کے بارے میں پوچھ رہا تھا۔۔

شی ازمائین پر نسیسز گرینڈ سن "ہمیشہ کیطرح جیک کی جنگ جاری تھی
۔

اوہ ڈیم اولڈ مین عاشقی سے دستبردار ہو جائیں "وہ سکون سے بولتا ہینری
کو دھکیلتا خود بیٹھ گیا اور اسکا ٹائیگر اسکے پاؤں میں بیٹھ گیا۔
وہ پھیل کر بیٹھا تھا سیاہ صوفے پر۔۔
گھیری سانس بھری اور ایک گارڈ ایک بڑی ساری ٹرے لے آیا جس
میں۔۔اسکا پسندیدہ مشروب تھا۔
گلاس اٹھا کر اسنے حلق میں انڈیل لیا۔۔
جبکہ ہینری نے گارڈ کو منع کر دیا وہ ویسا کچھ بھی کرنے کا عادی نہیں تھا
جو جیکسن کرتا تھا۔۔
لیکن پھر بھی جیکسن کے ساتھ رہتا تھا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

تم نے کارٹر کو کیوں مار دیا۔" وہ تینوں الگ الگ صوفوں پر بیٹھے تھے جبکہ سوفٹ ڈرنک پی جا رہی تھی۔۔اور دوسری طرف جیک نے غور سے اسکی کھلی شرٹ میں سے اسکے جسم کیطرف دیکھا جہاں بڑے بڑے سرخ نشان تھے جبکہ وہ بے پرواہ گلاس ہاتھ میں لیے پینے میں مصروف تھا۔

ضروری تھا دادا وہ۔مجھے ٹونٹ کرتا تھا اینڈ آئی ڈونٹ لائیک دیٹ ٹائیپ اف ایسینٹ" وہ بولا تو جیک کے لبوں پر مسکراہٹ سی رینگ۔۔۔ ہینری نے سر پکڑ لیا۔

دادا آپ نے کہا تھا آپ ڈانٹیں گے اسکو" ہینری جو ڈانٹ کا منتظر تھا اسکے مسکرانے پر مچل کر بولا۔

ہی ازمائے سن۔۔" وہ بڑے فخر سے اسے دیکھنے لگا جبکہ جیکسن اپنے ٹائیگر کے سر پر ہاتھ پھیر رہا تھا

تمھارے لیے کچھ فریشنس کا اہتمام ہونا چاہیے واٹ یو تھینک اباوٹ دیٹ" جیک نے گھونٹ بھرتے اسکی جانب دیکھا جبکہ وہ بدمزاہ سا ہوا سب جانتے تھے وہ جس فریشنیس کی بات کر رہا تھا جیکسن بس اسی فریشنیس سے دور رہتا تھا باقی تو وہ ہر غلط کام میں ملوث ہوتا تھا

ناٹ سیلی گرلز دادا" وہ سر نفی میں ہلاتا اٹھا۔۔

ہینری کا قہقہہ بلند ہوا جبکہ جیک نفی میں سر ہلانے لگا

" ہی از ایم پرفیکٹ دادا

شٹ یور ماوتھ ہینری" جیکسن کی آواز پر وہ زبان دبا گیا

میرا مطلب لک ایٹ یو بروبو آر ٹو مچ لڑکیاں دیکھ کر پاگل ہو جاتی ہیں لیکن آج تک ایک بھی لڑکی کو نہیں چھوا۔۔وٹ ربیش یار" ہینری نے وضاحت دی۔۔۔

مجھے لڑکیاں نہیں پسند" وہ جھنجھلا کر بولا جبکہ جیک کو خود بھی ہنسی آئی۔

۔

وائے۔۔۔؟؟؟ڈیئر منی ڈریسز اینڈ ڈیر لیپسٹک کلرا وہ مائے گاڈ دادا اہتمام میرے لیے کرلیں" ہینری دل پر ہاتھ دھرتا بولا جبکہ جیکسن نے اسکی جانب کافی کوفت سے دیکھا

یو نو واٹ ہینری لڑکیوں کے منی ڈریسز اور لیپسٹک سے زیادہ اہم نیو یارک ہے جو ہمارے ہاتھ میں نہیں" اسنے وہاں چوٹ ماری کہ جیک اور ہینری دونوں کی مسکراہٹ سمٹ گئی

اور ویسے بھی مجھے صرف جیکسن پسند ہے۔۔

مجھے میرا ٹائیگر پسند ہے مجھے اندھیرا پسند ہے اور خون کی خوشبو۔۔ میں سلی گرلز کو اپنا وقت دے کر اپنا وقت ضائع نہیں کرتا اور۔۔" وہ کچھ سوچتا ہوا پلٹا۔۔

آئی تھینک دادا کریٹ آر ول وائے یو ڈونٹ فالو ہیم۔

ہی سیڈ آلویز یوز آور گن گرل اور لاس ویگاس میں ور گن لڑکی مزاحیہ

ہے یہ بات۔۔۔

اب اگر یہ اپنے اصولوں سے ہٹ رہیں ہیں تو میں اپنے اصولوں کو نہیں

بھولا" جیکسن کی بات پر جیک نے گھیرہ سانس بھرا۔

نیو یارک تمھاری ہو گی تم اسکی فکر نہ کرو۔۔

میں آپ سے انعام کے طور پر نیو یارک نہیں لینا چاہتا مجھے چھیننی ہے۔

۔اور میں جلد چھین کر رہو گا۔۔" وہ ایک جنون سے بولا

اوکے ایزی برو" ہینری نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا جبکہ وہ سپاٹ

نظروں سے اسے دیکھ کر رہ گیا۔

میں اب تمھیں کسی کلب میں کسی مینی سکرٹ کے ساتھ نہ دیکھو نشانے پر فوکس کرو"کڑک تیوروں میں کہتا وہ وہاں سے چلا گیا جبکہ جیک۔۔ مسکرا دیا۔

اوہ یس یس یو آر سوپر اوڈ۔ وٹ آئیور میری قدر نہیں ہے"ہینری اسکو مسکراتا دیکھ غصے سے بولا۔۔

جبکہ جیک اسے اوپر جاتا دیکھ رہا تھا جس کے پیچھے ایک بے حد خطرناک جانور چل رہا تھا۔

اسکے جسم پر گھیری چوٹیں تھیں لیکن ایک بار بھی اسنے یہ احساس نہیں ہونے دیا کہ اسکے جسم میں کسی قسم کی کوئی تکلیف ہے اور وہ بائیس دن بعد ان روشنیوں کو دیکھ رہا ہے۔۔

---

رات کے تین بج رہے تھے۔۔ کمرے میں مکمل اندھیرہ تھااور ہر شام ہی اداس تھی پھر یہ تنہائی یہ اندھیرا اسکے ساکن وجود پر کوئی حرکت نہیں کر سکتا تھا۔

آدھی رات کے پہر وہ کمرے کی کھڑکی میں کھڑی۔۔ادھورے چاند کو دیکھ رہی تھی تیز ہوا کا ایک جھونکا بڑی خاموشی سے آتا اور اسکے چاندنی سے دمکتے چہرے کو بڑی خاموشی اور نرمی سے چھو کر گزر جاتا اسکے لمبے سیاہ بالوں کی سہمی ہوئی لٹیں ہوا کے دوش پر حرکت کرتیں اور پھر سہم کر اسکی شفاف گردن پر آکر ٹھہر جاتی بادامی آنکھوں میں چھپی اداسی اور ڈرک براونش کانچ میں بڑے واضح دیکھائی دے رہا تھا۔

اسکے کمرے کی کھڑکی سے۔۔ باہر لون کی ہوا کے دوش پر جھومتے درخت بڑے واضح تھے۔۔ان درختوں کو وہ اکثر بلکل خاموشی سے دیکھتی رہتی تھی۔

اور اچانک اس ماحول میں ایک ارتاش سا پیدا ہوا تھا۔۔

تھائی رات میں چوکیدار نے نیند سے بھری آنکھوں کو مسلتے اپنے مالک

کے لیے لوہے کا سنگلاخ دروازہ کھولا اور دور ہوا

گاڑی پورچ کی اینٹوں پر بے دردی سے چلتی اندر داخل ہوئ۔۔

ایلے کا وجود حرکت کرنا چاہتا تھا وہ بھاگ کر اپنے کمرے کا دروازہ بند کر

لینا چاہتی تھی مگر اسکی نگاہ وہیں تھم گئ جب پار کر گاڑی سے نکلا اور عین

اسی کمرے کی کھڑکی کی جانب دیکھا جہاں گماں تھا وہ کھڑی ہو گی۔

نفرت سفاکیت سے آنکھیں چمک اٹھیں ایلے کا وجود ٹھنڈا پڑ گیا

وہ پلٹ کر دروازہ بند کرنے کا سوچ رہی تھی پار کر ابھی اسکے سامنے

نہیں تھا وہ دروازہ بند کرنا چاہتی تھی اسکا دماغ کہہ رہا تھا ایلے دروازہ بند

کر لو ایلے دروازہ بند کر دو اور بہت دیر ہو گئ جب تک اسنے اپنے دماغ کی

بات پر عمل کرنا چاہا پار کر پیچھے کھڑا اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

یہ نظریں بچپن سے وہ دیکھتی ارہی تھی ایلے کا سر نفی میں ہلا اور پار کر

کے ہاتھ کی چھڑی۔۔۔اسکے وجود میں حرکت پیدا کر گئ

وہ یقیناً شراب پی کر آیا تھا شراب کے نشے میں وہ اپنے اندر کی۔۔ساری

جنونیت ساری سفاکیت ایلے پر اتار دیتا تھا

ایلے نے اپنا لونگ کوٹ خود پر لپیٹا اور باہر ماں کے پاس بھاگنا چاہا

مگر پار کر نے اسے اسکے بالوں سے جکڑ لیا۔۔

اور اسکے بعد اسکو اسی چھڑی سے۔۔۔اسے اتنا مارا اتنا مارا۔۔اتنا مارا کہ ایلے

آدھ موئ ہو گئ اور جب وہ تھک گیا تو اسکے پاس چھڑی پھینک کر۔۔

اسے ایک ٹھوکر مار کر وہاں سے چلا گیا

یہ اذیت آمیز عمل وہ اپنے بچپن سے سہتی ارہی تھی۔

لیکن لبوں سے آواز تو تب نکلتی جب آواز نکلنے کی اجازت ہوتی۔۔

براؤن کانچ سی آنکھوں سے آنسوں بہنے لگے۔۔۔ سسکی کی آواز کمرے میں گونج گئی۔۔

پارکر کے نفسیاتی عوامل کے نشانات اسکے وجود پر موجود تھے لیکن وہ کبھی کسی کو کہہ نہیں سکی تھی۔۔ وہ ڈر اور خوف میں دبکی لڑکی نیویارک میں جی تو رہی تھی لیکن ایک قید میں جہاں کتنی سانسیں لینی ہیں وہ بھی اسے بتایا جاتا تھا

اس میں ایک ہی نقص تھا وہ کبھی بول نہیں سکتی تھی۔

اسکی آواز پارکر کے ظلم سے چلی گئی تھی دس سال پہلے ہوئے کار ایکسیڈنٹ کے بعد سے لے کر آج تک اسکے لبوں سے ایک لفظ آزاد نہیں ہوا تھا۔۔

وہ اپنی ماں سے نہیں بولی تھی جسے بلکل فرق نہیں پڑا تھا کہ۔۔ اسکی بیٹی کی آواز دس سال سے اسکے کانوں سے نہیں ٹکرائی

وہ اپنے بھائی سے نہیں بولی تھی۔۔جو اپنی زندگی میں اتنا مگن تھا کہ اسے غرض نہیں تھی کہ کوئی اکیلے بھی اس گھر میں رہتی ہے اور وہ بول نہیں سکتی۔۔

دس سال سے ایک حرف لبوں سے آزاد نہیں کیا تھا جبکہ دس سال سے پارکر کے جنون کو وہ سہہ رہی تھی وہ وحشی نہیں تھا۔

لیکن جب اسنے نیویارک کوروبو فیملی سے چھینا اسکے بعد سے اسکی وحشی پن کا کوئی شمار نہیں رہا۔

پارکر اسکی ماں کا دوسرا شوہر تھا جسے۔۔بیٹیوں سے سخت نفرت تھی اسکا ایک بیٹا تھا اور اسکی ماں سے تھا یعنی ماں کیطرف سے اسکا بھائی تھا اسکے اپنے باپ۔۔ گرے سن نے اسے اور اسکی ماں کو اسی وجہ سے چھوڑا تھا کہ اکیلے ہوئی تھی یعنی ایک بیٹی۔۔ جس کو گرے سن قبول نہیں کرسکا اسکا اپنا حقیقی باپ۔۔تو پارکر کیسے کرتا اتنی نفرت تھی اسے

ایلے سے اتنی نفرت تھی جس کا شمار کیا نہیں جا سکتا تھا اور اس نفرت کا احساس ایلے کو روز کروانا وہ اپنا فرض سمجھتا تھا

وہ اسے مارتا پیٹتا نشہ کر کے اسپر عجیب انداز سے جنون نکالتا اور ایلے کی آواز دس سال سے یوں ہی بند تھی۔

پار کر اسکی کراہنے کی بھی آواز کا گلہ گھونٹ دیتا جب تک وہ نشے میں اسپر تشدد کرنا چاہتا وہ کرتا اور اسکے بعد وہ وہاں سے چلا جاتا اسکی ماں نے کبھی نہیں پوچھا تھا کہ اسکو کیا مسلہ ہے وہ سارا سارا دن اپنے کمرے میں بند کیوں رہتی ہے۔۔بس یونیورسٹی جاتی ہے اور یونیورسٹی سے واپس آ کر وہی کمرے میں بند۔۔ہو جاتی ہے وہ کھاتی پیتی نہیں ہے آخر کیوں ہے وہ ایسی لیکن اسنے کبھی ماں ہونے کا حق ادا نہیں کیا۔۔وہ اپنی زندگی اپنی مصروفیات میں اتنی مگن تھی کہ ایلے پر کبھی دھیان نہیں دیا۔اور ایلے اپنے سینے میں ہی سب قید کیے چپ سادھ گئی تھی وہ ٹھنڈے فرش

پر پڑی پلکیں جھپکاتی بنا آواز کیے کھلے دروازے کو دیکھ رہی تھیں جہاں سے پار کرا ابھی گزر کر چلا گیا تھا

جسم میں ہمت جمع کرتی کچھ دیر کے توقف سے اٹھی۔۔اپنے گرد کوٹ کو۔۔۔لپیٹ کر اسنے کانپتے ہاتھوں سے کمرے کو لاک کر دیا اور بستر پر اکر لیٹ گی ُسکڑ سمٹ کر اسنے جیسے خود کو چھپا لیا۔۔

اور اپنے جسم سے اٹھتی ٹیسوں کو بے رحمی سے نظر انداز کرتی وہ۔۔

لیمپ کو بجھا گی ُاتنا ہی گھیرہ اندھیرہ چاہتی تھی وہ خود میں

--------------------------------

نینی کمرے میں آئ تو ایلے کو بستر میں ہی سمٹا ہوا پایا

ایلے تم ٹھیک ہو" وہ بہت چھوٹی عمر سے اسکے ساتھ تھیں

ایلے نے سر ہلا دیا نیند اسے آئی ہی نہیں تھی براونش آنکھوں کے نیچے نیند نہ لینے کے باعث ایک حسین سی سرخ لکیر بن گئی تھی مگر تم ایسا کیوں لگ رہا ہے۔۔ تمکو بخار ہو گیا" ایلے کو چھوتے ہی انھیں احساس ہوا کہ وہ تپ رہی ہے۔۔

وہ اٹھ کر بیٹھ گئی اُس سے ایسے بخار ہزار بار ہو چکے تھے

جب اس وقت کسی نے توجہ نہیں دی تو آج کسی کو کیا فرق پڑتا تھا ایلے اٹھی نینی اسکی پشت دیکھنے لگی وہ واشروم میں چلی گئی انھوں نے ٹائم دیکھا اسکی کلاس کا وقت تھا۔

وہ۔اٹھ کر افسردہ سی نیچے اگئیں۔

جہاں امیلیا ناشتہ کرنے میں مصروف تھیں۔

میم ایلے کو تیز بخار ہے" وہ بولی جبکہ امیلیا نے چیڑ کر نینی کیطرف دیکھا

تنگ ہوں میں اس لڑکی سے عاجز ہوں۔۔بت بنی پھرتی رہتی ہے اور ہر

کچھ دن بعد بخار ہر کچھ دن بعد بخار میرا تو دماغ ہی خراب ہو گیا ہے" وہ

بھڑک کر بولیں جبکہ دوسری طرف نینی اسے حیرانگی سے دیکھ رہی تھی

یہ کیسی ماں تھی لیکن جو دور چل رہا تھا وہاں کچھ بھی ہو سکتا تھا ایلے کے

لیے وہ ناشتہ بنانے لگیں اور کچھ ہی دیر میں ایلے بھی نیچے آگئ

اور ماں سے دور چیئر گھسیٹ کر بیٹھ گئ۔۔امیلیا نے بے زاری سے اسے

دیکھا

آج تک اسنے اسے سیاہ رنگ کے علاوہ کسی رنگ میں نہیں دیکھا تھا۔۔

بلیک لونگ کوٹ جو کہ مکمل اسکے وجود کو ڈھانپ چکا تھا

جبکہ اسکے بال جو کمر تک جاتے تھے کھلے تھے اسکے بالوں کا رنگ اسکی

آنکھوں۔ل کے رنگ سے میچ کرتا تھا اور بخار کی وجہ سے اسکی ناک

سرخ ہو کر اس پر سوز حسن کو چار چاند لگا چکی تھی

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اسکے جسم کا کوئی حصہ عیاں نہ ہوتا تھا امیلیا چیڑ کھاتی تھی نیو یارک کی ہر لڑکی منی سکرٹ ٹاپس میں پھرتی تھی اور ایک اسکی بیٹی تھی جو اس سیاہ رنگ کے اوور کوٹ سے ہی نہیں نکلتی تھی اسکی جھکی ہوئی پریشان پلکیں ماں کی گھوری کو محسوس کر کے لرزنے لگیں تھی وہ سر جھکائے نینی کے ناشتے کا انتظار کر رہی تھی

جب بخار ہے تو کیوں جا رہی ہو یونیورسٹی" وہ تڑخ کر بولی تھیں جیسے یہ الفاظ بھی بڑی مشکل سے بولیں ہوں ایلے نے سر اٹھا کر انکیطرف دیکھا اور اسکی براونش نظروں میں سرخ لکیر بڑی واضح تھی دیکھ کر وہ پہلو بدل گئیں۔

بولنا تو تم نے کچھ ہے نہیں تمام ڈاکٹرز نے ہاتھ اٹھا لیے ایلے تمھاری سپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے کہ تم نے آج تک اپنے آپ کو ایلے تمھاری سپورٹ نہ ہونے کی وجہ سے کہ تم نے آج تک اپنے آپ کو

سپورٹ نہیں کیا کہ تم بول سکو آج تک کوئی تمھارا بوائے فرینڈ نہیں ہے۔ کبھی تم نے کارلا کو دیکھا ہے شی از سو شائین اور ایک تم بے زاریت کا دوسرا نام" وہ غصے سے بولیں تھیں ایلے پھر سے نظریں جھکا گئی

تم کیوں فکر مند ہو رہی ہو کون اس سے شادی کرے گا یہ بوائے فرینڈ بنے گا۔۔اسکی شادی اتنی بھی ضروری نہیں" پارکر کی آواز تھی ایلے بیٹھے سے اٹھ گئی۔

اسکے چہرے کے رنگ پھیکے پڑ گئے۔۔ جبکہ اسکا بھائی جولین ہنسنے لگا تھا۔ ایلے ویسے گونگے ہونے میں کیسا لگتا ہے" وہ مذاق بناتا بولا اسکی برانش آنکھوں میں نمی تیرنے لگی جبکہ آنکھوں کی سوزش اسکی آنکھوں کے حسن میں اضافہ کر گئی تھی۔۔۔

اب منہ اٹھا کر کھڑی ہو گئی ہے" پارکر نے نفرت سے اسے دیکھا

سر ایلیے میم کو ناشتہ کرنا"۔

چپ "بھڑک کر پار کر نے نینی کو روک دیا۔۔

میری نظروں سے اپنی اس میم کو دور کرو۔" وہ پھنکارہ ایلیے کی وین ا

چکی تھی وہ وہاں سے تیز تیز قدم اٹھاتی باہر چلی گئی اور روز کیطرح ان

سب نے آج بھی اسے ناشتہ کرنے نہیں دیا وہ وین میں بیٹھی اور تیز ہوا

کے جھونکوں نے اسکی آنکھوں میں جلن سی بھر دی اسنے آہستگی سے

اپنی پلکوں کی چلمن کو گالوں پر گیر الیا۔

---

ڈیڈ جیکسن کہاں ہے "جیمز جیکوب آگے پیچھے داخل ہوئے تو ہینری تو

باپ کو دیکھ سیدھا ہو گیا

لیکن تسلی تھی دادا وہیں بیٹھے تھے۔

آرام کر رہا ہے تمھیں کیا کام پڑ گیا اس سے" جیک نے سیگریٹ ایش ٹرے میں سلگائی۔

پورا لاس ویگاس چلا اٹھا ہے کارٹر کی موت پر" جیمز ذرا غصے سے بولا

دیکھو جیمز جسے جانا ہوتا ہے وہ جا کر رہتا ہے" جیک مدھم سا مسکرایا۔

ڈیڈ پلیز آپ اسے سمجھائیں وہ یہ سب نہ کرے ہم کوشش کر تو رہے ہیں نیویارک ہماری تھی ہماری ہی ہے۔۔

نیویارک کو حاصل کرنے کے لیے وہ یہ خون ریزی کیوں کر رہا ہے"۔

جیمز صوفے پر بیٹھ گیا

تمھاری وجہ سے ہوا ہے یہ سب" ٹھیک ہے میں مانتا ہوں لیکن میں نے کہا ہے نہ کہ میں خود نیویارک کو اس پار کر سے حاصل کر لوں گا۔"

جیمز کے بولنے پر جیک ہلکا سا مسکرایا۔

اور اگر میں کہوں تمھاری اس یوز لیس محبت کی وجہ سے۔۔میری چیز مجھ سے جدا ہوئی ہے اگر اس رات تم پار کر کو مار دیتے تو آج ایک سانپ ہمارے اوپر ڈسنے کو پھن پھیلائے بیٹھا نہ ہوتا" جیمز لب دبا گیا۔

وئیر از پرل" جیک طنزیہ مسکرادیا اور جیکوب سے سوال کرنے لگا۔۔

مام وریڈ ہیں ڈیڈ۔۔"۔

نوپروبلم وہ سالوں سے میرے ساتھ ہے۔۔

اینی ویز ٹیک ایٹ ایزی۔۔" وہ جیمز کو دیکھتا اسے تسلی دیتا بولا۔

ایزی تو تب ہو گا جب جیکسن آپکے اشاروں پر چلنا بند کرے گا" جیمز نے بھی باپ پر طنز اچھالا۔

مائے سن ہی از ریڈی فوروار۔۔۔

وہ میرے اشاروں پر نہیں ہے۔۔وہ اپنے دماغ سے چلتا ہے اینڈ ایم سو ہیپی کہ وہ جانتا ہے اسے کیا کرنا ہے۔۔" جیمز کو جتا کر وہ اٹھ گیا جبکہ۔۔

جیک کسی پریشانی کا سن کر وہاں سب کے بیچ سے اٹھ گیا تھا اور وہ سب بھی جانتے تھے کہ وہ اب کہاں جا رہا ہے۔۔

"تم کس خوشی میں دانت نکال رہے ہو

جیکوب نے تیکھی نظروں سے ہینری کو دیکھا۔

ڈیڈ پلیز یار جیکسن کا زلزلہ مجھ پر نہ نکالیں ایم گوینگ ٹو آ سپیشل ڈیٹ "

وہ آنکھ دباتا جلدی سے صوفے پر سے اٹھا۔۔۔۔

بلکل مجھ پر گیا ہے "جیکوب سکون سے مسکرایا اور جیمز نے گھور کر اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

لاس ویگاس کی پر سکون ہوا میں رات کے دو بجے اسنے گھیرہ سانس بھرا تھا۔

آنکھوں نے چار و سمت حرکت کی اور اسے دور اپنا ٹائیگر دیکھائی دیا جو سنگلاخ جنگلے میں سو رہا تھا۔

ہاں یہاں وہ ہار جاتا تھا کہ جیکسن جیک پر گیا تھا اسے زیادہ سونے کی عادت نہیں تھی اور رات اسے بہت پسند تھی کیونکہ ہر طرف خاموشی اور ایک گھیرہ اندھیرہ جو چھا جاتا تھا۔۔

اسنے جینز پر ہالف سلیوز شرٹ ڈالی اور اپنے کمرے سے نکلا تو اسکے گھر کا ملازم اور اسکا بھائی ہینری سب خواب خرگوش کے مزے لے رہے تھے

وہ پانی کی بوتل ہاتھ میں لے کر۔۔اپنے ہی گھر میں بنے جم کیطرف بڑھنے لگا۔

گڈ ٹو سی یو سن" سنجیدہ آواز پر اسنے مڑ کر دیکھا اور ایکدم مسکرا دیا

ہے ڈیڈ" وہ جیمز کی جانب بڑھا اور جیمز نے اسے سینے سے لگا لیا

کیسے ہو تم" وہ پوچھنے لگا۔

پرفیکٹ" جیکسن نے جیسے اپنا آپ دیکھا یا جیمز ہلکا سا مسکرایا اور جیکسن پھر سے چلنے لگا جبکہ جیمز بھی ساتھ تھا

آج میرے ساتھ ورک آؤٹ کرنے کا ارادہ ہے۔۔" اسنے ذرا نگاہ گھما ک باپ کو دیکھا

ہاں اسی بھانے تم دستیاب ہو گئے ہو مجھے۔۔۔

اور میں کچھ باتیں بھی کر سکتا ہوں تم سے جبکہ ڈیڈ یہاں نہیں ہیں"۔

جیمز نفی میں سر ہلاتا اسکے ساتھ ہی چل رہا تھا۔

جیکسن نے پانی کی بوتل کھولی اور لبوں سے لگالی وہ دونوں ایک لمبا لون پار کر کے دوسری طرف بنی بیلڈنگ کی جانب بڑھ رہے تھے جو مکمل کانچ سے ڈھکی تھی اور۔۔ سیاہ شیشے اسے اس اندھیرے میں چھپائے ہوئے تھے وہ جیکسن کا جم تھا۔۔

جہاں وہ رات کے اسی پہر پایا جاتا تھا

آپ دادا سے اتنا ڈرتے کیوں ہیں "اسنے ورک آؤٹ کے لیے ٹریک میل کا چناؤ کیا جبکہ جیمز نے اسکو ذرا آئی برو آچکا کر دیکھا۔

تمھارے دادا سے جیمز روبوڈرتا ہے

یہ مزاحیہ نہیں ہے "جیمز نے ڈمبلز اٹھا لیے جیکسن کے لب ذرا سے مسکرائے اور پھر وہ ٹریک میل پر دوڑنے لگا

جیمز نے مڑ کر دیکھا وہ ہائی سپیڈ میں دوڑ رہا تھا ٹریک میل کی سپیڈ حد سے زیادہ تھی اور وہ اس پر دوڑ رہا تھا اسکے بھاگنے کی آواز اور اسکی پیشانی پر لمھوں میں پھیلتا پسینہ۔۔ جیمز اسے کھڑا دیکھتا رہا

وہ جنونی سا تھا۔۔اور اسکے بھاگنے میں بھی ایک جنون تھا

تمھیں نیو یارک میں لے کر دوں گا یہ ضد چھوڑ دو" جیمز کی آواز پر

ایکدم اسنے ٹریک میل کے بٹن پر ہاتھ مارا اور ٹریک میل رک گیا۔۔

اسنے چہرہ موڑ کر باپ کو دیکھا جو سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔

میں آپ سے بحث نہیں کرنا چاہتا" وہ سپاٹ لہجے میں بولا

جیکس ڈیڈ تمھیں غلط گائیڈ کر رہے ہیں یار اگر تمھارے خلاف کوئی

ثبوت ملا تو۔۔ تم برا پھنسو گے تم پچھلے چار سال سے شہر میں صرف

ضمانت پر گھوم رہے ہو۔

"تمھیں اپنی زندگی پیاری نہیں ہے

آپ مجھے دادا کے خلاف کرنے آئے ہیں" وہ اسکی آنکھوں میں آنکھیں

ڈال کر بولا۔

نہیں لیکن مافیا کے کچھ اصول ہیں جنھیں تم توڑ رہے ہو مجھے فرق نہیں

پڑتا" وہ سپاٹ لہجے میں اسے دیکھنے لگا۔

Zubi Novels Zone

تمھیں انڈر والڈ کا مافیا بننا ہے۔۔جیکس تمھارے یہ ہی حالات رہے تو تمھاری جگہ کسی اور کو مل جائے گی" جیمز بھڑکا۔

جبکہ جیکسن مسکرادیا

" کسے

ہینری کو یہ مارک کو یہ جوڈن کو ڈیڈ مجھے انڈر والڈ کا مافیا نہیں بننا۔۔یہ گینگسٹر یہ مافیا یہ سب بڑے اصولوں کے ساتھ چلتے ہیں اور میری زندگی میں کوئی اصول نہیں ہے یا تو زندگی ہے یہ موت۔۔بات ختم" اسنے سرد لہجے میں کہا اور ڈمبل اٹھالیا۔

تم سب کو اپنے خلاف کرلوگے" وہ ہلکا سا مسکرایا

مجھے ہجوم پسند بھی نہیں" اسنے سر جھٹکا

جیمز ذرا غصے سے اسے دیکھنے لگا۔۔

جبکہ جیکسن اپنے کام میں مگن رہا۔۔

اب اگلی صبح تم کیا کرنے والے ہو" جیمز نے ضبط کرتے ہوئے پوچھا

مام سے ملوں گا پھر ملنا ہو نہ ہو۔۔

" اور پرل سے بھی آئی مس ہر

اسنے ڈمبل چھوڑا اور اپنا پسینہ ایک تولیہ سے صاف کیا اسکے وجود پر پسینے

کی بوندیں بن گئی تھی۔

جیمز نے گھیرہ سانس بھرا۔

دادا کو عزت دیتے ہو اور دادی کو نہیں" وہ اسے گھورتے ہوئے بولا

وہ واحد عورت ہے جو مجھے پسند ہے" وہ سنجیدگی سے بولا

"خیر تمھاری ماں سے پہلے وہ واحد عورت تھی جو مجھے پسند تھی

" مجھے عاشقی کا شوق نہیں" یہ تو خیر وقت بتائے گا

دیکھ لیجیے گا۔۔ وہ شانے آچکا گیا

تم اپنی ماں سے اور پرل سے ملنے کے بعد نیو یارک جا رہے ہو" جیمز کے اچانک کہنے پر جیکسن کے ہاتھ رک گئے وہ حیران نہیں ہوتا تھا لیکن یہاں ایک پل کے لیے جیمز کو دیکھنے لگا۔

میں نے کہا تھا نہ میں نیو یارک حاصل کر کے رہوں گا

ڈیڈ ڈیڈ" وہ سب چیزیں چھوڑ کر سیدھا ہوا اور عین اسکے سامنے جا کھڑا ہوا

اپکو پتہ ہے مجھے ٹائیگر کیوں پسند ہے" وہ مسکراتی نظروں سے اسے دیکھنے لگا

کیونکہ اسکے پنجے میں چھیننے کی ایک الگ ہی طاقت ہے مجھے پار کر کو۔ ختم کرنا ہے اور نیو یارک کو چھیننا ہے۔۔

یہ مافیا کی گدی پر آپ ہنیری کو بیٹھا دیں فارغ ہے ویسے بھی وہ اور آپ میرے بارے میں فکر کرنا چھوڑ دیں" وہ اسکا شانہ تھپتھپا کر بولا۔

تم اس گدی کی اہمیت کو سمجھ نہیں پا رہے"۔

جیمز چاہتا تھا کہ اسکے بعد صرف وہ جگہ جیکسن کی ہو اور جیکسن کو پرواہ بھی نہیں تھی۔

مجھے پتہ ہے تم کیوں جان چھڑا رہے ہو" جیکسن کے لبوں پر مسکراہٹ ٹھری یعنی بلآخر وہ بات کی تہہ تک تو پہنچا تھا

تاکہ تمھیں شادی نہ کرنی پڑے رائیٹ" وہ اسے گھورتا ہوا بولا

رائیٹ" وہ پورے وسوق سے بولا مافیا میں آتے ہی اسے ایک کوئین اور جانشین کی ضرورت پڑ جاتی جو وہ افورڈ ہی نہیں کر سکتا تھا نہ اسے کسی کوئین کی ضرورت تھی اور نہ ہی کسی بچے کی

جیمز نفی میں سر ہلانے لگا جبکہ وہ اپنے ورک آؤٹ میں مگن تھا۔

---

یونیورسٹی سے واپسی پر وہ گھر لوٹی تو اسکا دل نہیں کیا کہ وہ گھر کے اندر بھی داخل ہو لیکن اسے گاڑی سے اتر کر سیدھا اندر ہی جانا تھا کیونکہ اسے ادھر ادھر جانے کی جازت کبھی نہیں ملی تھی

وہ چاہتی تھی پار کر گھر پر نہ ہو جولین گھر پر نہ ہو اور امیلیا وہ سب کہیں دور چلے جائیں۔

دل کیا گھر کے باہر بنے پارک میں جا کر بیٹھ جائے وہاں بچے کھیل رہے تھے لیکن وہ اپنے دل کی ہر خواہش کا گلہ گھونٹ کر اندر آ گئی اور اندر وہ سب موجود تھے۔

ایلے ان سب کے بیچ سے تیز تیز قدم اٹھاتی اپنے کمرے میں جانے لگی ایلے ایلے لیسن ٹومی "جولین کی آواز تھی وہ رکتی کہ اس سے پہلے ہی پار کر کے طنز نے اسکا سر جھکا دیا۔

پوچھ لو اسے سنائی بھی دیتا ہے کیا۔۔یہ گونگی اور ساتھ بہری بھی ہے"
پارکر دل کھول کر ہنسا

بلاشبہ وہ بہت ظالم آدمی تھا اور اسکے ساتھ ساتھ جولین بھی ہنس دیا جبکہ
امیلیا نے پارکر کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا پارکر نے وہ ہاتھ جھٹک دیا اسے کبھی
پسند نہیں تھی ایلے کی حمایت کوئی بھی کرے۔۔

میں نے تمھیں ایک نیوز دینی ہے"جولین نے ایلے کے شانے پر ہاتھ
رکھا

ایلے پلکیں جھپکا جھپکا کر اسے دیکھنے لگی۔

میں نے تمھیں بیچ دیا ہے"اور وہ ایکدم ہنسا تو لمحے کے لیے پارکر بھی
حیران ہوا۔

جبکہ امیلیا اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی۔۔

جولین یہ کیا بکواس کر رہے ہو"وہ غصے سے بولی

چل کریں مام ایک گونگی کے بدلے 5 ملین ڈالر مل رہے ہیں آپکو نہیں لگتا یہ سودا بہترین ہے" جولین نے کہا جبکہ پارکر بھی خاموشی سے اسکی شکل دیکھ رہا تھا

کسے بیچا ہے تم نے" یہ پارکر کا سوال تھا جبکہ ایلے بت بنی سب کو دیکھ رہی تھی۔

جسے آپ اپنی نیویارک کا اگلا جانشین بنانے والے ہیں اسے"۔

جولین سکون سے بولتا مسکرایا اور ملازم سے جوس لے کر اسنے لبوں سے لگالیا۔

واٹ" پارکر دنگ رہ گیا۔

آرتھر" وہ بڑبڑایا جبکہ ایلے نے ماں کو دیکھا جو خود پریشان تھی۔۔

یس آرتھر بس یہ سمجھیں کہ جوئے میں ایلے کو ہار گیا تھا اب کسی ایرے گیرے کے پاس جاتی تو آرتھر نے میری ہیلپ کی اور اسنے میرے حصے

کے 5 ملین ڈالر دے دیے ایلے کے بدلے اور ایلے کو مجھ سے خرید لیا سیمپل ای ئ سمجھ یہ مہنگا سودا نہیں ہے آپ دونوں اتنا اووری ایکشن کیوں دے رہے ہیں"۔

جولین بہن ہے تمھاری ایلے" امیلیا غصے سے چیخی۔۔

جبکہ جولین نے شانے آچکا دیے۔۔

یہ ہمارے گھر میں ویسٹ ہے سوائے ویسٹ کے اور کچھ نہیں۔

تو اب میرا سر کھانا بند کر دیں اور ویسے بھی آرتھر تو ڈیڈ کا اچھا بیٹا ہے پھر آپ کو کیا تکلیف ہے" جولین بھڑکا جبکہ امیلیا نے پارکر کی طرف دیکھا ۔

اگر وہ اسے میری اتنی محنت پر پانی پھیرنے کے لیے خرید چکا ہے تو میں اسکو جان سے مار دوں گا" پارکر نے مٹھیاں بھینچ لیں جبکہ امیلیا سر تھام گی ٔاور جس کا سودا ہو چکا تھا وہ کھڑی ان سب کو دیکھ رہی تھی کہ کہیں

امید کی کرن کسی کے منہ سے سن لے لیکن زندگی ہمیشہ اتنی ہی تلخ رہی ہے اسکے لیے وہ یہ کیسے بھول گئ۔۔

اور جب کسی نے اسکے حق میں کوئ بات نہیں کی اور کرنی بھی نہیں تھی تو وہ کمرے میں اگئ جبکہ پیچھے پارکر آگ بگولہ ہو رہا تھا

نیویارک کی اگلی گدی آرتھر کو ملنی تھی وہ پارکر کی پہلی وائف سے تھا اور ہمیشہ ہی پارکر سے الگ رہا تھا۔

لیکن پارکر جولین کی صلاحیتوں سے واقف تھا تبھی آرتھر کو یہ سب دینے کا سوچ لیا تھا کیونکہ اسکی عمر ہو چکی تھی اور اگر وہ کسی کو نہ دیتا تو روبو فیملی یقیناً اسکی گردن پر چڑھ کر اس سے یہ صدارت لے لیتی۔۔

جو وہ ہرگیز بھی نہیں دینا چاہتا تھا اگر ہیزل کو قید کر کے وہ جیمز سے نیویارک اپنے نام نہ کراتا تو آج اسے یہ جگہ کبھی نہ ملتی آج جیک تلملا نہ رہا ہوتا اور نہ جیمز۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

قصور وار بنتا اب آرتھر کوئین کے نام پر۔۔اگر اس گونگی کو دنیا کے سامنے لانے والا تھا تو وہ۔ پاگل تھا پار کرنے فون اٹھایا اور آرتھر کو کال ملائی جبکہ امیلیا ایلے کے کمرمیں آئی تو وہ نینی کی گود میں سر رکھے سامنے شیشے میں بنے اپنے عکس کو گھور رہی تھی۔۔

نینی اسے کیا سمجھا رہی تھی وہ نہیں جانتی تھی لیکن اسکے آتے ہی وہ ایکدم کھڑی ہو گئیں۔۔

امیلیا نے اسے باہر جانے کا کہا اور ایلے سنبھل کر سر جھکا کر بیٹھ گئی ایک طرح سے دیکھا جائے تو اچھا ہی ہے تمھاری زندگی میں کچھ تبدیلی آجائے گی ہاں یہ سچ ہے کہ یہ سب اچانک ہوا لیکن تمھارے بھائی نے اچھا ہی سوچا ہے تمھارے لیے آرتھر نیویارک کا مالک بننے والا ہے اور کیا چاہیے تمھیں

اب جو وہ کہے ویسا کرتی رہنا۔۔مجھے شکایت نہ ملے۔۔

اسنے کہاایلے ویسے ہی سر جھکا کر بیٹھی تھی اور وہ کہہ کر چلی گی ئینی رونے لگ گیئیں وہ ماں اتنی ظالم کیوں تھی کیا وہ نہیں جانتی تھی آرتھر کیا ہے۔

۔

یہ اسے اپنی بچی کی کسی بھی فیلنگ سے فرق نہیں پڑتا تھا۔۔

ایلے ایلے آپ کچھ کہیں آپ منع کریں "ئینی نے اسے جھنجھوڑ دیا مگر کوئ فرق نہیں پڑا اسکی ماں اسکے بک جانے پر ایسے بات کر رہی تھی جیسے اسکا رشتہ ہوا ہو جیسے اب اسکی شادی ہونے والی ہو۔

5 ملین ڈالر لے کر اپنی جان چھڑا کر اسکے بھائ نے بہن کو بیچ دیا تھا اور یہ عزت کی بات تھی

اب ان 5 ملین ڈالر کے لیے آرتھر اسے جو کہتا وہ کرتی۔۔کیونکہ وہ بک چکی تھی اب اسکی اوقات شاید بس۔۔ایک کال گرل جتنی رہ جاتی۔۔

جسے جو چاہتا استعمال کر سکتا تھا۔

ہاں آرتھر ایسا ہی تھا۔۔وہ لڑکیوں کو بیچتا اور خریدتا تھا یہ اسکا شوق تھا کہ اسکے بستر پر ہر رات ایک نظر لڑکی ہو۔

اور اسکو اسنے اپنا کاروبار بنالیا اور وہ اسی لین دین سے بہت آگے پہنچ گیا ان سب کی کمر توڑنے والا تو کوئی دنیا میں آیا ہی نہیں تھا۔۔ایلے کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے تو نینی کو لگا انکا دل پھٹ جائے گا۔

۔

وہ اسکو خود میں بھینچ گئیں۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا چاہتے ہو تم" پار کرنے غصے سے سوال کیا

ڈیڈا ابھی بیزی ہوں بعد میں بات کروں گا" آرتھر نے جواب دیا اور کال کاٹ دی وہ جانتا تھا آرتھر کہاں مصروف ہے پار کرنے غصے سے موبائل پھینک کر مارا۔۔

اتنا غصہ کرنا کی بات نہیں ہے تم جانتے وہ تمھارا بیٹا کسی ایک لڑکی پر راضی نہیں ہوتا" امیلیا نے اسے سمجھایا

وہ اسکو کوئین بنائے گا تو میں اسے جان سے مار دوں گا۔۔

اسنے اسکو خریدا ہی اسی لیے ہے" پار کر ایک ایک لفظ پر زور دیتا بولا

امیلیا کے لبوں پر معلوم نہیں کیوں مسکان اگئی اور پار کر کا دل کیا اسکا منہ توڑ دے۔

وہ اسے دور دھکیل کر۔۔ وہاں سے نکل گیا۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اور سیدھا ایلے کے کمرے میں گھس گیا نینی جلدی سے دور ہو گئیں اور پارکر نے نینی کو کمرے سے نکال کر آج ایلے کو دن دھاڑے بنا کسی سے ڈرے اور خوف کھائے۔۔ایلے کو مارا پیٹا تھا۔۔

نینی بھاگتی ہوئی امیلیا کے پاس آئیں اور اسے بتایا تو وہ گھیرہ سانس بھر گئ

چلو اسکا غصہ نکل جائے گا" وہ سکون سے بولی

میڈیم آپکی بیٹی ہے وہ "نینی حونک تھی۔

نینی تمھارے پاس اور کام نہیں ہیں" امیلیا کو غصہ چڑھا۔۔

جبکہ نینی کب دبا گئ وہ نوکر تھی۔۔

اور اندر سے آنے والے تھپڑوں اور مار پیٹ کی آواز پر وہ اپنے آنسو روکتی رہ گئیں مگر مسلسل وہ رو رہیں تھی اور پارکر کا غصہ اسے مار کر واقعی کچھ کم ہوا تو وہ کمرے سے نکل گیا۔

اور نینی اسکے پیچھے بھاگیں تو۔۔اسنے ہاتھ اٹھا کر روک دیا۔۔

کہ کوئی نہیں جائے گا۔۔

ہو گئی تسلی اب چلو کھانا کھاؤ آرتھر سے بات بھی ہو جائے گی"۔

امیلیا نے کہا تو وہ اسکے پیچھے چل دیا۔

بے حس بے رحم اور ظالم لوگ تھے یہ۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دس فوریو" جیک نے اسکی جانب ایک گن بڑھائی جسے اسنے اپنے ہاتھ میں لیا۔۔

امیزنگ دادا" وہ ایمپریس نظر آرہا تھا آنکھیں چمک اٹھیں تھیں جبکہ جیک نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا۔

یہ بس تمھیں ہی یہ سہولیات میسر ارہیں ہیں ڈیڈ کی اس گن پر تو میری اور جیمز کی بڑی پرانی لڑائی تھی "

جیکوب کی بات پر وہ سب مسکرا دیے۔۔

ایکچلی اگر دادا خود نہ دیتی تو میں چھین لیتا۔۔

تو اچھا کیا خود سے دے دی۔۔اینی ویز تھنکس "وہ جیک کے سینے سے لگ گیا۔

جبکہ جیک کے تو سینے کی ٹھنڈ تھی اس میں۔۔

اب اس سے لاس ویگاس کے لوگوں کو کیڑے مکوڑے سمجھ کر مارنا شروع مت کر دینا جیکسن۔

احتیاط کرو۔کارٹر کا معملہ بمشکل دبا ہے کہ وہاں کوئی تمھارے خلاف گواہی دینے کے لیے تیار نہیں ہے اگر مزید کچھ ایسا ہوا تو کارٹر جیسا ہی کوئی کھڑا ہو جائے گا "

جیمز بولا جبکہ جیکسن نے جیک کی طرف دیکھا

یہ ایسے ہی ڈرپھوک تھے تو آپ نے انھیں لیڈ کرنے ہی کیوں دیا"۔

وہ بولا جبکہ جیک مسکرادیا۔

میرے قیمتی لوہے کو زنگ لگا ہے۔۔میری جان بس یہ سمجھ لو ورنہ اس سے زیادہ کام کا پرزاہ میرے لیے کوئی نہیں تھا تبھی اپنی سب سے قیمتی چیز اسکے حوالے کی تھی"۔

وہ جیمز کو دیکھتا بولا جبکہ وہ سب اس وقت جیک کے آفس میں کھڑے تھے۔۔

اور جیکسن ہمیشہ کیطرح سیاہ جیمز اور شرٹ میں سفید رنگت اور اونچے لمبے قدو قامت کی وجہ سے انکی نئی اور پسندیدہ نسل پورے آب وتاب سے کھڑی تھی جو لمحے بھر کے لیے بھی دل میں نرمی نہیں رکھتا تھا معلوم نہیں وہ ان سب کے ساتھ کیسے رہ لیتا تھا۔

جیک کے اشارے پر وہ سب بیٹھ گئے

جیکسن گن کو دیکھ رہا تھا جبکہ جیکوب جیمز اور جیک اسی کو دیکھ رہے تھے

۔

دادا آپکی تو میٹینگ تھی آج اپنی فضول سی مافیا کی لیڈر شپ کے لیے"

اسے کچھ یاد آیا تو ایکدم بولا۔

مافیا کو فضول سمجھتا ہے یہ لڑکا"جیکوب نفی میں گردن ہلانے لگا۔۔اگر

مافیا کو اور اپنے کام کو فضول سمجھتے رہے تو کبھی نیو یارک حاصل نہیں کر

سکو گے "

اگر آپ انکل جیکوب نہ ہوتے تو اس بات پر میں آپکے سینے میں گولی

اتار کر منہ میٹھا کرتا۔۔

نیو یارک میرا عشق ہے اور میں اس تک پہنچ کر اسے پار کر کی ہڈیوں سے

بھی نوچ لوں گا۔۔

تو مجھے یہ سب باتیں نہ سیکھائیں اور یہ"۔

وہ گن کے اشارے سے انکے سسٹم پر طنز مارنے لگا

یہ جو مافیا کے اوچھے اور چھوٹے چھوٹے گروپس ہیں جیکسن ان سب

سے بہت آگے ہے اور میں اکیلا آپ سب کے بنا۔۔وہ سب کر کے

" دیکھاؤ گا جو آپ لوگ مل کر نہیں کر سکے

جیکسن "جیک کی آواز پر وہ پلٹا۔۔

" ٹیک ایٹ ایزی

میرا موڈ نہیں ہے "وہ کہہ کر سر جھٹک کر باہر مل گیا۔۔

جیک کے سامنے سے یوں ہی جانے کی جرت رکھتا تھا تو وہ جیکسن ہی تھا

ورنہ جیمز بھی کبھی اسکی اجازت کے بنا اسکے سامنے سے اٹھ کر نہیں گیا

تھا جیک مسکرا دیا۔

اسکے تیور اچھے نہیں ہیں ڈیڈ"۔

بس سمجھ لو مجھے اسی کی ضرورت تھی" جیک چئیر پر جھولنے لگا جبکہ جیمز نے گھیرا سانس بھرا تھا۔

دوسری طرف جیکسن باہر نکلا پینٹ کے پیچھے گن ہولڈر میں بندوق لگائی اور اوپر جیکٹ پہن لی

بلیک جیکٹ پہن کر اسنے سر پر ٹوپی رکھی اور ماسک لگا کر وہ باہر نکلا تو فلحال اسے کسی پروٹوکول کی ضرورت نہیں تھی۔

اسکا سیل فون بجنے لگا ہینری کی کال تھی

برو" اسکی پھنسی پھنسی آواز پر وہ ایکدم سیدھا ہوا

ہینری" سرد لہجے میں پکارہ۔

نان سینس" اسنے ایک گھیرہ خون کا گھونٹ بھرا تھا۔۔

اسے یقین ہو گیا تھا جو جال اسنے بچھایا ہے اس میں ہینری بھی پھنس چکا ہے۔۔

-----------------------------

آرتھر گھر میں داخل ہوا اور ایلے جو اپنے کمرے کی ٹیرس میں کھڑی تھی ایکدم وہ اندر بھاگی تو ٹیبل سے ٹکرا کر گیری اور اسکا چہرہ ایک سٹیل پر لگا تھا اسکے ہونٹوں سے خون نکلنے لگا تھا وہ دروازہ بند کرنے کے لئے بھاگنے لگی تھی وہ جانتی تھی آرتھر اندر آئے گا وہ بک گئی تھی اسے بیچ دیا گیا تھا اب اسکی حیثیت کچھ نہیں تھی وہ جلدی سے بھاگی اور اس سے پہلے آرتھر کمرے میں آتا اسنے دروازہ بند کر کے سارے لاک لگا لیے۔۔۔

اور وہ دروازے سے ہی ٹیک لگا کر بیٹھ گئی جبکہ کانپ وہ الگ رہی تھی اسکے ہونٹوں سے تیزی سے خون نکل رہا تھا۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

جبکہ وہ سب اگنور کیے لاک کا گھومنا دیکھ رہی تھی کہیں وہ چابی منگا کر دروازہ تو نہیں کھول لے گا وہ۔۔ جیسے مرنے کو تھی روح فنا سی ہو گئ تھی۔۔

لیکن پھر دروازہ کھولنے کی کوشش ترک ہو گئ وہ جلدی سے۔۔

الماری میں چھپ کر بیٹھ گئ اُسے یقین تھا وہ دروازہ کھول لے گا بڑی ساری الماری کھول کر وہ کپڑوں کے بیچ میں بیٹھ گئ۔۔

اور دروازے بند کر لیے اسکا سانس گھٹ رہا تھا لیکن اسکا سانس گھٹ جانا اس سے بہت بہتر تھا کہ وہ آرتھر کے سامنے جاتی۔۔

دروازہ کھلا تھا اسے باہر محسوس ہوا اور کسی کے قدموں کی آواز آئ تھی پھر نینی کو پکارہ گیا۔۔

سر وہ اندر ہی تھیں

توکیااندر ہی اندر اسے زمین نگل گی ڈھونڈو اسے" وہ بھڑک کر بولا اور

ایلے سمٹ کر اپنا سر گھٹنوں میں دے کر بیٹھ گئ۔۔

جبکہ آنکھوں سے آنسو متواتر بہہ رہے تھے دوسری طرف آرتھر پارکر

کے روم میں اگیا۔۔

جہاں پارکر کسی سے فون پر بات کر رہا تھا اور امیلیا اپنے لمبے لمبے لمبے

ناخنوں پر پینٹ لگارہی تھی۔۔

ہے ڈیڈ وٹس آپ" وہ سکون سے صوفے تپ بیٹھ گیا۔

بلاشبہ وہ کافی ہینڈسم تھا پارکر نے البتہ اسے غصے سے دیکھا

تم کیا تماشہ سوچے بیٹھے ہو" وہ بنارو کے غصے سے چیخا ایلے سے اتنی

نفرت تھی کہ وہ اسے برداشت نہیں کر سکتا تھا کہ وہ کوئین بنے وہ بھی

نیویارک کی۔

کیا مطلب" وہ ہنسا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

تم نے ایلے کو کس مقصد کے لیے خریدا ہے" پارکر نے دوٹوک پوچھا

جس کے لیے آپ اتنے اچھل رہے ہیں" وہ آنکھ دبا کر ہنسا۔

آرتھر" پارکر چیخا۔۔

آرتھر اسے دیکھنے لگا

میری بہت سخت محنت ہے یہ۔۔ یہ نیویارک حاصل کرلینا روبو فیملی

سے وہ بھی آسان کام نہیں تھا۔۔ تم کیا چاہتے ہو اب" وہ مٹھیاں

بھینچتا بولا

ڈیڈ پلیز ہر بار روبو فیملی روبو فیملی میں کیا کروں اس فیملی میں اب کوئی

نہیں ہے جو مجھ سے نیویارک چھین لے" وہ سکون سے پاؤں جھلاتا بولا

سوچ ہے تمھارے بہت اچھے سے جانتا ہوں جیک کو عرصے اسکے انڈر

کام کیا ہے وہ سکون سے بیٹھا ہے تو طوفان کی علامت ہے وہ طوفان جو

بے حسی سے بھرپور ہو گا" پارکر بولا جبکہ آرتھر ہنسنے لگا

مجھے ایسا کچھ نہیں لگتا۔۔اینی ویز۔۔آپ فنکشن کی تیاریاں کریں"۔

تبھی جولین بھی آگیا اور آرتھر سے گلے ملا آرتھر بھی اس سے ملا تھا۔۔

آرتھر تم مافیا کا حلف لینے والے ہو" جولین ایکسائیٹڈ سا بولا آرتھر نے سر ہلایا جبکہ جولین نے پارکر کو دیکھا

ڈیڈ یہ ایک گرینڈ ایونٹ ہونا چاہیے اور اس میں امریکہ کی ہر مافیا کو انوائیٹ کریں گے ہم" جولین بولا جبکہ پارکر نے دونوں کیطرف دیکھا

اگر ایلے کوئین ہے تو نہ ہی یہ فنکشن زندگی میں کبھی ہو گا اور نہ ہی۔۔ میں ہونے دوں گا۔"۔

خیر کوئین تو ڈیڈ ایلے ہی ہے آپکو نہیں لگتا وہ اس قابل ہے کہ اسکے سر پر تاج سجے"

نہیں بلکل اس قابل نہیں ہے وہ اور اگر تم مجھے اریٹیٹ کر رہے ہو تو یہ بھولو مت باپ ہوں تمھارا اور یہ سب ابھی میرا ہی ہے"

جب آپ نے جیک سے چھین لیا تو میں بھی چھین سکتا ہوں بہتر ہے آپ اپنا مائنڈ سیٹ کر لیں ایلے ہی کوئین بنے گی" وہ سنجیدگی سے کہہ کر وہاں سے باہر نکل گیا جبکہ ایلے کے روم کیطرف بڑھا تھا نینی پریشان حال تھی آرتھر سنجیدگی سے نینی کو دیکھتا رہا۔

سر ایلے میم تو کہیں بھی نہیں ہیں" وہ رو دینے کو تھی وہ سرد نظروں سے دیکھ کر وہاں سے جانے لگا

اس سے کہو کبرڈ سے نکل آئے جا رہا ہوں میں" سپاٹ تیوروں میں کہہ کر وہ وہاں سے جیسے آیا تھا چلا گیا جبکہ نینی دوڑ کر کبرڈ تک گئی اور وہ واقعی کبرڈ میں تھی لیکن بے ہوش ہو گئی تھی شاید کیونکہ اس کبرڈ میں سانس لینا جتنا مشکل تھا وہ جانتی تھی۔۔

ایلے ایلے میم" اسنے اسے باہر کھینچا اور اسکے دھان پان سے وجود کو سنبھال کر وہ باہر نکال کر بیڈ تک لائیں اور بہت رونا آیا تھا ایلے کی

حالت دیکھ کر۔۔وہ اسکے ہاتھ پاؤں سہلا رہی تھی معلوم نہیں اسنے کچھ کھایا تھا یہ نہیں۔۔نینی اسکے ہاتھ سہلا رہی تھی جبکہ آرتھر دروازے میں کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔۔

نینی ایکدم ڈر گئیں۔

وہ اندر آیا اور پانی کا جگ اٹھا کر پانی ہتھیلی میں بھر کر ایلے کے چہرے پر چھڑک گیا پانی کی بوند پڑتے ہی اسکے سوکھے لب ہلے اور آرتھر نے اسکی ویز چیک کی۔۔

نینی مٹھیاں بھینچے کھڑیں تھیں کیا آرتھر بھی اسے سزا دے گا۔۔

کچھ کھایا ہے اسنے" وہ نینی کو پلٹ کر دیکھنے لگا۔

ن۔۔نہیں سر وہ پارکر سر نے منع کیا ہے کہ ایلے میم کو کچھ کھانے کو نہیں دینا پھر میں چھپ کر بھی لائی تھی مگر انھوں نے کچھ نہیں کھایا دو دن سے یہ بھوکی ہیں"۔۔

آرتھر نے سنجیدگی سے بات سنی اور سر ہلایا

جاؤ کھانا لاؤ۔۔اور جو ایلے کو پسند ہو وہ چیزیں لانا" آرتھر کہہ کر اسکے

پاس بیڈ پر ہی بیٹھ گیا جبکہ ایلے آنکھیں کھولنے کی کوشش میں لگی ہوئی

تھی آرتھر کے اسکے چہرے پر رینگتے ہاتھوں کی حدت سے وہ ایکدم

آنکھیں کھول گئی اور جھٹکے سے اٹھ بیٹھی۔۔

وہ دور ہو گئی اُس سے۔۔آرتھر ہنسنے لگا۔۔

مجھ سے آج تک کوئی لڑکی دور نہیں ہوئی۔۔" وہ بولا ایلے اسے آنکھیں

کھولے دیکھ رہی تھی

دیکھو میں نے تمھیں خرید لیا تو شاید میں یہ کافی عرصے سے چاہتا تھا" وہ

سکون سے بیڈ پر پھیل کر بیٹھتا اسے گھیری نظروں سے دیکھتا بولا۔

ایلے کانپ رہی تھی

مجھے ڈیڈ کا بیہیو تمھارے ساتھ سمجھ نہیں آتا وہ کافی سخت ہیں تمھارے ساتھ" وہ اسکا کانپنا دیکھ رہا تھا اور جس طرح اسکا وجود تھر تھر کانپ رہا تھا آرتھر اسکی جانب مائل ہو رہا تھا جبکہ اس سے پہلے اسے ایلے میں کچھ خاص دلچسپی نہیں تھی۔۔۔۔

میں نے تمھیں خریدا ہی اس لیے ہے کہ تم یہاں سے نکلو اور آزاد زندگی گزارو نیو یارک بہت آزاد شہر ہے اور تم اس کی آنے والی ملکہ ہو۔ ۔تو میرے خیال سے تمھیں میرے ساتھ چل لینا چاہیے اگر تم یہاں سے جانے پر رضامند ہو تو مجھے کوئی نہیں روک سکتا" وہ پھر سے بولا۔۔

ایلے نے آنکھیں اٹھا کر اسے دیکھا آنکھوں میں حیرانگی تھی سمجھ نہیں آ رہا تھا پہلی بار کوئی اتنی نرمی سے بات کر رہا تھا اسکی رضامندی پوچھ رہا تھا آرتھر ایسا تو نہیں تھا پھر پھر وہ اس سے ایسے کیوں بات کر رہا تھا۔۔

وہ حیرانگی سے دیکھنے لگی۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

آرتھر شاید اسکی آنکھوں کے مفہوم کو سمجھ گیا تھا۔۔

ہنسنے لگا نینی تب تک کھانا لے آئیں تھیں

اوہ مجھے بھی بھوک لگنے لگی ہے۔۔وہ ٹیبل پر لگی خوراک کو دیکھنے لگی

اسے بھوک تھی وہ دو دن سے بھوکی تھی

آرتھر نے کھانا کھانے کے لیے اسے کہا۔۔ جبکہ وہ خوفزدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

ایلے بیٹی کھالیں پلیز۔"نینی نے بھی کہا وہ ڈر رہی تھی۔

ریلکس ڈیڈا ایک لفظ نہیں بولیں گے اور اگر بولیں تو تم مجھے بتا سکتی ہو"وہ بولا جبکہ ایلے کے لیے یہ سب بہت نیا تھا۔۔

وہ اسکے کہنے پر کھانے کے لیے ہاتھ بڑھا گئی جبکہ آرتھر کو شاید خود بھی بھوک لگی تھی وہ بھی فرائز اٹھا کر منہ میں رکھ گیا البتہ گھیری نظروں

سے اسے دیکھ رہا تھانینی تو کافی خوش تھی کہ آرتھر نے کم از کم اسے انسان سمجھا تھا۔

وہ کھاتی رہی خیر بول سکتی بھی نہیں تھی سر جھکائے کھارہی تھی کہ اچانک اسکے ہاتھ رک گئے۔۔

پار کر کے قدموں کی آہٹ وہ دور سے بھی محسوس کر سکتی تھی اور اسنے سر اٹھایا تو وہ دروازے میں کھڑا تھا اور اسے ایسی نظروں سے دیکھ رہا تھا جیسے ابھی جان لے لے گا۔۔

ایلے کے ہاتھ تھم گیا جبکہ رنگ بلکل پھیکا پڑ گیا آرتھر نے گھیرہ سانس بھرا۔۔

تم گئے نہیں اب تک "آرتھر کا لحاظ کرتے وہ بولا

چلا جاؤں گا لیکن آپکو خیال کرنا چاہیے کہ اب ایک باپ کی دسترس سے باہر ہے۔۔تو ایلے کے کسی بھی معملے میں بولنے کا کوئ حق نہیں ہے آپکو

" ایوان میں اسکو یہاں سے لے جانے والا ہوں

نہیں" پارکر ایکدم بولا

ایلے سن بیٹھی تھی نینی بھی پریشان کھڑیں تھیں

میرا مطلب تم ابھی میٹینگ کے لیے جا رہے ہو شاید لندن تب تک ایلے یہیں رہے۔۔میں سمجھ گیا ہوں تمھاری بات" پارکر نے کہا تو آرتھر مسکرا دیا

گڈ آپ نے آسانی کر دی" وہ باپ کا شانا تھپتھپا گیا۔۔

رات لو بار میں کچھ خاص مہمان آنے والے ہیں تو انکی مہمان نوازی تمھارے ذمے ہے تو تمھاری توجہ وہاں ہونی چاہیے۔

وائے ناٹ خاص مہمان کس قسم کے ہیں" وہ بولا تو پارکر اسے باہر لے گیا۔۔ جبکہ نینی نے جھجھکتے ہوئے دروازہ بند کر دیا

اور ایلے کو پیار کیا۔

آرتھر سر تو بہت اچھے ہیں ایلے وہ تو تمھارا بہت خیال رکھ رہے تھے" نینی خوش ہوئیں تھیں ایلے کا پیٹ بھر گیا تھا شاید وہ ہاتھ کھینچ گئ۔۔

جبکہ نینی اس سے اور بھی باتیں کر رہیں تھیں آرتھر کے بارے میں کہ وہ شروع سے ہی کچھ لاپرواہ ہے۔۔

لیکن پارکر اور جولین جیسا نہیں ہے آپ گھبرانا مت کہ انھوں نے آپکو خرید لیا بلکہ اچھا کیا کہ اس سے آزادی اب اپکو جلد مل جائے گی مجھے تو آپ دونوں ساتھ بیٹھے ہوئے بھی بہت اچھے لگ رہے تھے

نینی بولتی ہی جارہیں تھیں ایلے انھیں سن رہی تھی لیکن اپنی مرضی کہنے کی اس کو اجازت ہی نہیں تھی۔

-------------------------------------

جیکسن "وہ پیٹھ موڑے ایکوریم کی مچھلیوں کو دیکھ رہا تھا۔ کہ ہیزل کی آواز پر پلٹا۔

گھیرہ سانس بھرا۔ایک مچھلی کو آزادی سے کھیلتے اور ادھر سے ادھر ناچتے کودتے دیکھ کر اسے بلکل اچھا نہیں لگ رہا تھا کیونکہ وہ جیکسن سے ڈری نہیں تھی۔

جبکہ باقی ساری مچھلیاں کچھ سہم کر بے چین سی ہو گئیں تھیں ہیزل نہ آتی تو وہ اس مچھلی کو مٹھی میں بھینچ دیتے لیکن ہیزل کے آنے سے وہ ایکدم چونک کر پلٹا۔۔

اور ہیزل کی جانب بڑھا جو اسکے سینے سے لگ گئ۔۔

ڈونٹ کرائے وائے یو آلو یز کرائے وین یو میٹ می" وہ بولا جبکہ ہیزل نے اپنے آنسو صاف کر کے اسکی جانب دیکھا۔

اتنے دنوں بعد تمھیں دیکھ رہی ہوں آنکھیں بھر آئیں ہیں" ہیزل نے اسکا چہرہ چھوا جبکہ وہ انکے سامنے کھڑا تھا اور ہیزل جانتی تھی کہ اسکا چہرہ آج دیکھنے کو مل رہا ہے تو اب کی۔ مہینوں بعد وہ دیکھائی دے گا۔۔

اچھا اب روئیں مت جورڈن کہاں ہے"۔اسنے سوال کیا

وہیں جہاں ہونا چاہیے اسے۔۔

کیوں نہیں چھوڑ دیتے یہ سب کچھ آپ لوگ مافیا مافیا ہم سب کی زندگیوں پر بہت گھیرہ اثر ہے جیکسن جورڈن بھی اسی جنگ کے میدان میں اتر گیا ہے جبکہ مارک وہ تو ابھی بہت چھوٹا ہے لیکن جیمز نے اسکے ہاتھ میں بھی گن پکڑا دی ہے" وہ پریشانی سے اس سے مسلہ شئیر کر رہی تھی جو۔۔ان سب کا باپ تھا۔۔

جیکسن اسکو دیکھتا رہا۔۔

اور یہ کمپلین آپ مجھے کیوں کر رہی ہیں" جیکسن نے کہا تو ہیزل نے اسکے مسلز پر اپنا ایک مکہ رسید کیا جس کا اثر کیا ہونا تھا بھلا اسکے وجود پر۔

۔

بھائی ہیں وہ تمھارے۔۔ تم انھیں کہہ سکتے ہو کہ وہ یہ سب چھوڑ کر ایک عام انسان جیسی زندگی کیوں نہیں گزارتے۔۔

" مام یہ بچکانہ باتیں ہیں وہ آپکے بچے ہیں میرے بھائی نہیں

وہ کہہ کر پلٹا اور اس مچھلی کو پھر سے دیکھنے لگا جو آزادی سے ادھر سے ادھر گھوم رہی تھی جیکسن کی نظروں میں وہ اچکی تھی اور اسے یہ مچھلی سخت زہر لگ رہی تھی

جیکسن آپ سے بھی شئیر نہیں کریں یہ مسلہ تو۔۔۔

مام آپ نے بڑے غلط انسان سے یہ موضوع چھیڑ دیا ہے آپ ایسی باتیں نہ کسی کریں دادا کی شوٹ لیسٹ پر آپ ہی ہیں۔۔

" وہ تو شاید اول دن سے ہوں مگر میری بات

اچھا ایزی ہو جائیں مجھے اپنے بیٹوں کا نمبر دیں وقت ملا تو آپکی نصیحتیں ان تک پہنچادوں گا" وہ اسکے گال پر اپنا ہاتھ رکھتا بولا۔

" اپنے ہی بھائیوں کا نمبر نہیں ہے تمھارے پاس۔

میں کون سا ان سے ملتا ہوں اور وہ میرے بھائی نہیں ہیں یار مجھے نہ کہیں بار بار" وہ کانچ پر انگلی مارنے لگا جبکہ باقی مچھلیوں پھر بے چین تھیں اور وہ مچھلی اسکی انگلی کے نزدیک اگئی اور اسکی انگلی سے اپنے ہونٹ لگا کر کھڑی ہو گئی۔۔

جیکسن کا لہو سلگ گیا تھا۔۔ یہ ہیزل کا لحاظ تھا ورنہ اپنے اندر کی درندگی سے وہ اسے ابھی نظارہ یاد دلا دیتا۔

اچھا ٹھیک ہے سینڈوچز کھاؤ گے" وہ پیار سے بولی۔۔

اوہ یس شور میں پرل کے پاس ہوں آپ بھی وہیں آجائیے گا

وہاں جیک بھی ہیں" ہیزل کچھ جھجھک گی کہ جیک اسکی صورت بھی دیکھنا نہیں چاہتا تھا

جیکسن نے نگاہ گھما کر دیکھا تو ہیزل کچھ خفیف سی ہوئی۔

میرے ہوتے ہوئے وہ کچھ نہیں کہیں گے میں اپکا وہی ویٹ کر رہا ہوں "وہ بولا جبکہ ہیزل ہلکا سا مسکرا دی اتنی شیورٹی سے تو کبھی جیمز نے نہیں کہا تھا اور مارک اور جورڈن بھی اسکے لیے کچھ نہیں کرتے تھے جبکہ جیکسن کے سامنے واقعی کسی کی زبان نہیں ہلتی تھی۔

ہیزل کے پلٹتے ہی اسنے پانی میں ہاتھ مارا اور اس مچھلی کو اپنی مٹھی میں جکڑ لیا اور بس یہ چند لمحوں میں ہی تو ہوا تھا ابھی کچھ دیر پہلے یہ مچھلی

اسکے سامنے اترا رہی تھی اوراب اسکی مٹھی میں شاید زندگی کی بھیک مانگ رہی تھی جیکسن نے اسکے منہ پر انگوٹھا رکھا اور جیسے ہی اسکو دبایا اور مٹھی جھولی تو مچھلی کا قیمہ بنا اسکے ہاتھ میں تھا۔۔

اسنے وہ دوبارہ پانی میں پھینک دیا جیسے باقی مچھلیوں کو جتایا ہو کہ یاداشت میں جیکسن کو رکھنا اور آئندہ اتنا فری کبھی نہ ہونا۔

وہ وہاں سے ہٹ کر جیک کے روم میں اگیا۔۔

جیسے ہی جیکسن اندر آیا تو بازو کھول کر پرل کے گلے لگ گیا۔۔

پرل مسکرادی اور اسکی پیشانی چوم لی۔۔ جیکسن نے بھی اسکی پیشانی چومی تھی

ٹھیک ہے گرینڈ سن تم میرا خون ہو میرا جنون ہو مگر میری محبت سے ذرا لحاظ سے ملا کرو" جیک نے ٹوکا تو وہ سر جھٹک گیا۔۔

یو جیلس اولڈ مین" اسنے بس اتنا ہی سنجیدگی سے کہا اور پرل کی گود میں سر رکھ لیا۔۔

اتنے دنوں بعد نظر آئے ہیں آپ۔۔" پرل نے اسکے بھاری بالوں میں اپنا ہاتھ چلایا۔

اپکو دیکھنے کے لیے روز آسکتا ہوں بس حکم کیا کریں"۔اس سے بات کرتے ہوئے وہ بلکل ویسا نہیں لگ رہا تھا پرل مسکرادی۔۔البتہ جیک نہ چاہتے ہوئے بھی ہمیشہ کیطرح جیلسی کا شکار تھا۔

اسنے اپنی اولاد کو اپنی بیوی سے فری ہونے نہیں دیا اور پوتا گردن پر انگوٹھا رکھے کھڑا تھا۔۔

حکم بس اتنا ہے کہ شادی کر لیں" پرل نے کہا تو وہ آنکھیں کھول کر اسے دیکھنے لگا۔۔

ہر دی نہ مام والی بات "وہ چیڑ کر بولا اور جیک کا لہو فخر سے جوش مارنے لگا۔۔

لڑکے کی زندگی میں لڑکی نہ ہو تو اسکا حال آپکے جیسا ہوتا ہے "وہ اسکی ناک دباتی بولی۔

اور اگر مرد کی زندگی میں عورتیں ہوں تو انکا حال آپکے اولڈ مین جیسا ہوتا ہے۔"۔

وہ دو بادو بولا جبکہ وہ ہنس دی۔۔

اس بیوقوف کو سمجھاؤ کہ محبت ہر جزبے پر بھاری ہے جس دن اسے " محبت ہو گی۔۔اس دن اسکو علم ہو گا۔

جیک کی بات پر وہ اٹھ بیٹھا۔۔

کیا آپ سے لڑنا۔۔۔اپنی ویزا اپکو بتانے ہی آیا تھا میں جا رہا ہو "وہ بولا تو چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی۔

" کہاں

دادا نیویارک کا اگلا مالک منتخب ہو رہا ہے اور مجھے پار کر سے نیویارک چھین ہے کسی اور سے نہیں " وہ بولا تو لہجے میں ایک سکوت تھا سرد مہری تھی جیک نے سر ہلا یا۔۔

" جیمز کو بتایا ہے

مجھے جسے بتانا تھا بتادیا اب جس کو آپ نے بتانا ہو بتادیجیے گا " اسنے کہا تو جیک نے سر ہلا یا۔

لیکن وہ رک گیا پرل کے سامنے ایسی ڈسکشن کو وہ اوائیڈ کرتا تھا اور اسی دوران ہیزل بھی اگئ جیکسن کے ہوتے ہوئے واقعی جیک کچھ نہیں بولا تھا اور ہیزل پرل کے ساتھ بیٹھ گئ۔۔

جیک خاموشی سے نیوز پیپر کی جانب دیکھنے لگا اور جیکسن اسکے ہاتھ کے بنے سینڈوچز کھا رہا تھا ہیزل کافی خوش تھی اسے دیکھ کر اور پرل بھی اس کے بالوں میں بار بار ہاتھ پھیر رہی تھی

---

ہینری کو سزا کے طور پر اسنے انھیں لوگوں کے حوالے کر دیا تھا جو کہ اسے مار رہے تھے وہ اسکا بھائی تھا لیکن جب وہ وہاں پہنچا تو اسے ہینری کی صلاحیتوں پر اتنا غصہ چڑھا کہ وہ جو صرف ایک گینگ تھا اور جیکسن اس گینگ کے ایک ایک فرد کو مار دینے کا خواہش مند تھا اسی گینگ سے ہینری اور اسکے دوستوں کو پٹوا دیا تھا اسنے
البتہ ہینری چیختا رہ گیا تھا لیکن اسنے کوئی مدد نہیں کی تھی وہ اپنے پیلس میں پہنچا تو گارڈ نے اطلاع دے دی کہ ہینری اپنے کمرے میں ہے جبکہ

اسنے بڑی سہولت سے اسے اگنور کیا اور اپنے تیندوے کے ساتھ کھیلنے لگا جو کہ اسپر چڑھ گیا تھا اور وہ گھاس پر لیٹا اسکے وار روک رہا تھا جو شاید عام انسان کا کھیل ہو ہی نہیں سکتا تھا۔۔

اور تادیر اپنے پسندیدہ کھلونے سے کھیل کر وہ اندر کی جانب بڑھا تو گارڈ بھی اسکے پالتو جانور سے گھبرا جاتے تھے وہ اسکے پیچھے پیچھے دوڑا تھا۔۔

" تم نے کھانا دیا ہے ٹائیگر کو۔

یس سر "گارڈ نے بتایا تو وہ سر ہلا گیا۔۔اور ہینری کے کمرے کی جانب بڑھا۔۔

دروازہ جھٹکے سے کھولا وہ سامنے ہی بستر پر پڑا تھا۔۔

اٹھو نیو یارک کے لیے نکلنا ہے" اسنے بس اتنا ہی کہا اور اپنے ٹائیگر کے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگا۔۔

خود چلے جائیں مجھ سے بات نہ کریں" وہ روٹھی ہوئی محبوبہ کیطرح بولا
تھا جبکہ جیکسن گھیرہ سانس بھر گیا۔

" جس بات پر اکڑ رہے ہو
آپکے بھائی کو ان لوگوں نے اس بری طرح چھیتا ہے اور آپ تماشہ
دیکھتے رہے "ہینری بھڑکا

میں تنگ ہوں اپنے بھائیوں سے " وہ بے زاریت سے بولا ہینری اسے
گھورنے لگا۔

مجھے گھورنا مت تمھاری آنکھیں نکال دوں گا" وہ وارن کرتا اسکی ایل سی
ڈی اون کر کے چلا گیا۔۔اور ہینری بس ایک سی ڈی پر چلنے والی ویڈیو
دیکھ کر ہی دم خشک کر چکا تھا

اس گینگ کے چاروں لڑکے دیوار کے ساتھ کھڑے تھے جبکہ۔۔

انکے جسم پر ایک زنجیروں میں لگیں چھریوں سے وار کیا جارہا تھا اور ہر وار پر انکی دل خراش چیخیں ہینری ایک دم ہی وہ ایل سی ڈی بند کر گیا

وحشی "بس یہ ہی لفظ آیا تھا اسکے لیے دماغ میں۔۔

اور وہ منہ بھلائے ہی نیچے اگیا۔

وہ گلاس ہاتھ میں لیے اپنا پسندیدہ ڈرنک کر رہا تھا۔۔

جبکہ ہینری نے بوریت سے اسے دیکھا۔

نشہ کر لیں گے تو نیویارک کو کیسے جیتے گے" وہ بولا اور اسکی بوتل کو دیکھنے لگا جو بہت مہنگا برینڈ تھی۔

جس دن نیویارک میری مٹھی میں ہو گی اس دن نشے سے قدم بھی نہیں سنبھل رہے ہوں گے دیکھنا حواس جب گم ہوں گے اس دن نیویارک کو چھین لوں گا" وہ بولا جبکہ ہینری نے سر ہلایا وہ ایسا کر سکتا تھا۔

اسنے ٹائگر کے منہ سے بھی بوتل لگادی اور مسکرایا۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

کیا شوق تھے ہینری زچ ہو گیا۔۔ تھا

میں تیاری کر لیتا ہوں تم اپنے شغل پورے کر لو" وہ کہہ کر پلٹا جبکہ وہ اپنے ٹائیگر کو بھی ڈرنک پلا رہا تھا اور اس طرح خوش تھا جیسے اس سے اچھا کام کوئی نہیں ہو سکتا۔۔

------------------------------

ZNZ Zubi Novels Zone

نیو یارک کی ہوا میں ایک لمبا سانس کھینچ کر اسنے جیسے اپنے اختیار کو اس ہوا میں بھی محسوس کیا تھا کہ اس جگہ پر تمام اختیار جیکسن کا ہونا چاہیے تھا۔

وہ مسکرا دیا اور اپنی جیکٹ کا ہڈ سر پر رکھ کر۔۔ وہ نیو یارک کی سڑکوں پر گھومنے نکل آیا تھا۔۔

اسے یاد تھا جب وہ بہت چھوٹا تھا تب آخری بار یہاں آیا تھا

اور اسے معلوم نہیں کیوں ہو بہو جیک کیطرح اس شہر سے محبت تھی یہ

شہر اسکا تھا اسکی وراثت میں آتا تھا پھر کوئی کیسے چھین سکتا تھا اس کو۔۔۔

آدھی رات میں میں دن کی روشنیوں کی طرح رونق تھی اس شہر میں

وہ۔۔جانتا تھا لو بار کہاں ہے تبھی وہ لو بار کی جانب چل دیا اسے کسی

سکیورٹی یہ کسی بھی گارڈ کی ضرورت نہیں تھی اگر کوئی اسکے سامنے آتا تو

اپنی جان سے ہی جاتا۔۔

تو بہتر تھا اسکے سامنے کوئی آتا بھی نہ اور آتا بھی کیسے اسے یہاں کوئی

نہیں جانتا تھا جیک جیمز اور جیکوب کو سب جانتے تھے مافیا میں انکا نام

بہت اوپر تھا لیکن جیکسن کو کوئی نہیں جانتا تھا کیونکہ وہ مافیا کا حصہ نہیں

تھا لو بار پر اپنا اختیار سمجھتے ہوئے اسنے دروازہ کھولا اور۔۔اندر داخل ہوا

تو گارڈ نے اسے روکا

آئی ڈی دیکھاو اپنی" وہ سختی سے بولنے لگا۔۔

جبکہ جیکسن نے ایک خاموش نظر اسپر اٹھائی۔۔۔۔

اس بار میں کوئی بھی آئی ڈی کی بنا داخل نہیں ہو سکتا تھا

آئی ڈی نہیں ہے" وہ سپاٹ لہجے میں بولا

تو پھر تم اندر داخل نہیں ہو سکتے" اسنے اسے دھکیلا جبکہ جیکسن نے اسکا وہی ہاتھ جکڑ لیا۔۔اور گارڈ نے ایکدم اسکے جارحانہ رویے پر سر اٹھا کر اسکی صورت دیکھی تھی۔۔

جیکسن کو جس ہاتھ سے دھکیلا گیا تھا اسنے وہ ہاتھ ہی موڑ دیا اور اتنی شدت اور طاقت سے کہ۔۔ گارڈ تلملا اٹھا

باقی گارڈز بھی اس طرف آئے لیکن جیکسن کا چہرہ کوئی نہیں دیکھ سکا اسنے اپنی ٹانگ اٹھائی اور لمحوں میں اسکا ہاتھ گھما کر اپنی ٹانگ پر موڑ دیا کڑاک کی آواز سے واضح اسکی ہڈی ٹوٹتی محسوس ہوئی تھی یہ منظر دیکھ

کر باقی گارڈز ایک طرف ہو گئے جبکہ جیکسن اسے وہیں دھکیل کر اندر داخل ہو گیا تو اندر تو دنیا ہی الگ تھی وہ رنگ وہ خوشبو وہ اپنے اندر سمو گیا۔

اور۔ چاروں طرف اپنی عقابی نظروں سے دیکھنے لگا۔۔

اسے دادا نے لگزریز دی تھی لیکن جو شخص تین سو پینسٹھ دنوں میں سے بمشکل اسی نوے دن باہر گھومتا تھا اور باقی سارا وقت جیل میں گزارتا تھا اسے لگزریز کی کچھ خاص ضرورت نہیں تھی اور اگر وہ لگژری کے ساتھ چلتا تو اسے یقیناً کوئی نہ کوئی پہچان لیتا تبھی یہ چیز کو وہیں پھینکا کر آیا تھا۔

اور دوسری طرف ہینری۔۔ وہ تلملا رہا تھا کہ اسکا لگزریز کے بنا گزارا نہیں تھا اور جیکسن اسکی گردن پکڑ کر کھینچ کر لایا تھا نیو یارک جبکہ وہ آنا نہیں چاہتا تھا۔۔

اسنے چار وسمت دیکھا تو شیشے کے بنے کیبنز میں شاید اس بار کے عارضی مالک بیٹھے تھے وہ ڈرنک کر رہے تھے اور نیویارک کی خوبصورتی انکے ارد گرد موجود تھی۔۔

وہ جانتا تھا آرتھر پار کر کو۔۔

اس تصویر کو ٹارگیٹ وہ کر چکا تھا۔۔

وہ آگے بڑھا اور ویٹر سے ایک وسکی ریڈی کرنے کے لیے کہا۔

ویٹر نے اسکو وسکی دی اور وہ مڑ کر ایک ایک گھونٹ اندر اتارتا جائزہ لے رہا تھا۔۔

اسنے توجہ دی تو اسے جولین بھی اوپر سیڑھیوں سے نشے میں دھت اترتا کسی لڑکی کے ساتھ دیکھائی دیا تھا

وہ ہلکا سا مسکرا دیا۔

عورت زنگ تھی جسے مرد خود لگاتا تھا اپنی صلاحیتوں کو خود اپنے ہی ہاتھوں سے ختم کرتا تھا۔۔

لوگ اچھل کود رہے تھے ناچ رہے تھے وہ جانتا تھا یہ نیو یارک کی سب سے امیر کلاس ہے جو آدھی رات کو اس کام میں مگن تھی۔

وہ چند لمحے ان سب کو دیکھتا رہا اور اپنا مشروب پیتا رہا کہ اچانک دروازہ کھلا اور وہ شخص جسے وہ کبھی زندگی میں دیکھنا نہیں چاہتا تھا وہ اندر داخل ہوا تو اسکے ہاتھ کی مٹھی میں کسی کے بال قید تھے اور وہ شاید چلنا چاہ رہی تھی لیکن۔۔

وہ اسے جان بوجھ کر گھسیٹ کر اندر لا رہا تھا۔۔

بند کرو یہ ناچ گانا" پارکر کی دھاڑ پر ایکدم چاروں اطراف میں سناٹا چھا گیا۔۔

وہ سب اس لڑکی کو دیکھنے لگے جولین کا قہقہہ ابھرا۔۔

اب اسنے کیا کیا ہے ڈیڈ" وہ نشے میں جھومتا باپ تک پہنچا وہ لڑکی سہمی سہمی نظروں سے کسی کی منتظر تھی شاید وہ دلچسپی سے یہ منظر دیکھ رہا تھا۔۔

اور کیبن کے اندر بیٹھے پارکر نے جب باہر سکاٹ محسوس کیا تو وہ اٹھ کر باہر آگیا اور۔۔اس لڑکی کو دیکھ کر اسنے باپ کو دیکھا

یہ سب کیا ہے ڈیڈ" اس لڑکی کو کسی نے پارکر کی گرفت سے آزاد نہیں کرایا تھا پارکر نے اسکے بالوں کو جکڑ کر بری طرح جھنجھوڑا اسکے منہ سے ایک آواز نہیں نکلی لیکن آنکھیں تھیں جو جھیل بن گئیں تھیں پانی متواتر بہہ رہا تھا اسنے وسکی کا گھونٹ بھرا پھر سے متوجہ ہوا اور سیدھا ہو کر بیٹھ گیا

تم نے اسکو تاج کیسے دیا ہے" وہ دھاڑا جبکہ جیکسن تاج کے نام پر چونک گیا وہ تاج پرل کا تھا۔۔جو اس کے پاس تھا جس پر وہ بھنا رہا تھا جس تاج کا وہ مالک بھی نہیں تھا اس تاج پر اترا رہا تھا۔۔

وہ سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔

آرتھر نے گھیرہ سانس بھرا۔

ہاں میں نے دیا تھا پھر یہ سب کرنے کا مقصد" آرتھر نے ذرا بھی اسے پار کر کی گرفت سے آزاد نہیں کرنا چاہا تھا کہ وہ کس طرح غیر انسانی حرکت اسکے ساتھ کیے کھڑا تھا۔۔

لو بار کا ایک ایک شخص دم سادھے سن کھڑا اسے دیکھ رہا تھا۔۔

آرتھر تم اسے اس قابل سمجھتے ہو" پار کر نے غصے کی کیفیت سے دھرے ہوتے اس لڑکی کو جھٹکے سے چھوڑا کہ جا کر اسکا سر کانچ کے

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

شیشے سے ٹکرایا اور شیشے میں ہلکی سی دڑار کے ساتھ شیشہ پر لکیریں پر گئیں جبکہ اس لڑکی کی پیشانی پر خون کی بوند پھوٹ پڑی۔

جیکسن نے گردن گھما کر دیکھا ان سب میں سے صرف یہ ویٹر ہی تھا جو بے چین ہو رہا تھا۔۔

جبکہ آرتھر باپ کے سامنے کھڑا ہو گیا

میں نے آپ سے کہا تھا آپ اسے ہاتھ نہ لگانا اب" وہ پھنکارہ۔۔

میں اسکی جان لے لوں گا اگر تم نے اسے کوئین بنانے کا سوچا بھی میں سلینڈر کرتا ہوں جو اور جس بھی طرح تم کہو گے ہم اگلی ڈیلینگ اسی طرح کریں گے یہاں تک کے میں خود بہت جلد تمھیں مافیا کا راج اپنے ہاتھوں سے پہناؤ گا تم اس پنچ کی وجہ سے مجھے اریٹیٹ کرنا بند کرو" وہ اسکے شانوں پر ہاتھ رکھتے نخوت سے بولتے چلے گئے جبکہ آرتھر مسکرا دیا۔

یعنی آپ سمجھ گئے" وہ مسکرایا اور ایلے نے حیرانگی سے اسکی جانب دیکھا وہ دنیا کا پہلا انسان تھا جس نے اس سے اتنی نرمی سے بات کی کہ وہ حیران ہو گی اور اتنی جلدی اسکی نرمی پر مائل ہو گی کہ اسکے بارے میں سوچنے لگی اور ڈوبنے والے کو تو تنکے کا سہارا چاہیے تھا اور اسی طرح ایلے کے ساتھ ہوا تھا کہ یہاں کسی نے نرم لہجہ کیا نہیں اور وہ اس لہجے کی بھوک میں اسکیطرف مائل ہونے لگی۔

ایلے حیران نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

آرتھر کی بات پر پار کرنے گھیرہ سانس بھرا کم از کم جو وہ سوچ رہا تھا وہ تو نہیں تھا اسے لگ رہا تھا کہ شاید آرتھر ایلے سے دلی طور پر اٹیچ ہونے لگا ہے۔۔

ایلے کو چھوڑ کر وہ دونوں ایک دوسرے کے بغل گیر ہوئے اور آرتھر کی نگاہ ایلے پر گئ جس کی بری بڑی سرخ آنکھیں اسے ہی حیرانگی سے دیکھ رہیں تھیں اور پھر وہ سر جھکا گئ۔۔

آئ نو یو آر مائے سن یہ ایم پرفیکٹ چیز تمھارے قابل نہیں آرتھر اسکیطرف کبھی مائل نہ ہونا" وہ اسے مشورہ دے رہا تھا

لیکن یہ میری خرید ہے آپکو پھر بھی اس سے دور رہنا چاہیے "آرتھر نے باپ کے شانے پر ہاتھ رکھ کر تھپکا اور اپنے گارڈ کو آواز لگائ

سائمن "اسکی گرجدار آواز پر سائمن کے بجائے کوئ اور اندر داخل ہوا اور وہیں جیکسن رخ موڑ گیا وہ فلحال کسی کو مارنا نہیں چاہتا تھا پار کر کے سارے خاندان کے بارے میں میں جاننے کے باوجود وہ اس بے زر وجود ایلے کے بارے میں کیوں نہیں جانتا تھا وہ رخ موڑ گیا اور دوسرے گارڈ نے بتایا کہ سائمن کے ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ گئ ہے۔۔

آرتھر متوجہ ہوا لیکن کلب کا ایک میمبر بول اٹھا۔

سر پلیز اگر یہ سب ختم ہو گیا ہو تو ہم پھر سے انجوائے کر سکتے ہیں جو ہم کرنے آ ہے ہیں"

آرتھر نے سر ہلایا اور دوبارہ میوزک اون کرنے کا کہا تو ایکدم میوزک اون ہوا اور وہ بے زر چیز کیطرح وہاں بیٹھی رہ گئی جبکہ پار کر کو آرتھر اپنے ساتھ کیبن میں لے گیا تھا اور جولین بھی انکے ساتھ ہی اندر چلا گیا اور سائمن کو جو بات آرتھر نے کہنی تھی وہ کہے بنا ہی اندر جا چکا تھا۔۔۔

جیکسن نے اس ویٹر کی جانب دیکھا جو وہاں سے کھسک کر اس لڑکی کے پاس جانے کا خواہش مند تھا وہ گھونٹ گھونٹ بھرتا اسے دیکھنے لگا کہ وہ کیا کرنے والا ہے۔۔

وہ اسکے پاس گیا اور اسے پانی کا گلاس تھمایا۔

وہ لڑکی ایکدم ڈر گئی

پلیز اپلے ڈرنک ایٹ میں اچھے سے جانتا ہوں تمھیں" وہ بولا تو وہ لڑکی سہم سی گئی وہ سامنے والے کو نہیں جانتی تھی شاید لیکن ویٹر کی کنسرن نیچرل تھی یہ تو وہ نرم دل انسان تھا جو یہ ظلم اس لڑکی کے ساتھ برداشت نہیں کر سکا تھا یہ پھر وہ اسے پہلے سے جانتا تھا۔

وہ لڑکی جلدی سے اٹھی اور اس ویٹر کی بات سنے بنا ہی وہ پیچھے قدم لیتی اس جگہ سے بھاگ گئی۔

نان سینس" وہ منہ میں بڑبڑایا اور سیدھا ہو کر بیٹھ گیا وہ ویٹر ناامید سا دوبارہ وہی اکر بیٹھ گیا۔

ہوازشی" جیکسن نے معلومات میں اضافہ کرنا چاہا تھا۔

بدقسمت لڑکی" وہ ویٹر بولا۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

جبکہ جیکسن کو ایسے گھما پھیرا کر بات کرنے والے ایک آنکھ نہیں بھاتے تھے وہ سرد نظروں سے اسے دیکھتا رہا اور وہ بنا جیکسن کو دیکھے اسے ایلے کی سٹوری بتانے لگا۔۔

پارکر کی سوتیلی بیٹی ہے پارکر اس بار کا بلکہ نیو یارک کا مالک ہے۔۔اور آرتھر آنے والا مالک۔۔

روبو فیملی کا تھا یہ سب اسنے معلوم ہے کیا کچھ کر کے یہ سب ان سے چھین لیا۔۔

اور ایک یہ "وہ ڈرنک بناتا ایکدم رکا۔

یہ تو بہت ہی بدنصیب لڑکی ہے۔۔بول نہیں سکتی بے چاری "وہ سکون سے اپنی ڈرنک پیتا سر ہلا رہا تھا کہ ایکدم رکا۔۔

آنکھیں سکیڑ کر اسے دیکھنے لگا

کیوں "سوال فضول تھا مگر وہ کر گیا۔

معلوم نہیں کیوں جتنا ظالم پار کر ہے مجھے تو لگتا ہے اسنے ہی اسکی آواز چھین لی ہے۔" وہ ویٹر پار کر سے کچھ زیادہ ہی نفرت کرتا تھا جیکسن نے گہرہ سانس بھرا۔

اور اسکی ماں بھی اس سے نفرت کرتی ہے کیونکہ یہ گونگی ہے

لیکن سننے میں آیا ہے آرتھر سر نے 5 ملین ڈالر میں اسے خرید لیا ہے

کیونکہ اسکا بھائی یہ جولین نشی اسنے اسے جوے میں ہار دیا تھا

اور جیکسن ایکدم ہنس دیا حالانکہ عام طور پر وہ اتنا ہنسنے کا عادی نہیں تھا

ویٹر نے برا سا منہ بنا کر دیکھا اسے شاید وہ ہمدردی کے دو لفظوں کا منتظر تھا اور اسکے ہنسنے پر وہ اسے گھورنے لگا۔۔

ویری انٹرسٹینگ" وہ بول کر اٹھا۔۔

اور چند نوٹ رکھ کر وہاں سے مڑ گیا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

جبکہ وہاں سے نکلتے ہوئے اسنے پار کر آر تھر اور جولین کو ہم نظروں سے دیکھا تھا وہ اس بات کی گواہ تھیں کہ ان سب کی الٹی گنتی شروع ہو گئ ہے۔۔

وہ باہر نکلا تو وہ گارڈز اسے دیکھ کر دور خود ہی ہو گئے وہ۔۔ سامنے کی جانب چلنے لگا۔۔

نیویارک گھومنے کا دل تھا خوشگوار ہوا میں وہ سڑکوں پر شاید تنہا ہی تھا اور رات تو اسے ویسے بھی پسند تھی

جب ہر طرف خاموشی سیاہی اور سکون طاری ہو جاتا تھا

وہ سامنے چلتا گیا تو اچانک اسکی نگاہ اسی لڑکی پر پڑی تھی

اسے بلکل انٹرسٹ نہیں تھا کہانی کے اس کردار میں۔

اور انٹرسٹ کیسے ہوتا وہ صرف ایک لڑکی تھی جو کافی مظلوم تھی وہ بے زاریت سے وہاں سے گزر جاتا کہ اسے قدم روکنے پڑے شاید آر تھر

کے گارڈ اسے ڈھونڈ چکے تھے اور وہ سرے عام روڈ پر گھومتی ان سے چھپنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

ان گارڈز نے بھی اسے ویسے ہی ٹریٹ کیا جیسے پار کر کر رہا تھا بالوں سے جکڑ کر اسکو کھینچا اور وہاں سے لے کر دوبارہ لوبار میں جانے لگے کہ نہ چاہتے ہوئے بھی صرف اور صرف پار کر کو جھلسا دینے کے لیے اسنے اس گارڈ کا ہاتھ جکڑ لیا۔۔

ہڈ پہنے ماسک کو بھی چہرے سے ڈھانپے وہ بلکل کسی بھی شناخت میں نہیں ارہا تھا اور یہ گارڈ لوبار کے۔ باہر کھڑے گارڈز سے مختلف تھے۔

کون ہے تو" وہ بولا

جبکہ اپلے کا سر اسنے اس گارڈ کی گرفت سے ایک جھٹکے سے آزاد کرا دیا وہ بنا آواز کے رو رہی تھی بے بسی سے۔۔

بے حد ڈری ہوئی کہ اسکے وجود کی کپکپاہٹ بتا رہی تھی کہ وہ کتنی ڈری ہوئی ہے۔۔

میں نے کہا کون ہو تم اور تمھاری جرت کیسے ہوئ میرا ہاتھ پکڑنے کی"

وہ گارڈ اپنی بے عزتی پر تلملایا اور اسنے جیکسن پر ہاتھ اٹھانا چاہا تو جیکسن نے کھینچ کر مکہ اسکے منہ پر مارا وہ جیکسن پر ہاتھ اٹھا رہا تھا روبو فیملی کے سب سے بڑے پاگل پر۔۔۔۔

جان سے تو اسنے جانا ہی تھا۔۔

اسنے جیسے ہی مکہ اسکے منہ پر مارا وہ دور جا گیرہ اور اسکے ناک اور ہونٹوں سے خون نکلنے لگا۔

وہاں کھڑے دوسرے گارڈز بھی اسپر حملہ کر چکے تھے جنھیں ہینڈل کرنا جیکسن کے لیے مشکل نہیں تھا وہ اتنی چھوٹی عمر سے اپنا دفاع کرتا رہا تھا کہ اب اسے کسی چیز کا ڈر نہیں لگتا تھا

اوراس جیسے وحشی کوڈر کسی سے لگ بھی نہیں سکتا تھا۔۔

گارڈز کا تو حلیہ وہ چند لمحوں میں بنا بولے بگاڑ چکا تھا۔

اور پھر وہ اسی گارڈ کے پاس بیٹھ گیا۔

پارکر کو کہنا تمھاری موت اگئی ہے۔" اسنے اسی کے خون سے اس گارڈ

بنادیا اور ہاتھ جھاڑ کر وہ کھڑا ہو گیا J کے کپڑوں پر

وہ گارڈ وہیں پڑے رہ گئے شاید بے ہوش ہو چکے تھے

کیونکہ شکر تھا اسنے انھیں زندہ چھوڑ دیا تھا جیکسن نے ایک نگاہ بھی ایلے

کو نہیں دیکھا۔

اور۔ وہاں سے مڑ گیا جبکہ ٹراوزر کی جیب میں ہاتھ ڈالے وہ پھر

سے۔ نیویارک میں مصروف ہو چکا تھا کہ اسکا سیل فون بجنے لگا۔

ہینری کی کال تھی۔

ہاں بولو" وہ سوال کرنے لگا۔۔

جیکس سسٹم ہیک نہیں ہو پا رہا اٹس سٹرونگ "ہینری کو جس کام پر لگا کر آیا تھا شاید وہ ناکام ہو چکا تھا۔

وہ خاموش ہو گیا۔

مجھے سسٹم ہیک چاہیے ہینری تمھاری زندگی کے لیے اتنی بات کافی "۔

وہ رک گیا۔۔اسنے محسوس کیا کہ اسکے پیچھے کوئی ہے اور وہ مڑا تو اپنے پیچھے چلتا دیکھ کو فت زدہ ہو گیا۔

کافی ہونی چاہیے "اسنے اسکی صورت دیکھتے بات مکمل کی۔۔

جبکہ وہ سر جھکائے ہاتھوں کی انگلیوں میں انگلیاں پھنسائے اسکے پیچھے کھڑی تھی وہ رک گیا تھا وہ بھی رک گئی تھی

" لیکن مجھے تمھاری ہیلپ چاہیے مجھ سے نہیں ہو رہا

ہینری چلایا۔کہ نیند سے اسکا برا حال تھا اور کام پورا نہیں ہوا تھا

" اپنے ایکسکیوزیز ٹائیگر کو سناؤ

وہ بولا یعنی دھمکا دیا کہ اگر وہ کام نہیں کرے گا تو وہ اسے ٹائیگر کی

خوراک بنا دے گا۔۔

کبھی کبھی مجھے لگتا ہے تم میرے بھائی ہی نہیں ہو "ہینری نے جزباتی

بلیک میلنگ کرنی چاہی جس کا اثر خاک ہی ہوا وہ فون بند کر گیا۔۔

اور مڑ کر دوبارہ چلنے لگا اور وہ اسکے عین پیچھے پیچھے پھر سے چل دی۔

جیکسن ایکدم مڑا وہ پھر سے رک گئ۔

کیا پروبلم ہے "وہ نہایت سرد مہری سے بولا

اسے گھورنے لگا مگر وہ اسے جواب کیسے دیتی

اپنے راستے جاؤ اور اب میرے پیچھے مت چلنا میں ڈسٹرکٹ ہو رہا ہوں

اور "وہ انگلی اٹھا کر اپنی آنکھیں نکال کر بولا تھا۔

وہ لیکن اسے دیکھ نہیں پا رہی تھی۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

مجھے فالو مت کرنا" اچھا بھلا وہ سکون محسوس کر رہا تھا اور اس بے کار سی لڑکی کی وجہ سے سب کچھ برباد ہو رہا تھا۔

جیکسن اسے گھور کر پلٹ گیا اور پھر سے چلنے لگا جبکہ اسے کچھ دیر بعد پھر محسوس ہوا کہ عین اسکے قدموں کے پیچھے کوئی چل رہا تھا اور شاید اسکی زندگی میں پہلی بار کسی نے اسے ڈسٹرب کیا تھا یہ جانے بنا کہ وہ کیا ہے وہ اسے زندہ جلا بھی سکتا ہے اسکے سر کو اینٹ مار کے کچل بھی سکتا ہے اسکے پاؤں بھی توڑ سکتا ہے اسکی گردن پر اپنا چاقو بھی چلا سکتا ہے۔

وہ کیا سوچ کر اسکے پیچھے چل رہی تھی"۔

وہ زچ ہوتا پلٹا اور وہ پھر سے رک گئی۔

اسنے مٹھیاں بھینچ لیں۔۔

یو لیٹل بیڈ" وہ ایکدم اسکی جانب بڑھا۔

اور ایلے نے دو قدم دور لیے ڈری ڈری آنکھیں تھیں۔

اسنے روڈ پر پڑی ایک بوتل اٹھائی اور اسے جکڑ کر اسکی صورت دیکھنے لگا

میں اس سے تمھارے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دوں گا مجھے تنگ کرنا

بند کرو" وہ اپنا پیشنس کھو رہا تھا ایک آدمی یہ کسی بھی مرد کو ہینڈل کرنا

اسکے لیے بہت عام تھا اور اسی جگہ ایک عورت وہ برداشت کر نا اسکے

لیے نہایت مشکل کام تھا کیونکہ یہ پہلی تھی جو اسے زچ کر رہی تھی

ورنہ باقی سب تو بھاگ اٹھتی تھی اور وہ اسکی مدد کر کے پچھتا رہا تھا

وہ اسے اپنا باڈی گارڈ سمجھ رہی تھی" وہ مٹھیاں بھینچے سوچنے لگا۔۔

اپنے راستے پر چلی جاؤ" وہ ضبط کرتا بولا ایلے رک گی اُسکے جارحانہ

رویے پر۔۔۔

پارکر آرتھر جولین امیلیا ان سب سے دور بھاگ جانا چاہتی تھی وہ اسے

تو آج تک کسی نے بچایا بھی نہیں تھا

وہ معلوم نہیں کیوں اسے خود بخود بہادر لگنے لگا تبھی اسکے پیچھے بیوقوفوں کیطرح ہولی تھی۔۔۔

شاید کوئی تھا جس کی آنکھوں میں پارکر کا خوف نہیں تھا۔۔

ایلے جھاڑیوں کے پاس رک گئی جبکہ جیکسن نے بوتل اسکے قدموں میں چھوڑدی شاید اسے ڈرانے کے لیے چھناکے کی آواز دور دور تک پھیلی تھی۔

ایلے "پارکر آرتھر جولین کی ملی جھلی آواز تھی اور ایلے اپنے قدموں پر کانپ اٹھی اور بھاگ کر اسکی پشت پر چھپ گئی اب جیکسن کی برداشت سے باہر تھی بات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اب اسکی برداشت سے باہر ہو گئی تھی اسنے اس لڑکی کا ہاتھ پکڑا اور اسے دور دھکیل دیا۔۔

ایلے جھاڑیوں میں جا کر گیری۔۔

جبکہ وہ تینوں بھی شاید اسے دیکھ چکے تھے ایلے اسے دیکھتی نفی میں سر ہلانے لگی جیسے اس سے مدد کی طلبگار ہو جو بے رحم ساتھا سر جھٹک کر وہ وہاں سے جانے لگا کہ اسے اپنے پیچھے ان تینوں کے تیز تیز قدم محسوس ہوئے۔۔۔۔

ایلے اپنے اپ کو بچانا چاہتی تھی جھاڑیوں میں گرنے کے باعث اسکے ہاتھ زخمی ہو گئے تھے۔

جبکہ ہلکی ہلکی خون کی بوندیں بھی بننے لگیں تھیں۔

بھاگ رہی تھی ڈیڈیہ "جولین نے اسکے بال پکڑ کر اسے کھڑا کیا

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

وہ سسک اٹھی وہ اس شخص کو دور جاتا دیکھ رہی تھی آرتھر نے مڑ کر دیکھا

کون ہے یہ" اور ایلے کا جبڑا اپنے سخت ہاتھ کی گرفت میں لے لیا وہ کیا بولتی کیا بول سکتی تھی وہ۔۔

اور آرتھر نے غصے سے اسکے منہ پر تھپڑ دے مارا پار کر البتہ مسکرا دیا تھا اسے گھر لے کر چلو پھر اسکی گونگی زبان ضرور بولے گی کہ کس عاشق کے ساتھ تھی یہ۔۔۔

وہ اسے بے رحمی سے گھسیٹ کر اپنے ساتھ لے جانے لگے جیکسن نے مڑ کر دیکھا وہ انکے ساتھ زبردستی گھسیٹی جا رہی تھی اسنے سگریٹ نکال کر لبوں میں دبالی اور ایک بس میں چڑھ گیا۔۔

---------------------------------

تقریباایک عام سے صوفے پر لیٹا پاؤں جھلاتا وہ سیگریٹ پی رہا تھا جبکہ اسکے ساتھ ہی اسکا ٹائیگر بیٹھا تھا جو اپنے مالک کے ہاتھ اپنے سر پر محسوس کر کے مطمئین سا تھا ہینری سامنے صوفے پر بیٹھا تھا۔

اسکی آنکھیں سرخ ہو چکیں تھیں اور وہ نیند سے جھولے لے رہا تھا

یار میں کل صبح کرلوں گا" وہ چیڑ کر لیپٹاپ ایکطرف پھینک گیا

جیکسن نے اسکی صورت دیکھی۔۔

ٹائیگر اسکی نیند اڑاؤ ذرا" وہ سکون سے اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں سے رگڑتا بولا جبکہ ٹائیگر کو اشارہ ہی تو چاہیے تھا۔۔

وہ ایکدم اسپر جھپٹا

جیکس "ہینری چلایا

جیکسن سکون سے پھر سے ٹانگیں جھلانے لگا۔۔

رک جاؤ" اسنے ٹائیگر کو روکا کبھی ہینری چیخیں مار مار کر روتا۔۔

اسکے حکم پر اسکا ٹائیگر رک گیا۔۔

اور ہینری کی جانب جیکسن نے آئی برو آچکا کر دیکھا۔

جبکہ وہ تار کیطرح سیدھا ہوتا۔۔دوبارہ کام میں لگ گیا تھا اسنے اپنی آنکھوں سے صبح کا منظر دیکھا۔۔نیویارک کی تو صبح بھی بہت حسین تھی۔۔

وہ مسکرا کر اٹھتا کھڑکی کے پاس اگیا۔۔

اور سورج کی پہلی کرن دیکھی تو دل میں پہلی بار الگ ہی جوش سا محسوس ہوا تھا۔۔

ہینری سوچکا تھا اسکا ٹائیگر سوچکا تھا اور معلوم نہیں کیوں اسے نیند ہی نہیں آتی تھی۔۔

شاید نیویارک میں ایک رات بھی وہ سوسکے۔۔

وہ پلٹ کر ابھی لیپ ٹاپ اٹھاتا کہ اسکا موبائل بجنے لگا جیک کی کال تھی۔۔

یس۔ گرینڈ ڈیڈ" وہ بولا اور نگاہ لیپٹاپ پر تھی۔۔

وہ دیکھنا چاہتا تھا آخر ایسی کیا شے تھی جو ہینری جیسے بندے سے حل نہیں ہو رہی تھی نگاہ سکرین پر تھی جبکہ وہ کانوں میں لگی بلوٹوتھ پر جیک کے ساتھ بات کر رہا تھا۔۔

آئی ہیو سم آرڈرز فوریو" وہ بولا تو جیکسن نے گہرہ سانس بھرا۔

وچ ٹائپ" وہ سوال کرنے لگا۔۔

پارکر کی ایک بیٹی ہے شاید ایلے اس لڑکی کے نام ایک فائلز ہے جس میں نیویارک وہ اس لڑکی کے نام کیے ہوئے ہے۔۔

جس رات جیمز سے اسنے سائین لیے تھے قانونی طور پر وہ ڈیس ایبل تھا کہ مزید کوئی ایریا اپنے نام کرتا یہ یوں سمجھ لو مافیا کے اصولوں سے بھی

باہر تھا کہ وہ اپنے نام کوئی فائلز اتر واتا تبھی اسنے اس ایلے کے نام وہ فائلز اتار لی تھی اور اب تک وہ فائلز پارکر یہ پارکر کے کسی بیٹے کے نام نہیں ہوئی۔۔"

معلومات ایسی تھی کہ وہ جو سسٹم ہیک کرنے کے لیے رات سے ہنری وہ اس کام پر لگائے ہوئے تھا اسنے بیٹھے بیٹھے مافیا کی یہ ساری بائیو گرافی نکال لی تھی کہ نیویارک تو در حقیقت پارکر کے نام بھی نہیں تھی۔۔۔

مافیا کے مطابق نیویارک کی مالک ایلے پارکر تھی۔۔

یعنی پارکر کے کسی بیٹے کو مافیا کا وہ تاج نصیب نہیں ہونا تھا بلکہ اس لڑکی کے سر پر وہ تاج پہلے سے ہی تھا البتہ اب پارکر کو کسی دوسری مافیا سے اپنی حفاظت کے لیے یہ تو اسکے کینگ کی ضرورت تھی یہ پھر وہ اپنے کسی بیٹے کی فورا شادی کرا دیتا۔۔

یہ ساری ڈیٹیلز اسکے سامنے کھلی ہوئیں تھیں۔

جیکسن کچھ نہیں بولا۔۔۔۔

تم سمجھ رہے ہو جو میں کہنا چاہتا ہوں" جیک کی آواز پر جیکسن اسکی جانب متوجہ ہوا۔

نہیں" صاف جواب دیا تھا

جیکسن جلد بازی میں یہ موقع جو صرف چند ایک دو دن کے لیے ہے

" اسے ہاتھ سے نکلنے مت دینا

کیونکہ پارکر ہر صورت۔چاہے گا کہ۔اسکا کوئی بیٹا یہ جگہ لے جبکہ جیکسن ایلے کی اوقات اپنی آنکھوں کے آگے دیکھ چکا تھا اور اسے یہ بھی پتہ تھا ایلے پارکر کی بیٹی نہیں۔۔

واقعی دن تو زیادہ نہیں تھے کیونکہ اگر یہ معلومات اسکے ہاتھ لگ سکتی تھی تو ایلے کے اصل باپ کے ہاتھ میں بھی لگ سکتی تھی۔۔

اسے اسی لئے مافیا سے کوئی خصوصی بیر تھا کہ مافیا بہت اصولوں کے ساتھ چلتی تھی اور وہ۔۔ کسی اصول پر نہیں تھا۔۔

جیک نے کال خود ہی ڈسکنیکٹ کر دی وہ جانتا تھا وہ اب خود سوچ سمجھ کر قدم اٹھائے گا۔۔

لیکن سوچ سمجھ تو لے گا پھر بھی وہ اس لڑکی کے حق میں کچھ نہیں کرے گا۔۔

جیکسن نے لیپ ٹاپ۔ ایک جھٹکے سے بند کیا اور ہینری پر پھینک کر وہ کمرے میں چلا گیا جو کافی عام سا تھا۔

اور کچھ ٹوٹا پھوٹا بھی وہ گارڈز نہیں لایا تھا۔

لیکن جانتا تھا گارڈز ادھر ادھر ہی ہوں گے۔۔

Zubi Novels Zone

وہ نہیں چاہتا تھا کہ کوئی اسپر توجہ دے کیونکہ یہ خبر نکلتی تو شاید پار کر ایک رات بھی اپنے بستر پر سو نہیں سکتا تھا کہ روبو فیملی کا کوئی شخص نیویارک میں موجود تھا۔۔

حالانکہ وہ چند لمحے آنکھیں بند کرنے کے لیے لیٹا تھا لیکن اسکی نیند حرام ہو چکی تھی اور اتنی حرام ہو چکی تھی کہ اسنے لات کھینچ کر ٹیبل پر ماری۔

مرد سے لڑنا کوئی مشکل کام نہیں تھا۔وہ مردوں سے ہی لڑ کر یہاں تک پہنچا تھا

لیکن ایک عورت سے لڑنا اسے سخت کوفت ہو رہی تھی۔

نیویارک ایک عورت کے نام تھی۔۔واٹ ربیش۔۔وہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔

۔

پارکر کے گھر کے کیمرے وہ ہیک کر چکا تھا۔۔

اسنے اپنے موبائل پر سکرین کھولی تو اسے گھر کے باہر گارڈز کی نفری دیکھائی دی تھی

وہ محل جو اسکے دادا کا تھا وہ جگہ جہاں اسکا حق تھا وہاں

وہ پار کر قبضہ جمائے بیٹھا تھا

اسنے کیمرے کی لوکیشن گھر کے اندر لگائی تو۔گھر کے اندر کے کیمروں

میں سے اسنے لون کا کیمرہ کھولا تو سامنے ہی اسے کونے میں ایک وجود

دیکھائی دیا اسنے زوم کیا تو وہ وہی لڑکی تھی۔۔

وہ بینچ پر بیٹھی درخت کو دیکھ رہی تھی جبکہ اسکے چہرے پر کئی نشان تھے

اسکے ہاتھوں پر کئی نشان تھے۔۔اسنے فورا کیمرہ گھر کے اندر دیکھا اس

وقت کوئی نہیں تھا۔

وہ۔موبائل بند کر کے لیٹ گیا۔۔

کیا جیک جو چاہتا تھا اسے وہ کرنا۔چاہیے تھا۔

کیا وہ اپنی کوفت اور بے زاریت وہ ایکطرف رکھ کر وہ سب کر سکتا تھا وہ مٹھیاں بھینچ گیا وہ اس لڑکی کے ساتھ نارمل نہیں ہو سکتا تھا۔۔

وہ پھر اٹھ کر بیٹھ گیا اور اسی طرح سوچتا وہ وقت نکال چکا تھا کہ ہینری بھی اٹھ گیا اور اسکا ٹائیگر بھی لیکن صبح بھی اسکی آنکھوں میں کٹ رہی تھی۔

---

آرتھر نے ہاتھ اٹھایا تو خوش فہمیاں ساری دھری کی دھری رہ گئیں۔۔
وہ اس سے جاننا چاہتا تھا کہ وہ انسان کون تھا جسے وہ مڑ کر دیکھ رہی تھی وہ نہیں جانتی تھی کون تھا وہ اسے صرف اس لیے دیکھ رہی تھی کہ دنیا میں کسی کوئی میں تھا جو اسکی مدد کرتا جو اسے اس جھنم سے نکال دیتا جہاں وہ روز اذیت کا شکار ہوتی تھی۔

لیکن آہستہ آہستہ اسے یقین اگیا تھا کہ دنیا میں کوئ نہیں جو کہ اسے اس اذیت سے نکالے۔۔

امیلیا جاگنگ کر کے اندر آئ تو اسے لون میں دیکھ کر رک گئ جبکہ وہ ایکدم کھڑی ہوئ اور اسکی نظروں سے دور ہونے کے لیے اندر جانے لگی۔

رکو" اسنے پکارہ اسکے قدم رک گئے وہ مڑی۔

اور امیلیا اسکے نزدیک آئ۔

اسنے ایلے کے چہرے پر ہاتھوں پر نشان دیکھے اور سانس بھرا۔

پار کر نے مارا ہے" وہ پوچھنے لگی وہ اسے خاموشی سے دیکھنے لگی۔

یہ ارتھر نے" وہ خود ہی دوسرا اوپشن بھی دے گی۔

بولو" جب وہ نہیں بولی تو زبردستی اسکا بازو پکڑ کر جھنجھوڑ دیا تھا اسنے اور وہ بنا آواز کے ہی تکلیف سے سہمی سہمی نظروں سے اسے دیکھنے لگی جبکہ آنکھیں نم ہو گئیں تھیں

آرتھر نے کیا ہے نہ یہ سب "امیلیا بولی تو وہ سر ہلا گئی۔

تمھیں کہا تھا اسکے ساتھ تمیز سے پیش آنا وہ تمھیں خرید چکا ہے اب جیسا سلوک کرے گا تمھارے ساتھ یہ تمھاری قسمت ہے تمیز سے پیش آؤ گی۔۔تو شاید کسی قابل ہو جاؤ" وہ اسے سمجھانے لگی جبکہ وہ ماننا چاہتی تھی کب کس دن وہ تمیز سے پیش نہیں آئی بلکہ اس گھر میں ہر ایک شخص جس قدر اسے تمیز سیکھاتا تھا اور کسی میں اتنی تمیز نہیں تھی جبکہ وہ ہر کسی سے تمیز سے پیش آتی تھی۔

جاؤ اندر اور آرتھر کے روم میں جا کر اس سے معافی مانگو تاکہ پیٹنے۔سے بچ جاؤ" اسنے مشورہ دیا جبکہ۔۔

ایلے کے آنسو گال پر نکل آئے بے بسی سے۔۔

اب رو کر کیا ثابت کرنا چاہتی وہ ظلم کیا جارہا ہے تم ہر۔۔

جاو اور آرتھر کے کمرے میں جانا سیدھا" وہ بولی۔

اور جب ایلے اپنی جگہ سے پھر بھی نہیں ہلی تو زبردستی اسنے ایلے کو گھیسٹا اور اندر لے جانے لگی

وہ نفی میں سر ہلانے لگی کہ وہ نہیں جانا چاہتی تھی جبکہ امیلیا نے اسے آرتھر کے کمرے کے باہر چھوڑ دیا۔۔

جاؤ اندر" وہ غصے سے بولی۔

ایلے پھر بھی پیچھے ہٹنے لگی جبکہ امیلیا کو بھی اسپر غصہ چڑھا اور اسنے کھینچ کر تھپڑ مارا تو وہ دروازے میں جا کر لگی

پھر تم پیٹنے کے قابل ہی ہو" وہ اپنی بھڑاس نکالتی وہاں سے چلی گئی جبکہ وہ اپنے آپ کو سنبھالتی دوڑ کر اپنے کمرے میں آ اور کمرے کا دروازہ بند کر لیا۔۔

وہ پتے کیطرح کانپ رہی تھی اسکے وجود پر اتنے نشان تھے کہ وہ اب سن ہو چکی تھی یہ مار سہہ سہہ کر۔۔۔

وہ کھڑکی کے پاس ہی بیٹھ گئی۔

وہ سونے کے محل میں قید ایک چڑیا تھی جس کو بولنے کا حق نہیں تھا ورنہ وہ چلا چلا کر دنیا کو اپنے ساتھ ہوئے ظلم کی داستان سناتی۔۔

------------------------

پار کر اپنے آفس میں تھا جبکہ۔۔آرتھر بنا دروازہ بجائے اسکے آفس میں ا گیا۔۔

دونوں نے ایک دوسرے کی سمت دیکھا۔

مجھے سمجھ اگیا ہے تم نے ایلے کو آخر خریدا کیوں اتنے دنوں سے اس بات پر تپ رہا تھا کہ اتنا پیسہ اسپر ضائع کیا تم نے "پارکر فائلز بند کرتا بولا۔

شکر ہے آپکو سمجھ اگئی آرتھر کوئی کام بے کار میں نہیں کرتا" وہ سیگریٹ سلگا گیا جبکہ پارکر نے سر ہلایا

یہ بہت اہم فائلز ہے آرتھر یہ کسی کے بھی ہاتھ لگی تو سمجھ لینا۔۔اسی دن ہمارا آخری دن ہوگا"۔

پارکر نے وہ فائل جو آرتھر اس سے چاہتا تھا اور اسی وجہ سے وہ ایلے کے ساتھ نرم ہوا تھا وہ فائلز آرتھر کے ہاتھ میں رکھ دی وہ مسکرادیا۔

ایلے کے انگوٹھے لگوالو اسپر "پارکر نے کہا تو آرتھر نے سر ہلایا۔۔

اور پھر دونوں کافی دیر تک ڈسکشن کرنے لگے

شادی کی اناونسمنٹ کر دیں ڈیڈ" وہ بولا تو پار کر نے سر ہلا یا اور نیو یار ک کی سب سے حسین لڑکی یعنی چاہیے تمھاری بیوی"۔

وہ مسکرا یا تو آر تھر نے شانے آچکا دیے۔

جسے اجازت دے دی وہ کہ خود ہی تلاش کر لے وہ اور پار کر تو بہت خوش ہوا تھا آر تھر البتہ وہ فا ئلز لے کر وہاں سے نکلا اور ایلے کے کمرے کے باہر اگیا۔

روم لاک تھا اور دروازہ آر تھر بجاتا۔۔

کبھی نہیں اسنے دروازے میں دے کر لات ماری

ایلے جی جان سے کانپ اٹھی رونے لگی دل کیا اسی کھڑکی سے کود کر مر جائے۔

اسنے پھر سے لات ماری اور ایلے ایک بار پھر سے دوڑ کر کبرڈ میں چھپ گی کہ اگر نینی سے بھی چابی لے کر دروازہ کھولا تو وہ کبرڈ میں ہو گئ

لیکن اس بات وہ ایسی جگہ چھپی تھی کبرڈ میں کہ وہ تلاش نہ کر پاتا۔۔

آرتھر نے ویسا ہی کیا دروازہ کھول کر وہ اندر آیا اسے روم اور واشروم میں وہ دیکھائی نہیں دی تو اسنے کبرڈ کھول دی

لیکن وہ کبرڈ میں بھی نہیں تھی

کہاں ہے ایلے "آرتھر گرجا۔

وہ وہ ایلے میم شاید لون میں ہوں ہم نے انھیں وہیں دیکھا تھا"۔

تو دروازہ لاک تمھارے فرشتوں نے کیا ہے" وہ بگڑا وہ غلطی سے ہو گیا تھا مجھ سے "نینی بڑبڑائ بلا کر لاؤ اسے "آرتھر گھور کر دیکھ کر باہر نکل گیا جبکہ ایلے کا دم گھٹ رہا تھا وہ مزید دو چار منٹ کھڑی ہوتی تو اسکی روح نکل جاتی۔۔

لیکن پہلی بار اسکے سوچا تھا وہ یہاں سے چلی جائے گی اسے یقین تھا نیویارک اتنی ظالم نہیں ہو گی جتنے ظالم یہ لوگ تھا۔

ایلے میم پلیز باہر اجائیں ورنہ "نینی کا لہجہ بھیگ گیا

ایلے باہر نکلی چہرہ رو رو کر سرچ ہو گیا تھا۔

میم اپ یہاں سے بھاگ جائیں "ایلے نے اسکی جانب دیکھا

جس سوچ کو سوچ کر وہ ابھی پریشان تھی نینی وہی بات کر رہی تھی میں

آپکو بھگا دوں گی یہاں سے مجھ سے یہ ظلم اور برداشت نہیں ہو رہا "وہ

بولی اور اسکے زخم دیکھے

تو تم یہیں تھی "آرتھر کی گرجدار آواز پر نینی اچھل پڑی اور آرتھر نے

نینی کو چھوڑ کر ایلے کے بال جکڑے اور اسے گھسیٹ کر باہر لے آیا۔۔

مجھ سے جھوٹ بول رہی تھی۔۔ایک بات اپنے اس بھیجے میں بیٹھ کر

رکھو تم پر اور تمھارے اس خوبصورت وجود پر آرتھر کا حق ہے۔۔

کیونکہ تم میری خرید ہو۔۔

توڈارلنگ رات مجھے انٹرٹین کرنے کے لیے تیاری کرو یہ پیپرز بھی رات ہی سائین کراؤ گا اور آئندہ مجھ سے چھپی تو تمھیں زمین کھود کر بھی نکال لوں گا۔

کوئی تمھیں آرتھر سے آزاد نہیں کرا سکتا

یاد رکھنا کوئی بھی نہیں۔" وہ اسے دور دھکیل کر بولا۔۔

ایلے رو رہی تھی جبکہ آرتھر نے شاید اسکے نیلے ہوتے نشانوں ہی وجہ سے اسے بخش دیا تھا۔۔

وہ پھر سے کمرے میں بند ہو گئی خیز سکیور تو وہ یہاں بھی نہیں تھی جبکہ نینی عزم باندھ چکی تھی کہ وہ ایلے کو آج رات سے پہلے ہی یہاں سے نکال دیں گی

نیو یارک بہت بڑی تھی اسے کہیں نہ کہیں۔۔ اپنے اندر چھپا لیتی وہ ایک بار یہ کوشش ضرور کرے گی

اور یہ بات اسنے ایلے کو بھی بتادی جو رو رہی تھی سسکیاں بھر رہی تھی

۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم کہاں جا رہے ہو"۔

ہینری نے اسے باہر نکلتے دیکھا۔

موسم ٹھیک نہیں ہے۔ تمھیں ابھی نہیں جانا چاہیے راستے بلاک بھی ہو سکتے ہیں"۔

وہ بولا جبکہ جیکسن نے سر جھٹکا اور وہ باہر نکل گیا۔

آ و یار اسے تو لے کر مر وا اپنے ساتھ "وہ ٹائیگر کو دیکھ کر چیڑ کر بولا جبکہ جیکسن باہر نکل گیا۔۔۔

ارادہ اسکا پار کر کے گھر کودنے کا تھا کیونکہ چار نچار اسے اپنی مرضی کے بنا کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی تھا دن زیادہ نہیں تھی کیونکہ ابھی کچھ دیر پہلے شادی کی اناونسمنٹ کی خبر وہ اپڈیٹس میں دیکھ چکا تھا

آرتھر کی شادی اور اسکی کوئین کے سر کا تاج۔۔۔۔

ویسے تو اسے کوئی ایسا شوق نہیں تھا کہ وہ مافیا کے اصولوں کے مطابق چلے لیکن پھر بھی۔۔

جیک اور جیمز کافی زیادہ اصول پسند تھے اس معملے میں تبھی وہ رات کی تاریخی اترتے ہی اس جانب چل دیا۔

وہ اکیلا تھا اور خوف کوئی نہیں تھا

اسنے کہا نہ وہ مردوں سے سکون سے لڑ سکتا تھا بلکہ اس طرح کرتا کہ روح تک کانپ اٹھتی۔

وہ پار کر کے ایریے میں پہنچا تو دور سے اس محل کو دیکھنے لگا جہاں انھیں ہونا چاہیے تھا۔۔

وہ۔۔آگے بڑھا کیونکہ جب جب اس محل نما جگہ کو پار کر کی ملکیت میں دیکھ رہا تھا خون کھول رہا تھا وہ گارڈز سے چھپتا آگے بڑھ رہا تھا یہاں درخت تھے اونچے اونچے تبھی وہ سکون سے آگے بڑھ رہا تھا اور اچانک وہ رک گیا

وہ کون تھا جو محل کے دوسری طرف سے باہر کودنے کی کوشش میں ناکام ہوتا دیکھائی دے رہا تھا

وہ کچھ توجہ سے اسے دیکھنے لگا۔یقیناً اپلیے ہی تھی موقع اچھا تھا وہ یہاں اسے جکڑ سکتا تھا۔

وہ پلٹا اور وہاں سے باہر نکلا جبکہ ایلے نینی کے کہنے پر دیوار کے اس پار کودی تو لگا ہڈی ٹوٹ جائے گی وہ کانچ کے ٹکڑے ہاتھوں پر چبھنے اور خون بہہ جانے پر رو پڑی۔

جبکہ اپنے پیچھے کسی کے قدموں کا احساس ہوا تو روح وجود سے نکل گئی اسنے سہم کر خوفزدہ نظروں سے مڑ کر دیکھا جبکہ اسکی آواز نہ ہونے کا کافی فائدہ محسوس ہوا تھا۔

وہ نہ چاہتے ہوئے بھی جھکا اور اسکا بوجھ گڑیا کیطرح کاندھے پر ڈال کر وہ اس سکون سے چلنے لگا جیسے ایک لڑکی نہیں واقعی بس ایک گڑیا کاندھے پر لادلی تھی اسنے۔۔۔۔

وہ پار کر کے محل سے دور جانے لگا ہاں سی ڈی ٹی وی فوٹیج مینو دیکھ لیتا کہ کوئی اسے اٹھا کر لے گیا ہے لیکن نہ ممکن تھا وہ کوئی بھی جیکسن کو پہچانا لیتے۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

جیکسن کی شخصیت نہایت پراسرار تھی یہ ڈھونڈتے ڈھونڈتے بھی انھیں وقت لگ جاتا۔۔

وہ اس سے خود کو چھوڑنے آزاد کرنے کے ہر ممکن کوشش کر رہی تھی اور اگر اس میں اتنی طاقت ہوتی تو وہ شاید بہت پہلے اپنے لیے لڑ چکی ہوتی کہیں ایک مصیبت سے نکل کر دوسری مصیبت میں تو نہیں پھنس گئی تھی وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رات آرتھر مکمل نشے میں تھا تبھی وہ ایلے کو اپنے روم میں نہیں بلا سکا اور نشے کی زیادتی کے باعث ہی وہ جلد سو گیا۔۔

جبکہ اسی موقعے کا فائدہ اٹھا کر نینی نے ایلے کو بھگا دیا۔

ایلے سہمی ہوئی تھی وہ جیسے ہی دیوار پھلانگ کر اتری تو لگا کسی نے فورا اسے پکڑا ہو۔۔

وہ حیران ہی ہوتی کہ کسی کے مظبوط دو بازو اسکے گرد حائل ہوئے اور وہ اسے شانے پر ہاتھ گیا وہ آزاد ہونے کے لیے جدوجہد کرنے لگی لیکن وہ آزاد نہیں ہو سکی۔۔

اور وہ شخص جو بھی تھا وہ نہیں جانتی تھی اسے گاڑی میں ڈالنے سے پہلے اسکے منہ پر ایک بدبودار رومال رکھ گیا جس کی سیمل سے وہ ہوش سے بیگانی ہو گئی۔

جبکہ نیویارک کے سب سے بڑے محل میں اگلی صبح بم کیطرح سب پر گیری تھی پارکر ایلے کو ہی دیکھنے آیا تھا آرتھر نے کہا تھا کہ وہ ایلے سے رات ہی سائن کرا لے گا اگر سائن کرا چکا تھا تو ایلے کو جان بوجھ کر آج

وہ یہ حقیقت بتانے آیا تھا معلوم نہیں وہ اتنا ظالم کیسے تھا لیکن کمرے میں ایلے کو نہ پا کر وہ ایکدم دور ہٹا نینی کو دھاڑ کر بلایا۔

ایلے کہاں ہے" وہ دھاڑا تو نینی ذرا کانپتی ہوئی سی کچن سے دوڑ کر آئیں۔

سر ایلے میم کمرے میں ہیں" وہ بولی۔۔

جبکہ پارکر نے ضبط سے اسے دیکھا۔

تم اس گونگی کے ساتھ رہ کر آندھی ہو چکی ہو اندر مر و اور دیکھو وہ یہاں نہیں ہے پتہ کرو کہاں ہے وہ" وہ بولا تو نینی اندر داخل ہوئی۔۔۔ایلے نہیں تھی۔۔

ش۔۔شاید لون میں ہوں" وہ کہہ کر پلٹی اور لون میں چیک کرنے لگی لیکن لون میں بھی نہیں تھی اور اسکے بعد پورے گھر میں ایلے دیکھ لی مگر ایلے کہیں بھی نہیں تھی پارکر کا میٹر خراب ہونا شروع ہو گیا تھا اسنے نینی کو مارنا شروع کر دیا۔

تجھے اسکی حفاظت کے لیے رکھا تھا وہ بھاگ گی" وہ اسے مارتے ہوئے بولے جبکہ نینی زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔

پارکر "امیلیا اس ہنگامے سے اٹھ کر باہر آئی تو نینی کو پیٹتا دیکھ ذرا غصے سے بولی

بھاگ گئی تمھاری بیٹی امیلیا میڈیم بھاگ گئی وہ۔"۔

وہ بھڑک کر بولا امیلیا جلدی سے ایلے کے کمرے میں گئی ایلے نہیں تھی

کہاں ہے ایلے "امیلیا نے نینی کے بال جکڑ لیے۔۔اور اسکو جھنجھوڑ کر بولی جبکہ نینی کچھ نہیں بولی بس کہتی رہیں مجھے نہیں پتہ میم رات وہ کمرے میں ہی تھیں

پارکر کو خیال آیا تو وہ آرتھر کے کمرے کیطرف بڑھا اور اسنے بیٹے کو جھنجھوڑ کر اٹھا دیا۔

آرتھر باپ کو دیکھنے لگا

رات ایلے تمھارے ساتھ تھی"۔

نہیں "آرتھر تھکا تھکا سا بولا

تم نے پیپرز سائین کرا لیے "وہ پوچھنے لگا بے تابی سے۔

نہیں بھئ کیوں جگا رہے ہیں کرالوں گا سائین "وہ چیڑ کر بولا۔

آرتھر ایلے گھر سے بھاگ چکی ہے "وہ غصے کی شدت سے سرخ ہو گیا

جبکہ آرتھر کی نیند ہوا ہو گئ۔

وہ دوڑ کر کمرے سے نکلا ایلے کے کمرے میں جھانکا الماری کھول کر

دیکھا اسکے اندر ایک اور کبرڈ تھی وہاں دیکھا ایلے نہیں تھی اور اسکے بعد

پورے منشن کی ہر ممکنہ جگہ کو چھان مارا مگر ایلے نظر نہیں آئ۔۔۔

آرتھر گارڈز کے سر پر سوار ہو گیا ایلے میں اتنی جرت اول تو تھی نہیں اور اگر آ بھی گئی تھی تو ان سب کے سامنے سے وہ چلی گئی اور یہ سب اندھے کھڑے تھے۔

اسنے گارڈز سے دریافت کیا مگر کوئی نہیں جانتا تھا۔

آرتھر نے غصے سے پاگل ہوتے سب گارڈز کو تھپڑ لگا دیے اور دوسری طرف جولین نے مشورہ دیا کہ کیمرے چیک کیے جائیں۔

اور وہ سب۔اس روم میں اگئے جہاں سکیورٹی تھی امیلیا نے نینی کو مار مار کر نیلا کر دیا تھا مگر انھوں نے لاعلمی کا اظہار ہی رکھا۔۔اور سارے سی سی ٹی وی فوٹیج چیک کیے مگر بظاہر کچھ نہیں دیکھ رہا تھا اور آرتھر کی نظر پیچھلے حصے پر پڑی۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

تو وہاں بس ایک سایہ سا دیکھائی دیا تھا جس کی کوئی شناخت نہیں رکھی تھی اسنے زوم بھی کرایا تھا مگر صرف سیاہی تھی اور اپلے کود کر اسکی گود میں گیری تھی بس یہ دیکھائی دیا تھا۔

وہ سب لب دبا گئے۔۔ کس میں اتنی جرت ہے کہ اس بچ کا ساتھ دے "آرتھر نے ٹیبل پر غصے سے مکہ مارا اور مٹھیاں بھینچ گیا

کس میں "وہ دھاڑا۔۔۔

جبکہ کسی کے پاس کوئی جواب نہیں تھا

کہا تھا میں نے تم سائیں کرالو مگر "پار کر ضبط کرتا بولا

ڈیڈ اینف یہ میری نیو یارک ہے اور یہاں سے کوئی میری ہی خریدیں ہوئی لڑکی کو لے جائے نا ممکن ہے میں اسے قبر سے بھی نکال لوں گا"

وہ۔ مٹھیاں بھینچتا بولا اور پلٹ گیا جبکہ پار کر نے اب امیلیا کا جینا حرام کر دیا تھا اور جولین ہنستا ہوا چلا گیا

مجھے کیا پتہ کہاں گئی ہے کب بھاگی ہے" امیلیا غصے سے چلائی

بیٹی تھی تمہاری تمہیں نظر رکھنی چاہیے تھی" وہ تو بن پانی کی مچھلی کی طرح تلملا رہا تھا

تم نے نظر رکھی تو ہوئی تھی اسپر" امیلیا نے غصے سے کہا اور طنز مارتی کمرے میں چلی گئی پار کر کو اتنا غصہ چڑھا کہ لاونج کی ہر چیز تہس نہس کر دی۔

___________________________

ہینری کافی پیتا ہوا جیکسن کے کمرے میں آیا۔

اگر وہ منشن میں ہوتے تو وہ کبھی اسطرح اسکے کمرے میں داخل نہیں ہو سکتا تھا لیکن سامنے بیڈ پر پڑی لڑکی دیکھ ساری کافی منہ سے باہر فوارے کیطرح نکل آئی۔

جیکس" وہ چلایا

جیکسن ابھی شاور لے کر نکلا تھا۔

تم آوارہ کب ہوئے" ہینری مزے سے اس لڑکی کو دیکھتے ہوئے سوال کرنے لگا

نیو یارک کی ایسی ہوا لگی کہ نیو یارک کا دل ہی اٹھا لائے واہ یار کیا ٹیسٹ ہے سی ڈئیر بیوٹی" مسرمائز سا بولا جبکہ گھٹنوں کے بل اسکے سامنے بیٹھ گیا

تم نے مارا ہے اسکو" وہ آئی برو آچکا کر پوچھنے لگا۔

یار اتنے ظالم نہیں بنتے برو لڑکیاں حسن ہیں دنیا کا تم نے آویں بیر باندھ لیا ہے" ہینری زرا غصے سے بولا جبکہ جیکسن نے گھیرہ سانس بھرا۔

اپنی بکواس کو اپنے اندر رکھو یہ لڑکی۔ نیو یارک کی مالک ہے ایٹ دا مومنٹ"

واٹ "ہینری کا منہ کھل گیا۔

ہاں " جیکسن آئینے میں اپنا عکس دیکھتا بولا

یہ پارکر کی بیٹی ہے "ہینری کھڑا ہو گیا

سوتیلی " وہ پھر سے بتا گیا۔

یہ حال ان لوگوں نے کیا ہے اسکا وہ جیسے معملے کی تہہ تک پہنچ رہا تھا ہاں مجھے شوق نہیں اپنے سے کمزور مخلوق پر ہاتھ صاف کرنے کا۔۔۔ وہ بے زاریت سے بولا

ہاں یہ تو میں بھول گیا تھا وہ سر تھام گیا

بٹ شی از ٹو مچ بیوٹیفل۔۔۔

ویسے یہ سو رہی ہے یہ بے ہوش ہے "ہینری نے چیک کیا سانسیں تو نارمل لے رہی تھی۔

Zubi Novels Zone

میں بھی یہ سوچ رہا ہوں مری تو نہیں ہے پھر کڈنیپ ہونے کے بعد کون اتنی گھیرہ نیند سو سکتا ہے" جیکسن لڑکیوں کے معاملے میں بلکل ہی نابلد تھا ہینری اکڑ کر اٹھا۔

دیکھو میرے بھائی لڑکیوں کی بائیو گرافی جاننا چاہتے ہو تو مجھ سے بہتر کوئی نہیں جانتا اس وقت اس لڑکی کی اتنی گھیری نیند ہے دو اسباب ہیں پہلا کہ ہم لڑکے ان بیچاریوں کو اتنا تھکا دیتے ہیں کہ یہ ایسے بلکل ایسے ہی سو جاتی ہیں"

چیپ" جیکسن نے ایک لفظ میں بات ختم کی۔

ہاں تمھاری نظر میں ورنہ تو پیار بہت آتا ہے ایسی سچویشن میں" ہینری کی بات کر جیکسن نے بے زاریت سے اسے دیکھا

اوکے دوسری بتاتا ہوں دوسری یہ ہے کہ یقیناً یہ لڑکی پچھلی جگہ کی نسبت یہاں پر سکون ہے تبھی اگلی پیچھلی نیند پوری کر رہی ہے"

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

میرے پاس کسی چونچلے کا وقت نہیں ہے اس کو اٹھاؤ مجھے اس سے کچھ پیپیرز سائین کرانے ہیں بس" جیکسن اسکی بکواس سے تھکتا ہوا کہہ کر باہر نکل آیا۔

لیٹ می ایکسپلین برو کیا اپنے طریقے سے اٹھا سکتا ہوں" وہ پورے دانت نکالتا پوچھنے لگا۔

جیکسن دانت پیس کر اسے دیکھنے لگا

ٹائیگر" اسنے آواز لگائی اور اتنی سی جگہ میں وہ جس طرح دوڑ کر آیا ہینزی کی جان نکل گئی۔۔

"اگر یہ اس لڑکی کے قریب بھی جائے تو چیر پھاڑ دینا بھائی ہوں میں تمھارا ہینزی چیخا۔۔

مجھے سگے پسند نہیں تم تو پھر چچازاد ہو" وہ شانے آچکا گیا

لعنت ہے یاری پر اپنے پالتو کا کھانا بنا رہے ہو جیکس ہٹاؤ اسے" وہ چیخا۔

Zubi Novels Zone

اوران دنوں کی چیخ وپکار اور ٹائیگر کے غرانے پر ایلے کی آنکھ کھل گئی وہ واقعی اتنی بے فکری سے پہلی بار سو رہی تھی

وہ اٹھی اور آنکھوں کے سامنے ایک زندہ تیندوے کو دیکھ کر وہ چلا سکتی ہوتی تو چلا اٹھتی۔۔

وہ ایکدم دور بھاگی تھی اور جیکسن کے ٹائیگر نے اجنبی کو دیکھا تو ایکدم اسپر جھپٹنے لگا۔۔

کہ ہینری پکڑتے پکڑتے رہ گیا اور بیڈ پر بیچاری وہ لڑکی اور بیڈ پر ہی ٹائیگر چڑھا

جیکس "ہینری کی پریشان آواز پر جیکسن اٹھ کر اندر آیا اور منظر دیکھ کر اسنے سہولت سے ٹائیگر کو پکارہ اور اسکی تنبیہی پکار سن کر ٹائیگر پیچھے ہٹ گیا اور مالک کے پاؤں میں ایسے لپٹا جیسے بلی ہو۔۔۔

ہینری اور ایلے فق نظروں سے اسے اسکے پاؤں میں دیکھ رہے تھے

کچھ کھیلاؤ پھیلاؤ اسکو اور اسکے بعد دو ٹوک کام کرا کر نکالو اسے یہاں سے

"وہ سرد تیوروں میں کہہ رک پلٹ گیا۔

جبکہ ایلے کو لگا وہ دوبارہ بے ہوش ہو جائے گی وہ وہ یہاں کیسے وہ تو بھاگی

تھی وہاں سے اور اس آدمی کے پاس۔۔وہ اسکو پسند نہیں کرتی تھی یہ

آدمی بھی پار کر کیطرح ظالم تھا۔

وہ جلدی سے بیڈ سے اٹھی اسکی ٹانگیں واضح کپکپا رہیں تھیں۔

ہینزی نے گھیرہ سانس بھرا۔

ایزی ہو جاؤ لیٹل اینجل" وہ اہستگی سے بولا

ایلے نرم رویوں کی عادی نہیں تھی وہ سب یہ ڈرامہ سمجھ رہی تھی۔۔

تبھی وہ ڈر رہی تھی

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اوکے میں تمھیں کوئی نقصان نہیں دوں گا سیر یسلی اوکے اور یہ لے لو میں تمھیں کوئی نقصان نہیں پہنچاؤ گا" ہینری نے مسکرا کر اپنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی اسکی سمت کی ایلے ہٹ پٹ آنکھیں پٹپٹاتی اسے دیکھنے لگی۔ یہ کیسا پرومیس تھا لیکن وہ اس لفظ سے بھی ناآشنا تھی کیونکہ آج تک کسی نے اس سے وعدہ نہیں کیا تھا وہ بھی اس لیے کہ وہ اسے نقصان نہیں پہنچائے گا۔

پنکی پرومیس بھی لڑکیوں کا فیورٹ پرومیس ہوتا ہے" ہینری آنکھ دباتا بولا جبکہ ایلے کو کچھ یاد آگیا بچپن میں شاہد اسنے اپنی ایک سکول فرینڈ سے اپنا فیورٹ پرومیس کیا تھا اور وہ پنکی پرومیس ہی تھا اور اسے ہمیشہ پنکی پرومیس سچا لگتا تھا۔۔جو کہ اسکی فرینڈ نے نبھایا بھی اگر وہ شہر نہ چھوڑتی تو اسنے شہر چھوڑ دیا اور ایلے حال سے بے حال ہو گئی۔۔

ایلے نم نظروں سے اسے دیکھنے لگی

اوہ تم رونے کیوں لگیں دیکھو ایزی ہو جاؤ یہاں میرا ایک پاگل بھائی اسکا پالتو یہ منحوس سانڈھ جیسا ٹائیگر اور میرے علاوہ کوئی نہیں اور میں تو نہایت شریف نفس انسان ہوں" وہ بولا جبکہ ایلے کی جانب پھر سے ہاتھ بڑھایا۔

ایلے معلوم نہیں کیوں کانپتے ہاتھوں سے اسکے ہاتھ کی چھوٹی انگلی تھام گئی۔۔

ڈیٹس گریٹ سوئیٹ ہارٹ" وہ مسکرایا۔۔

اور ایلے مسکرا بھی نہ سکی وہ خوفزدہ تھی

اوکے تو میرا نام ہینری ہے، ہینری جیکوب روبو۔۔۔" اسنے تفصیل سے بیان کیا تو ایلے نے جھٹکے سے پلکیں اٹھا کر اسکی جانب دیکھا۔

زبان سے تو کیا بولتی لیکن پہچان گئی تھی روبو فیملی روبو فیملی اگر یہاں تھی تو پار کرا تنے سکون سے کیوں تھا۔۔

یعنی تم ہمارے بارے میں جانتی ہو"ہینری مسکرایا۔

تمھارا نام کیا ہے"ہینری نے جاننا چاہا جبکہ ایلے کچھ نہیں بولی۔

کیا ہوا بتانا نہیں چاہتی" وہ سوال کرنے لگا۔

ایلے پھر بھی کچھ نہیں بولی

کیا ہوا تم بول نہیں سکتی"ہینری نے مذاق میں کہا تھا جبکہ ایلے نے

جیسے ہی سر ہلایا ہینری ایک لمحے کے لیے حیران رہ گیا

تم واقعی نہیں بول سکتی" وہ افسوس سے پوچھنے لگا۔۔

اور ایلے کو لگا اب وہ بھی اسے نفرت سے دھتکارے گا۔۔

لیکن ہینری کی طبعیت ایسی نہیں تھی وہ لڑکیوں کے ساتھ ضرورت

سے زیادہ ہی فری تھا۔

اسنے چند لمحے سوچے اور۔شانے آچکا گیا

پکچھ نہیں ہوتا میں تو بول سکتا ہوں نہ تم فکر نہ کرو تمھارے حصے کا میں بول لوں گا" وہ مزے سے بولا ایلے کے چہرے سے پریشان کن تناؤ کچھ کم ہوا اور وہ ہینری کو پھر سے دیکھنے لگی۔۔

اممم اب تم فریش ہو اور اسکے بعد ہم ناشتہ کریں گے" اسنے کہا تو ایلے سر ہلا گئ اگر اسے کسی بات کی خوشی تھی تو یہ تھی روبو فیملی نیویارک میں تھی۔۔

وہ۔واشروم میں چلی گئ اور ہینری باہر اگیا

ہو گئ تسلی تمھاری" لیپٹاپ پر کچھ ٹائیپ کرتے جیکسن نے پوچھا

وہ بہت اینوسنٹ ہے یار تم۔اسکو دوبارہ پار کر کے پاس پھینک دو گے یہ زیادتی ہے اسکے چہرے پر نشان تو دیکھو" ہینری نے کہا۔

وہ ہمارے لیے میٹر نہیں رکھتی پار کر نیو یارک سے نکلے گا تو اسے بھی یہاں سے جانا پڑے گا کیونکہ میں یہاں پر روبو فیملی کا راج دوبارہ چاہتا ہوں۔" جیکسن نے مدعا بیان کیا

" تو ایک بے بس لڑکی کے ہونے سے تمھیں کوئی نقصان نہیں ہو گا لڑکیاں صرف نقصان ہوتی ہیں سمجھے تم زیادہ ابو نہ بنو اسکے جتنا کام کہا ہے کرو۔" جیکسن ڈپٹ کر بولا۔۔

"جیکس یار کم از کم ہم اسے پرل اور ہیزل کے پاس چھوڑ سکتے ہیں ہینری" جیکن بھڑکا۔۔

" تم کچھ بھی کروں اسے دوبارہ پار کر کے پاس جانے نہیں دوں گا

"ڈونٹ ٹل میں تمھیں پہلی فرسٹ میں وہ لڑکی پسند اگئی ہے پسند بعد کی بات ہے مجھے ترس اسپر ضرور آیا ہے کہ وہ بول نہیں سکتی اور کیا کیا سہتی ہو گی"۔

ہینری بولا اور ناشتے کے لیے بیر ڈ پر اسنے جیم لگا لیا۔۔

کیونکہ آج کل وہ دونوں بھی یہ ہی کھا کر گزارا کر رہے تھے

جیکسن نے سر جھٹکا وہ ان باتوں کا نہ عادی تھا اور نہ ہی آنے والے تھا ان باتوں میں۔۔۔

یار وہ ہمارے بارے میں جانتی ہے روبو فیملی کے بارے میں "ہینری ایکدم بولا۔۔ جیکسن خاموشی سے اسے دیکھنے لگا۔

کیسے "وہ کچھ حیرانگی سے بولا۔

افکورس اسکا باپ ہمیں گالیاں دیتا ہوگا تو اسنے سن لیا ہوگا۔"۔ہینری ہنسا

جیکسن پھر سے کام میں لگ گیا۔۔

ایلے میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ وہ باہر نکل کر آتی تبھی وہ کمرے میں چلی گئی تھی۔۔

اور ہینری بھی۔اسکا ناشتہ کمرے میں لے گیا۔

اوہ تم فریش ہو گئی ہو کافی اچھی بھی لگ رہی ہو"ہینری مزے سے بولا جیکسن کوفت زدہ سارہ گیا۔۔

اور ہینری ایلے کو کمفر ٹیبل کر رہا تھا اسنے اسکے آگے ناشتہ رکھا تو ایلے ناشتہ کھانے لگی اور ہینری نے اسے دودھ بھی دیا جس کو وہ بار بار رکھ دیتی اور ہینری اتنا بولتا تھا واقعی ایلے کو ایسا نہیں لگا کہ وہ بول نہیں سکتی۔

۔

دیکھو ایلے میں لڑکیوں کی بلکل عزت نہیں کرتا کیونکہ لڑکیاں میرے لیے کچھ اور معاملات میں ضروری ہیں لیکن تم ہو الگ لڑکی تو میں خود بخود تمھاری ریسپیکٹ کر رہا ہوں۔۔دیکھو مزے کی بات ہے میرے ڈیڈ دیکھ لے تو غش کھا جائیں خیر غش تو وہ باہر بیٹھا سانڈ بھی کھا رہا ہو گا جلتا ہے مجھ سے کہاں اسکے اتنا مسلز کہ لڑکیاں اسپر مریں"۔

وہ بولتا چلا گیا ایلے وہ احساس ہوا کہ وہ مسکرا رہی ہے۔۔

ایک منٹ "ایلے کی سمائل رک گئ۔

نہیں نہیں ویسے ہی رک جاو" وہ اسے ویسے ہی سمائل کرتے ہوئے رکنے کا کہنے لگا اور ایلے اسکی بات مان گئ۔

اور ہینزی اٹھا۔

یار وہ تم جو اپنے زخم پر میڈیسن لگاتے ہو اور منٹ میں ٹھیک ہو جاتے ہو وہ کہاں ہے ٹیوب "اسنے جیکسن کے سارے بیگ کی تلاشی لے لی اور جیکسن نے کھینچ کر لات ماری تو ہینزی صوفے کے پاس جا گیرہ۔

آہ آہ "ہینزی کمر پکڑتا چلایا اور ایلے دوڑ کر باہر نکلی

تمیز ہے تمھارے اندر یہ میرا سامان ہے تمھارے باپ کو نہیں "وہ دھاڑا ایلے خوفزدہ سی اسے دیکھنے لگی۔

مر جاؤ جیکسن تم "ہینزی غصے سے بولا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

دوائی دو مجھے "ڈھیٹ تو وہ تھا۔۔

جیکسن نے دانت پیس کر۔۔اسے وہ میڈیسن دی اور ہینری ٹیوب چھین کر مڑا تو ایلے خوفزدہ سی انھیں ہی دیکھ رہی تھی

ایزی ہو جاؤ سوئیٹ ہارٹ میرا بھائی پاگل ہے یہ عام سی بیماری ہے۔۔ کچھ نہیں ہوتا۔ل" وہ سکون سے چلتا جیکسن کو سلگاتا اسے لے کر کمرے میں چلا گیا جبکہ اسنے ایلے کے زخموں پر دوائی لگائی اور اسے دودھ کے ساتھ میڈیسن لینے کا کہا جس پر وہ صاف مکر گی کہ وہ دودھ نہیں پیے گی پانی سے پی لو پھر "ہینری چاہتا تھا وہ زخموں کی تکلیف سے نکلے۔۔

وہ پانی سے پی گی تو ہینری ہلکا سا مسکرایا

تم جانتی ہو تم کون ہو۔" وہ پوچھنے لگا۔۔ایلے معصومیت سے سر نفی میں ہلانے لگی۔۔۔ہینری ہنس دیا۔۔اور تبھی جیکن کی آواز پر مڑا۔

دادا کی کال ہے" اسنے موبائل اسکی جانب اچھالا جسے اسنے کیچ کر لیا ایلے ذرا سنبھل کر نگاہ جھکا گی کیونکہ جیکسن اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

یس دادا"۔

اوکے کیا میں تھوڑی دیر۔۔۔اچھا بھئی ابھی جاتا ہوں" وہ چیڑ کر بولا۔

۔اور اٹھ گیا۔

جیکسن کی جانب موبائل اچھالا جسے اسنے ایک ہاتھ سے کیچ کر لیا۔۔

اوکے ہنی میں کچھ دیر تک آتا ہوں میں تمھارے لیے نئے کپڑے بھی لے کر آؤں گا" وہ بولا وہ اسکا نام نہیں جانتا تھا اسنے بہت سارے نام اسکے رکھ دیے تھے اور ایلے ڈر گی نفی میں سر ہلانے لگی

ہینری نے مڑ کی جیکسن کو دیکھا

تم جاؤ۔۔۔

شیٹ آپ میرے پاس بچوں کو سنبھالنے کا وقت نہیں ہے مجھے دو چار باتیں جانیں ہیں بس نکلو اب یہاں سے" وہ بولا جبکہ ہینری اسے آنکھیں سکیڑ کر دیکھنے لگا

گھبرانا مت ہنی یہ لڑکیوں سے ایسے بھاگتا ہے جیسے لڑکیاں چھپکلیوں سے تم تو ویسے بھی نہیں بولتی دو چار باتیں پوچھے گا بس سر ہلا دینا میں یوں گیا یوں آیا دادا کا حکم نہیں ٹال سکتا ورنہ وہ بم یہیں پھیکوا دیں گے" وہ اسکا گال تھپتھپا کر بولا ایلے زرا سنبھل گئی اُسے کسی نے پہلی بار چھوا تھا

-----

وہ ذرا دور ہوئی اور ہینری باہر نکل گیا

ایلے نے سانس حلق میں اتارا اور بس دل کیا کہیں گم ہو جائے یقیناً اُسے رات یہاں لانے والا یہ ہی شخص تھا۔۔

جیکسن پیچھے ہٹ گیا اور ایلے کی جان میں جان آئی۔

وہ اٹھی اور آرام سے دروازہ بند کرنے کی کوشش کرنے لگی لیکن اسے ناکامی ہی ہوتی کیونکہ دروازہ ٹوٹا ہوا تھا لیکن وہاں ایک کبرڈ تھی اور اسکا چھپنے کا شوق بھی پورا ہو جاتا وہ کبرڈ میں بنا آواز کے دبک کر بیٹھ گئی جبکہ جیکسن بمشکل ہی سہی اس سے یہ جاننا چاہتا تھا کہ اسنے کبھی کسی پیپر پر سائین کیا ہے لیکن وہ وہاں سے غائب تھی۔

وہ ضبط سے کبرڈ کیطرف بڑھا اور کبرڈ جھٹکے سے کھولا

ایلے منہ پر ہاتھ رکھ گئی وہ چھپتی تھی تو اسے کوئی دو لمحوں میں نہیں ڈھونڈ پاتا تھا پھر اسنے کیسے ڈھونڈ لیا اپنی بڑی بڑی آنکھوں میں وہ خوف لیے اسے دیکھنے لگی

باہر آؤ" جیکسن دور ہو کر سنجیدگی سے بولا۔

اور ایلے کو باہر نکلنا پڑا۔۔

جہاں بیٹھی تھی وہاں جا کر بیٹھو" اسنے آرڈر کیا اور سہمی ہوئی نظروں سے اسے دیکھتے بیٹھ گئ۔۔

اٹھاؤ یہ گلاس اور پیو" وہ اگلا حکم دینے لگا اور ایلے کی آنکھوں میں آنسو بھر گئے۔

میں نے کہا ڈرامہ نہیں چلے گا بچی نہیں ہو تم پیو اسے" وہ جھاڑ کر بولا جبکہ وہ بلکل نہیں ہلی اپنی جگہ سے جیکسن نے دودھ کا گلاس اٹھا کر اسکے لبوں سے لگا دیا۔۔

ڈرانک" وہ سختی سے بولا لیکن وہ پھر بھی نہیں پی رہی تھی

اور اچانک ٹائیگر کو اپنے مالک کے پاس آتے دیکھ وہ دودھ پی گئ جس سے تو وہ بچپن سے بھاگتی تھی وہ سارا گلاس پی گئ اور خوفزدہ سی اسے دیکھنے لگی

جیکسن شدید تپ گیا اس سے ڈرنے کے بجائے وہ ٹائیگر سے ڈر رہی تھی یعنی اسکو نگلیکٹ کر رہی تھی۔

جیکسن نے گلاس سائیڈ پر رکھا

گیٹ آؤٹ ٹائیگر" وہ بولا تو وہ وہاں سے نکل گیا جیکسن اسکے سامنے بیٹھ گیا۔

میں نے تم سے یہ جاننا ہے کہ تم نے آج تک پار کر کے کرائے گئے کسی پیپر پر سائین کیے ہیں" وہ سختی سے پوچھنے لگا

ایلے نے سر اٹھا کر دیکھا تو اسکے مسلز پر نگاہ گئی اُسکے بازو پر اسکے پالتو تیندوے کا ٹیٹو تھا وہ سہم سی گئی اور دروازے کو دیکھنے لگی۔

جواب دو" وہ برہمی سے بولا۔۔ایلے نفی میں گردن ہلانے لگی۔۔

ہمم کیا وہ کرانے والے تھے" وہ جاننا چاہتا تھا وہ لوگ کتنا اس معملے میں ایکٹو ہیں اور اسے آرتھر کی بات یاد آگئی۔۔

وہ سر پھر سے ہلا گئی۔۔ جیکسن خاموش ہو کر اٹھ گیا۔

اور باہر نکل گیا اس سے زیادہ اس لڑکی سے کوئی بات نہیں کرنی تھی اسنے۔۔۔ جیک کو وہ بتا چکا تھا وہ ایلے کو اٹھا چکا ہے اور جیک بے حد خوش ہوا تھا۔

اور اسنے کہا تھا کہ وہ پیپرز کا ارینج خود کرے گا بس اس لڑکی کو اب کسی کے ہاتھ مت لگنے دینا۔۔

---------------------------------

آرتھر پاگل سا ہو گیا تھا ان لوگوں نے شادی کی ڈیٹ اناؤنس کرنی تھی۔۔ سب مافیا کے لوگ اس انتظار میں تھے کہ نیویارک کا نیا مالک کون ہے اور یہاں جو سائین وہ کرانا چاہتے تھے وہ کرا نہیں سکے تھے اور

اگر آرتھر کی عمر گزر جاتی تو پار کر جولین کی طرف سارا دھیان دیتا اور

یہ بات آرتھر کو برداشت نہیں تھی

وہ لڑکی اسکی خریدیں ہوئی تھی اسنے 5 ملین ڈالر میں اسے خریدا تھا کون

تھا جو اسے بھگا کر لے گیا اور کس کے ساتھ وہ بھاگی۔۔

اسنے ہر ممکنہ جگہ پر پتہ کرا لیا تھا لیکن وہ اسے کہیں دستیاب نہیں تھی اور

پھر آرتھر کو جیسے یاد آیا کہ اسکی ایک دوست تھی جس پر ایلے جان

چھڑکتی تھی تب تو خیر ایلے بولتی بھی تھی اور جب وہ چلی گی تو کافی کچھ

بدل گیا۔

اسنے اپنے ایک خاص گارڈ کو۔۔ایلے کے کمرے کی تلاشی لینے کا کہا۔۔

اور خود دروازے کے نزدیک کھڑا ہو گیا۔

وہ چاہتا تھا اسے اس لڑکی کا پتہ چل جائے۔۔تاکہ وہ سوشل میڈیا پر ایک

خبر چلوا دے وہ جہاں کہیں بھی چھپی ہو گی خود باہر نکل آئے گیا وہ ایک

بار وہ اسے مل جاتی وہ اسکا وہ حشر کرتا کہ ایلے شاید سانس بھی نہ لے پاتی وہ غصے اور جنون کی اس حد پر تھا گارڈ نے تلاشی لی تو اسے بلآخر وہ چیز مل ہی گئی جس کو وہ تلاشنہ چاہ رہے تھے ایلے کی دوست کارلا کی تصویریں اور اسکا ایڈریس یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ اسکے پاس کہاں سے آیا مگر کارلا کی تصویر دیکھ کر آرتھر کی نظریں چمک اٹھی وہ ایلے کا مقابلہ نہیں کر سکتی تھی لیکن وہ بوریت کا اچھا علاج تھی وہ تصویر لے کر باہر نکل گیا جبکہ پارکر اسے پکارنے لگا

آرتھر "لیکن اسنے کوئی جواب نہیں دیا پارکر غصے سے مٹھیاں بھینچ گیا تھا۔۔

اس لڑکے کو سمجھ یہ نہیں ارہی غصے میں کچھ الٹا سیدھا یہ بول گیا تو سارا نقصان ہمارے حصے میں آئے گا اور روبو فیملی تک یہ خبر انکے گلے کا عذاب ہے پارکر نے کچھ مافیا کے لوگوں کو دعوت دے کر مشورے

کے لیے بلا لیا تھا اور جیک روبو اور جیمز روبو کی وہ مافیا دشمن تھیں۔۔
-------------------------------

وہ اٹھی تو گھیرے اندھیرے میں تھی وہ پریشانی سے ادھر ادھر دیکھنے لگی ۔۔۔

لیکن اندھیرہ اتنا تھا کہ اسے لگا وہ آندھی بھی ہو چکی ہے۔۔

وہ بے حد رو دی۔۔

اگر وہ چھری اسکی گردن پر چلتی تو وہ مر جاتی ہاں وہ مر جاتی لیکن وہ مرنا تو نہیں چاہتی تھی۔

وہ منہ بسور کر اٹھی اور ہاتھ سے ٹٹولتی وہ سوئچ بورڈ تک پہنچ گئی۔۔

اسنے لائٹس اون ہوتے ہی جلدی سے دروازے کی جانب دیکھا دروازہ کھلا تھا تھوڑا سا وہ دروازہ کھول کر باہر اگئی ویسے تو اسے عادت تھی کہ دن میں بس ایک بار ہی وہ کھالیتی تبھی اتنے ہلکے پھلکے سے دل کی تھی لیکن اب اسے بھوک لگ رہی تھی وہ۔۔

باہر آئی تو اسے اس جگہ میں کچھ دیکھائی نہ دیکھا

یہ ایک بہت بڑا حال تھا جو سیاہ اور گرے کا ہمینیش کا تھا اسے عجیب سا لگا۔۔

پہلی بار یہ سیاہ رنگ جیسے پسند نہ آیا ہو

لیکن فلحال وہ اس جانور کو تلاش کر رہی تھی جو دیکھائی کہیں بھی نہیں دے رہا تھا۔۔اسنے اچھے سے دیکھا لیکن جیکسن کہیں بھی نہیں تھا ایک تناؤ سا کم ہوا تھا۔۔

وہ بھاگ سکتی تھی اور یہ ہی سوچ کر وہ ایکدم باہر کیطرف بھاگی تو اسے اسکا پالتو جانور باہر گھومتا نظر آیا اور اسکے قدم جم گئے اسنے ڈرتے ڈرتے بڑے بڑے دروازے جو گرے رنگ کے تھے وہ بند کر کے سب سے پہلے خود کو اس تیندوے سے بچایا اگر وہ اندر اجاتا تو۔۔

اسنے لاک کر دیا اب اس جگہ پر اسکے بقول کوئی اور نہیں تھا۔۔

وہ کچن میں اگئ۔۔اور فریزر کھولا تو کافی مزے مزے کی چیزیں رکھیں تھیں۔۔

اس شخص کا ٹیسٹ ایسا لگتا نہیں تھا جیسے فریزر بھرا ہوا تھا ویسے یہاں پر کام کرنے کے لیے ملازم کوئی ایک دو ہی دیکھائی دیتا تھا اور آج وہ بھی نہیں تھا

اسنے چاکلیٹ کیک نکالا اور مزے سے ٹیبل پر رکھ کر چیئر گھسیٹ کر اسے دیکھنے لگی۔۔

اسکی آنکھوں میں چمک تھی گویا آج سے پہلے کبھی چاکلیٹ کیک کھانے کو نصیب نہیں ہوا تھا اسنے بنا کاٹے کیک چمچ مار کر کھانے لگی۔

پہلا لقمہ جاتے ہی دل خوش ہو گیا۔۔

اور وہ آہستہ آہستہ کھاتی یہاں تک کے اسکے منہ سے آوازیں نکلنے لگیں اسے احساس بھی نہیں ہوا۔۔

اور جب دل بھر گیا تو وہ سکون سے اٹھ کر وہ کیک وہیں چھوڑ کر باہر آ گئی۔۔۔

وہ یہاں تنہا تھی کوئی اسے گھورنے والا کوئی اسے مارنے والا اسے ڈرانے والا یہ سہمنے والا نہیں تھا اسنے۔۔

بلکل حال کے بیچ میں ایک بہت بڑے سائز کی ایل سی ڈی دیکھی وہ اتنی بڑی تھی جیسے پوری دیوار جتنی ہو۔۔

اسکا دل اپنے آپ خوش ہو رہا تھا۔۔

کیونکہ اسے اس وقت ڈر نہیں لگ رہا تھا اسنے اس ایل سی ڈی کے ساتھ
مکمل پنگے لیے اور ایکدم غصے سے اسے جھنجھوڑ دیا۔

یہاں تک کے وہ دیوار گیر ایل سی ڈی اپنی جگہ سے ہلی تو وہ ڈر کر اسے
تھام گئی۔

شانے آچکا کر وہ دور ہو گئی اور صوفے پر بیٹھ گئی

صوفہ کافی نرم تھا۔۔ کافی اچھا لگ رہا تھا وہ صوفے کو دبا کر دیکھنے لگی اور
اسکے بعد خود بس خود صوفے پر اچھالنے لگی

یہ کسی جمپنگ گیم کیطرح نرم و ملائم تھا تھک کر ہنستے ہوئے وہ بیٹھ گئی
اسکی سانسیں پھول رہیں تھیں

معلوم نہیں آج کیا ہو رہا تھا کہ اسکا دل کیا وہ بولے وہ بات کرے کسی
سے۔۔۔

آج سے دس سال پہلے۔ پارکر نے اس معصوم بچی کا گلا گھونٹ دیا تھا اور وہ اسے اتنا مارتا تھا اتنا مارتا تھا کہ جب وہ امیلیا کو شکایت لگاتی تو وہ اسکی بات نہیں مانتی اور پارکر نے ہی اسے ڈرایا دھمکایا۔ اور اسکو ساری زندگی کے لیے خاموش رہنے کا کہا

اور جب وہ بولنے کی کوشش کرتی اپنی ماں وہ اپنی کوئی بات بتانا چاہتی تو پارکر کی آنکھیں اور پارکر کی ایک چھری جو اسنے باقاعدہ اسے مارنے کے لیے بنوائی تھی وہ دیکھتا تو آہستہ آہستہ کرکے اسنے بولنا چھوڑ دیا اور جب بولنا چھوڑ دیا تو امیلیا نے یہ بات نوٹس کی۔۔

اور اسنے اس سے خوب مارا کہ وہ بولتی نہیں کچھ۔۔

ایلے کے ذہن میں یہ بیٹھتا چلا گیا کہ اسے اب بولنا نہیں ہے۔۔

اسکی سائیکی میں یہ بات پارکر نے اچھے سے بیٹھادی اور پھر اس رات۔۔

جب جولین اور ایلے کو لے۔ کر وہ دونوں پہلی بار کہیں گے تو انکا

ایکسیڈنٹ ہو گیا اس ایکسیڈنٹ میں وہ تینوں سہی سلامت تھے لیکن ایلے کا سر پھٹ گیا تھا۔۔

جبکہ اسے کئی چوٹیں آئیں اور پارکر کے لیے بری خبر ثابت ہوئی کہ جس کو وہ بلاوجہ اتنی نفرت کرتا ہے اور جس کو مارنے کے لیے اسنے یہ ایکسڈنٹ کرایا وہ زندہ تھی۔۔

ہاسپیٹل کے بیڈ پر وہ اسکی گردن دبا کر اسے کہہ گیا تھا

ایلے تم آج سے کچھ نہیں بول سکتی کچھ بھی نہیں۔۔ورنہ میں تمھارا وہ حال کروں گا کہ تم خود کو پہچان نہیں پاؤ گی۔۔

ایلے اس رات بہت روئی اسنے بولنا چاہا کہ پارکر نے ایک ڈبہ اسکے سامنے کر دی۔

وہ اس سے پوچھنا چاہتی تھی کہ آخر وہ اسکو ایسا بھی کیا کہتی ہے جو پارکر اس سے اتنی نفرت کرتا ہے۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

شاید وہ پچھتاتا تھانیو یارک ایلے کے نام کر کے اور ان پیپرز میں صاف

درج تھا کہ بیس سال کے بعد۔ایلے یہ سائین کر سکتی ہے تاکہ یہ جگہ یہ

سیٹ یہ مافیا کی گدی یہ طاقت یہ نشہ کسی اور کو مل سکے۔

پار کر نے اسے مارنے کی کوششوں میں بہت کچھ کیا لیکن وہ نہیں مری۔

۔اور یہ بات وہ خود بھی نہیں جانتی تھی وہ کس چیز کی کوشش کر رہا ہے۔

۔

اور جب اسنے وہ ڈبہ کھولا تو اس میں سے سانپ پھن نکالتے باہر ایکدم

نکلے اور ایلے چلاتی چلاتی اپنی چیخ حلق میں ہی دبا گئ

گڈ۔۔۔ویری گڈ ایسے ہی تم نے کسی بھی اگر پر کوئی ری ایکشن نہیں دینا

اگر تم آگے زندگی میں کبھی کسی سے بولی تو یہ سانپ زندہ تمھارے حلق

میں پھنسا دوں گا پھر یہ تمھاری آوز چھین لیں گے اور وہ اتنا سہم گی کہ

اسنے اپنے آپکو۔گونگا تصور کر لیا۔

امیلیا نے اپنی جان میں اسکا بہت علاج کرایا تھا کہ وہ بولے کیونکہ اسے لگتا تھا کہ پارکر نقص زدہ لوگوں سے اور بھی زیادہ نفرت کرتا ہے۔ پھر اسنے بہت کوشش کی لیکن گونگے تو شاید علاج سے بول سکتے ہیں لیکن جو بول سکتا ہو اور ظلم نے اسکی آواز چھنی ہو تو اسکو دنیا کا کوئی علاج بلوا نہیں سکتا اور ایلے کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی تھا وہ کچھ دیر بعد آنسو صاف کر گئی۔

اور آج جب یہاں کوئی نہیں تھا تو کیا وہ اپنی آواز خود سن سکتی تھی۔۔۔۔

کیا وہ بول لیتی

آج جیکسن نے۔ جب یہ کہا تو وہ اور بھی سہم گئی۔

اگر یہ بات پارکر کو پتہ چلی تو وہ اسے سانپ کھلا دے گا۔۔

وہ جیکسن کے خوف سے زیادہ اپنے راز کھلنے پر حواس کھو گئی تھی لیکن اس وقت عجیب سی بے چینی تھی جو اسکو بولنے پر اکسا رہی تھی

"م۔۔۔۔۔۔

ہمت جواب دے گئی اور وہ دونوں ہاتھ کی مٹھیاں آنکھوں پر رکھ گئی۔۔

م۔۔۔۔۔۔میرا نام ایلیے ہے" روتے روتے ہی وہ ہنس دی۔۔

دس سال بعد اپنی آواز سنی تھی۔

اتنا کہہ کر اسنے ارد گرد دیکھا کہیں کوئی اسے دیکھ تو نہیں رہا اور دل

جیسے۔۔ہلکا سا ہو گیا۔

دل کیا کچھ گائے وہ بہت اچھا گنگناتی تھی جب سکول میں ہوتی تھی۔۔

اور آج عجیب سی قوت تھی جو اسے ہر بند توڑنے پر اکسا رہی تھی۔

violins playing۔۔۔

And the angels crying

When the stars align then

I will be ... There

No I don't care about them all

Cause all I want is to be loved

And all I care about is you.

You are stuck on me like a tattoo

No I don't care about the pain

I will walk through fire and through rain

Just to get closer to you

You are stuck on me like a tattoo ........

ایکدم اسکی زبان کو بریک لگا اور وہ دنگ نظروں سے سامنے کھڑے جیکسن کو دیکھنے لگی۔۔

جو آنکھیں سکیڑ کر اسے ہی دیکھ رہا تھا راز افشا ہو گیا تھا۔

وہ شاید بے ہوش ہو کر گیر جاتی۔

سٹاپ" سخت لہجے میں اسے چکرانے سے اور اس نوٹنکی سے روکا تھا جو

اب اسے لگ رہا تھا وہ جان بچانے کے لیے بے ہوش ہوتی ہے

ایلے کے ہونٹ سمٹنے لگے سر جھک گیا اور رونے کو وہ تیار تھی۔اسکے

حلق میں دوبارہ آواز پھنس گئی۔۔

وہ چلتا ہوا اسکے نزدیک آیا اور اسکے سامنے اکر کھڑا ہو گیا۔۔

وہ زرد ہو چکی تھی۔۔

ابھی جیکسن کچھ بولتا کہ ہینری کی پکار پر ایک قدم دور ہوا اور ایلے کو لگا

ہینری اسکی زندگی میں فرشتہ ہے۔

یہ کیا تم نے اسے باہر کھڑا کر رکھا ہے وہ منحوس مجھے ایسے دیکھ رہا ہے

جیسے میں اسکی خوراک۔۔۔۔۔

اور ہینری کے لفظ وہیں تھم گئے کیونکہ ایلے بھاگتی ہوئی آئی تھی اور اسکے سینے سے لگ گئی۔۔

جیکسن مڑ کر یہ منظر دیکھنے لگا پہلی بار ایک عجیب سی بے عزتی کا احساس ہوا تھا۔۔

اسکے ہوتے ہوئے کبھی کسی دوسرے شخص کو کسی نے اہمیت نہیں دی تھی اور وہ ان ہی چیزوں کا عادی تھا

ہینری اسکا دوست تھا اسکا ساتھی تھا تھا لیکن پھر بھی وہ کسی کی شراکت برداشت نہیں کرتا تھا۔

وہ جانتا تھا جیک اس سے محبت کرتا ہے جبکہ اسکے تین پوتے اور بھی ہیں

وہ جانتا تھا جیمز اس سے محبت کرتا ہے جبکہ اسکے دو بیٹے اور بھی تھے وہ جانتا تھا پر ل ہیزل صرف اس سے محبت کرتی ہیں جبکہ وہ عورت ذات

میں دلچسپی نہیں لیتا اور اگر اسے آج تک دنیا میں کوئی عورت پسند تھی تو وہ صرف پرل تھا۔

ہیزل جانتی تھی اسے اگر کسی کے ہاتھ کے کھانے پسند ہیں تو وہ ہیزل ہے اور یہ بات تو ہینری بھی جانتا تھا کہ اگر ہینری کا دنیا میں کوئی دوست یہ ساتھی تو وہ۔ جیکسن تھا۔۔

پھر یہ لڑکی کیسے اسکے سامنے کھڑے ہو کر اسکی ذات کی نفی کر کے اسکے سینے سے جا لگی۔

ہینری خود دنگ تھا لیکن پھر اسکی نظروں میں نرمی سی اتری۔

ہے آریواو کے اس جن نے کچھ کہا ہے تمھیں" وہ اسکا چہرہ تھام کر ہلکا سا مسکرا کر سوال کر رہا تھا۔۔

ایلے نے سر ہلا دیا۔۔

جیکسن کے اندر ایک آگ سی بھڑکنے لگی۔۔

جس کا پتہ اسے خود بھی نہیں لگا تھا۔

اس وقت اسکے الفاظ کھو چکے تھے وہ دانت پر دانت چڑھائے یہ دیکھ رہا تھا کہ کیسے اسکی سلطنت میں اسے اگنور دیا گیا

جب دادا نے کہا تھا وہ اسکی کوئین بنے گی تو کیا وہ بہری تھی اسنے سنا "نہیں

بے ساختہ اسے اس بات کا خیال آیا جس پر وہ جیک سے لڑ رہا تھا اور جاتا رہا تھا کہ وہ گونگی ہے۔۔

لیکن اس وقت سب دھرا کا دھرا رہ گیا جب وہ اسکے کچھ بولنے سے پہلے ہینزی کے سینے سے لگ گئی وہ دونوں کیا بات کر رہے تھے وہ نہیں جانتی تھی

لیکن جیکسن یہ جانتا تھا اسے نمبر ون پر رہنا ہے۔۔

بھلے وہ کسی کی زندگی ہو۔۔

اسکا نام پہلا ہی ہونا چاہیے۔۔وہ مڑ گیا اور اوپر چلا گیا۔۔

ہینری نے اسے جاتے ہوئے دیکھا

تمھیں یہ نہیں کرنا چاہیے تھا اسکے سامنے تم میرے گلے لگ گی"

ہینری بولا جبکہ ایلے اسکی جانب دیکھنے لگی

"وہ انسان تمھیں اب یہاں سے جانے نہیں دے گا

اسکی آنکھوں میں سوال تھا کیوں؟

جو ہینری سمجھ گیا کیونکہ وہ انڈر والڈ کی مافیا کا مالک بننے والا ہے۔

تم اسکا مطلب جانتی ہو۔۔

نہیں تم نہیں جانتی۔۔اور اسکی کوئین تم بنو گی تو مزید سٹرونگ ہو جائے گا۔

اب مجھے تمھاری فکر ہو رہی ہے وہ۔زیادہ دیر تک نارمل نہیں رہتا"۔

ہینری فکرمندی میں اسکے قدموں تلے سے زمین کھینچ گیا تھا

خیر چلو۔۔۔میرے روم میں اجاؤ تم نے کچھ کھایا ہے۔

اور یہ تم کپڑے کیوں نہیں بدلے" وہ اسے دیکھتے ہوئے بولا۔۔

ایلے ہینری کے پیچھے پیچھے تھی جیکسن حالانکہ اپنے روم میں تھا لیکن اسکے روم میں پورے منشن کے کیمروں کا سسٹم اٹیچ تھا اور وہ ہینری کے پیچھے پیچھے ایلے کو گھومتا ہوا اب بھی دیکھ رہا تھا اور اسکے ہاتھ میں پین تھا جسے اسنے توڑ دیا اور سکرین پر دے کر مارا۔۔۔۔۔

اور پھر موبائل اٹھالیا۔۔۔۔۔

--------------------------------

دادا پارٹی کب ہے۔"۔اسکے سوال پر۔جیک۔ مسکرادیا۔رات بھی فون پر اسنے یہ ہی پوچھا تھا اور صبح وہ خود سے۔یہاں پہنچ گیا تھا

ہو جائے گی ابھی انویٹیشن پھیلنے دو۔"۔

جیک نے سکون سے کہا

دادا۔میں مزید انتظار نہیں کرنا چاہتا" وہ۔ناگواری سے بولا

کیوں" جیک نے۔اسکی جانب دیکھا۔

اور اسکا جواب تو اسکے پاس تھا ہی نہیں۔

وہ خود عجیب کشمکش کا شکار تھا کہ وہ کیوں اتنا بے چینی سے بھر گیا تھا۔۔

ریلکس۔سن جو تمھارا ہے وہ تم سے کوئ نہیں لے سکتا"۔

وہ عرصے سے عشق۔نبھا رہا تھا اسکی۔آنکھوں کی بے چینی کو سمجھتے

ہوئے بولا۔

کیا مطلب" جیکسن نے فوراً خود کو ایک کھول میں ڈھانپ لیا اور۔جیک

ہلکا سا مسکرایا۔۔

واٹ ابوٹ دس گن۔" اسنے اسکا دھیان بٹانے کے لیے۔ اسکے آگے ایک گن کی جسے دیکھ کر جیکسن کی آنکھیں چمک سی گئیں۔

گریٹ" وہ ہاتھ میں گن کو تھامتے اسکے وزن کو محسوس کر رہا تھا جیک اسے دیکھ کر خوش ہونے لگا اور ابھی وہ دونوں گفتگو ہی کر رہے تھے کہ مارک۔ دروازہ بجا کر اندر داخل ہوا۔ جیک نے اسے اجازت دی اور وہ اندر جیکسن کو دیکھ کر منہ کڑوا کر گیا۔

دادا آپ سے کچھ لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ انکا سیچیشن ہے پار کر سے ہاتھ ملا لیا جائے۔ اگر پار کر سے ہاتھ ملا لیں گے تو۔ اس میں۔ ہمارے لیے نفع بھی ہے اور۔ ہم۔ سہولت سے۔ اسکی کرسی تک پہنچ جائیں گے"

مارک نے تفصیلی بتایا۔ جیکسن بھی سن رہا تھا جبکہ جیک ہلکا سا مسکرا دیا۔

تمھیں کیا لگتا ہے مجھے ایسا کرنا چاہیے"۔اسنے مارک سے ہی سوال کیا تھا

پہلے مارک نے ایک نظر گن کی چھان بین کرتے مصروف سے جیکسن

کو دیکھا۔۔

اور۔پھر فخر سے سر ہلا دیا کہ اسکے ہوتے ہوئے دادا نے اس سے مشورہ

لیا تھا۔

ہاں۔ہمیں ایسا کرنا چاہیے اول تو ہماری ٹریڈ پر۔اچھا اثر آئے گا دوسرا مافیا

میں ابھی ہمارا نام پار کر کے بعد آتا ہے کیونکہ نیو یارک ہمارا گڑھ ہے اور

بادشاہ جب اپنی سلطنت پر۔نہ ہو تو اسکے حکم کا سیکہ نہیں چلتا"۔مارک

نے کہا تو۔جیک سر ہلانے لگا۔

بات وہ ٹھیک کر رہا تھا۔۔

جیک نے جیکسن کیطرف دیکھا

تم بتاؤ جیکس۔ کیا۔ ہمیں یہ کرنا چاہیے" وہ بولا۔ جبکہ مارک بھی اسکی جانب دیکھنے لگا۔۔

نہیں" صاف انکار تھا۔اسنے گن۔ ٹیبل پر۔ رکھی۔۔اور صوفے پر۔ بیٹھ کر ٹانگ پر ٹانگ چڑھا گیا۔۔

ماردو یہ مر جاؤ۔ہاتھ کسے سے نہ ملاؤ۔۔ میرا اصول اتنا ہی ہے پار کرنے ہماری جگہ۔ چھین کر۔ ہمیں کمزور ثابت کیا ہے۔۔
میں وہی جگہ اسکے حلق سے چھین کر۔ثابت کرو گا۔کہ امریکہ کس کی ہے۔یہاں ایک ہی بادشاہ ہے مارک۔اور اسکے حکم کا سیکہ اسکے بازؤں کے زور پر چلے گا۔کسی شہر کے ہونے سے نہیں
اتنا عرصہ مافیا میں رہنے کے باوجود تم ان تھرڈ کلاس گینگسٹرز کیطرح ہی سوچتے ہو جو۔ عورتوں کو بیچ کر۔اپنا کاروبار چلاتے ہیں اور۔ تمھارے جیسے ذہن رکھنے والے۔لوگوں کو۔آسانی سے یا تو ماردیتے ہیں یہ پھر

انھیں اپنی ضرورت کے لیے استعمال کرتے رہتے ہیں لیکن کسی کے دل میں تمھارا خوف نہیں بیٹھے گا۔اتنا۔معملہ فہمی سے۔اگر ہاتھ ملاتے رہے تو۔"۔ تفصیلی جواب دیتے وہ اپنے ہی بھائی کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑے اسے دیکھ رہا تھا چہرہ بے تاثر تھا۔کوئی رد عمل نہیں تھا جبکہ۔دوسری طرف مارک کا چہرہ سرخ ہو گیا اسکی بات کی نفی۔کی تھی اسنے۔

تو تمھیں لگتا ہے میں کمزور ہو۔" وہ۔مٹھیاں بھینچ کر پوچھنے لگا کاہلوں کیطرح وار کرنے والا یہ سمجھے کے وہ ہوشیار ہے تو۔وہ بیوقوفی کی انتہا کر رہا ہے کیونکہ جس کے سینگ میں وہ سینگ لڑانے جا رہا ہے وہ۔۔ مار دے گا۔تو۔بہتر ہے احتیاط برتی جائے"۔سفاک تیوروں میں کہتے وہ مارک کے رنگ اڑا گیا جیک ان دونوں کو خاموشی سے دیکھ رہا تھا۔

تمھاری اس بکواس کا کیا مطلب ہے"۔مارک کا غصے سے برا حال ہو گیا

۔۔ تمھارے شہر میں۔ جس کے نام کا سکہ۔ چلے گا اسکے خلاف بولو گے
" تو۔ تمھارا پتہ جلد۔ صاف ہو جائے گا

دادا" مارک نے جیک کی جانب دیکھا جس نے جیکسن کو ہاتھ اٹھا کر روکا تھا اسکے بات چیت کے انداز سے لگ رہا تھا وہ کسی بات پر اپنا غصہ دبا رہا تھا۔

مارک وہاں سے اٹھ کر چلا گیا جبکہ جیک نے اسکی جانب دیکھا
تمھیں کیسے پتہ تم پر حملہ مارک کرا رہا ہے"۔ جیک۔ نے دو ٹوک بات۔ کی۔ جبکہ جیکسن۔ وہ گن دوبارہ اٹھا گیا۔

جیسے۔ بن مانگے آپکو میری خواہشوں کا پتہ چل جاتا ہے اسی طرح دشمن کو۔ سونگھنے کی حس میری بھی تیز ہے لیکن۔ میں۔ زیادہ دیر برداشت نہیں کروں گا۔۔ میرے منشن میں دوبارہ کوئی کودا۔۔ تو اسکی لاش پر۔ سوگ منانے والا بھی کوئی نہیں ملے گا"۔

ایزی ہو جاؤ۔ تم جانتے ہو وہ غصے میں کر رہا ہے یہ سب"۔

وہ کیا مجھے نہیں جانتا"۔ جیکسن نے سرخ نظروں سے اسے دیکھا جبکہ

جیک گھیرہ سانس بھر کر اٹھا۔۔

اور اسکے شانے پر ہاتھ رکھا۔۔

تمھاری اطلاع میں اضافہ کرتا چلو کہ نئے انسپیکٹر نے چارج سمبھال لیا

ہے اور اسے۔ سرے عام تمھیں پکڑ لینے کے آرڈرز ہیں بات سمبھال

تو میں نے لی ہے لیکن۔ تم ابھی کوئی خون خرابہ نہیں کرو گے"۔ جیک

اسکے ساتھ۔ چلتا ہوا باہر اگیا۔

یعنی میرا جانے کا وقت اگیا ہے" وہ سکون سے بولا تھا اور ہلکا سا مسکرا دیا

۔ جبکہ آنکھوں میں ایک عکس سا لہرایا۔

جیکسن آئی سیڈ تم ایسا کچھ نہیں کرو گے۔

میں خود پر قابو نہیں رکھ سکتا ہو سکتا ہے آپکا ایک پوتا ختم ہو جائے اور اسی کے کیس میں میں اندر چلا جاؤ۔"۔وہ ایسے بولا تھا جیسے کوئی غرض نہ ہو ان سب سے اسکی۔۔

تمھارے اندر کا حیوان ایک ہی۔ شخص۔ بیٹھا سکتا ہے" وہ خفگی سے بولا۔۔

وہ کون" وہ اسکے ایسے بولنے پر۔ مسکرا دیا۔

ایلے" جیک کے کہنے پر وہ پیشانی پر تیوری ڈال گیا۔ جیسے اسے یقین نہ آیا ہو کہ وہ اسکا نام بھی ہے سکتا تھا۔اسکا عکس۔آنکھوں میں لہرا گیا۔

وہ۔جو بول نہیں سکتی۔"وہ سر جھٹک گیا۔۔

پارٹی ہونے سے۔پہلے کوئی خون خرابہ نہیں جیکس" وہ اسے اپنے نام سے پکارتا تھا اپنا عکس جو دیکھائی دیتا تھا۔

اور جو۔میرا انتظار کر رہے ہیں" جیکسن نے سوال کیا تو جیک سر تھام گیا

معاف کر دو چھوڑ دو"۔

تا کہ کتے بھی مجھ پر بھونکے۔ کمال کرتے ہی۔ اولڈ مین۔"۔ وہ سر جھٹک کر بولتا باہر نکلنے لگا۔

آئی وارن یو۔ اگر تم جیل چلے گئے تو یہ سارے کتے مل کر اایلے پر بھونکے گے۔ اور اگراایلے پر۔ بھونکے گے تو اسے نوچ بھی سکتے ہیں اسکی حفاظت کے لیے کوئی نہیں ہے"۔ وہ اسکی بات سن چکا تھا۔

بے ساختہ اسکے۔ دل و دماغ میں جیک کی بات سے ایک عجیب ہی۔ بھونچال سا مچا۔ اور اسکے وجود میں۔ ایک طوفانی سی لہر سرائیت کرتی اسکی انکھوں کو سرد کر گئی

وہ جواس گن سے۔ اب اپنے طے خانے میں اتر کر وہاں آئے نئے مہمانوں کا سواغت کرتا۔ جیسے اپنے ضبط کو۔ خود ہی روک رہا تھا۔۔ جیک کی بات۔ ایسی تھی کہ۔ اسکے دماغ کی جڑوں میں اتر سی جاتی۔۔

وہ۔خاموشی سے۔گاڑی میں سوار ہو گیا۔۔

اور جیک مطمئین ہو گیا کم از کم وہ کچھ عرصے ہنگامے سے دور رہے گا۔

۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر لگی تھی اسے۔اپنے منشن میں پہنچنے کے لیے۔انویٹیشن بھی سارے۔پھیل چکے تھے

جیسے ہی وہ گھر پہنچا جیک اسے انفارم کر چکا تھا کہ وہ۔ساری۔میٹنگز کینسل کر چکا ہے جب پارٹی ارینج کی تھی تو یہ ثابت ہو ہی جاتا کہ ۔۔انکی طرف سے مافیا کی اگلی گدی کون سنبھالنے والا ہے۔۔

اسنے پارٹی کا دن اور تاریخ بھی اسے۔بتادی تھی۔۔

جیکسن۔بغور سب چیزیں دیکھتا اندر آیا۔تو۔اسکاٹا ئیگر کھانا کھانے میں مصروف تھا

ہے بڑی۔واٹس آپ" وہ ہمیشہ کیطرح اسے۔بلاتا بولا اور وہ دوڑ کر اسپر چڑھ گیا کچھ دیر اپنے پالتو جانور سے کھیل کر وہ۔کچھ مطمئین سا اندر آیا تو۔قدم۔لاونج میں ہی ٹک گئے۔

ہینری اور ایلے۔کچھ کھانے میں مصروف تھے ایلے مسکرا رہی تھی بنا ڈرے وہ۔ہنری کے ساتھ۔کھا رہی تھی اور۔انھوں نے۔موبائل پر۔کچھ لگا رکھا تھا جس پر۔ایلے ایکدم ہنستی چلی گی اور ہنستے ہنستے اسکی نگاہ جیکسن پر گی تو۔ساری ہنسی سمٹ گئ۔

ہے برو تم گھر کیسے آئے۔وہ۔ایتھنز کے آدمی تمھارا انتظار کر رہے تھے"۔ہنری نے ہی ان آدمیوں کو وہاں پہنچایا تھا۔۔

ایتھن جیکسن کی بات نہیں مان رہا تھا جس پر جیکسن نے اسکے بھائی۔اور بیٹے کو اٹھوا لیا تھا۔

بس اتنی ہی دیر تھی۔ایتھن کتے کیطرح اسکے۔منشن آنے کی اجازت چھارہا تھا جو اسنے مسترد کر دی وہ ان دونوں کا کام تمام کرتا۔کہ۔جیک کی بات پر۔رک گیا۔۔

میرا مارنے کا ارادہ نہیں ہے یہ پکڑو تم ان دونوں کو ختم کر دینا"۔اسنے گن اچھالی۔تو۔وہ گن ہنری نے کیچ کر لی

اور میرا جیل جانے کا ارادہ نہیں ویسے بھی یہ مار پیٹ میرے بس کی بات نہیں۔"وہ سکون سے بولا جبکہ ایلے کو گھورتے۔جیکسن۔ان دونوں کے نزدیک آگیا۔

دو دن بعد پارٹی۔ہے۔دادا نے بتا دیا تمھیں"وہ صوفے پر بیٹھا تو۔ایک ملازم جو۔معلوم نہیں کہاں سے نمودار ہوا تھا کیونکہ جب۔ہنری اور

ایلیے تھے تب تو وہ نہیں تھا اسکے لیے اسکا خاص مشروب لے ایا جسے وہ۔

سکون سے پینے لگا۔۔

اوہ ہاں۔میرے پاس میسج آیا تھا۔یعنی ایلیے اور میں بس دو دن تک۔

ایک دوسرے کے ساتھ رہیں گے" ہنری۔افسوس سے بولا جبکہ

جیکسن۔کو بلکل۔اچھا نہیں لگ رہا تھا یہ سب ایلیے۔نے۔پریشان کن

نظروں سے اسکی صورت دیکھی۔

گاڈ بلیس یو۔ایلیے" وہ بردبانہ انداز میں بولا۔

جاؤ۔کام پورا کرو پہلے" جیکسن نے اسے۔کام یاد دلایا کہ اسے ان

دونوں ادمیوں کو ختم کرنا ہے۔

" یار پلیز۔

آئ سیڈ گو" اسنے۔سکون سے کہا تو ہینری کو چار نچار اٹھنا پڑا اور اسکے

اٹھتے ہی۔ایلیے بھی اٹھ کھڑی ہوئ۔۔

ہنری وہاں سے لمبے لمبے ڈگ بھرتا جانے لگا جبکہ ایلے بھی اسکے پیچھے پیچھے نکلتی کہ ایک سرد آواز پر تھم گئی۔۔

واپس اکر اسی جگہ پر بیٹھو"۔ سختی سے اور سپاٹ تیوروں میں بات کی تھی جس۔ کا اثر یہ ہوا کہ وہ رونے لگ گئی۔۔

جیکسن کو غصہ چڑھا ابھی بیٹھی ہوئی اس کے ساتھ ہنس رہی تھی۔

سٹاپ دس۔ ڈرامہ "وہ جھڑک گیا ایلے سانس کھینچ گئی۔

" دو دن بعد۔ تمھاری شادی ہے۔ چاہو تو۔ اپنے لیے کچھ بھی خرید لو اسنے ڈالرز کا ایک بڑا سارا بنڈل۔ اسکی جانب اچھال دیا۔ گھونٹ گھونٹ بھرتے وہ گلاس کو۔ ایکطرف رکھ کر۔ اب ہلکی سرخی مائل آنکھوں سے۔ اسی کو تک رہا تھا۔

جو۔ چہرہ سرخ لیے لب دانتوں میں دبے بیٹھی تھی

اگر کوئی سوال ہے تو منہ کھول کر۔زبان ہلا کر کرو۔" اسنے سیگریٹ بھی سلگالی اسے یہ سب ایک ساتھ اچھا لگ رہا تھا اسے دیکھنا۔ پھر پینا اور سیگریٹ کے دھویں میں خود کو جلانا۔

ایلے کچھ نہیں بولی۔

یعنی تم نہیں بولو گی" اسنے گلاس ٹیبل پر۔پٹخا ایلے کا دم اسی گلاس میں کہیں اٹک گیا تھا۔۔۔

گڈ ویسے مجھے ضد کرنے والے لوگ نہیں پسند اور خاص کر لڑکیاں۔

"۔وہ اپنی جگہ سے اٹھا۔۔

می۔۔میں میں بول رہی ہوں" وہ اپنی آواز خود ہی نہ پہچان سکی تھی۔

جیکسن کے لبوں کی تراش میں ایک فتح مندانہ مسکراہٹ پھیلی۔۔

یعنی وہ صرف اسکے آگے بول رہی تھی۔

ہوا نہ پھر وہ نمبر ون۔۔

ہمم بولو" اسنے۔ کہا اور واپس بیٹھ کر۔ اسے دیکھنے لگا۔۔

ایلے کے پاس کوئی بات نہیں تھی۔ اسکی انکھیں بار بار بھیگ رہیں تھیں۔۔ جیکسن زرا۔ غضبناکی سے اسے دیکھنے لگا۔

تم جانتی ہو میری بات نہ ماننے والوں کا انجام کیا ہوتا ہے۔"۔ اسنے اپنے بازو میں لگا۔ خنجر نکال کر اسکے آگے رکھ دیا۔۔

اگر تمھاری زبان واقعی کاٹ دی جائے تو تم۔ بول نہیں پاؤ گی اور جب تمھارے پاس زبان ہو گی نہیں تو تمھیں کوئی۔ بولنے پر اکسائے گا

"نہیں

میں میں کیا بولو" ڈر کی شدت سے زبان طوطے کیطرح چلنے لگی۔

ہمم" جیکسن سر ہلانے لگا

میرا نام لو" اسنے۔ نشے سے چور ہوتی نگاہوں سے اسکی سمت دیکھا

ایلے کو۔ محسوس ہونے لگا تھا وہ نشے میں جانے لگا ہے لیکن وہ بھول گئ تھی وہ جیکسن تھا۔۔

وہ اٹھنے لگی اٹھ کر بھاگ جانا چاہتی تھی وہ۔ وہاں سے۔

جیکسن نے خنجر اٹھا کر ایک ہاتھ سے گھمایا تو وہ ایلے کے عین پیٹ کے ساتھ۔ صوفے کے اندر گھپ گیا

ایلے کی چیخ سی نکلی۔۔

میں نے کہا میرا نام"۔

"ج۔۔۔ج۔۔۔۔جیکس۔۔۔ن

جیکسن" وہ تصیح کرنے لگا

" جیکسن۔

پھر لو" بڑا سارا گھونٹ اتار کر اسنے گلاس ٹیبل پر رکھ دیا

جیکسن" ایلے رونے لگی۔۔

"پھر لو

ج۔۔ جیکسن جیکسن جیکسن "زرا غصہ سا محسوس ہوا تھا۔اس کے لہجے میں۔

وہ مسکرا دیا۔۔

اچھا ہے۔"بس اتنا ہی بولا۔۔

تمھیں اپنے لیے ویڈینگ ڈریس خرید لینا چاہیے۔ تمھارے سر پر دنیا کا سب سے قیمتی تاج سجے گا۔۔

تو۔اس تاج کی حثیت کا لباس بھی ہونا۔چاہیے۔"۔

اسنے۔پر سوچ نظروں سے اسے دیکھا

م م مجھے آپ سے۔۔آپ سے شادی نہیں کرنی "اسکی آواز کی اجنبیت خود کے لیے ختم ہو گئی ایسا لگا وہ تو بولتی ہے یہ تو عام بات ہے۔

وہ ہمت کر کے کہہ گئی

تواس چوہے،ہینری سے کرنی ہے یہ آرتھر سے۔۔۔۔

شادی تو تم سے مارک بھی کرنا چاہتا ہے" اسنے سب کے نام گنوائے۔

ایلے حق ودق اسے دیکھتی رہی۔۔

لیکن دادا نے کہا تم میری ہو۔تواس دھرتی پر کوئی تمھیں چھیننے والا نہیں مجھ سے مائنڈ ایٹ" انگلی کے اشارے سے اسے باور کراتے وہ اٹھ گیا۔اور۔اسکے پاس سے۔جانے۔لگا جبکہ۔ایلے۔پیچھے چلنے لگی۔

اسکا رونا بھی پیارا تھا۔

پہلی بار وہ نشے میں بہکتا ہوا محسوس کر رہا تھا خود کو۔معلوم نہیں کیوں بس اچھا لگ رہا تھا۔

وہ ہلکا سا مسکرا کر اوپر اپنے روم میں جانے لگا

جبکہ ایلے۔کے لیے یہ سب۔بہت زیادہ تھا ہینری سے شادی ہوتی تو معیوب نہ لگتا لیکن اب۔اسکی استطاعت سے باہر تھی یہ بات جیکسن

سے وہ تو آرتھر اور پار کر جیسا تھا یہ پھر اس سے بھی زیادہ برا۔اور

خطرناک

-----------------------

----

پرل اور ہیزل اسکے پاس آئے تھے۔جیکسن باہر گیا ہوا تھا۔۔

تمھارے لیے ڈریس خریدنے چلتے ہیں" پرل نے اسکا چہرہ۔نرمی سے

سہلایا۔۔

ایلے خاموش بیٹھی تھی۔۔

ام م م یا اگر تم باہر نہیں جانا چاہتی تو۔یہاں پر بھی سب چیز آسکتی ہے"۔

ایلے پھر بھی کچھ نہیں بولی

آئی تھینک ہمیں یہیں پر منگا لینی چاہیے شاید وہ باہر نہیں جانا چاہتی "

ہیزل کے کہنے پر پرل نے سر ہلا یا اور۔بس جیک کو کہنے کی دیر تھی

بڑی سے بڑی بوتیک کا شاندار لباس۔اسکے سامنے۔آدمی لیے۔

کھڑے تھے۔

ایلے چندہ پسند کرو۔جو تمھیں اچھا لگے "وہ۔مسکرا کر پوچھ رہی تھی۔

جبکہ ایلے کچھ نہیں بولی وہ اسکی شادی اسکی پسند اور مرضی کے بنا کر

رہے تھے وہ یہاں سے بھاگنا چاہتی تھی۔۔

اچانک عجیب سی آواز پر۔اسنے سر اٹھایا

پرل اگر۔کوئی چیز پسند نہیں کی گئی تو۔۔یہ۔مرے گا۔کیونکہ اسکی چیز

میں وہ بات نہیں جو کسی کو پسند آئے "وہی۔سپاٹ انداز وہی لہجہ ایلے۔

کی روح سی کانپتی وہ اس لڑکے کی گردن جکڑے کھڑا تھا۔وہ کانپتی ہوئی

تیزی سے اٹھی۔اور ایک ڈریس پر ہاتھ رکھ دیا

Zubi Novels Zone

وہ وائیٹ ڈریس تھا۔اور۔خوبصورت تھا کافی۔

ریجیکٹ۔۔

آئی تھینک یہ ٹھیک ہے" وہ۔شانے آچکا کر۔دوسرا ڈریس دیکھنے لگا جس کی نہ سلیوز تھیں اور بیک بھی ساری۔خالی ہونے کے ساتھ ساتھ پیٹ پر سے۔بی سب دیکھائی دیتا اگر وہ یہ پہن لیتی۔

پرل اور ہیزل جہاں حیران تھے وہیں خوشی سے اسکی جانب دیکھ رہے تھے جو۔حیرت انگیز طور پر۔کسی لڑکی میں دلچسپی لیتا دیکھائی دے رہا تھا۔۔۔۔۔

اسنے اس آدمی کو جھٹکا تو وہ نیچے گر گیا۔ایلے نے دکھ سے اس آدمی کیطرف دیکھا۔پھر اسکی جانب جو۔بہت بے درد تھا۔۔

جیکسن بھی اسی کیطرف دیکھ رہا تھا۔

اسنے وہ ڈریس۔نکال کر علیحدہ کر دیا۔۔

پرل اور ہیزل نے مسکرا کر وہ ڈریس دیکھا۔۔

اور کچھ پسند آئے تو۔لے لو"۔ہیزل بولی۔تو۔ جیکسن نے دیکھا وہ سر جھکائے اب بھی بیٹھی تھی وہ ہیزل کے پاس بیٹھ گیا۔۔

اور وہ تینوں اسی کیطرف دیکھ رہے تھے ایلے سے سانس لینا بھی مشکل ہوا۔تو۔وہ رو دی۔۔

یہ۔لڑکیاں۔بلاوجہ کیوں روتی ہیں"۔ جیکسن کی سمجھ میں نہیں آئی تھی یہ بات۔۔

جب تم اس طرح گھور کے اسے۔دیکھو گے یہ ہی ہو گا۔"پرل نے اسکو۔ڈپٹا۔

میں کہاں گھور رہا ہوں۔۔"وہ شانے اچکاتا۔اٹھا اور۔باہر چلا گیا۔جبکہ۔ہیزل نے ایلے کے۔گال صاف کیے جواب سرخی مائل ہو گئے تھے

" تم گھبراؤ مت۔

گھبرانے والی تو۔ بات تھی۔۔وہ۔کیسے یہ سب کرے۔وہ اس سے شادی نہیں کرنا چاہتی اسے ہنری کے ساتھ رہنا تھا۔لیکن وہ۔کسی کے سامنے بولتی تھی اور نہ کبھی بول۔پائی تھی۔۔

جیکسن باہر آگیا اپنے ٹائیگر کو پیار کرنے لگا۔ہیزل اور پرل دونوں اس سے۔ڈر جاتیں تھیں تبھی وہ۔۔ٹائیگر کو انکے ہوتے ہوئے۔ایک طرف باندھ دیتا تھا۔۔

اسکی آنکھیں چمک سی رہیں تھیں بلکل اسکے ٹائیگر کیطرح۔

معلوم نہیں اس شخص کے دماغ میں کیا کیا چل رہا تھا۔

---

" جیکسن ہینری پر گولیاں چلیں ہیں

جورڈن کی کال پہلی بار اسکے نمبر پر آئی تھی وہ۔ کمرے میں تھا اور یہ خبر سنتے ہیں اسکا میٹر گھوما۔ اور وہ بے ساختہ سیڑھیاں دھڑا دھڑ اترتا۔ ہوا۔ نیچے آیا۔ اور۔ تقریباً بھاگتا ہوا وہ وہاں سے نکلا تو پرل اور ہیزل۔ پریشانی سے اٹھ گئی۔۔

جبکہ ایلے تو اسکی ایک ایک حرکت پر ہی کانپ سی اٹھتی تھی۔

وہ۔ البتہ کچھ بھی۔ دیکھے بنا وہاں سے نکلا۔ اور

وہ۔ اپنے ہی۔ طے خانے پر پہنچا تو وہاں۔ کے حالت دیکھ کر جیکسن کی آنکھوں میں۔ لہو سا اترا۔۔۔۔۔۔

وہ ہنری کو لے گئے تھے۔

جیکسن پیچھے پلٹا اور۔ اسکے گارڈ اسکے ساتھ ساتھ پلٹے تھے۔

ابھی وہ۔ گاڑی میں سوار ہوتا کہ۔ اسکا موبائل بجنے لگا۔۔

وہ ایتھن تھا۔ ہنس رہا تھا۔

تمھیں کیا لگا تم بس آؤ گے اور مار کر چلے جاؤ گے۔ کیا۔ تمھیں یہ نہیں پتہ جہاں تم چونکے وہاں تمھاری کمزوریاں۔ کسی دوسرے کے ہاتھوں۔

اگر ہینری مر گیا۔ تو میں بس۔ تمھیں ماروں گا لیکن اگر وہ بچ گیا۔۔ تو۔ تم اپنی نسلوں۔ کی بھی پرواہ کرنا" اسنے۔ موبائل پھینکا اور۔۔ وہ۔ وہاں سے۔ اپنی گاڑی میں سوار۔ ہو گیا۔۔

---

جیک جیمز تک بھی یہ خبر پہنچ چکی تھی جبکہ مارک مسکرا دیا۔

ایتھن کوئی ہلکا انسان نہیں تھا اور جیکسن سمجھتا کیا تھا خود کو کیا اسے ایسا لگتا تھا کہ دنیا جہان کی طاقت اسکے بازؤں میں ہے اور بس وہ جس کو چاہے گا ختم کر دے گا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

جبکہ دوسری طرف ایتھن کے گھر کے مین دروازوں میں اسنے اپنی مہنگی کار دے کر ماری جبکہ ایک ہاتھ سے گن نکال کر وہ بنا رحم کھائے وہاں کھڑے بندوں کے ماتھے کا نشانہ بناتا انھیں ختم کر رہا تھا ایک گولی گھوم کر جاتی اور اسپر گن اٹھانے والے کی کھوپڑی میں سوراخ کر دیتی۔

اسکے پیچھے اسکے گارڈز اسکے ٹیم کے بندے بھی تھے۔

گولیوں کی گرج ایسی گرجی کہ ایتھن کے گھر میں سناٹا چھا گیا۔۔

ہر دوسرے شخص کو اسنے مار دیا تھا وہ گاڑی سے نکلا اور سکون سے اندر داخل ہوا تو۔۔

اندر موجود عورتوں کو دیکھ کر اسنے ناگواری سے پہلو بدلا۔

عورتوں کے چلانے کی پرواہ کیے بنا اسنے گارڈز کو ایتھن کے گھر کا چپا چپا چھان مارنے کا کہہ دیا تھا۔۔

اسکے موبائل پر جیک کے جیمز کی کالز ارہیں تھیں وہ اسے اصول سمجھاتے اور اسکے پاس سمجھنے کے لیے دماغ ہی نہیں تھا۔

جو اسکی سمجھ میں آتا تھا وہ اتنا ہی کرتا تھا وہ جانتا تھا جیک نے اسے کسی بھی ہنگامے سے رکنے کے لیے کہا تھا لیکن وہ تو رک گیا تھا پھر اسکے ہوتے ہوئے کسی نے ہینری پر نگاہ اٹھائی۔۔

یہ بات ناقابل برداشت تھی۔۔

اسکی نگاہ ان عورتوں پر گئی ہو حقہ بقہ کھڑیں تھیں ایک دوسرے میں سمٹے۔۔

شاید اس سے خوف زدہ اور ابھی ایک لڑکی ان میں سے اپنی اوور سمارٹنس شو کرکے۔۔موبائل نکال کر پولیس کو کال کرتی اسنے اسکے ہاتھ میں تین فائر کھول دیے۔۔

وہ لڑکی چلاا ٹھی جبکہ باقی سب اور بھی سہم گئیں۔

سر ایتھن کہیں نہیں ہے" اسکے گارڈ نے بتایا تو اسنے سر ہلا یا۔۔

ٹھیک ہے بیٹھ جاؤ" وہ سب کو صوفوں پر بیٹھنے کا کہہ کر خود بھی وہیں بیٹھ گیا۔

وہ عورتیں خوف سے کانپتی اسے دیکھتی حیران کھڑیں تھیں۔

ایتھن کو کال کرو" اسنے سنجیدگی سے ان عورتوں کی جانب دیکھا جو اس لڑکی کیطرف بڑھنا چاہ رہیں تھیں۔

جو کہ زمین پر پڑی تڑپ رہی تھی اور اسکے ہاتھ سے خون ابل رہا تھا۔۔

ان میں سے ایک نے کانپتے ہوئے ایتھن کو کال ملائی اور دوسری طرف سے کال اٹینڈ ہو گئی

وہ شاید ایتھن کی بیٹی تھی اور اسے کسی سے غرض نہیں تھی

وہ ٹانگ پر ٹانگ رکھے بیٹھا تھا آدھا چہرہ چھپا ہوا تھا جبکہ۔۔

مکمل سیاہ لباس میں اسکی شناخت آج تک مکمل کبھی کسی کو نہیں ہو سکی تھی

اسکے ہاتھ پر بنا تیندوا گویا غرا رہا تھا اور۔۔وہ سکون سے اس لڑکی کو دیکھنے لگا۔۔

ڈیڈ" وہ رو پڑی۔

ایتھن کی تڑپ بھری آواز ابھری۔

وٹ ہیپنڈ "ایتھن بولا تو اسکے گارڈ نے اس لڑکی سے موبائل چھین کر جیکسن کے آگے کر دیا۔۔

تو جاننا یہ تھا کہ ہینری مر گیا" وہ پوچھنے لگا

جیکسن "ایتھن موبائل پر سے ہی دھاڑا۔۔

ہاں تو اسے ایک خراش بھی لگی تو یہاں کھڑی ان دس عورتوں کی لاشیں لاس ویگاس کے بل بورڈ پر سکیں گی کیا خیال ہے ایتھن "۔

جیکسن میں ہینری کو کچھ نہیں کر رہا تم میرے گھر والوں کو چھوڑ دو"۔

چہ "اسنے سر جھٹکا۔

عورت مرد کی کمزوری ہے کتنا افسوس ہوتا ہے مجھے اس بات پر تم مجھ سے ٹکرائے نہیں۔۔ تمھیں ٹکرانا چاہیے تھا ایتھن۔"۔

وہ جیسے بدمزہ سا ہوتا بولا۔

میں سچ کہہ رہا ہوں تم میرے گھر والوں کو چھوڑ دو میں ہینری کو چھوڑ دوں گا ورنہ "

اچھا"۔وہ اسکی دھمکی پر آنکھیں گھما گیا

ورنہ"۔اسنے آگے جاننے چاہا

اس ہینری کو جان سے مار دوں گا" ایتھن چیخا

مار دو۔" وہ سکون سے بولا۔۔

ایتھن کی زبان رک گئ۔

میں نے تمھیں کہا تھا جبکہ تک ہینری زندہ رہے گا۔۔ تم میرے طوفان کی ضد میں رہو گے یار تم اسے مارتے کیوں نہیں۔۔۔ وہ بولا ایتھن ہار گیا۔۔

" میں اسے کچھ نہیں کروں گا پلیز میرے گھر سے نکلو۔

اوہ تمھارا چھوٹا بیٹا بھی ہے تمھیں پتہ ہے میرا اتیندوا چھوٹا گوشت

ل بڑے مزے سے کھاتا ہے۔۔

اس کو اسکی خوراک بنادوں "نہایت معصومیت سے ایک چار سال کے بچے کو دیکھ کر وہ بولا جو شاید سو کر۔ نیچے آیا۔اور ڈر کر اپنی ماں کے آغوش میں چھپ گیا

ایتھن مرنے کو تھا اور جیکسن کے انداز میں بے حد سفاکیت تھی۔۔

" میں کہہ رہا ہوں ہینری کو کچھ نہیں ہوگا

پھر تمھیں ہوگا" وہ زچ کر رہا تھا۔۔

جبکہ دوسری طرف ہینری دانت پیس رہا تھا کہ وہ کیا کھیل کھیل رہا ہے اگر جزباتی ہو کر ایتھن نے اسکے بھیجے میں گولیاں اتار دیں تو۔۔

اچھا خیر میں انتظار کر رہا ہوں تمھارا آجاؤ" وہ سکون سے کہتا موبائل پھینک کر آرام سے بیٹھ گیا۔۔

جبکہ اسنے موبائل نکال کر دیکھا تو اسکے پاس ویڈنگ ڈریس کی پکس آئیں ہوئیں تھیں اسنے گھیرہ سانس بھرتے وہ ڈریس اچھے سے دیکھا اور نازک اندام سی لڑکی وہ اس سراپے میں آنکھوں میں لہرا گئی اُسکی ڈری ڈری سہمی ہوئی آنکھیں اسکے کانپتے سرخ لب اسکے بڑی بڑی آنکھوں کا خوف اسکے سنہری بال۔۔اور اسکا حسین سراپا

اور ایکدم چونکا۔۔۔۔۔یہ وہ کیا سوچ رہا تھا۔

کیا کبھی اسنے لڑکی نہیں دیکھی تھی جو اتنا گھیرہ تجزیہ بے ساختہ اسنے اسلیے پر کر لیا۔۔

وہ موبائل بند کر کے دوبارہ اپنی سیگریٹ سلگا گیا۔

ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

ایتھن سر کے بل دوڑتا ہوا آیا تھا۔۔

ہینری اسکے ساتھ تھا صیحی سلامت۔۔وہ سکون سے چلتا ہوا آرہا تھا اور جیکسن کا دل کیا اس کے سینے میں ہی گولیاں اتار دے۔۔

اگر اسکے نوے پرسنٹ دشمن اپنی سفاکیت کی وجہ سے تھے تو دس پرسنٹ اس منحوس انسان کو بچاتے بچاتے بنا لیے تھے۔۔

وہ غصے سے ہینری کو دیکھنے لگا۔۔جبکہ وہ مسکرا دیا۔

تھنکس برو۔"۔وہ بولا۔۔

جیکسن اٹھا اور بنا ایتھن کو کچھ کیے وہاں سے نکلنے لگا ایتھن سرخ چہرے سے اپنے بکھرے ہوئے لاونج کو اور پھر اپنی سہمی ہوئی گھر کی عورتوں کو اور پھر۔۔

زمین پر سسکتی اپنی بڑی بیٹی کو دیکھنے لگا جس کے ہاتھ پر فائیر ہوئے تھے۔۔

اسکا بھائی اور بیٹا بھی کھڑا اتھا اور ایکدم وہ جزباتی ہوتا پلٹا اور ایتھن کی بندوق سے گولی نکلی جو کہ سیدھا جیکسن کی کمر کے بیچ میں کھب گئی اُسکے وجود کو ایک جھٹکا لگا

جیکسن "ہینری چلایا۔۔

لیکن دوسرے لمحے جیکسن نے گھوم کر ہاتھ اٹھایا اور سیدھا ایتھن کے چھوٹے بیٹے کے سر میں دو گولیاں ماردیں۔

ایک بار پھر سے وہاں کھیل شروع ہو چکا تھا۔

Zubi Novels Zone

ہینری نے انکے ہاتھوں پر فائیر کیا اور۔۔وہ دونوں وہاں سے بھاگتی انکے گارڈز ایتھنز کے گارڈز پر حملہ آور تھے جبکہ ایتھن اپنے چھوٹے بیٹے کی لاش دیکھ کر ایسے تڑپا جیسے۔۔

اب بس کچھ باقی نہ رہا ہو

جیکسن" وہ دھاڑتا ہوا بھاگا اسکی آنکھوں میں آنسو تھے جبکہ اسکا بیٹا اور بھائی بھی دوسری طرف جیکسن اپنی گاڑی میں سوار ہو چکا تھا اسکے ساتھ ہینری بھی تھا۔۔

اور اسنے گاڑی ایتھن کے محل سے باہر نکالی۔۔

میں اسے زندہ نہیں چھوڑوں گا" ایتھن چلایا اور وہ سب جیکسن کے پیچھے۔۔چل دیے۔۔

وہ گاڑی سیدھا مشن کیطرف لے جا رہا تھا

تم ٹھیک ہو۔" ہینری فکر مندی سے بولا جیکسن نے اسکا ہاتھ جھٹک دیا اور گاڑی کی سپیڈ بڑھالی۔۔

ہینری لب دبا گیا اسکی گاڑی کے شیشے میں ایتھن کے بیٹے نے فائر کیا تھا

ہینری نے کھڑکی سے باہر نکل کر انپر فائیر کی

ایتھن کی گاڑیاں اسکے پیچھے تھیں۔

اور جیکسن نے منشن کے باہر گاڑی روک لی۔

اسکے گارڈ ہی گارڈ تھے جو سیلاب کیطرح۔نکلے تھے ایتھن کے بھی تو کم نہ تھے۔۔

جیکسن تم"۔

اسنے ہینری وک سپاٹ نظروں سے دیکھا۔اور ایک نظر منشن سے باہر نکلتے جیک کو وہ ہلکا سا مسکرایا تھا اب اسکی۔آنکھوں کے آگے ہلکا سا اندھیرہ چھانے لگا تھا۔۔

جیک جیمز ہیزل پرل اور پھر وہ بھی نظر اگئی جو شاید اندر ڈر گئی تھی وہ ہیزل سے چپکی کھڑی تھی جبکہ جورڈن اور مارک بھی دیکھائی دیے تھے وہ گاڑی روک گیا وہ لوگ آگے بڑھتے کے ایتھن اور اسکے بیٹے اور بھائی جیکسن کی گاڑی کے آگے اگئے۔

اسنے نہایت سرد نظروں سے انھیں دیکھا تھا۔

اور اسکے بعد فضا میں اسکی گاڑی کی آواز کے ساتھ ہی دھواں بھی پھیل گیا۔

اسکی گاڑی بھی لگ رہا تھا غرا رہی ہے ایتھن اس سے پہلے فائیر کرتا کے اسنے گاڑی سٹارٹ کرلی۔۔

جیکسن "ہینری نے اسکا ہاتھ پکڑا لیکن جیکسن کے کانوں میں کچھ سنائی نہیں دیا تھا گاڑی کو پوری ریس دیتا وہ ایتھن اور اسکے بیٹے اور بھائی کیطرف بڑھ رہا تھا کہ اسکا بیٹا اور بھائی سائیڈ پر نکل گئے اور ایتھن

بھاگنے لگا یہاں تک کے گاڑی کی پشت اسکی پشت سے ٹکرائی اور وہ

سیدھا اسکے بونٹ پر لگتا روڈ پر گیرا تھا۔۔

جیکسن تم ایسا مت کرنا"۔

ہینری محسوس کر سکتا تھا وہ کیا کرنے والا ہے۔

جیکسن نے گاڑی کا دروازہ کھول کر روڈ پر پڑے ایتھن کو دیکھا جس کے

سر سے خون نکل رہا تھا۔۔

وہ ہلکا سا مسکرایا وہ دیکھ سکتا تھا اسکا بیٹا اور بھائی بھاگتے ہوئے ارہے تھے

اور اسنے گاڑی کو ایک لمحے میں گھمایا کچھ اسطرح کہ اب گاڑی ایتھن کے

سر کے قریب تھی اسکی آنکھوں میں جنون تھا سفاکیت تھی۔۔

اسنے وہاں کھڑے ہزاروں لوگوں کی جانب دیکھا

دادا نے روکا تھا وہ کچھ نہ کرے کم از کم پارٹی ہونے تک۔۔

نہیں جیکسن"ہینری نے ٹوکا۔۔

جبکہ اسنے گاڑی کو ریس دی اور ایتھن کے سر پر گاڑی کا ٹائر چڑھا دیا

ایکدم اسکے سر کی ہڈی ٹوٹ گئ تھی کیونکہ جو حال وہ اسکا کر چکا تھا نہ وہ

بیان کے قابل تھا نہ وہ دیکھنے کے قابل تھا وہ دنوں۔۔

پاگلوں کیطرح چلا اٹھے اور جیکسن نے گاڑی آگے بڑھا لی۔۔

اور وہ جیسے ہی مشن کے پاس پہنچا۔۔

ہیزل اور پرل ایلے کو اٹھانے کی کوشش کر رہے تھے جیک کی انھوں

میں شکواہ تھا

جیمز غصے سے دیکھ رہا تھا۔۔

جورڈن اور مارک بھی اسکی جانب دیکھ رہے تھے اسنے کچھ نہیں کہا اور وہ

باہر نکلا تو خون سے اسکے جوتے میں بھر گیا تھا۔۔اسکے قدم جہاں پڑ

رہے تھے وہ خون سے جگہ بھر جاتی۔

اور وہ اندر چلا گیا اسکے گارڈز جانتے تھے اب اسکے ایریے کو صاف کر دینا چاہیے جیمز غصے سے اندر بڑھا جبکہ جیکسن اندر جاتے ہی سیگریٹ سلگا گیا۔۔

گولی اسکی کمر میں لگی تھی اور وہ گیر جاتا سب کے سامنے تو شاید خود کو بھی معاف نہ کر پاتا۔۔

یہ کیا ڈرامہ لگایا ہوا ہے تم نے "جیمز چیخا۔۔

جبکہ جیک نے اسکے بازو پکڑ کر پیچھے دیکھا خون نکل رہا تھا۔۔۔

ڈاکٹر کو کال کرو۔"جیک دھاڑا۔

---

وہ عرصے بعد شاید سویا تھا۔۔اور جب اسکی آنکھ کھلی تو کمرہ خالی تھا اور وہ اٹھ بیٹھا۔۔

اسکی کمر میں درد سا اٹھا جس پر وہ منہ سا بنا گیا اور وہ ایک لمحے میں اٹھ کھڑا ہوا اسنے اپنے ہاتھ سے ڈریپ نکالی اور وہ کمرے کا دروازہ کھول کر نیچے آ گیا۔

اس وقت کوئی نہیں تھا یہاں کسی کو ہونا بھی نہیں چاہیے تھا اچانک بے ہوش ہو جانے والی لڑکی کا خیال آیا تو وہ اس کمرے کی سمت چلنے لگا۔

اس وقت وہ شرٹ لیس تھا اور اسکی کمر سے پٹی۔۔آگے تک بندھی ہوئی تھی وہ۔اسکے کمرے کے باہر آ گیا۔

اور دروازہ کھولا تو وہ وہاں نہیں تھی اسکی پیشانی پر بل پڑے اور اسنے کسی شکاری کی طرح چاروں جانب دیکھا۔۔

اور پھر اسکے کمرے کی کانچ کی کھڑکی کھلی ہوئی دیکھائی دی تو وہ لون میں آ گیا۔۔

اور سامنے ہی ایک عجب مزاحیہ سا منظر تھا۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

ٹائیگراسپر غرارہا تھا۔ جبکہ وہ دیوار پر لٹکی ہوئی تھی اور یقیناً گر رہی تھی

ہے بڑی میں الاؤ نہیں کرتا تمھیں کہ تم یہ کام کرو" ٹائیگر کے سر پر

ہاتھ پھیرتے اسنے کہا۔۔

جبکہ اسکی غرانے پر کسی کی روح کھینچ جاتی تھی اور وہ مسکرا کر اسکے

نزدیک بیٹھ گیا۔

اور ایلے دیوار پر ہی لٹکی ہوئی تھی ابھی تک۔۔

گیٹ بیک گرل" وہ بولا تو ایلے روتے ہوئے اپنے ہاتھ چھوڑ گئی اور

ایکدم وہ گراس پر اکر گیری تو سامنے ان دونوں کو دیکھ کر جلدی سے

کھڑی ہو گئی۔۔

تم بھاگ رہی تھی" اسنے نظریں اٹھائیں۔

ایلے جلدی سے سر نفی میں ہلا گئی۔

منہ سے بات کرو" وہ سختی سے بولا۔

ن۔۔ نہیں" آہستگی سے بولی۔۔

پھر یہاں کون سا کھیل کھیلنے آئی تھی" اسنے سکون سے پوچھا۔۔

ایلے نے حلق میں سانس اتارا اور رونے لگی

آئی ہیٹ یور ٹئیرز" وہ زرا بے زاریت سے بولا۔

ایلے نے اسے اندر جاتے دیکھا تو خود بھی ٹوٹے ہوئے قدموں سے سر

جھکائے اسکے پیچھے چلنے لگی۔۔

وہ نہیں رہنا چاہتی تھی اسکے ساتھ نہ شادی کرنا چاہتی تھی

اسنے نہیں کرنی تھی شادی وہ ڈر گئی تھی اس سے بری طرح وہ اچھا انسان

نہیں تھا ایتھن کے ساتھ جو بھی اسنے کیا تھا

وہ مر ہی گئی تھی یہ سب دیکھ کر اور ابھی وہ اپنے کمرے میں جاتی کہ اسکی

بات پر غش کھا گئی۔۔

تم میرے ساتھ رہو گی میرے کمرے میں "اسنے سکون سے دیوار سے ٹیک لگا تھا اسے گھبرائی سے دیکھتے کہا۔۔

نہیں" وہ اب بنا اسکے کہے رو دی تھی منہ پر ہاتھ رکھے۔۔

میں بات نہیں دہراتا۔۔ تم نے کچھ کھایا ہے" وہ کچن کیطرف بڑھا۔۔

میں میں آپکے ساتھ نہیں رہو گی"۔

وہ بولی۔

سن لیا ہے۔"اسکا سکون قابل دید تھا۔

پھر پھر مجھے جانے دیں" وہ پھر سے بولی۔

یہی لفظ ایک بار بولو" وہ کچن میں داخل ہو گیا۔۔

ایلے بیوقوفوں کیطرح اسکے پیچھے پیچھے کچن میں بھی آگیا اسنے فریزر سے فروٹس نکالا اور اسے ٹیبل پر رکھ دیا۔۔ چھری اٹھائی اور ایلے کو دیکھا

ایلے وہیں تھم گئی۔

وہ سکون سے فروٹس کاٹنے لگا

" ایلے تھوک نگل گئ۔۔۔میں میں سچ میں نہیں۔

سن لیا کہا ہے نہ بار بار نہ بتاؤ مجھے "وہ سکون سے فروٹس کاٹ کر باؤل میں ڈال کر۔۔مکس کرنے لگا۔۔

ایلے کا دل پتے کیطرح دھڑکنے لگا۔

بیٹھو "اسنے حکم دیا

نہیں "وہ ہمت باندھتی بولی۔۔

جیکسن اسکے پاس آیا اور اسے پکڑ کر چیئر پر بیٹھا کر باؤل اسکے آگے کر دیا اور اسکے سامنے بیٹھ گیا۔

ایلے دونوں ہاتھوں میں چہرہ چھپا کر رو دی تھی اسکی سسکیاں وہ سن رہا تھا۔۔

اوکے شیٹ آپ" جب تا دیر وہ روتی رہی تو اسنے اسکی چیئر اپنی جانب کھینچی اور بھڑک کر کہا۔۔۔

ایلے دم سادھے اسے اتنے نزدیک سے دیکھنے لگی جبکہ جیکسن کی نگاہ اسکے لبوں پر ٹھہر گی جو کسی چھوٹے معصوم بچے کے خوفزدہ ہو جانے کیطرح تھر تھرا رہے تھے۔

معلوم نہیں اسے کیا سوجی تھی کہ اسنے اسکے تھر تھراتے لبوں کو چھری رکھ کر روکنے کی کوشش کی۔۔

مگر ایلے پھر اسے غش کھانے لگی تھی۔۔

جیکسن سانس کھینچ گیا۔

اپنے دماغ میں سے یہ نکال دو کہ تم یہاں سے کہیں اور جاؤ گی اور تمھیں یہاں مہرے پاس سے کوئی لے جائے گا اور ویسے تم جاؤ گی کہاں ہینری کے پاس وہ تمھیں کیوں اچھا لگتا ہے" وہ سوال کرنے لگا۔

Zubi Novels Zone

جبکہ آنکھوں میں وہی سرد پن تھا

وہ وہ آپ لوگ کیطرح نہیں ہیں"۔

آہ بہت شریف ہے ہر دوسری لڑکی کے ساتھ سونے والا باسٹرڈ"وہ تلخی سے سر جھٹک گیا۔

"ت۔۔تو آپ۔۔اپ کون سا نہیں

اٹکومت"وہ جھڑک گیا جبکہ وہ لب دبا گئی۔۔

دل تیزی سے دھڑک اٹھا تھا

میں تمھارے علاوہ کسی کے ساتھ نہیں سوں گا"آہستگی سے اسکے کان میں بول گیا جبکہ اسکے ہاتھ سے چمچ چھوٹ گئیں دل کی دھڑکنیں دوڑنے لگیں

جسم میں خون کی گرمی چہرے پر چھلک اٹھی

وہ اسے آنکھیں کھول کر دیکھنا چاہ رہی تھی جو بہت نزدیک بیٹھا تھا۔۔

ایلے دور ہو گئ۔۔

میں میں نے نہیں کرنی آپ سے شادی آپ مجھے مجھے جانے کیوں نہیں

دیتے"۔

ایلے کے حلق میں گٹھلیاں سی پھنس گئیں۔۔

" جانے کیسے دوں

دادا نے کہا ہے تم جیکسن کی ہو تو۔بات وہیں ختم تو اپنے بھیجے میں جیکسن

" کو بیٹھاو

اور ہاں" وہ اٹھتے ہوئے بولا۔

ٹائیگر سے دوستی کر لو میں نہیں چاہتا وہ تنہائ میں تمھیں کھا جائے

تمھاری حفاظت کرنے کے بجائے" وہ اسکو کہتا وہاں سے نکل گیا

جبکہ ایلے وہیں ٹیبل پر گیر گی اور وہ گھیرہ سانس بھر کر مڑا۔۔

جھک کر اس دھان پان سے وجود کو بازوؤں میں اچک کر وہ کمرے میں لے جانے لگا۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آرتھر" پارکر کی بھڑکیلی آواز پر وہ مڑ کر اسے دیکھنے لگا۔

یہ تم کیا کر رہے ہو تم نے انوٹیشن ایکسیپٹ کیوں کیا پہلے ہمیں ایلے نہیں مل رہی اور اب روبو فیملی کو سر پر بیٹھا لیں تا کہ وہ ہمیں ہی کاٹ کر پھینک دیں" پارکر کافی طیش میں تھا۔

ایلے جیکسن روبو کے پاس ہے" آرتھر ڈرنک کرتا ہوا گھیری نظروں سے دور تک دیکھتا بولا۔۔

پارکر لمحہ بھر کو رکا

تمھیں کس نے بتایا" پار کر نے اسکے ہاتھوں کو جنھجھوڑا۔

لگ گیا پتہ دیکھنا یہ ہے کہ کل کیا ڈرامہ ہونے والا ہے کیا صرف مافیا میں جیکسن روبو کے آنے کی خوشی میں پارٹی ہے یہ پھر وہ اس راز سے بھی واقف ہیں جس کے پیچھے ہم بھاگ رہے ہیں" آرتھر نے گلاس ٹیبل پر رکھا جیسے جھنجھلایا ہوا تھا۔

کوئی بھی امید رکھی جاسکتی ہے کیسے کیسے وہ منحوس وہاں تک پہنچی ہے"

پار کر غصے سے سرخ ہو چکا تھا

یہ تو تسلی ہے وہ گونگی ہے بولے گی کچھ نہیں" آرتھر نے پھر سے گھونٹ بھرا جبکہ پار کر نے اسکی جانب دیکھا جانتا تو وہ تھا کہ وہ اچانک گونگی ہوئی کیسے تھی۔

اسکو یوں ہی چھوڑ دینا خطرہ ہے۔۔"۔

پار کر ابھی بات کر ہی رہا تھا کہ انکا ملازم دروازہ بجا کر اندر آیا۔

ان دونوں نے اجازت دی تو اسکے ملازم نے ایک انویلپ انکی جانب بڑھایا۔

جسے آرتھر نے پکڑ کر کھولا تو اس میں سے دو تصویریں نکلی اور ان دو تصویروں کو دیکھ کر آرتھر چیئر چھوڑ کر ایکدم اٹھ بیٹھا

پارکر نے وہ تصویریں دیکھیں اور حق ودق رہ گیا۔

اگر وہ دونوں بھی کوئی عام انسان ہوتے تو شاید ایتھن کا چہرہ اور اس چھوٹے بچے کا چہرہ دیکھ نہ پاتے۔۔

جیکسن "تصویر کی پشت پر لکھے نام پر آرتھر ایک دم چلاا ٹھا بے ساختہ وحشت ناک چیخ نکلی تھی اسکے منہ سے۔۔۔

ایتھن پارکر کا چھوٹا بھائی تھا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

جولاس ویگاس میں روبو فیملی پر نگاہ رکھنے کے لیے ہی اپنی اصلیت چھپائے ہوئے تھا اور اسکا یہ حال آرتھر تو غصے سے بپھرنے لگا میں اسکو زندہ نہیں چھوڑوں گا" آرتھر نے وہ تصویریں پھاڑ دیں پار کر سر تھام گیا اگر تم نے اسے زندہ چھوڑ دیا تو میں تمھیں جان سے مار دوں گا۔"۔

پار کر دھاڑا اور وہاں سے باہر نکل گیا

چاروں طرف سے شکست کا سامنا ہو تو سب سے پہلے انسان کمینگی پر اترتا ہے تبھی آرتھر گھیری سوچ میں تھا

ایلے تو اسکی ہی تھی اسنے اسے خریدا تھا۔ایسا ہو ہی نہیں سکتا ایلے کسی کی ہو۔۔

وہ مٹھیاں بھینچے ہوئے تھے جبکہ اسنے اپنے ملازم کو کال ملائی۔

روزی سے کہو میرے روم میں آئے" وہ بولا اور اسکے ملازم نے فورا اسکی ضرورت کا انتظام شروع کر دیا تھا۔۔

---------------------------------

جیک کی ناراضگی عروج پر تھی۔

جیکسن کو ایک کال بھی نہیں آئی تھی وہ اپنے سیاہ اور گرے کابہ مینیشن کے لیونگ روم میں صوفے پر بیٹھا تھا۔

ایلے ابھی تک کمرے میں ہی تھی وہ لیپ ٹاپ پر کچھ کر رہا تھا۔۔

وہ جانتا تھا پولیس اسکے دروازے پر پہنچ جائے گی اور دادا آگ بگولہ ہوں گے اسکی اس حرکت پر حالانکہ آج رات پارٹی تھی۔۔۔

وہ چیزوں کو ہینڈل کرنا چاہ رہا تھا اور اس سے بہتر کچھ نہیں تھا وہ لاس ویگاس سے فورا نکل جائے۔

وہ اٹھا جیک کو کال کی

اسنے فون نہیں اٹھایا وہ سرد نظروں سے موبائل سکرین کو دیکھنے لگا۔۔

اور پھر اسنے جیمز کو کال کی۔

جیمز نے کال پک کر لی۔

کہاں ہو تم" وہ پریشانی سے پوچھ رہا تھا

اپنے گھر" اسنے جواب دیا۔

تمھارا دماغ خراب ہو جاتا ہے جیکسن کنٹرول کیوں نہیں ہے خود پر تمھارا۔۔۔ تم جانتے ہو اب پولیس کچھ ہی دیر میں انوسٹیگیٹ کر کے تمھارے منشن پر ہو گی۔۔۔ وہ بھڑکا

جانتا ہوں" وہ شانے آچکا گیا۔

جسٹ بیہیو تمھیں اپنا رویہ بدلنا ہو گا جیکسن۔۔ پولیس تمھیں لے گی تو پارٹی میں کون آئے گا۔۔۔

پارٹی میں ایلے کے سر پر جو تاج رکھا جانا ہے جب اسکا مافیا کینگ اسکے ساتھ نہیں ہو گا تو وہ کس کی ہو گی" جیمز نے اسے حقیقت کا آئینہ دکھایا

وہ لب دبا گیا۔۔

انھیں ساری چیزوں سے بچنا چاہتا تھا وہ اور انھیں چیزوں میں پھنس رہا تھا

ایسا نہیں ہو گا کہ ایلے میرے علاوہ کسی کی ہو گی۔۔

میں جا رہا ہوں" اسنے سپاٹ انداز میں کہا۔

جیکسن" جیمز چلایا لیکن بے غرض سا وہ اپنی جیکٹ اٹھا کر سر پر ہڈی لیتا۔۔ ماسک چڑھاتا وہاں سے اپنا ضرورت کا کچھ سامان لے کر وہ ایلے کے کمرے کے باہر آیا۔۔

اور گھیرہ سانس بھرتا اندر داخل ہو گیا وہ بستر پر ایک نرم ملائم پھول کیطرح پڑی تھی وہ اسکے نزدیک اگیا

جھک کر اسکا چہرہ دیکھا۔

اور پھر اسنے اسے بازؤں میں اچک لیا۔

زیادہ وقت نہیں تھا یہ کام وہ فرصت سے جہاز میں بھی کر سکتا تھا ہینری سے وہ کل سے بات نہیں کر رہا تھا سب چیز ریڈی تھی وہ گاڑی میں سوار ہوا اور وہ ذرا بھی نہ ہلی ابھی بھی سو رہی تھی کیا نشہ کر کے سوئی تھی

۔۔۔

وہ سر جھٹکتا اپنے کام پر فوکس کرتا اپنے پرائیوٹ جٹ کیطرف آیا اور جیسے ہی وہ سوار ہوا تو ہینری کی منحوس شکل دیکھ کر غصہ سا چڑھا اور اسنے ایلے کو اپنی سیٹ پر پٹخ دیا اور وہ ایکدم اٹھ گئی۔۔۔

جیکسن سر جھٹک گیا

یہاں اسے نیند نہیں آتی تھی اور وہ نیند میں مگن اتنا تھی کہ ذرا جو سفر کے دوران جاگتی ہو اور اب پٹخنے پر جاگ گئی تھی۔

سوری یار "ہینری شرمندہ ہو

" میں تمھیں یہاں سے باہر پھینک دوگا دور رہو مجھ سے

جسٹن "اسنے پائلٹ وہ پکارہ اور سر کے اشارے سے کچھ کہا تو وہ اڑان بھر گیا جبکہ ایلے اب بھی سمجھنا چاہ رہی تھی وہ یہاں کیسے آئ وہ کیا کر رہا تھا۔

" پلیز یار سوری نہ نہیں جانتا تھا وہ دونوں ہاتھ کھول چکے اور اور ایکدم جیکسن اسکی گردن اپنی فولادی گرفت میں جکڑ گیا ایلے کانپ اٹھی۔۔۔

ہٹیں چھوڑیں انھیں آپ بہت گندے ہیں آپ سب کو مارتے ہیں آپ آپ ظالم ہیں پار کر سے بھی زیادہ ظالم "وہ روتے ہوئے جیکسن کے ہاتھوں ہر تھپڑ برسانے لگی جبکہ جیکسن نے جس طرح اسے طیش کھاتی نظروں سے دیکھا اسی طرح ہینری اسکے بولنے پر حقہ بقہ سارہ گیا۔

جیکسن کو شدید تپ چڑھی تھی وہ صرف اسکے سامنے بولنے کا حق رکھتی تھی پھر کسی اور کو اس راز میں کیوں شامل کیا اور ہینری کے لیے اسطرح تڑپی کے اپنا راز کھول دیا۔۔

ایلے کو جب احساس ہوا تو وہ۔آنکھیں پھاڑے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ گئ

تم بول سکتی ہو "ہینری خوش ہوا۔

ایلے تم بول سکتی ہو یار" وہ بے حد خوش دیکھائی دینے لگا۔۔

ایلے اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی وہ اسکے بولنے پر کتنا خوش تھا ہاں وہ کتنا اچھا انسان تھا اسکے بولنے پر بھی خوش ہوا تھا وہ مسکرا دی۔۔

تم سچ بتاؤ کیا تم بول سکتی تھی پھر تم کیوں" وہ اسکے بازؤں کو جھنجھوڑ کر بولا۔

ایلے کی آنکھوں کی نرمی۔۔ جیکسن کے وجود کو سلگا گئ وہ مسکراتی نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی

جسٹن" اسکی دھاڑ گونجی

ٹیک آف کرو" سرد نظروں سے کہا ہینری نے ایلے پر سے ہاتھ ہٹائے

جیکسن سوری میں اب انٹرفیئر نہیں کروں گا" وہ بولا۔۔وہ چپ رہا

۔۔۔ایلے ڈر گئی۔۔

ہینری نفی میں سر ہلانے لگا وہ کچھ زیادہ ہی ناراض تھا۔۔ جسٹن اسکے

حکم پر جنگل کے بیچ میں اتار چکا تھا۔۔

آؤٹ" جیکسن نے سنجیدگی سے کہا ہینری منہ بنا کر باہر نکل گیا۔

اور یہ بات کسی کو نہ پتہ چلے" جیکسن نے اسے وارن کیا جبکہ وہ سر ہلا کر

نکل گیا یہ کیا بات تھی کہ جیکسن جانتا تھا اور وہ نہیں۔۔۔ایلے اسکے

ساتھ رہتی تھی پھر بھی وہ نہیں جان سکا لیکن اسے ایلے سے زیادہ۔۔

جیکسن کی فکر ہو رہی تھی جو اس پر برہم تھا۔

ھینری باہر نکلا تو ایلے کی سسکی گونجی جیکسن معلوم نہیں کیوں اپنا آپ کنڑول نہیں کر پارہا تھا اسنے دانت پیس کر اسکی جانب دیکھا۔۔

ایلے پیچھے کیطرف بھاگ گئ وہ جبکہ وہیں بیٹھ گیا

اگر وہ دماغ ٹھنڈا نہ کرتا تو یقیناً اسے باہر پھینک دیتا۔۔

تبھی وہ لیپ ٹاپ۔اون کر کے بیٹھ گیا اس کا ارادہ نور تھ ڈکوٹا کیطرف جانے کا تھا۔

جہاں جیک اپنی پرل کو لے کر گیا تھا۔

وہ اسی ہٹ میں کچھ گھنٹے گزار کر ایلے کو لے کر دوبارہ لاس ویگاس آتا اور شاید اسکے بعد اسے پولیس پکڑ لیتی لیکن پارٹی گزر جاتی اتنا وقت وہ نکال لیتا۔

جیک کی اسکے پاس کال آئ تو وہ پک کر گیا اور خاموش رہا

کہاں ہو"۔

آپکے ہٹ میں جارہاہوں "اسنے سنجیدگی سے بتایا

میں نے بات کرلی ہے تمھاری گرفتاری فنکشن کے ختم ہوتے تک نہیں ہوگی "جیک نے تسلی دی۔۔

میں جانتاہوں "اسنے لیپ ٹاپ کی سکرین بند کردی

تمھیں روکا تھاکچھ ایسامت کرنا "جیک نے شکواہ کیا۔

" کوئی ہینری کونقصان پہنچائے میں اپنا کنڑول کھودیتاہوں

اسنے اپنی مجبوری بتائی۔

اسے کچھ نہیں ہوناتھا۔ تم جانتے تھے یہ اسکی بزدلی ہے جو وہ پھنستا ہے "۔

دادامیں نے نہیں کہاتھاآپ میرے ساتھ اسے باندھ دیں وہ۔۔

میرے ساتھ ہے میں اسے پروبلم میں نہیں چھوڑ سکتا "اسنے ذراغصے سے بتایا۔۔

"ٹھیک ہے لیکن اسے مارنے کی ضرورت نہیں تھی

اسنے میری پشت پر وار کیا تھا" وہ نخوت سے بولا

تم اسکے بیٹے کو مار چکے ہو" جیک نے یاد دلایا۔

ہاں جب کسی کی آنکھوں میں کسی کے لیے تڑپ کا عنصر نظر آئے تو

سمجھ جانا چاہیے وہ اسکی محبت ہے۔۔اور کمزوری ہے اسنے مجھ پر وار کیا

"میں نے اسکے سینے پر وار کیا بات ختم

"بات ختم نہیں ہوتی تم ایلے کے بارے میں نہیں سوچ رہے

جیک معلوم نہیں کیوں رفتار فتا اسکے اندر ایلے کو بٹھا رہا تھا اور جب جب

وہ ایلے کا نام لیتا جیکسن کے اندر تک کوئی چیز اتر جاتی اور وہ بے چینی پر

اتر آتا۔۔

وہ میرے ساتھ رہے گی" وہ اپنی بات پر زور دیتا بولا

کب تک۔۔۔ کہاں تک۔۔۔ کب تک بھاگو گے اور اسے اپنے ساتھ بھگاوگے جیکسن"۔

پلیز" جیکسن غصے سے بولا۔۔

نو مور جیسکن نو مور۔۔ تم جانتے بھی ہو تمھاری گرفتاری کے بعد اسکی حفاظت کتنی مشکل ہے" وہ بھڑکا

جیکسن دانت پیس گیا اور فون بند کر دیا۔۔

جبکہ لیپٹاپ بھی پھینک کر وہ سیٹ سے پشت ٹکا کر آنکھیں بند کر گیا ایتھن کو مارنے کا پشتاوا تھا نہیں لیکن اب ہو رہا تھا کہ اگر وہ جیل چلا گیا تو اسکے نکلنے کے چانسیز کتنے عرصے تک بنتے ہیں وہ نہیں جانتا تھا اور پیچھے مارک آرتھر پارکر کوئی بھی کیا کرتے ہیں وہ کچھ نہیں کر سکے گا۔

تو فیصلہ یہ ہوا" وہ مڑ کر اس پردے کو دیکھنے لگا جو اسکے اور ایلے کے درمیان حائل تھا۔

میں گرفتاری نہیں دوں گا" وہ بڑبڑایا

اور پھر پرسکون ہو کر اسنے سیٹ سے ٹیک لگالی۔۔

---------------------------------

بھوک سے برا حال ہو رہا تھا۔۔

اور یہاں کوئی بھی اسے پوچھ نہیں رہا تھا خیر تھا ہی کون بس ایک ظالم شخص وہ آنسو بہاتی باہر دیکھنے لگی۔

ان مہینوں میں بھی برف باری کہیں ہوتی تھی وہ یہ جانتی نہیں تھی کھڑکی کے باہر ہوتی برف باری اسکو ایکدم اس طرف متوجہ کر گئی تھی۔ وہ۔۔اشتیاق سے باہر دیکھنے لگی لیکن برف کو آخر کتنی دیر دیکھ سکتی تھی کہ اسکی بھوک دوبارہ چمک اٹھی اور اسے چار نچار اٹھنا ہی پڑا۔۔

وہ باہر جھانکنے لگی اسکا سر سیٹ پر دیکھائی دے رہا تھا وہ بھوک سے بے ہوش ہو جاتی۔۔

تبھی ہمت کر کے اسکے پاس جا کر کھڑی ہو گئ۔۔

جیکسن جو آنکھیں بند کیے ہوئے تھا۔۔اسنے آنکھیں کھولیں نہیں البتہ احساس ضرور ہو گیا تھا کہ وہ پاس کھڑی ہے

" اسنے سر اٹھایا وہ اسے نہیں دیکھ رہا تھا وہ سو گیا تھا

وہ خوشگوار حیرت سے دیکھنے لگی

ہاں شاید اسنے اسکے آگے ہاتھ لہرائے۔۔تب بھی اسکے وجود میں جنبش نہیں ہوئ۔۔اور وہ مطمئین ہو گی۔

لیکن بھوک کا کیا کرتی کیا اسے جھنجھوڑ کر اٹھا دیے۔

یہ کچھ اور۔۔آف یہ بھوک۔"؟؟؟؟؟؟

وہ ابھی آگے بڑھتی اور جسٹن سے کہتی کہ اسے کچھ کھانے کو دے

کہ۔اسکی کلائی جکڑی گئ جھٹکے سے اسے کھینچا تو وہ اسکی ٹانگوں پر بیٹھ گئ

بھکلا کر اٹھنا چاہا مگر۔جیکسن نے اٹھنے نہیں دیا

بھوک لگ رہی ہے" وہ سوال کرنے لگا۔

ایلے اسے خود سے اتنے قریب سہہ نہیں پا رہی تھی

گڈ اچھی بات ہے۔کھانا کھا لو کیونکہ ابھی تم نے اس بات کا حساب بھی

دینا ہے کہ تم ہنری سے کیوں بولی" وہ اسے کھڑا کرتا بولا اور جہاں ایلے

تھی اسطرف آگیا۔۔

وہیں ایک فریزر رکھا تھا چھوٹا تھا لیکن جب جیکسن نے کھولا تو وہ ٹھیک

سے خوش بھی نہ ہو سکی تھی اسکی پیچھلی بات کی وجہ سے۔۔۔اسنے

اسے دیکھا یا کہ یہاں کھانے کے لیے چیزیں موجود ہیں

جیکسن نے اسکی جانب بسکٹس اور چاکلیٹس بڑھا دیں۔۔

Zubi Novels Zone

ایلے نے ہاتھ نہیں بڑھایا

میرے ہاتھ سے کھانا ہے" وہ سنجیدگی سے بولا جبکہ ایلے نے جلدی سے

وہ چیزیں تھام لیں اور اسکی جانب سے رخ موڑ لیا تو وہ باہر چلا گیا۔۔

ایلے پریشانی سے بسکٹس کھول کر کھانے لگی۔

غلطی تو اس سے ہو گئی تھی وہ راز اپنا ہی کھول چکی تھی یہ راز کھلنا تھا جیک

تو نہیں تھا۔۔

وہ پریشانی میں اگلے ایک گھنٹے میں فریزر کو تقریبا آدھا کر چکی تھی اسے

علم نہیں ہوا۔۔

اور جب جیکسن دوبارہ ایا تو وہ سیدھی ہو گئی۔۔اسکے گرد چیزوں کے

ڈھیر سارے شاپرز تھے۔

جیکسن نے ضبط سے یہ گندگی دیکھی تھی ایلے نے جلدی جلدی سارے

شاپر اٹھا لیے۔

جیکسن نے ڈسٹ بین کیطرف اشارہ کیا اور وہ شرمندگی سے وہاں

پھینک گئی پلٹی تو اس جگہ پر جیکسن لیٹ چکا تھا اور آنکھیں بند کر کے اسنے

لائیٹس بھی بند کر دی۔

جبکہ ایلے باہر چلی گئی۔۔۔۔

---

کھا پی کر نیند نے ہی آنا تھا کیونکہ کچھ اور تو وہ نہیں کر سکتی تھی اور اسکا

لیپٹاپ پڑا تھا لیکن بس ڈر لگا کہ کہیں ایسی ایسی تصویریں دیکھنے کو نہ ملیں

جنھیں وہ دیکھ بھی نہ پائے۔

وہ کچھ دیر یوں ہی بیٹھی رہی اور پھر جسٹن کے پاس آگئی۔

مزاہ سا آیا یہ دیکھ کر کہ پلین کیسے چلتا ہے۔

جسٹن اس سے مسکرا مسکرا کر باتیں کر رہا تھا اور کوئی اندر سلگ رہا تھا۔۔

معلوم نہیں وہ کس چیز کا انتظار کر رہا تھا۔

وہ تھک کر دوبارہ ائی تو نیند آنے لگی اور وہ سکڑ سمٹ کر بیٹھ گی اور سو گئی۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسنے اندھیرے میں دیکھا تو وہ پردے کے پاس کھڑی تھی اسنے ہاتھ بڑھایا تو ایلے نے اسکا ہاتھ تھام لیا اور عین اسپر لیٹ گی اُسکے سینے پر اپنا نرم چہرہ رکھا اور اسکی گردن میں بازو حائل کر لیا

اگر جیکسن اسکے روم کو لاک نہ رکھتا ہوتا تو وہ یقیناً نیند میں چل کر اسکے ٹائیگر کے پاس جا کر سو جاتی۔۔

وہ گھیرہ سانس بھر گیا۔۔

اسکا چہرہ دیکھنے لگا جو اسکی گردن پر اپنے نرم ہونٹ رکھے۔۔

نیند میں اتری ہوئی تھی وہ خوبصورت تھی حسین تھی اور دنیا کی کون سی لڑکی ہے جس میں یہ دو چیزیں نہیں ہوتیں۔

دادا نے اسے ہزار لڑکیوں کے ساتھ رہنے پر اکسایا مگر کبھی دل نہیں لگا تھا اسکا۔۔اسطرف کیونکہ دماغ میں یہ بات درج تھی کہ عورت کی قربت مرد کو زنگ لگاتی ہے اور وہ چوک جاتا ہے

اور ایلے کی جانب مائل ہونے کا پہلا موقع یہ تھا جب اسے پتہ چلا وہ گونگی ہے وہ کچھ حیران ہوا اسے لگتا تھا عورت بہت مکمل ہوتی ہے ایک نا مکمل عورت کیطرف وہ پہلی بار چونک کر متوجہ ہوا تھا

اور جب یہ پتہ چلا وہ گونگی نہیں ہے تو یہ بات پہلی بار اسے دھچکا لگا گئی تھی کہ کوئی عورت اتنی پراسرار بھی ہو سکتی تھی یہ سب اسکے تجزیے تھے جبکہ ایلے خود سے ایسی بلکل نہیں تھی نہایت بیوقوف اور سستی سہمی ایک عام سی لڑکی تھی وہ

اور جب دادا نے کہا وہ اسکی ہے۔

بس وہ مان گیا تھا کہ وہ اسکی ہے اب تک بھی اسے یہ احساس نہیں ہوا تھا کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے یہ پھر اسے پسند کرتا ہے بس دادا نے اسکے شانوں پر قطرہ قطرہ ذمہداری ڈال دی اور اسنے اسے قبول کر لیا۔

اسے راز پسند تھے اور وہ لڑکی راز تھی اسکے نام نیو یارک تھا جس کی اسے خبر بھی نہیں تھی۔

وہ لڑکی راز تھی اور وہ اس راز کو اپنے پاس رکھنا چاہتا تھا کہ کوئی اسکے راز سے آشنائی حاصل نہ کر سکے لیکن جب وہ ہینری کے آگے بولی تو جیکسن کو بے حد غصہ چڑھا تھا۔

وہ اسے دیکھ رہا تھا اسے اس وقت سزا دینی تھی اور وہ اسکے سینے پر لیٹی ہوئی تھی۔

اسکا دھان پان سا وجود بلکل بھی وزنی نہیں تھا اسنے ہاتھ اٹھا کر اسکی کمر کے گرد بازو حائل کر لیے۔۔

اور باہر کی جانب دیکھنے لگا۔

کچھ ہی دیر میں وہ لینڈ کر جاتے۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پارٹی کے لیے تیار ہو رہے ہو" آرتھر نے کہا جبکہ وہ خود بھی تیار ہو چکا تھا جولین نے مڑ کر آرتھر کو دیکھا تو وہ اسے دیکھتا رہ گیا۔

بلیک تھری پیس میں وہ بے حد شاندار لگ رہا تھا۔۔اور پھر اسکا سپاٹ انداز۔۔جولین سر ہلا گیا۔

ہاں۔ل" ڈیڈ ریڈی ہیں" آرتھر نے پوچھا

ڈیڈ مام دونوں۔۔ چلو چلتے ہیں" وہ کہہ کر باہر نکلا تو آرتھر بھی نکل آیا وہ اپنے پرائیویٹ جٹ میں سوار ہوئے اور لاس ویگاس کی جانب اڑان بھر لی۔۔

یہ خاموشی ایسی ہی نہیں تھی۔

یقیناً کچھ تو تھا اس خاموشی کے پیچھے۔۔۔۔

-----------------------------------

Zubi Novels Zone

نیند سے اٹھی تو تھک کر منہ بنا گئی۔۔ وہ بس سوتی رہتی تھی کوئی کام نہیں تھا سکے پاس اس کے علاوہ۔۔

وہ اٹھی اور نگاہ کھڑکی سے باہر گئی وہاں برف باری ہو رہی تھی ان مہینوں میں ایسا تصور تو خواب ہی ہو سکتا تھا وہ جلدی سے بھاگتی ہوئی دروازہ کھول کر باہر نکل گئی اور ٹھٹھر ہی گئی۔

آف بہت سردی تھی۔۔وہ دونوں بازو ایک دوسرے کے گرد لپیٹ گئی۔۔

جبکہ پیچھے سے کسی نے اسپر ایک نرم سی چیز ڈالی وہ مڑ کر دیکھنے لگی۔۔
جیکسن تھا اور ہو بھی کون سکتا تھا اسکے علاوہ۔۔

اسنے ایک شال نما چیز ڈالی تھی اسپر ایکدم کافی گرم سا اور سکون سا احساس ہوا۔۔

اور وہ دور ہو گئی۔۔

جیکسن البتہ سیگریٹ سلگاتا اسکے پاس ہی کھڑا تھا وہ چور چور نگاہ اسپر اٹھاتی پھر جھکا لیتی پھر اٹھاتی پھر جھکا لیتی اور پھر جب اسنے اسے ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا شروع کیا تو دیکھتی رہ گئی۔

وہ کافی خوبصورت مرد تھا لیکن سفاک تھا۔۔

اسکی کھڑی ناک ہلکی ہلکی لال ہو رہی تھی ہینزی اسکے مقابلے میں کچھ بھی نہیں تھا۔۔

اسکے سرخ ہونٹ پہلی بار کسی مرد کے ہونٹ اسطرح سرخ دیکھے تھے

۔

جبکہ اس بیوقوف وہ سمجھ یہ نہیں ارہا تھا یہاں ٹمپریچر ٹھنڈا ہونے کے باعث سردی سے یہ سب ہو رہا تھا۔۔

جبکہ اسکے بازو پر بنا ٹیٹو۔۔

وہ کچھ مخمصے میں پڑ گئی تھی وہ اتنا خوبصورت کیوں تھا

اور جب وہ اسکا تجزیہ کرنے میں اچھے سے مگن تھی تبھی اسنے اسکی جانب نگاہ گھمائی وہ ایکدم ہڑ بڑا کر پیچھے برف میں جا گیری۔۔۔

-----------------------------

وہ پیچھے برف میں ایکدم گیری تو دھپ سے وہیں بیٹھ گئ۔۔

بھیگی بھیگی نظروں سے اسے دیکھا۔۔

جو گھیرہ سانس بھرتا اس برف پر اپنی سیگریٹ کو زبردستی مسل کر اسکی جانب دیکھنے لگا۔۔

کیا دیکھ رہی تھیں" اسنے سوال کیا ایلے حلق میں تھوک نگل گئ

آنکھوں میں بے چینی اتری تو لبوں کو دانتوں تلے دبالیا۔

مجھے تم بہت بری لگتی ہو" وہ بولا ایلے کے گال پر آنسو ٹپک گیا

جب تم مجھ سے بولتی نہیں ہو" وہ آنکھیں سکیڑ کر اسکی صورت تکنے لگا۔۔

تمھیں کس نے کہا تھا ہینزی کے سامنے بولو" وہ سوال پر سوال کر رہا تھا جبکہ وہ اسکے سوالوں کے بوجھ تلے دب رہی تھی ایسا لگ رہا تھا وہ نگاہ اٹھا کر بھی اسے نہیں دیکھ پائے گی

اسکی تمھیں سزا ملے گی" وہ کھڑا ہوتے ہوئے بولا ایلے نے اسے ایسی نظروں سے دیکھا جن میں تکلیف سی تھی

ہمیشہ وہ صرف سزائیں تو سہتی آئی تھی۔

ایسی ایسی سزائیں جن سے اسکا دل دہل جاتا تھا اسکی روح کانپ جاتی اسکا جسم درد سے پھوڑے کی مانند دکھتا لیکن کبھی اسپر رعایت نہیں کی گئی تھی۔۔

اسنے جیکسن جو دیکھا اور بس دیکھتی رہی۔۔

وہ اندر چلا گیا۔

اب وہ اسے مارے گا شاید بیلٹ سے یہ پھر اسکے سر پر لیمپ مار دے یہ اسے اپنے جوتے سے مارے ہو سکتا ہے کوئی ڈنڈا ہو اور وہ تو بہت ظالم سا تھا۔۔

وہ تو کافی بے رحم تھا۔۔اسکے پاس کوئی اور چیز ہو گی چھری سے اسکی زبان نہ کاٹ دے وہ پھوٹ پھوٹ کر خوف کے مارے رو پڑی جیکسن

البتہ اندر گلاس وال کے پیچھے سے اسے دیکھ رہا تھا

کچھ دیر دیکھنے کے بعد وہ صوفے پر بیٹھ گیا اور۔۔

ایلے کے پاس سوائے اندر جانے کے کوئی راستہ نہیں تھا اسکے گارڈز باڑ میں ہی ادھر ادھر کھڑے تھے۔

انکا پلین جس میں وہ یہاں آئے تھے وہ فاصلے پر کھڑا تھا اور پھر ایک گارڈ کے پاس کتا تھا۔

وہ انسان عجیب تھا گھر پر تیندوا یہاں کتا۔۔۔

جیسے ہی کتا اسپر بھونکا وہ اندر دوڑ چکی تھی۔۔

اندر آئی تو وہ شاید سزا دینے کو فرصت سے بیٹھا تھا ایلے نگاہ جھکا کر کھڑی ہو گئی۔

ہمم تو تم ریڈی ہو پنیشمنٹ کے لیے" وہ بولا تو ایلے کا دم سا گھٹنے لگا نہ جانے کیا اب کہنے والا تھا وہ۔۔

کھانا بنانا آتا ہے تمھیں" اسکے سوال پر اسنے حیرانگی سے سر اٹھایا۔

اور سر نفی میں ہلانے لگی یہ تربوز جیسا سر ہلانے کے بجائے زبان کا استعمال کرو" اسنے ذرا گھور کر کہا تو وہ بولی۔

ن۔۔۔نہیں"۔

پھر کس چیز میں بیسٹ ہو" وہ پاؤں جھلاتا اپنے سے کچھ فاصلے پر کھڑی لڑکی کو گھیری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

ک۔۔۔کسی کسی میں بھی نہیں" وہ آہستگی سے بولی

یوزلیس" وہ ناگواری سے کہہ گیا۔

میں تو بچپن سے یوزلیس ہوں" وہ بولی اور نروٹھے پن سے اب اپنی انگلیاں موڑنے لگی

مجھے تمھاری کہانیوں میں دلچسپی نہیں ہے۔" وہ ٹھہری نظروں سے اسکو دیکھتا بولا۔

جبکہ اسنے سر اٹھایا اور منہ بنا کر اسے دیکھنے لگی جیکسن خاموشی سے ایک کارنر کیطرف بڑھ سا گیا وہ نہ جانے کیا کیا کر رہا تھا۔

اسے زہر تو نہیں دینے والا یہ تو بہت بڑی سزا ہو جائے گی پھر" وہ رودی جیکسن نے سر اٹھا کر دیکھا۔

کیوں رو رہی ہو" سپاٹ لہجے میں پوچھا۔

آپ" وہ اسکی جانب اشارہ کرتی اور رودی

کیا میں" وہ پہلی بار کنفیوز ہوا۔۔۔ زہر بنا رہے ہیں نہ مجھے مارنے کے لیے" وہ گال رگڑتی دل ہار کر رودی۔

جیکسن نے ایک لمحے کو سانس کھینچ کر آنکھیں بند کر لیں۔

کیا بکواس ہے یہ سب" وہ دل میں سوچنے لگا۔

بیوقوفی کی بھی حد ہوتی ہے بھوک لگ رہی ہے مجھے۔۔ کچھ بنا رہا ہوں جب تمھیں نہیں آتا تو میں بنا رہا ہوں آج تک میں نے کسی کو صفائی نہیں دی اپنی بات کی" وہ چیڑ کر بولتا اسے بتا گیا۔۔۔ اچھا زہر نہیں ہے" اسنے سانس بحال کیا۔۔

تو آپ نے سزا نہیں دی مجھے"۔ وہ بھی جھانکنے اگی کہ کیا بنا رہا تھا وہ۔۔ مل جائے گی جلدی کیا ہے" کچھ گھیری نظروں سے دیکھتا وہ بولا نہیں وہ مجھے پتہ ہونا چاہیے نہ سزا کیا ہے پھر میں اسی طرح خود کو تیار کر لوں گی ورنہ ڈر لگتا ہے اور درد بھی ہوتا ہے" وہ آہستگی سے بولی۔۔

جیکسن نے پلیٹ میں سینڈوچ رکھے اور اسکا بازو جکڑ کر اسے چئیر پر دھکیل دیا۔۔

کھاؤ اسے اور اب بولنا مت" افسوس کے ساتھ اسے اسے روکنا پڑا تھا کہ وہ گونگی ہی ٹھیک تھی

میں میں کب بولی ہوں" وہ حیرانگی سے بولی۔۔

کہا نہ نہیں بولنا" وہ جھڑک گیا وہ چپ ہو گئی جیکسن سینڈوچ کھانے لگا جبکہ ایلے نے ہاتھ بھی نہیں لگایا۔

کیا پروبلم ہے" وہ بےزاریت سے بولا۔۔

نہیں کھانا" وہ بول کر چپ ہو گئی۔

یوں نہیں مانو گی تم" اسنے مڑ کر گارڈ کو دیکھا

مائیکل کو یہاں اس چئیر کے پاس باندھ دو" اسنے حکم دیا جبکہ ایلے کا سانس اٹک گیا

وہ ایکدم چیئر پر سے کھڑی ہوتی جیکسن کے ساتھ کھڑی ہو گئی۔

جبکہ آنکھوں میں بڑے بڑے آنسو تھے جیکسن کھاتے ہوئے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔

جبکہ مائیکل غرا رہا تھا وہ بہت گندا تھا اسنے جلدی سے رخ موڑ لیا تو دوسری طرف جیکسن تھا وہ کہاں جاتی اسے لگ رہا تھا اسکی جان پھنس گئی ہے۔

بیٹھنا چاہتی ہو" وہ سکون سے سوال کرنے لگا۔

پلیز میں کھاؤں گی اب آپ اس کو باہر کر دیں"۔

Anyways ...... مجھے بھروسہ نہیں تم پر

تم یہاں بیٹھ سکتی ہو اگر تم چاہو" اسنے اپنی تھائی کی جانب اشارہ کیا ایلے نے آنکھیں نکال کر دیکھا۔

اور پیچھے کی جانب دوڑ لگا دی۔

جبکہ اسکے بھاگتے ہی مائیکل چیئر سمت اسکے پیچھے بھاگا۔

یہ سب اسنے نہیں کیا تھا اب وہ خود کر رہی تھی جیکسن سکون سے اسے بھاگتے چلاتے ہوئے دیکھنے لگا جبکہ مائیکل اسکے پیچھے بھونکتا ہوا دوڑ لگا چکا تھا۔

جیکسن جیکسن پلیز ہیلپ می میں میں اب سچ میں کچھ نہیں کروں گی۔

میں کھاؤں گی کھانا پلیز" وہ شاید اپنی زندگی میں اتنا نہیں چیخی تھی جتنا اس وقت چیخ رہی تھی اور جیکسن پھر بھی وہی بیٹھا رہا۔

یہاں تک کے وہ بھاگ کر آتی جلدی سے اسکی ٹانگیں پکڑ کر اسکی تھائی پر بیٹھ کر اپنی ٹانگیں اوپر کر چکی تھی

آہ آہ مما۔ آآ" وہ بچوں کیطرح رودی جبکہ جیکسن نے ناگورایت سے کتے کی اور اسکی آواز کا گلہ گھونٹنے کا سوچتے مائیکل پر گن تانی۔

وہیں ایلے کا لب ایک دوسرے میں پیوست ہوئے اور مائیکل اپنے مالک کو جانتا تھا تبھی تھم گیا

لے جاؤ اسے" وہ ذرا رعب سے بولا تو گارڈ جو اپنی ہنسی روکے یہ تماشہ دیکھ رہا تھا مائیکل کو لے کر باہر نکل گیا جبکہ ایلے کو دونوں ٹانگیں اوپر کیے اسی پر چڑھی بیٹھی تھی اتنا اکورڈ فیل کر رہی تھی کہ اٹھا بھی نہیں جا رہا تھا

اور وہ اٹھتی کہ جیکسن نے دوسرا ہاتھ ٹیبل پر رکھتے اسے لاک کر لیا بے انتہا قریب بیٹھی تھی وہ اسکے کہ جیکسن کی سانسیں اسکی گردن کو چھو رہیں تھیں ایک خاموش سا ارتعاش دونوں کے وجود میں اٹھا تو ایلے جلدی سے اسکے ہاتھ ہٹانے لگی

کھاؤ پھر اٹھنا" سرد لہجے میں کہتے وہ کافی کا مگ اٹھا گیا

میں میں وہاں بیٹھ کر کھالوں" وہ منمنائی۔

یہاں پر بیٹھنا بھی تمھاری چوائس تھی" اسنے یاد دلایا کہ وہ خود چڑھی ہے اسپر۔۔۔

ایلے پھر سے رونے کے لیے ہونٹ بنانے لگی تھی۔۔

جیکسن کا دل کیا گلہ دبادے اسکا۔۔

اسنے سنیڈوچ اٹھا کر اسکے منہ کیطرف بڑھا دیا جبکہ ایلے جلدی سے اسکے ہاتھ سے لیتی بڑے بڑے لقمے اپنے اندر اتارتی۔۔ جارہی تھی کہ وہ اسکی اتنی سی نزدیکی پر پریشان ہورہی تھی اور پلیٹ صاف ہوتے ہی جیکسن نے ہاتھ ہٹایا تو وہ جلدی سے دور ہوگئی اور بھرے ہوئے منہ کو چلانے لگی

جیکسن نفی میں سر ہلاتا اسے دیکھتا اٹھ گیا کہ موبائل بلنک کرنے لگا جیک کی کال تھی۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اسنے ٹائم دیکھا انکا ٹائم ہو چکا تھا یہاں سے نکلنے کا ایک لمحے کے لیے اسنے آنکھیں بند کیں اور کال اٹینڈ کی۔

سب ریڈی ہے تم کب ارہے ہو" جیک کے سوال پر وہ سر ہلانے لگا۔۔

آتا ہوں" وہ بس اتنا بولا ایلے جلدی جلدی چبا کر وہ سنیڈ وچ ختم کرنا چاہتی تھی وہ مزے کا تھا اگر وہ مزے لے لے کر کھاتی تو۔۔

گڈ میں انتظار کر رہا ہوں" وہ بولا تو لہجے میں آج مسکراہٹ تھی۔۔شاید ناراضگی ختم ہو گئ تھی کیونکہ آج وہ وہ کرنے جا رہا تھا جو کہ دادا کا ڈیڈ کا سب کا خواب تھا۔۔

اور عرصے سے وہ اسکے پیچھے لگے تھے اسنے مڑ کر دیکھا

اور اس لڑکی کے سر پر آج وہ تاج پہنا کر اسے اپنا کر لیتا

لوگوں کے نزدیک یہ صرف مافیا کی پارٹی تھی لیکن یہ سرپرائز جواب سب کے سروں پر بم کیطرح پھٹے گا اسکے لیے پہلے ہی پر لطف تھا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

وہ اسکی کلائی پکڑ کر باہر کی جانب چلنے لگا۔

ہم کہاں جارہے ہیں" وہ سوال کرنے لگی۔

بولنامت" وہ گھور کر بولا۔

میں بولو گی" معلوم نہیں کیوں اسکے ساتھ رہتے ہوئے ڈر ختم ہو رہا تھا اسکا جبکہ اسنے ابھی ایتھن کو جس بے دردی سے مارا تھا وہ اسکے سامنے کھڑی بھی نہیں ہو سکتی تھی اور اب وہ اسکے سہارے چل رہی تھی۔۔

میں تمھاری زبان کاٹ دوں گا" اسنے اسے اوپر چڑھنے کا کہا تو وہ سیڑھیاں چڑھتی اوپر پرائیویٹ جٹ میں اگئی۔

" جسٹن

اس سے پہلے وہ جسٹن کے ساتھ باتوں میں لگتی جبکہ جیکسن نے اسے ابھی روکا تھا کہ وہ کسی سے نہیں بولے گی جیکسن نے اسکی گردن کو جکڑا اور اسے اندر لے گیا۔

جسٹن تیسرا شخص تھا جو جانتا تھا کہ وہ بولتی ہے۔

بہت بولنے کا دل کر رہا ہے تمھارا" وہ لیپٹاپ کھولتا سکون سے بیٹھتا پوچھنے لگا۔

ہاں کر رہا ہے" وہ منہ بسور کر بیٹھ گئی۔

جیکسن نے نوٹ کیا وہ زیادہ فری ہوتی جا رہی تھی۔۔

ٹھیک ہے تم بولو میں سن رہا ہوں لیکن اب اگر کسی کے سامنے تم بولی آئی پر و میس میں تمھاری زبان کاٹ دوں گا" اسنے سرد نظروں سے اسے دیکھ کر کہا جبکہ ایلے نے سانس اندر اتارا۔۔

پانچ منٹ بعد جب وہ کچھ نہیں بولی تو جیسکن نے اسکی سمت دیکھا وہ اپنی انگلیوں کو موڑ رہی تھی

اب کیا ہوا ہے" وہ پوچھنے لگا کہ اب بولتی کیوں نہیں۔

میں ہینزی سے بول لیا کروں پلیززززززز" اسنے کہا جبکہ جیکسن کو ہینزی کے نام پر تپ چڑھ گئی غصے سے لیپٹاپ کی سکرین بند کی۔۔
اور اسکی سمت دیکھا وہ منہ موڑ کر بیٹھ گئی کہ نہ اسکی جانب دیکھے گی منہ اسے ڈر لگے گا

تم سو جاؤ" معلوم نہیں کس احساس کے تحت وہ بولا۔۔
جبکہ ایلے نے مڑ کر نہیں دیکھا تھا۔۔پر کوئی زندگی بھر اسپر حکم جماتا رہا تھا اسکی ایک ہی دوست تھی وہ بھی نہ جانے کہاں تھی دنیا کے کسی کونے میں اور اب۔۔ جیکسن اس سے تو خیر وہ ڈرتی بہت تھی
وہ سوچتے سوچتے واقعی سو گئی اور جیکسن کا فیورٹ مومنٹ بھی اگیا جبکہ وہ نیند میں کھڑی ہو گئی۔
جیکسن جو کچھ ٹائیپ کر رہا تھا اسے کھڑا ہوتا دیکھ اپنی انگلیاں کی بورڈ پر روکیں اور اسکی جانب دیکھا ہاتھ اٹھا کر اسے دوبارہ خود پر آنے کی

دعوت دی جو کہ اسنے قبول کی اور جیکسن کام چھوڑ کر اسکے لیے لیٹ گیا جبکہ وہ اسپر ویسے ہی لیٹ گئی جیسے۔۔لیٹتی تھی۔۔۔۔

اسکی گردن میں بازو ڈالے وہ نیند میں تھی جبکہ جیکسن اب صرف اسے دیکھ کر اگلا سفر تمام کرنے والا تھا

--------------------------

لاس ویگاس میں داخل ہوتے آرتھر نے چاروں سمت دیکھا وہاں جگہ جگہ جیک روبو کے آدمی تھی اسے دیکھائی دے رہے تھے وہ ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ آگے بڑھا جولین امیلیا اور پار کر بھی پوری شان سے چلتے ہوئے جیکسن کے منشن کیطرف بڑھ گئے گاڑیوں میں سوار ہوتے ہی۔۔

آرتھر کے لبوں پر مسکان تھی وہ جانتا تھا کہ وہ کیوں مسکرا رہا ہے کھیل تو اب کھل کر شروع ہونے والا تھا

بس دیکھنا یہ تھا کہ جیکسن ہے کون۔۔۔ کیسا دیکھتا ہے؟

اور جنگ کی تیاری تو اسنے پوری کی ہوئی تھی وہ لاس ویگاس کو غور سے دیکھتا سڑک پر بھاگتے دوڑتی لوگوں کو بھی دیکھ رہا تھا اور پھر اسنے آنکھیں بند کرلیں

ایلے کا حسین سراپا اسکی آنکھوں میں اگیا اسنے ایلے کے ساتھ رات گزارنی تھی

اور شاید ایک نہیں جتنی راتیں وہ چاہتا اتنی کیونکہ ایلے کو اسنے خریدا تھا۔

اور جس نے خرید لیا وہ اسکی ہو گئی پھر جیکسن کون ہوتا تھا جو اچانک اکر اسے اسکے پاس سے لے جاتا اسنے پاؤں جھلاتے ہوئے اپنی ہلکی سی بے

چینی کا اظہار کر دیا جسے جولین اور امیلیا نے دیکھا تھا جبکہ پار کر کی نگاہ اس تمام عرصے میں اسپر سے پٹی ہی کب تھی۔۔

اسے ابھی کچھ دن پہلے ہی کلب میں آئی وہ لڑکی یاد آئی جو کہ ایلے کی دوست تھی اس میں وہ بات ہی نہیں تھی جو ایلے میں تھی اسے لگا تھا وہ۔۔ایلے کو بلیک میل کرے گا۔۔

لیکن وہ لڑکی جو خود بلیک میل ہونے کے لیے تیار تھی اسے وہ ایلے کے لیے استعمال نہیں کر سکتا تھا۔

حیرانگی کی بات تھی اتنی شاطر لڑکی کو ایلے نے دوست کیسے بنالیا یا وہ پھر سے کسی کے شطرنج کا مہرا بنی تھی اور اپنی بیوقوفی میں اسے دوست سمجھ رہی تھی

لیکن یہ بھی اسکے لیے فائدہ مند تھا کہ اس خاطر لڑکی کو پیسے دے کر وہ ایلے کے لیے استعمال اب بھی کر سکتا تھا وہ پر سکون تھا کیونکہ آج جو ہونے ولا اٹھا اسکا۔ اندازا روبو فیملی کو دور دور تک بھی نہیں ہونا تھا۔۔

-------------------------

اس وقت ایلے پرل اور ہیزل کے ساتھ تھی وہ خاموشی سے ان سب کو دیکھ رہی تھی جنھوں نے اسے ڈریس پہنے کا کہا اور وہ جب ڈریس پہن کر آئی تو وہ خواتین ہونے کے باجود سب ساکت کھڑی اسے دیکھنے لگی یہ سچ تھا اسنے آج تک اتنا ریویلنگ ڈریس نہیں پہنا تھا۔
اسکے شولڈر اسکی کمر نظر ارہی تھی اور وہ کچھ انکمفر ٹیبل سی ان کو دیکھنے لگی۔۔ جبکہ بولنے کی اجازت تو اب اسنے نہیں دی تھی۔۔
وہ ہیزل اور پرل کو دیکھنے لگی

بہت ہی پیاری لگ رہی ہو تم مجھے ڈر لگ رہا ہے تمھیں کسی کی نظر نہ لگ جائے'' ہیزل بولی تو پرل مسکرا دی ایسا ہی تھا۔

وہ ذرا ڈر کر اسکے کان کے پیچھے ایک کالا ڈوٹ لگا گئی جبکہ ایلے شرما سی گئی آج اسکے سر پر تاج پہنایا جانا تھا شاید۔۔۔۔

اسے ہینری کی یاد آ رہی تھی جیکسن اس سے زبردستی کر رہا تھا جبکہ وہ ہینری کو پسند کرتی تھی۔

اسے بیوٹیشن کے تیار کیا تو بار بار وہ اپنی تیاری پر بھی حیران رہ جاتی کہ وہ اتنا خوبصورت اسے تیار کر رہی ہے یہ وہ خود سے خوبصورت ہے۔

ایلے۔ کے ہاتھوں میں وائیٹ گلوز پہناتے پرل نے اسے انعام کے طور پر اپنی ایک قیمتی انگوٹھی دے دی۔

جو کہ وائیٹ گلوز جو اسکی کہنیوں تک تھے کسی شہزادی کیطرح ان میں پھنسی انگلیوں میں وہ انگوٹھی نہایت نفیس اور حسین لگ رہی تھی اور

ہیزل نے اسکے گلے میں ڈائمنڈ کا سیٹ پہنا دیا جو اسکی صراحی سی گردن میں بہت حسین لگ رہا تھا وہ دونوں ہی اسے بہت محبت سے دیکھ رہیں تھیں۔

وہ مکمل تیار تھی اسکے بال کھلے ہوئے تھے گولڈن براؤن بال ایک سٹائل میں بندھے پیچھے خوبصورت سے بروچ کی قید میں تھے جبکہ حسین میکپ وہ کوئی اپسرا الگ رہی تھی جس کی قیمت شاہد وہاں کھڑا بڑے سے بڑا مافیا ادا نہ کر پاتا۔۔

اسنے پاؤں میں ہیل ڈالی تو کچھ ہل سی گئی کبھی پہلے ہیل نہیں پہنی تھی لیکن کوشش کی وہ چل لے اس ہیل کے ساتھ وہ مکمل ہتھیاروں سے لیس تھی۔اسکی بڑی بڑی آنکھیں اوران آنکھوں کو ڈھانپے رکھیں پلکیں مکمل حسن دل پر کس کس کے بجلی برسا دے خبر نہیں تھی چلیں "ہینری ایکدم ہی اندر آیا اور دل تھام کر دو قدم دور ہوا۔

کون ہو تم لڑکی کوئی جادوئی پری۔۔کوئی اپسرا کہاں سے آئی ہو تم" وہ پوچھنے لگا جبکہ کے ایلے کی آنکھیں بھیگ گئیں وہ مسکرا رہا تھا لیکن اسکی آنکھوں میں کچھ تھا جسے شاید واضح نہیں کرنا چاہتا تھا ایلے خود ہی آگے بڑھی اور ہینری کے سینے سے لگ گئی۔۔

ہنری نے ایک سانس کھینچا۔۔۔

جیکسن دیکھ لے گا تو تمھارے ٹکڑے کر دے گا" وہ نرمی سے بولا۔۔

جبکہ ایلے کی آنکھیں بھیگ گئیں پرل اور ہیزل بھی اسی کی جانب دیکھ رہیں تھیں چپ کچھ کہہ نہیں پائی ہو جیسے۔۔

بھگا کر لے جاؤں تمھیں" ہینری ہنسا اور اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھام لیا ایلے جلدی سے سر ہلانے لگی

آف ف ف" جان لو گی تم میری آج" وہ ہنسا

جبکہ ایلے نے اسکو دیکھا۔۔

مجھے ایسے مت دیکھو میں واقعی تمھیں بھگا کر لے جاؤ گا" وہ سنجیدگی سے بولا اور ہینری کو اپنے شانے پر ایک مظبوط ہاتھ محسوس ہوا وہ شانے آچکا گیا

اگر دادا کہہ دیتے ایلے ہینری کی ہے تو وہ جانتا تھا جیکسن نگاہ بھی میں اٹھائے گا اسے غرض اور مطلب بھی نہیں ہو گا لیکن اب تو جیسے کوئی حکومتی سٹیمپ لگ گیا ہو اسطرح ایلے پر سٹیمپ تھا کہ وہ جیکسن کی ہے اور ہینری کچھ نہیں کر سکتا تھا۔۔

ہینری ہٹا تو جیکسن اسکے روبرو آگیا ابھی کچھ دیر پہلے یہاں ہینری تھا جس کے سینے سے لگی وہ رو دی تھی اور اب اسکے سامنے سپاٹ بلکل سرد تیور لیے اسے دیکھے جیکسن پر نگاہ گئی تو وہ نگاہ جھکا گئی نہ وہ خود اسکے سینے سے لگی تھی نہ ہی اسے شوق تھا فوراً منہ بنالیا تھا اسنے۔۔۔

تم کچھ کہو نہ۔۔۔ کہو پیار اس سے میں بھی کرتا ہوں اور ساری زندگی فلرٹ کروں گا" ہینری تن کر بولا جبکہ جیکسن ایلے کو پرے کرتا پرل کے پاس اگیا

بے عزتی کے ریکارڈ توڑے تھے۔

جہاں ہر شخص اسکو آج اپسرا سمجھ رہا تھا جس سے شادی ہونے والی تھی اسنے اسے پرے کیا اور پرل کے سامنے کھڑا ہو گیا جس نے ہنستے ہوئے اسکی پیشانی چوم لی

کھڑوس ہے یہ" وہ بھڑک کر بولا

ایلے نے سر ہلایا جیسے متفق ہو۔۔

اور ہیزل اور پرل۔اب جیکسن کی بلائیں لے رہیں تھیں اسکے آتے ہی وہ دب سی گئی۔۔

وہ بھی معلوم نہیں کیوں اتنی سی جان تھی حالانکہ پھر بھی اس سے پنگے لے رہی تھی ہیزی کے بازو میں بازو ڈالے وہاں سے باہر چلی گئ

یہ مرے گی آج" جیکسن نے ان دونوں کو بتایا۔۔۔ہیزل ہنس پڑی

چھوٹی سی تو ہے نکھرے دیکھا رہی ہے"۔

میں اسکے ہاتھ پاؤں توڑ دوں گا نکھرے جا کر اپنے باپ کو دیکھائے" وہ تپ کر بولا۔

اچھا اچھا بس۔۔۔ تمھیں اسکی تعریف کرنی چاہیے تھی" پرل نے کہا تو وہ سر جھٹک گیا

ایسی بھی کوئ چیز نہیں لگ رہی" وہ ذرا نگاہ چراتا بولا

خیر یہ تو غلط بات ہے پورے تین منٹ ساکت ہو کر دیکھا ہے تم نے اسے "

ہیزل نے اسکی چوری پکڑ لی تھی وہ نفی میں سر ہلاتا ان دونوں عورتوں کے پاس سے ہٹ گیا۔۔۔

چاہتا نہیں تھا کہ اسکی آنکھوں سے کچھ پتہ چلے وہ نواب زادی ہینری کے ساتھ منشن میں جا چکی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو منشن کا حلیہ ہی بدلا ہوا تھا اتنے 1وہ منشن میں داخل ہوئ تو آج۔

لوگ تھے کہ وہ ہچکچائ

واٹس رونگ "ہینری نے اسکی جانب دیکھا

وہ میں "وہ آہستگی سے بولی

تمھیں پتہ ہے میں اتنا خوش ہوں کہ تم بولتی ہو" وہ آنکھ مارتا بولا جبکہ وہ مسکرا دی۔۔

اچھا چلو اب اندر تمھارا ویٹ یہاں کا ایک ایک شخص کر رہا ہے"۔

ہینری نے کہا لیکن معلوم نہیں کیوں اسے ڈر لگ رہا تھا ہینری اسکے پاس تھا اسکے پاس یہاں ہزاروں گارڈز تھے جیک تھا جیمز اور بھی بہت لوگ مگر وہ ڈر رہی تھی پھر بھی اتنے لوگوں کے سامنے سے اسنے قدم اندر بڑھایا۔۔اور ہینری نے اسکی نازک کمر کے گرد اپنا بھاری بازو حائل کر لیا اور اسکے ساتھ اندر چلنے لگا وہ جیسے ہی اندر آئی تو کئی لوگوں کی نگاہیں اسپر ٹھہر گئیں اور کتنے لوگ تھے جو اسے ایسے دیکھ رہے تھے جیسے ان سیاہ پینٹ کوٹوں میں ملبوس لوگوں کے بیچ وائیٹ ڈریس میں ایک پری اتری ہو جو کہ ہینری کے ساتھ چلتی ہوئی جھجھکتی ہوئی سامنے کی جانب جا رہی تھی۔۔

اور اچانک ان لوگن کو دیکھتے مدھم مسکراہٹ سے چلتی اسکی مسکراہٹ کو جہاں ایکدم بریک لگی وہیں اسکے قدم بھی زمین نے جکڑ لیا۔۔۔

پارکر آرتھر امیلیا اور جولین اسے ہی دیکھ رہے تھے پارکر کی آنکھوں میں ناگواری نفرت حسد جلن کیا کیا تاثرات نہیں تھے آرتھر غصے اور جنون میں اسے دیکھ رہا تھا جبکہ جولین حیران تھا اور امیلیا بھی حسد بھری نگاہوں سے اپنی ہی بیٹی کو دیکھ رہی تھی۔۔وہ ٹھہر گئی خوف سے اسکا وجود تھر تھرانے لگا تھا اور یہ خوف اسے آگے بڑھنے نہیں دے رہا تھا وہ ٹوٹ رہی تھی کھڑے کھڑے بہت کچھ یاد آگیا اور رنگ پھیکا پڑ گیا اور اسنے دیکھا کہ آرتھر اسکے نزدیک آنے لگا ہو وہ اسکی جانب قدم اٹھا کر ابھی اسکے پاس اتا اور ایلے وہیں کہیں گیر پر یہ تو مر جاتی یہ بے ہوش ہو جاتی کیونکہ اب وہ ان کے ساتھ نہیں جانا چاہتی تھی۔

تبھی ایک مظبوط ہاتھ جس پر تیندوا کدا تھا اسکی کمر میں حائل ہوا اور مظبوط قدموں سے وہ اسے اپنے سہارے پر اٹھاتا آگے چلنے لگا اسکی چال میں وہ کانفیڈنس تھا کہ وہاں کھڑے کتنے لوگ کو مات دے گیا اور ایلے نے دیکھا آرتھر ایک قدم دور ہوا تھا وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے جیکسن کو دیکھنے لگا۔۔

جو سامنے جیک کی جانب اسے لیے چل رہا تھا

مکمل بلیک تھری پیس میں وہ شرٹ کے بیچ کے پہلے تین بٹن کھولے بازو کہنیوں تک فولڈ کیے وہ اس قدر حسین لگ رہا تھا کہ ایلے کو لگا وہ کچھ نہیں ہے اس محفل میں جیکسن کے علاوہ اور کوئی حسین نہیں ہے پر اسرار نہیں ہے طاقتور نہیں ہے اسکے آتے ہی اسکا خوف کہیں چھپ گیا وہ اب ڈر نہیں رہی تھی اسنے محسوس کیا جیکسن نے ایک ہاتھ پر وہ اپنا

سارا وزن دیے کھڑی ہے تو آہستگی سے وہ دور ہوئی جیکسن نے مڑ کر
دیکھا۔۔

تو وہ سر جھکائے کھڑی تھی وہ کچھ نہیں بولی پرل اور ہیزل بھی وہاں
موجود تھیں پارٹی کا مقصد سمجھتے ہوئے لوگ چیما گویاں کرنے لگے۔۔
جیک اپنی مافیا کا نام دوبارہ بنا رہا تھا اور اس بار جیسکن یہ سیٹ سنبھالنے
والا تھا یہ پارٹی صرف جیکسن کی مافیا میں انٹری پر نہیں تھی۔۔
یہ تو یہ ثابت کر رہی تھی کہ اب ہر مافیا کو انکے قدموں پر جھکانے پڑے گا
اسنے سرد نگاہ سے چاروں جانب دیکھا اور ایک ایک شخص پر نگاہ ڈال کر۔۔
وہ جیک کی جانب متوجہ ہوا
پولیس کہاں ہے" وہ مسکرایا کہ سب تھے بس وہ لوگ نظر نہیں آ رہے
تھے۔

وہ پارٹی کے بعد آئے گی" جیک نے بتایا۔

انھیں بھی بلالیں" وہ بولا جبکہ مسکان جو اسکے لبوں پر تھی جیک نفی میں سر ہلانے لگا۔۔اور جیکسن نے پھر سے ایلے کی نازک کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے اپنے نزدیک کر لیا۔۔

کیا ہوا ڈر لگ رہا ہے۔" ویٹر نے اسکے آگے ٹرے کی تو اسنے گلاس اٹھا لیا اور ڈرنک پینے لگا ایلے نے ایک نگاہ اسپر ڈالی اور سانس اندر اتارا۔

تم بول سکتی ہو" وہ گھونٹ اندر اتارتا اسے ہی دیکھ رہا تھا آج ایلے کو اسکے چہرے پر الگ ہی مسکراہٹ محسوس ہو رہی تھی جبکہ اتنی بھیڑ میں سب سے بے نیاز وہ اس سے بات کر رہا تھا اسکی پوری زندگی میں آج تک کسی نے اسے اتنی اہمیت نہیں دی تھی

ایلے پھر بھی چپ رہی تو جیکسن نے اسکی کمر پر ایک چٹکی بھری وہ ذرا سٹپٹا کر اسکی جانب دیکھنے لگی

کہانہ بول سکتی ہو تو بات کرو مجھ سے" وہ پھر سے گھونٹ اندر اتارتا بولا

جبکہ ایلے منہ بسورتی کمر پر اسی جگہ ہاتھ لے جا کر سہلانے کی کوشش

کرتی کہ جیکسن نے اسکا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔

ن۔۔ نہیں لگ رہا ڈر" وہ آہستگی سے بول گئ

گریٹ" وہ مطمئین ہوا جبکہ امیلیا پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی

جس کے لب ہلے تھے معلوم نہیں پار کر جولین یہ آرتھر نے یہ منظر

دیکھا تھا یہ نہیں لیکن امیلیا تو حیرت کے مارے مڑی۔

وہ ایلے بول رہی ہے" وہ بولی تو حیرانگی سے اسکا لہجہ بہت دھیما ہو گیا

پار کر نے چونک کر سر اٹھایا وہ انکی جانب نہیں دیکھ رہی تھی جبکہ جولین

ہنس دیا۔۔۔

اسکی۔ اتنی شاندار تیاری دیکھ کر آپ اتنا جیلس نہ ہوں کہ گونگی لڑکی

کے زبان لگا دیں یار" جولین ماں پر طنز کرتا بولا

نہیں میں سچ "وہ مڑی جیکسن ایلے کو مختلف لوگوں سے ملوا رہا تھا لیکن اسکی جان تو جیکسن کے ہاتھ کی حرکت پر اٹکی ہوئی تھی جہاں اسنے چٹکی بھری تھی وہیں اب اسکی انگلیاں نرمی سے۔۔جو جادو بکھیر رہیں تھیں ایلے قدموں پر لڑکھڑاتے سی پورا وزن اسپر رکھے ہوئے تھی۔۔۔

آرتھر سامنے چلتا ہوا جیکسن کے سامنے اگیا۔۔

جیکسن نے وائین کے گلاس کے پیچھے سے اسے دیکھا۔۔اور ایلے نے اسکی شرٹ کو جکڑلیا۔۔

جیکسن نے شرٹ کی جانب دیکھتے ایلے کو مزید قریب کرلیا جسے دیکھ کر آرتھر مسکرایا تو جیکسن بھی مسکرا دیا۔۔

معلوم نہیں کیسے لیکن ایک انسان پر دو لوگوں کی پوری ملکیت اور اختیار ہے کیسے توازن رکھے گی یہ معصوم سی جان "آرتھر کے مسکرا کر کہنے پر ایلے کی نگاہیں کانپ سی اٹھی اور وہ خود میں اتنی ہمت نہیں پاتی تھی کہ

وہ۔نگاہ اٹھا کر آرتھر کو دیکھے اسے ڈر تھا وہ اسے۔گھسیٹ کر اس خواب سے کھینچ کر لے جائے گا۔۔

جیکسن نے لبوں پر زبان پھیری اور گلاس سامنے پاس کھڑے ملازم کی ٹرے میں رکھ دیا۔۔

کس کا کس پر اختیار ہے ذرا کھل کر بتاؤ"۔اسکا مزاج آج ذرا مختلف تھا اسکی آنکھوں میں کوئی سفاکیت نہیں تھی سرد مہری نہیں تھی وہ خوش باش لگ رہا تھا آرتھر البتہ گھور کر اسے دیکھنے لگا۔۔

تمھیں دیکھنے کی خواہش تھی آج پوری ہو گئی" اسنے بات کا رخ پلٹا۔۔

جیکسن نے سر ہلایا۔۔

حالانکہ میں لوگوں کی خواہش پوری نہیں کرتا" جیکسن شانے آچکا کر بولا تو لہجہ اب بھی مسکرا رہا تھا۔۔

اور جتنا وہ مسکرا رہا تھا اتنا آرتھر کے اندر آگ سی سلگ رہی تھی۔ جیسے وہ اسے جتا رہا ہو کہ وہ کچھ نہیں کر سکتا۔۔

ملین ڈالرز۔۔ میں میں نے خریدا ہے ایلے کو اور آج میری ہی چیز 5 کے سر پر تاج پہنا کر اس سے شادی کر کے تمھیں کیا لگتا ہے تم اسے اپنا کر لو گے۔" آرتھر نے پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالا اور جیکسن نے دوسرے گلاس سے گھونٹ بھر کر مسکراتے ہوئے گلاس ٹیبل پر رکھ دیا۔

سر ہلاتا وہ اسے ہاتھ سے پرے دھکیلتا جیسے اسکی بات کی نہ کوئی اہمیت تھی نہ اوقات وہ ایلے کے کانپتے ہاتھ کو تھامے آگے بڑھا اسکے ملازم اسکے نزدیک آئے اور ایلے کو بیچ میں جیسے ہی اسنے کھڑا کیا۔۔ ویسے ہی لوگ انکے گرد گول گھیرہ بنا گئے

جیک جیمز جیکوب ہیزل پرل ڈیزی ہینری جورڈن اور سلگتا ہوا مارک بھی قریب اچکے تھے اور جیکسن نے اپنے گارڈز کے ہاتھ میں موجود ٹرے میں سے معلوم نہیں کتنے پیسے مٹھی بھر کر اٹھائے اور ایلے کے اوپر اچھال دیے۔۔۔۔

ارد گرد تالیوں کی بوچھار سی برس گئ۔

یہ ثبوت تھا کہ 5 ملین ڈالرز اور جیکسن کی ملکیت۔۔بہت فرق تھا۔

۔۔۔جیکسن جس کو اپنی ملکیت سمجھ لے وہ قیمتی ہو جاتا تھا اور ایلے اسکی زندگی میں آنے والی پہلی لڑکی تھی۔۔

وہ ایک ہاتھ سے ڈرنک کر رہا تھا جبکہ دوسرے ہاتھ سے سرخ بھیگی نظروں سے خود کو دیکھتی ایلے پر ڈالرز کی برسات اسطرح کر دی جیسے آسمان سے بارش برس رہی ہو۔۔

جیک لب دبائے کھڑا تھا کیا وہ نشے میں تھا۔

خیر وہ جیکسن تھا۔اس سے کیا توقع کی جا سکتی تھی وہ خود بھی واقف نہیں تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اچانک جب ڈالرز ہوا میں اچھلتے آہستہ آہستہ ایلے پر برس کر اسکی اہمیت اسکی حیثیت کو بڑھا رہے تھے وہ ڈرنک کرتا اپنے قدموں پر سنبھالا اور ایلے کے بال پیچھے سے جکڑتا وہ معمولی سا جھکا اور اسکے لائیٹس سے لیپسٹک سے سجے ہونٹوں پر جھک گیا

ماحول ایکدم سکوت اختیار کر گیا۔

ایلے کو لگا جیسے گردش تھم گئی ہو۔

نرم سی حرکت تھی جو اسے جلا رہی تھی ایک ایسی آگ میں جس نے آج تک اسکو نہیں چھوا تھا آج تک کسی نے اسے اسطرح ٹریٹ نہیں کیا تھا۔۔۔

یہ جارحانہ ضرور تھا لیکن جیسے خواب سا سب سمجھ سے باہر

اور پھر وہ دور ہوا تو۔۔اسکی آنکھوں میں شراب سے زیادہ تو اپلے کا نشہ تھا تالیوں کی گونج ارد گرد گونج گئی تھی اور جیک نے جیکسن کے شانے پر ہاتھ رکھا۔

جیکسن ہلکا سا مسکرایا اور جیک نے اسپر سے کئی ڈالرز وار دیے جیمز سر تھام گیا یہ دادا پوتا آج تجوریاں تو خالی نہیں کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔
کہیں حسد تھی کہیں جلن کہیں غصہ کہیں انتقام کہیں بھڑاس تھی اور کہیں جیکسن کو جو جیک نے اہمیت دی تھی اسکی چنگاریاں زور و شور سے بل کھاتی جلا دینے کو تیار تھیں۔

پرل ہیزل جیمز جورڈن اور سنجیدہ سا ہینری بھی وہیں آگیا وہ خوش تھا جیکسن کے لیے۔۔۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

وہ دیکھتا نہیں تھا لیکن اس سے پیار کرتا تھا لیکن بس دل میں کہیں ایلے اسے پسند تھی مگر وہ یہ بھی جانتا تھا ایلے کی حفاظت جیکسن کے علاوہ کوئی نہیں کر سکتا۔۔۔۔

یہ کہانی صرف نیویورک کو حاصل کرنے کی جنگ میں شروع ہوئی تھی لیکن اس وقت وہاں کھڑے ہر شخص کو اس کہانی میں محبت کی ایک نئی داستان کی بو آرہی تھی۔۔۔۔

اور اگر ایلے جیکسن کے دل میں تھم جاتی تو ایلے کی پیچھے جیسکن پوری امریکہ میں لاشیں گرا سکتا تھا۔

وہ اتنا ہی پاگل تھا۔۔

اور اسکے پاگل پن کو بہت لوگوں نے خاموشی سے محسوس کیا تھا جس میں پار کر بھی تھا حالانکہ مافیا کا گڑھ اس وقت اسکے ہاتھ میں تھا لیکن اوقات زیرو شاید آپکی اوقات آپکا رویہ بڑھا دیتا ہے۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

آپ جتنا کانفیڈنٹ رہتے ہیں لوگ اتنی آپکی غلامی کرتے ہیں اور یہ بات روبو فیملی میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی۔۔اسکے ہر ایک مرد میں۔۔کہ جہاں وہ ہوتے وہاں دوسرا کوئی نہیں تھا۔۔

ایلے اور جیکسن کی شادی۔۔اسی حساب سے ہوئی جس طرح لاس ویگاس کی ہر شادی ہوتی تھی سگنیچر پیپرز پر کر کے۔۔۔۔

جیکسن دور ہو کر کھڑا ہو گیا آج وہ کچھ زیادہ ڈرنک کر رہا تھا پر ل ایک لفظ بھی نہیں بولی تھی اور وہ بولتی بھی کیا۔۔

بھائی تم نے یہاں سے جیل جانا ہے تو اتنی پینی ہے کہ جیل جا کر سو جاؤ۔ ۔ہو کیا رہا ہے کیے جا رہے ہو" ہینری نے اسے ٹھوکا مارا جبکہ وہ لاپرواہی سے اسے دیکھنے لگا جسے جیل جانا یہ نہ جانا یہ اسکے لیے میٹر نہیں رکھتا۔۔

ایلے چور چور نگاہوں سے امیلیا کو دیکھتی جو کہ اسے ایسے دیکھ رہی تھی کہ کچا چبا جائے اور پھر سہم کر نگاہ جھکا لیتی ایک تپتا ہوا لمس اب بھی اسکو۔ محسوس ہو رہا تھا وہ ڈر رہی تھی جیکسن سے بھی۔۔۔

وہ الگ تھا وہاں کھڑے ہر فرد سے الگ اسنے کسی کو نہیں دیکھا کسی سے نہیں ملا حالانکہ یہ پارٹی اسکی تھی

وہ مسلسل پی رہا تھا پھر بھی اپنے قدموں پر کھڑا تھا اور پھر میوزک بجنے لگا۔۔

میوزک کی دھن پر سب جھوم اٹھے اور لاس ویگاس میں ہونے والی اس پارٹی کو سب بھول نہیں سکتے تھے۔۔ ایلے پرل اور ہیزل کے ساتھ کھڑی تھی

اور جب۔ میوزک بجنے لگا تو سب اپنے پارٹنرز کے ساتھ ڈانس میں لگ گئے۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

ایلیے نے ہینری کو دیکھا وہ بھی کسی لڑکی کے ساتھ سلو ڈانس کر رہا تھا

جبکہ کتنے آرام سے وہ تھا اسے لگا شاید وہ اس سے محبت کرتا ہے لیکن

محبت اور پسند میں بڑا فرق ہوتا ہے پسند بڑی جلدی تبدیل ہو جاتی ہے

جبکہ محبت پتھر پر لکیر کی طرح ہوتی ہے جو مٹائے نہیں مٹتی۔۔وہ سب

مصروف ہوئے تو وہ ڈر گئی اُسے تنہا دیکھ کر پار کر آرتھر امیلیا یہ جولین

میں سے کوئی اجاتا تو وہ گھبرائے گھبرائے جیکسن کو ہی ڈھونڈ رہی تھی جو

بیچ میں تھا اسکا گلاس بس ہوا میں بلند دیکھائی دے رہا تھا جبکہ ایلیے کو لگا وہ

بہت پیچھے جا رہی ہے لوگوں کا ہجوم بڑھتا جا رہا ہے دل کیا اسے پکارے

لیکن اچانک ہی کسی کی گرفت اپنی گردن پر محسوس ہوئی تو وہ خوفزدہ

ہوتی آرتھر کو دیکھنے لگی۔

بہت مزہ آرہا ہے تمھیں یہاں اگر تمھیں لگ رہا ہے تم آزاد ہو گئی اور

یہاں تمھیں بچا لے گا مجھ سے سیر یسلی تم ایسا سوچتی ہو۔۔چہ چہ چہ "

آرتھر نے اتنی سختی سے اسکی گردن جکڑی ہوئی تھی کہ ایلے سسک بھی نہ سکی اور ان سب کے سامنے خوف سے اسکی آواز غائب ہو جاتی تھی۔۔

پارکر بھی اسکے سامنے اگیا۔

آرتھر اس سے پیپر سائین کراؤ" پارکر نے نفرت سے اسکو دیکھتے ہوئے کہا۔

نہیں ڈیڈ اب تو یہ میرے لیے بھی ایسے ہی تیار ہو گی اسنے میری خریدیں ہوئی چیز پر اپنی مہر لگائی ہے میں اسکی مہر پر بنا شادی کے اس کو اپنا کروں گا۔۔اور اسکی ہر چیز کو بھی یہ آزادی میں سانس جتنے لینے تھے لے چکی اب ہمارے ساتھ جائے گی رش بہت ہے اگر ہم یہاں سے نکل جائیں گے تو فرق نہیں پڑے گا" جولین ادھر ادھر دیکھتا بولا۔۔

" اسکو تو میں گھر جا کر پوچھوں گی۔

اسکے ہاتھ پاؤں توڑ کر آج میں اسے بتاؤ گی کہ اتنی مہنگی چیزیں پہنے کی اسکی اوقات نہیں تھی۔۔امیلیا اسکے منہ پر اپنی حسد بکتی بولی وہ چاروں اسکے گرد گھیرہ بنا گئے تھے اور ایلے کی جان ایسے ہو گئ تھی جیسے ایک نازک سی چڑیا کی گردن پر چھری پھری جا رہی ہو۔۔

وہ اپنے بازو چھڑاتی کہ۔۔ان چاروں نے اسے باہر کی جانب گھسیٹنا شروع کیا۔۔

ایلے کی بے زرسی کوششیں دم توڑ چکی تھیں وہ باہر جا رہی تھی وہ اسے لے آئے تھے جبکہ اسکی نگاہ جیکسن کو تلاش رہی تھی وہ ہاتھ جو لگوں کے بیچ میں وائین کا گلاس ہوا میں بلند کیے ہلکا ہلکا تھرتھراتا محسوس ہو رہا تھا اب وہ ہاتھ بھی نہیں تھا کیا وہ یہاں سے چلی جائے گی پھر سے ظلم سہنے زیادتی سہنے پھر سے اسکی آواز چھین لی جائے گی۔۔

اور معلوم نہیں اسکے اندر اتنی طاقت کہاں سے آئ کہ وہ چلا اٹھی

جیکسن ن ن "اسکی چیخ تھی کہ وہ چاروں اپنی جگہ ساکت رہ گئے جبکہ

ایلے بچوں کیطرح پھوٹ پھوٹ کر رودی۔۔

اور پار کر کو اپنی گردن پر بندوق محسوس ہوئ وہ لوگ رک گئے۔۔

ایلے جھٹکے سے مڑی۔۔وہ پیچھے ہی تھا

یعنی وہ اسے نکلنے نہ دیتا۔۔

وہ زبان دبا گئ کیونکہ اسکے چہرے پر ناگواری تھی سب کے سامنے وہ راز

کھول چکی تھی کہ وہ بولتی ہے روبو فیملی سمیت امیلیا جولین اور آرتھر

بھی اسے حیرت سے دیکھ رہے تھے میوزک تھم گیا تھا۔۔۔

اور ایلے کی ایک سسکی سی نکلی اور وہ سب سے ہاتھ چھڑا کر دوڑ کر اسکے

سینے سے لگ گئ۔۔

جیکسن "جیک یہاں تماشہ نہیں چاہتا تھا وہ اتنا خونی تھا کہ ان چاروں کے

سروں میں گولیاں اتار دیتا۔۔

ریلکس ٹیک ایٹ ایزی۔۔اوایلے کے سر پر تاج پہناؤ" وہ ہلکا سا مسکرا کر بولا جیسکن نے آنکھیں سکیڑ کر دادا کو دیکھا۔۔

جو اسے آنکھوں ہی آنکھوں میں کچھ کرنے سے روک رہا تھا۔

جیکسن نے ایلے کا ہاتھ جکڑا اور اسے وہاں سے سب کے بیچ لے آیا۔۔

اور پوری دنیا کے سامنے اسنے ایلے کے سر پر وہ تاج رکھا تھا جو پار کر کے پاس تھا پار کر دنگ رہ گیا

آرتھر نے جھٹکا کھا کر مڑ کر باپ کو دیکھا امیلیا تلملا گئی یہ تاج اسکا تھا جولین بھی حیران تھا۔

اور مزید یہ ڈرامہ آرتھر سے برداشت نہ ہوا تو وہ سب سے پہلے وہاں سے نکلا۔۔اور اسکے پیچھے وہ سب بھی۔۔۔

ایلے سر جھکائے رونے میں مصروف تھی جبکہ جیکسن سپاٹ نظروں سے اسے دیکھا اسکے گال سختی سے رگڑ گیا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

واہ ایلے تم بول سکتی ہو"۔ہیزل مسکرادی۔۔

اور مجھے لگتا ہے جیکسن یہ جانتا تھا کیونکہ کچھ خوشگواریت نہیں ہے

چہرے پر۔"جیکوب نے کہا تو وہ سرد نظریں پھیر گیا۔۔

ایلے سے غلطی ہو گئی تھی وہ کیسے بھول گئی وہ اسے نہیں جانے دیتا۔۔ پھر

بھی وہ راز افشاں کر گئی تھی۔۔

وہ منہ بسورے کھڑی ہو گئی جیکسن نے ایک نگاہ چاروں سمت گھمائی۔۔

تاج پہنایا جاچکا تھا۔۔مافیا اب حیران تھے یہ تاج تو۔۔اور بس سب رک

جاتے کیونکہ تاج پارکر کے پاس تھا یہاں کیسے آیا تھا۔

سب نے تالیاں بجائیں اور ہینری نے پھر سے میوزک کا شور برپا کر

دیا۔تو سب پھر سے جھوم اٹھے۔۔

جیکسن نے جیک کی جانب دیکھا جس نے آنکھ سے اشارہ کیا

جیکسن ایلے کا ہاتھ پکڑتا پیچھے پیچھے ہوتا چلا گیا۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

یہاں تک کے وہ اسے لیے بھاگتا ہوا گھر کے پیچھلی سمت دوڑا یہ اسکا گھر تھا وہ یہاں کے ہر چور راستے سے واقف تھا۔

جیکسن ابھی دیکھائی دے رہا تھا اس پارٹی میں لیکن اب نہیں۔۔۔

پولیس کی نگاہ اسے تلاش رہی تھی لیکن وہ نہیں دیکھا تو۔۔

وہ ہوائی فائرنگ کر گئے۔

وہاں کھڑے کسی شخص کو اس فائرنگ سے گرز نہیں تھا۔۔

Where is Jackson??

وہ بولے جبکہ جیک کی سپاٹ نظروں سے خود ہی خائف ہو گئے " دیکھائی دے تو پکڑ لینا سوال مت کرو" دوٹوک جواب دے کر۔۔ وہ۔ پارٹی میں مگن ہو گیا اور جیکسن روبو فرار ہو چکا تھا ایلے کو لے کر اسنے کہا تھا وہ گرفتار نہیں ہو گا تو وہ گرفتار نہیں ہوا۔۔۔۔

اینتھن کا بیٹا اور بھائی بل کھا گئے تھے۔

دشمن سارے ایک نہ ہوتے تو اسے توڑنہ پاتے جو پرائیویٹ جٹ میں سوار ہو کر یہاں سے اڑان بھر چکا تھا۔

اور اب سفر استنبول کی جانب تھا کیونکہ وہ شہر اسکے باپ کی بھی پسندیدہ جگہ تھی اور کچھ کچھ اسکی بھی۔۔

---

آرتھر سارا گھر کو تباہ کر چکا تھا۔۔ جبکہ پار کر خود اتنے غصے میں بھرا تھا کہ اس سے برداشت نہیں ہو رہا تھا۔۔ یہ سب اور ایلے "وہ دانت پیس گیا اسکو اتنی جرت دی کس نے کہ وہ بول سکے اس میں اتنی ہمت کیسے آئی وہ اسکی ہمتوں کو جلا کار اکھ کر دے گا وہ اسے ایسی مات دے گا کہ وہ۔۔ اپنے آپ کو صرف ایک کوڑے کے سوا کچھ نہیں سمجھے گی۔۔

جولین البتہ ان سب کی حالت پر ہنس رہا تھا اور امیلیا تو اپنی ہی بیٹی پر نگینے اور گھنے دیکھ کر جل بھن چکی تھی اور وہ بول سکتی تھی اتنا عرصہ اسنے تماشہ لگایا تھا ان لوگوں کے ساتھ۔۔

وہ مٹھیاں بھینچ گئی۔

آرتھر ریلکس" پار کرنے ہمت کرتے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا

نو یہ سچویشن ریلکس ہونے کی نہیں ہے ڈیڈ اسنے میرے منہ پر تماچہ مارا ہے ایلے صرف میری ہے صرف میری آرتھر کی آرتھر نے اسے خرید لیا تھا۔ وہ کسی اور کی ہو ہی نہیں سکتی۔۔

یہ بات طے ہے" وہ چلا رہا تھا پاگل سا ہو رہا تھا عجیب جنونی سی کیفیت تھی پار کر لب دبا گیا۔

کتے کیطرح اس کو گھسیٹ کر یہاں لائیں گے تم فکر نہ کرو۔۔

ایتھن کی موت کا بدلہ بھی لینا ہے بہت ادھار ہیں جیکسن پر۔۔

میں اسے بخشوں گا نہیں"۔۔

وہ چلایا تو آرتھر نے ایک بار پھر سے لیمپ دے کر مارا۔۔وہ مہنگا ترین لیمپ کانچ کے کئی ٹکڑوں میں تقسیم ہوتا بے قدر ہو چکا تھا۔
نینی کانپتی ہوئی کھڑی سب سن رہی تھی وہ خوش ہوئی کہ ایلے کتنے محفوظ ہاتھوں میں چلی گئی تھی اب اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا تھا یہ لوگ بس یوں ہی تلملاتے رہ جاتے اور وہ اپنی زندگی میں خوش ہونے کو تیار تھی خوشیوں نے اپنے بازو پھیلا لیے تھے اسکے گرد۔۔۔
نینی دل سے دعا گو تھی کہ اس بچی نے یہاں بہت تکلیفیں سہی تھیں اور دیکھو کتنی گھنی میانی نکلی کہ بول سکتی تھی اور ہمارے سامنے گونگے پن کا ناٹک کرتی تھی" جولین نے کہا جبکہ نینی چونک گئی۔۔۔

کیا ایلے بول سکتی تھی" اسکی آنکھیں چمکی اور وہ کچن میں ہو گئ۔ کتنی خوشی کی بات تھی یہ یہاں تک کے خوشی سے انکی آنکھوں میں آنسو سے بھر گئے۔۔

میں اسی نیویارک میں جیکسن روبو کو گاڑھ دوں گا۔" آرتھر جیسے خود کو سمجھاتا ہوا وہاں سے باہر چلا گیا پار کر بیٹے کی یہ حالت دیکھ کر لب دبا گیا انکی پوزیشن انکا سٹیٹس بہت اونچا تھا پھر بھی آج وہ سب بے عزت وہ کر نکلے تھے وہاں سے۔۔

اور وہ تاج" اسے کچھ یاد آیا تو لائبریری میں دوڑا اور اسنے ایک کتابوں سے بھری دیوار پر ہاتھ کا دباؤ گیا تو وہ کھلتی چلی گی اور۔۔اسکے لالچ بھری آنکھیں وہاں رکھے ڈالرز کے بڑے بڑے بنڈلز کو دیکھنی لگیں یہ سب اسکا تھا جیک روبو کا نہیں کچھ بھی نہیں تھا جیکس روبو کا اسنے ایک تجوری کھولیں یہاں وہ بیش قیمت تاج تھا۔۔

اور وہ تجوری کھولتے ہی اندر ایک کارڈ دیکھا اسے دھچکا لگا تھا۔

اس کارڈ پر J لکھا تھا۔

وہ جے "فیملی تھی اور یہ تاج۔۔۔انکا تاج پار کر کو لگا وہ لوگ اسے منہ چیڑا رہے ہوں نفرت حقارت غصے اور غضب سے وہ چلا اٹھا

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-

\-\-

وہ کافی دیر سے سیٹ پر بیٹھی تھی سفر شروع ہو گیا تھا لیکن ختم نہیں ہو رہا تھا اسکا پرائیویٹ جٹ جسٹن ہی چلا رہا تھا۔۔جبکہ وہ اندر تھا۔۔

ایلے اسی طرح تیار سر پر تاج رکھے نظریں جھکائے بیٹھی تھی

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

وہ بھاگ کر اسکے سینے سے لگی تھی کیا اسے یہ لگا تھا وہ اسکی حفاظت کر سکتا ہے کیا وہ اسے بہت طاقتور سمجھتی تھی....

ہاں بس اتنا محسوس ہوا تھا پار کر اور آرتھر اسکے ہوتے ہوئے اسے چھو نہیں سکتے تھے جب ہینری کے ہوتے ہوئے آرتھر میں اتنی جرت تھی کہ وہ اسکے پاس اسکتا تھا تو وہ کچھ بھی کر سکتا تھا لیکن جب جیکسن آیا تو سب بدل گیا ماحول میں ایک الگ ہی وزن سا محسوس ہوا اسکا ہاتھ اسکے گرد تھا اور ایلے کو لگا وہ مظبوط قلعے میں ہے جہاں سے اسے کوئی نہیں لے جا سکتا۔۔

وہ اپنی سوچوں میں مگن تھی کہ جسٹن اسکے پاس اگیا وہ چلا اٹھی۔۔

جبکہ اسکی چیخ سن کر اندر آنکھیں بند کیے لیٹے جیکسن کی آنکھیں ایک دم کھلیں تھیں

جسٹن جسٹن جہاز کون چلا رہا ہے آپ یہاں کیوں آئے ہیں ہم کریش کر جائیں گے ہم کسی پہاڑ سے ٹکرا جائیں گے اوہ گاڈ اب ہم مرنے والے ہیں مجھے ابھی نہیں مرنا۔۔ جسٹن آپ جائیں جہاز کیسے اڑ رہا ہے " ریلکس میم پلین اٹو میٹنگ موڈ پر ہے" جسٹن ہنسی ظبط کرتے بولا جبکہ ایلے جھاگ کیطرح بیٹھ گئی۔

وہ خود چل رہا ہے" وہ پوچھنے لگی جسٹن نے سر ہلا دیا وہ منہ بنا گئی۔۔۔لو پھر بول پڑی تھی وہ آخر اسکی زبان رکتی کیوں نہیں تھی" اسے خود پر غصہ آیا تھا پہلی بار اور وہ اوپر ہو کر بیٹھ گئی

اپکو بھوک لگی ہے کچھ کھائیں گی" جسٹن نے دیکھا وہ شاید بھوکی ہے تبھی ایسا بیہیو کر رہی ہے ایلے نے سر ہلا دیا

اور اس سے پہلے جسٹن سامنے فریج میں سے کچھ نکال کر اسکیطرف بڑھاتا ایک سخت ہاتھ نے اسکی کلائی پکڑی اور اسے جسٹن کے پاس سے

لے کر وہ دوسری طرف آگیا اس پورشن میں اور اس پورشن میں بس ایک بریک سے پردے سے علیحدگی تھی یہ جٹ زیادہ بڑا نہیں تھا لیکن جیکسن اکثر سفر کرتا تھا اس میں۔۔۔۔ایلے اسکے ساتھ گھسٹتی ہوئی اس طرف آگئ جہاں ایک سکون دہ صوفے کیطرح پھیلی چیئر تھی یہ اتنی بڑی تھی دو بندے آرام سے سو سکتے تھے اسپر۔۔

جیکسن نے اسکا ہاتھ چھوڑا اسے چھوٹی چیئر پر دھکیلا اور اسکے آگے فریزر کھول دیا۔۔

اب مت چیخنا" گھور کر کہتا وہ اسے چپ رہنے کا کہہ گیا تھا اور فریزر بھی کھول دیا کہ جتنا ٹھونسنا ہے اس میں سے ٹھونس لو

ایلے کو اس وقت ہینری بہت زیادہ یاد ارہا تھا اسنے سب سے پہلے تو تاج اتار کر سائیڈ پر پھینک دیا۔۔

جیکسن نے آنکھوں پر سے بازو ہٹایا اس تاج کی قیمت اگر وہ جان لیتی تو شاید ہوش اڑ جاتے جس میں جڑا ایک ایک ہیرا اتنا قیمتی تھا وہ پھینک چکی تھی۔

اور فریزر میں گھسی ہوئی تھی اسکے بال آگے کیطرف جھکے تو کمر پر نگاہ دوڑ گئی اور کسی سانپ کی طرح رینگتی وہی نگاہ اسکی گردن پر جا ٹھہری جہاں ایک نشان سا تھا جیکسن اسے دیکھتا رہ گیا۔۔

اسنے زور سے آنکھیں میچ کر رخ پھیر لیا کہ دیکھتا رہا تو عجیب و غریب جذبات کو سنبھلنا مشکل ہو جائے گا جبکہ وہ۔۔جو اسے اچھا لگا تھا نکال کر گول سامنے ٹیبل پر رکھتی کھانے لگی۔۔

اسے لگ رہا تھا جیکسن سو چکا ہے۔۔

وہ نہایت بوریت کا شکار ہونے لگی تھی کھاتے کھاتے جبکہ شاید لاشعوری طور پر جیکسن اس بات کا خواہشمند تھا کہ وہ سو جائے۔۔

جب وہ سو جائے گی تو وہ اپسرا اسکے پہلو سے الگے گی اور جب وہ اسکے پہلو سے لگ جائے گی تو پھر اسکے پاس سے نہ بھاگتی نہ بولتی نہ کسی کو یاد کرتی لیکن اسکو شاید نیند نہیں آرہی تھی اسنے نوڈلز کے ڈبے میں کانٹا پھینک دیا۔۔۔

نکھرے ہی بڑھ گئے تھے آج کل تو ورنہ وہ لڑکی تھی جس نے آف تک نہیں کی تھی کبھی۔۔۔ جیکسن اٹھ کر بیٹھ گیا وہ ذرا دور ہوئی۔۔

کیا مسلہ ہے "سنجیدگی سے سوال کیا۔

اسے یاد آیا وہ کتنا ڈرنک تھا۔۔ کتنی شراب پی تھی اور اب نارمل بیٹھا تھا۔۔

کچھ نہیں" وہ اہستگی سے بولی اس بات کو ملحوظ خاطر رکھا کہ اسے پسند نہیں وہ اسکے سامنے نہ بولے۔۔۔۔

پسند تو اسے یہ بھی نہیں تھا کہ وہ کسی اور کے سامنے بولے مگر اسنے ٹھان لی تھی جیکسن کے خلاف چلنے کی یہ پھر اس سے غلطی سے یہ سب ہو جاتا تھا۔۔۔

تو تمیز سے جو کھانا ہے کھاؤ اور سو جاؤ" بلآخر وہ سرد لہجے میں مقصد کی بات بول ہی گیا

آپ مجھے سلاتے رہتے ہیں" وہ چیڑ کر بولی۔۔

جیکسن نے آئی بر واچکائی۔۔

مجھے ہینری کے پاس جانا ہے وہ بہت اچھا ہے وہ مجھ سے باتیں کرتا ہے۔ "وہ بولی۔۔اسکی طرف دیکھ نہیں رہی تھی پھر بھی وہ بول رہی تھی

ہممممم تو تمھیں نہیں سونا" سکون سے سوال کیا وہ جلدی سے نفی میں سر ہلا گئی

ہینری کے پاس جانا ہے" سنجید گی سے پوچھا تو وہ پھر سر ہلا گئی جبکہ جیکسن نے ایک لمحے کے لیے آنکھیں بند کیں۔

منہ سے بولو" ذرا سختی سے وہ بولا۔

ج۔۔۔جی نہیں سونا" وہ جلدی سے بولی کہیں غصہ نہ کرنے لگ جائے۔

یہ اٹھا کر اوپر رکھو" اسنے ذرا برہمی سے کہا اور تاج کیطرف اشارہ کیا وہ تاج سب سے پہلے پرل کے سر پر سجا تھا اور وہ اسکی قیمت کو سمجھنے کو تیار نہیں تھی اسلیے نے وہ تاج اٹھا کر اوپر ٹیبل پر رکھ دیا وہ اسے صرف ڈانٹ سکتا تھا اور کچھ نہیں کر سکتا تھا۔۔ تبھی اسنے وہاں سے جانا مناسب سمجھا تھا وہ باہر جسٹن سے باتیں کرلے گی یہ سوچ کر وہ اٹھی اور وہاں سے جیکسن کو اگنور کر کے جانے لگی کہ جیکسن نے اسکی کلائی پکڑی اور اسے گھما کر خود پر کھینچ لیا۔۔

ایلے دھک سے رہ گئی ایسا لگا دل ہلکا ہلکا دھڑک اٹھا ہو سانسیں مدھم پڑ گئیں ہوں اور وجود ٹھنڈا پڑ گیا ہو جبکہ۔۔ جیکسن نے اسکی کلائی آہستگی سے موڑ کر اسکی کمر سے لگا دی اسکی کمر سے ٹکراتی جیکسن کی ٹھنڈی انگلیاں ایلے پریشانی سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔ جس کی دل کی دھڑکنیں کانوں میں محسوس ہو رہیں تھیں۔۔ دھڑکنیں ایسی تھیں کہ وہ عجیب سا محسوس کرنے لگی جیسے کمزور سا۔۔۔۔

تمھیں یاد ہے میں نے کچھ وقت پہلے تمھیں ایک بات کہی تھی" اسکے گولڈن سنہری بالوں کی ایک لٹ گال پر آ گری۔۔ جیکسن نے انگلی کے پور کو اسکے گال پر پھیرا اور اس کو اسکے کان کے پیچھے اڑیس دیا اس کی انگلی کی حرکت میں ہی ایلے کا دل تھم گیا

جیکسن کی آنکھوں میں نشے کی سرخیاں تھیں جو قریب سے دیکھائی دے رہیں تھیں۔۔۔۔۔ وہ شاید منتظر تھا کہ اسے وہ بات یاد ہو گی۔۔

یاد ہے "اسنے ایلیے کی ملائی سی کلائی کو ذرا اور موڑ دیا۔

جس پر وہ سسکتی ہوئی خود کو اس سے آزاد کرنے کی سعی میں ہلکان سی ہونے لگی جبکہ جیکسن کی پکڑ اتنی بھی ڈھیلی نہیں تھی۔۔

ن۔۔۔نہیں نہیں یاد چھوڑ دیں مجھے "وہ آہستگی سے ہمکلام ہوئی جبکہ جیکسن کی سرخ آنکھیں اسکے گلابی لبوں کے کناروں میں رک گئیں

آج کیا ہوا ہے "وہ سکون سے اسے سوال کر رہا تھا جیسے وہ ایک دلچسپ گیم ہے جسے بڑے مزے سے وہ کھیل رہا ہو۔۔۔

ک۔۔کیا ہوا ہے آپ آپ مجھے ڈرا رہے ہیں "وہ اپنی کلائی آزاد کرنا چاہ رہی تھی کیونکہ اب اسکے بازو میں درد ہونے لگا تھا

جیکسن نے نفی میں سر ہلاتے گہرہ سانس کھینچا اور اسکی کلائی آزاد کرتے اسے سیٹ پر دھکیلتا وہ خود کھڑا ہو چکا تھا۔۔

جیکسن نے اپنی شرٹ کا اوپری بٹن کھول دیا گرمی کا احساس سا بڑھ گیا تھا ایلے سمٹ گئی وہ کیا کرنا چاہ رہا تھا اسکی آنکھوں میں فکر کے تاثرات کافی محظوظ ہو کر دیکھے تھے اسنے۔۔

یاد کرو آج کیا ہوا ہے" وہ اسکے ارد گرد ہاتھ رکھتا جھکتا اسے تپتی نظروں سے دیکھتا پوچھ رہا تھا جس کے شانے اور انپر پھسلتی اسکے لباس کی سٹریپس اسے اپنی سمت کھینچ رہی تھیں۔۔

ایلے آنکھیں چھت پر لگا گئی شاید سوچنا چاہ رہی تھی جبکہ اسکی تیز تیز سانسیں اسکے خوف کا پتہ دے رہیں تھیں وہ اس وقت بلکل اس بچے کیطرح لگ رہی تھی جس کا ٹیچر اسکے سر پر سوار تھا کہ وہ ٹیسٹ دے اور اسے ٹیسٹ کا ایک لفظ بھی یاد نہیں تھا۔۔

اسے یہ یاد نہیں تھا آج انکی شادی ہوئی ہے۔۔۔ جیکسن اسکے نزدیک ہوا۔

ی۔۔۔یاد یاد۔۔۔یاد آرہا ہے پلیز دو دو منٹ" ہلکان ہوتی سانسوں میں وہ بے دھیانی میں اسے روکنے کو اسکے دونوں بازوں تھام گئ تھی

آج آج پارٹی تھی اس پارٹی میں آپ نے مجھے تاج پہنایا" وہ اٹکتے اٹکتے اسے دیکھتی بے حد پریشان تھی

گڈ اور" وہ سر ہلاتا اس سے مزید جاننا چاہتا تھا

اور کیا ہوا تھا" وہ روپڑی اور جیکسن سر جھکا گیا

اسکی پوری زندگی میں یہ واحد لڑکی تھی جو اسکے اتنے قریب تھی اور عقل صفر۔۔۔صفر سے بھی نیچے کوئ ہندسہ ہوتا تو وہ اسے دے دیتا۔

۔آج انکی شادی ہوئ تھی یہ بات اسکی کند ذہن میں تھی ہی نہیں۔۔۔۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

سوچو تمھیں یاد آجائے گا" اسنے آہستگی سے اسکے گالوں کو اپنی انگلیوں سے صاف کیا اور اسے ڈرانے کے بجائے وہ بیٹھ گیا جبکہ وہ سسکیاں بھر رہی تھی۔

ڈونٹ وری میں انتظار کر رہا ہوں تمھاری یاداشت کے واپس آنے کا"

وہ بولا تو اپلے پھر سے سوچ میں چلی گئ۔

اسکی چھوٹی چھوٹی ہچکیاں جیکسن کے وجود میں طوفان اٹھا رہیں تھیں۔۔

وہ گھیری نگاہوں سے اسے ہی دیکھ رہا تھا جو بے حال حلیے میں خود کے شعلہ دیتے وجود سے ناواقف یاد کرنا چاہ رہے تھی

آہ" شاید اسے یاد آگیا تھا

آج ہماری شادی ہوئ ہے۔۔"۔ وہ بولی اور ایکدم زبان دبا گئ

Great how smart you are?

وہ کلیپنگ کرنے لگا جبکہ جن نظروں سے وہ اسے دیکھ رہا تھا وہ سر جھکا گئ۔۔شرمندگی کے احساس سے۔۔۔

تمھارا دماغ کافی شارپ ہے" وہ لیٹ گیا جگہ اتنی ہی مختصر تھی کہ وہ اسکے اتنا نزدیک تھا کہ وہ ہل بھی نہیں سکتی تھی۔۔

مجھے۔۔۔مجھے نیند ارہی ہے" وہ بولی اور اپنے ڈریس کو سمیٹنے لگی جس پر وہ پھیل کر لیٹا تھا

سو جاؤ اچھی بات ہے ویسے بھی مجھے ہوش وحواس میں تم اچھی نہیں لگتی "وہ پاؤں جھلاتا سکون سے بولا

ایلے نے مڑ کر دیکھا

تو شادی کیوں کی" وہ بے ساختہ پوچھ گئ اُسکی آنکھیں مسکرانے لگیں تھیں جبکہ چہرے پر ایسا تاثر نہیں تھا

" دادا کا حکم تھا

اپ چھوٹے بچے ہیں" وہ منہ بنا کر بولی

نہیں" وہ ایکدم اٹھتا اسکے پشت پر بکھرے بالوں کو اپنے احساسات کو آزاد کرتا ایک طرف کر گیا جیسے ثابت کر رہا ہو نہیں چھوٹا بچہ تو بلکل نہیں ہوں۔۔۔۔

حسین ملائی سی رنگت اور سانسیں روک دینے والا وجود بنا کسی روک بند کے اسکے سامنے تھا جیکسن کی انگلیاں اپنے آپ اسکی کمر پر اپنے نام کے ہندسے لکھ گئی تھی جیسے بس وہ اسکی ہو وہ درج کر چکا ہے جبکہ۔۔ایلے غش کھانے لگی۔

یہ سب کیا ہو رہا تھا اسکی سانسیں کیوں الجھ رہیں تھیں جبکہ پشت پر بکھرتی جسارتیں بڑھتی جا رہیں تھیں نہایت آہستگی سے اور جتنی سستی سے یہ حرکت اسکی کمر پر سے ہوتی گردن پر اٹھریں اور ایکدم اسکی گردن جکڑی وہ جیسے بے بس ہو گئی۔

مزاحمت کی ہمت اس میں باقی نہ رہی نیویارک جیسے آزاد شہر میں اور آزاد گھر میں پلی بڑھی وہ لڑکی ان چیزوں سے نہ آشنا تھی۔۔

اور جیکسن کے لیے یہ بات سب سے قیمتی تھی آج اسے سمجھ آئی تھی کہ دادا اور گن لڑکی کے بارے میں پابندی کیوں لگا دیتے تھے۔۔۔۔

اس لڑکی کی مہک ہی شاید الگ ہوتی ہے ان چھوئی سی اچھوتی سی جسے کسی نے چھوا نہ ہو۔۔

وہ بے رحمی سے اسے گھسیٹ کر پیچھے گیر تا اسکے چہرے پر جھکا اور کچھ دیر پہلے کا منظر بھی اسکی نگاہوں میں گھوم اٹھا تھا وہ مزاحمت نہیں کر رہی تھی۔۔

لیکن وہ اسکی قید سے نکل بھی نہیں سکتی تھی۔۔

You're too bad in this...

وہ اسکا ریسپونس نہ پاتے تیوری چڑھا کر بولا تھا۔

I want response back....

وہ آہستگی سے اپنا انگوٹھا اسکے گال پر پھیرتا بولا۔

نو" وہ اپنا چہرہ چھپا گئ

آپ بہت بھاری ہیں ہٹ جائیں مجھ پر سے جہاز گیر جائے گا"۔

پرائیویٹ جٹ" اسنے تصیحی کی۔

" ہاں وہی گیر جائے گا۔

میرے وزن سے" وہ حیران ہوا۔

ہاں" وہ منمنائ۔۔

جبکہ جیکسن اٹھ بیٹھا۔۔

گھیرہ سانس کھینچا تھا وہ اٹھنے لگی مگر وہ ہاتھ کے اشارے سے روک گیا

لیٹی رہو۔۔"۔اسنے وہ نوڈلز کا باؤل اٹھالیا۔

اب منظر کچھ ایسا تھا وہ اسکا جھوٹا کھا رہا تھا اور وہ اسکے حسین چہرے کو

ایک بار پھر دیکھنے میں مہو ہوتی حیران تھی کہ یہ سب کیا ہو رہا تھا وہ چیخی

نہیں چلائی نہیں کیا وہ اسے۔م قبول کر چکی تھی

لیکن اسے ہینری پسند تھا اسنے سوچا۔۔ لیکن وہ شخص بہت خوبصورت

تھا" وہ بے ساختگی میں تعریف کر گئی اور اچانک جیکسن نے اسکی طرف

کانٹا بڑھا دیا۔۔

اسلیے منہ کھول کر اس کانٹے سے لیتی سرخ انار ہو چکی تھی

معلوم نہیں کیا تھا جبکہ ان دونوں کے بیچ محبت نہیں تھی پھر بھی

احساسات ایسے تھے کہ نگاہ ہٹائی نہیں جا رہی تھی

--------------------------------

مارک نے فون گھمایا۔۔۔

تو آگے سے کال اٹینڈ نہیں ہوئی وہ یہ جانتا تھا یہ نقصان دہ تھا لیکن بدلے کی آگ ایسی تھی کہ وہ جیکسن کو تباہ و برباد کر دینا چاہتا تھا اسکی جگہ جیکسن کو وہ سب ملا جو کہ اسکا حق تھا لیکن جیک نے وہ سب اسکے حوالے کر دیا۔

وہ لڑکی اسکی تھی یعنی نیویارک اسکا تھا وہ تاج اسکا تھا نہیں وہ سب اسکا نہیں ہو سکتا۔۔

وہ نفرت سے آرتھر کو کال کر رہا تھا جبکہ دوسری طرف اب کال اٹینڈ ہو گئی۔۔۔آگے کیا ہونے والا تھا۔۔کوئی نہیں جانتا تھا۔۔

آرتھر مارک کی کال اور اسکی بات پر مسکرا دیا۔۔

کال بند ہوتے ہی وہ ہنسنے لگا اور ہنستے ہنستے قہقہہ بلند ترین ہوتا چلا گیا وہ جو آگ تھی وہ اسکے وجود میں ٹھنڈی ہونے لگی اور اسنے کال کر کے کسی کو روکا تھا کہ کوئی بلاسٹ ابھی نہیں ہو گا

وہ ایلے کو حاصل کر کے جیکسن کو مات نہی دے گا تب تک اسکے وجود میں سکون نہیں آنا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Zubi Novels Zone

انکا جٹ استنبول کے ویران علاقے میں اترا تھا جہاں ارد گرد گھنے درختوں کے جھنڈ تھے جبکہ سامنے ہی خوبصورت محل نما عمارت نظر آ رہی تھی انکا پلین اتر چکا تھا لیکن وہ دونوں ہی پلین سے اترے نہیں تھے گارڈز چاروں اور پھیل چکے تھے انکی گنز انکے ہاتھوں میں تھیں اور

وہ اپنے مالک کا انتظار کرنے لگے جو کہ اب بھی پلین کے اندر تھا اور اگر
پلین کے اندر ایک نگاہ گھمائی جاتی تو جیکسن آنکھیں بند کیے لیٹا ہوا تھا اور
اسکے پہلو سے لگی چھوٹے چھوٹے خراٹے بھرتی ایلے محو خواب تھی آج
تک زندگی میں کسی کے سونے کا احترام نہیں کیا تھا یہاں تک کے
لوگوں کی نیند میں جان لے کر وہ کافی مطمئین سا ہو جاتا تھا کہ چلو وہ نیند
میں ہی گھیری نیند میں چلا گیا اور اس وقت وہ ایلے کے لیے اب بھی اس
سیٹ پر لیٹا تھا گر وہ چاہتا تو وہ اسے وہیں دھکیل کر وہاں سے اٹھ کر باہر
نکل آتا اور وہ ایسا ہی کرتا اگر اسکا دل راضی ہو جاتا وہ چاہ کر بھی اسے یوں
ہی وہاں چھوڑ نہیں سکا وہ اب بھی اسے دیکھ رہا تھا جو کے رات اسکے پاس
لیٹنے سے جھجک رہی تھی اور وہ اٹھ کر دوسری چیئر پر بیٹھ گی' اور جب
اسے نیند نے اپنی بانہوں میں بھرا تو وہ خود چلتی ہوئی جیکسن کی بانہوں
میں ہی قید ہو گی' اور وہ نہایت نرمی سے اسے خود میں سمٹ گیا وہ حیران

تھا خود بھی اس تبدیلی پر کیوں آخر وہ اس لڑکی کو اتنی اہمیت کیوں دے رہا ہے صرف اس لیے کے یہ دادا نے کہا ہے کہ اکیلے اسکی ہے اور یہ بات اسکے ذہن میں بیٹھ گئی تھی وہ محبت جیسے احساس سے نا آشنا تھا نہیں جانتا تھا محبت جب ہونے لگے تو کیسا محسوس ہوتا ہے اسکی زندگی میں آنے والی پہلی لڑکی جس کے ساتھ وہ لیٹا تھا وہ پہلی لڑکی تھی جسے یہ شرف حاصل ہوا تھا ورنہ آج تک ہزاروں کو ٹھوکریں ماریں تھیں اسنے کیونکہ اسے لگتا تھا کہ لڑکیوں کی قربت مرد کو زنگ لگا دیتی ہے اور زنگ لگا مرد کسی کام کا نہیں ہوتا اور اسکے سامنے ہینری تھا جو اسکے نزدیک نہایت للو تھا جورڈن تھا وہ بھی ایسا ہی تھا اور رہ گیا مارک تو وہ اسکی نظر میں بیوقوف تھا وہ خود کو آگ سمجھتا تھا اور آگ سے کھیلنے والے بیوقوف ہی ہوتے ہیں۔۔۔۔

ایلیے کاارادہ جب لمباہو گیاتووہ گھیرے سانس بھر کراسے بانہوں کے گھیرے میں بھر اوہاں سے نکلاتو گارڈز اسے آنکھیں پھاڑے دیکھنے لگے وہ بناکسی پر دھیان اور توجہ دیئے وہ محل کی جانب بڑھنے لگاجواسکے باپ نے اپنے دوسرے دو بیٹوں کے نہیں اسکے نام کیا تھااور مارک استنبول کو سمجھتاہی نہیں تھاکہ یہ شہر کسی کام کاہے جبکہ جورڈن کی اپنی دنیا تھی وہ یہاں کبھی نہیں آیا تھا تبھی جیکسن ہی یہاں کامالک تھاوہ اندر داخل ہواتو یہاں ملازموں کاہجوم تھاوہ ایلیے کو لیے کمرے کی جانب بڑھااور ایک جہازی سائز بیڈ پراسے لیٹادیاوہ کسمساکر کروٹ لے گئ یہ تو جیکسن کو سمجھ اگئی تھی وہ نیند کی کافی پکی ہے وہ کروٹ لے کر اسکی جانب سے رخ پھیر گئ اور اسکے بال ڈھلک کر تکیے پر پھیل گئے تو برہنہ کمر نے اسکی توجہ اپنی جانب مبذول کرلی اسنے گھیری نظروں سے بل کھاتی کمر کو دیکھااور معلوم نہیں کیاحق تھاآنکھوں میں وہ اسکو دیکھتارہااور پھر

اچانک اسکی نگاہ اسکی کمر پر نیچے گئی جہاں اسکے ڈریس کی ڈوریاں سختی سے بندھی تھیں اور اسی سختی کی وجہ سے وہ جگہ سرخ ہو چکی تھی اسنے ہاتھ بڑھا کر ان سفید ڈوریوں کو ایک دوسرے کی قید سے آزاد کر دیا یہاں تک کے اسکی کمر کو جیکسن کی انگلیاں چھو رہیں تھیں اور ایلے کے وجود میں کوئی ہلچل تھی یا نہیں مگر جیکسن کے وجود میں ضرور ابھری تھی وہ ڈوریاں بہت سختی سے ایک دوسرے کے ساتھ جکڑی ہوئیں تھیں اور وہ لو دیتی نظروں سے اس سرخی پر اپنا انگوٹھا پھیرنے لگا وہیں ایک نشان پر بھی نگاہ گئی وہ نشان کافی پرانا لگ رہا تھا اور ایکدم اسکے ذہن میں وہ دن یاد آگیا جب وہ بنا جان پہچان کے اسکے پیچھے چھپ رہی تھی شاید ڈر کر اور جس طرح پار کر اسے کلب میں لایا تھا یہ تو واضح تھا وہ لوگ اسکے ساتھ یہ آرتھر نے اسکی آنکھوں کیسا رویہ رکھتے ہیں اسے پار کرنے مارا تھا

میں شعلے جلنے لگے اور اسنے اپنا ہاتھ کھینچ لیا وہ سیدھا ہوا اور اسپر خود نرم شنیل کا لحاف درست کرتا وہ کمرے سے نکال گیا

وہ اٹھ جائے تو کچھ کھانے پینے کو دے دینا میں کچھ دیر یہاں نہیں ہوں نہ وہ ڈرے اور نہ پریشان ہو" وہ ایک لڑکی سے بولا تھا جو آنکھیں پھاڑے اسے دیکھنے لگی جیکسن کسی لڑکی کو ہدایت دیتا بول رہا تھا جبکہ اس لڑکی کے لیے یہ بات تو ناقابل قبول تھی اسنے جلدی سے سر ہلایا کیونکہ وہ اب سپاٹ سے تیوروں میں اسے دیکھ رہا تھا وہ سر ہلا کر آگے بڑھ گیا اور وہ لڑکی دروازے کی سمت دیکھنے لگی آخری بار وہ یہاں آیا تھا تو اسنے دو لڑکیوں کو ہی مارا تھا اور اتنی بھیانک موت دی تھی کہ یہاں کام کرنے والی لڑکیوں کی روح بھی کانپ اٹھی تھی اور بہت ساری تو ایسی تھیں جو ڈر کر بھاگ گئیں تھیں لیکن وہ اتنے پیسے کام کرنے کے دیتا تھا کہ کئی وہ جگہ چھوڑ کر نہیں گئیں لیکن اس سے سہمی سہمی رہتی تھیں وہ

لڑکی اندر جو تھی وہ کافی خوش قسمت تھی یہ پھر وہ اسے بھی مارنے ہی لایا تھا

وہ سوچتی گئی اور اپنے کاموں میں لگ گئی جبکہ جیکسن اپنی پسندیدہ گاڑی میں سوار ہوا موبائل پر کچھ ٹائپ کر رہا تھا اور معلوم نہیں کہاں کے لیے نکل گیا تھا

---

اسکی آنکھیں کھلی تو ایک بھرپور انگڑائی بھری تھی اسکا جوان حسن کسی کا بھی ایمان ڈگمگا سکتا تھا اسنے محسوس کیا کہ اسک لباس ڈھلک رہا ہے وہ جلدی سے اپنا لباس پکڑ گئی

اور جیسے ہی نگاہ سامنے اٹھی چیخ حلق سے اپنے آپ بر آمد ہو گئی تھی

گڈ ایوننگ میم " دو سے تین لڑکیاں تھیں اسکے اٹھنے کے انتظار میں تھیں شاید

ا۔۔یو نیگ" وہ ذرا اٹھتے ہوئے بولی

اگر آپکی نیند پوری ہو گئ ہو تو آپ فریش ہو جائیں آپکا ڈریس اور کھانا

ریڈی ہے" اس لڑکی نے نرمی سے اس سرخ گالوں والی لڑکی کو دیکھا جو

کچھ گھبرائے ہوئ تھی

وہ وہ جیکسن کہاں ہیں" وہ بے ساختہ پوچھ گئ وہ سب لڑکیاں حیرانگی

سے اسے دیکھ رہیں تھیں

میم سر ابھی کہیں گئے ہیں کچھ دیر تک اجائیں گے آپ فریش ہو جائیں

۔۔وہ لڑکی اسے تفصیلی جواب دیتی ہوئ بولی

میں فریش ہو جاؤں گی مگر کچھ نہیں کھاؤ گی کیا یہاں ہینری نہیں ہے

"وہ اٹھتے ہوئے ان سے بولی جو چپ تھیں

تم لوگ بولتی کیوں نہیں ہو" اسکی زبان جو لگ گئ تھی اب کسی کا کم بولنا

اسے کھٹک رہا تھا

میم سر کی پرمیشن نہیں ہے آپ سے بات صرف میں کر سکتی ہو آپ

" فریش ہو جائیں کیا آپکو شاور میں ہیلپ کی ضرورت ہے

وہ سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی

شاور میں ہیلپ ؟" وہ سرخ سی ہوئ ن۔۔ نہیں میں خود نہا سکتی ہوں"

وہ کہہ کر جلدی سے واشروم میں گھس گئ اسکا دل اس جگہ پر کچھ تیزی

سے دھڑک رہا تھا جبکہ ہینری کی یاد بھی ارہی تھی اگر وہ یہاں ہوتا تو

اسکو چھوڑ کر کبھی بھی یہاں سے نہ جاتا۔۔۔ وہ منہ بسور گئ ہینری کتنا

اچھا تھا اور جیک نے اسکی شادی ایک جن سے کرادی تھی ہاں جی وہ جن

ہی ہے " اسنے خود کو باور کرایا اور شاور لینے لگی وہ انھیں سوچوں میں گم

باہر ائ تو وہ لباس پہن چکی تھیں

میم ہم ٹاول لیے کھڑے تھے

وہ لڑکی اسے لباس میں دیکھتی بولی

وہ سکون سے لحاف نیں گھستا بولا جبکہ وہ جلدی سے اتری اور بھاگتی ہوئی لحاف میں اسکے ساتھ گھس گی' جیکسن نے اسے اپنے قریب کر لیا ایلے اسکے شانے پر سر رکھے ہوئے تھی کمرے میں ملگجا سا اندھیرہ تھا اور لحاف میں جھولتا پاوں اس بات کا گواہ تھا کہ وہ جاگ رہا ہے جبکہ ایلے اسے ہی دیکھے جا رہی تھی لیکن نہ اسنے ٹوکا اور نہ ہی کچھ کہا وہ خاموشی سے آنکھیں بند کیے ہوئے تھا اور ایلے مزے سے اسے دیکھ رہی تھی

جیکسن" اسکی زبان میں کھجلی ہوئی

سو جاو ایلے" وہ اتنا ہی بولا

میں نے صبح سکول تھوڑی جانا ہے جو مجھے سلا رہے ہیں" وہ چیڑ کر بولی

جیکسن نے جواب نہیں دیا

آپ مجھے پسند کرتے ہیں کیا" اسکے سوال پر مجبورا جیکسن کو انکھیں کھولنی پڑیں

میں نے ایسا کبھی نہیں کہا" وہ سنجیدگی سے جواب دے گیا

پھر وہ جو ابھی ہم نے سب کچھ کیا ہے واشروم میں تو کیا وہ پیار میں نہیں ہوتا اسکی بات پر وہ ہنس دیا دوسری بار۔۔۔

تم میری بیوی ہو وہ عام بات ہے" اسنے کہا اور اسکے منہ پر ہاتھ رکھ دیا

اب چپ ہو جاو" اسنے کان میں کہہ کر وہ کروٹ اسکی جانب سے موڑ کر آنکھیں بند کر گیا لیکن یہ تو غلط بات ہے جب اپکو مجھ سے پیار نہیں تو شادی کیوں کی میں ہینری سے کر لیتی وہ کتنا اچھا ہے" وہ منہ بسور کر بولی

اور جیکسن نے آنکھیں کھول کر اسکی جانب دیکھا تو وہ ذرا ڈر گئی غلط بات جو منہ سے نکل ائی تھی۔

ٹھیک ہے سو جائیں" وہ کروٹ لینے لگی جبکہ جیکسن نے رخ اپنی جانب کر کے اسکی گردن پر اپنا ہاتھ رکھا اور اسکی گردن اچانک ہی دبوچ لی۔

ہینری اچھا ہے ایلے" وہ سوال کرنے لگا جبکہ گردن پر دباؤ اتنا تھا کہ ایلے کو لگا وہ مر جائے گی

ج۔۔۔ جیکسن" وہ آنسو بھری آنکھوں سے پھنسی پھنسی آواز میں بولی

اور جیکسن کو یاد آیا اسنے وعدہ کیا تھا وہ اسے ہرٹ نہیں کرے گا

پاگل ہو تم" وہ اسکی گردن پر درندگی نکالنے کے ارادے کو بمشکل ملتوی کرتا بولا۔

مجھ سے بات مت کریں" ایلے کا دل کیا اسے لاتیں ماریں وہ منہ پر تکیے رکھ کر رونے لگی جیکسن اپنے بال جکڑ لیے یہ کیا بلا اسکے پیچھے پڑ گئی تھی

مزید اسکے پاس رکتا تو آج ہی پاگل ہو جاتا تبھی وہ اسکے پاس سے اٹھ کر کچھ دیر آرام کی غرض سے دوسرے کمرے میں چلا گیا۔

-------------------------------------

اگلی صبح استنبول کا موسم ایسا تھا کہ دل خوش ہو جائے بھنی بھنی بارش اور ہوا اور موسم ان تازہ ہوا میں درختوں کی ملی جلی مہک ہی شاندار تھی

جیکسن کو آج واپس جانا تھا وہ ایتھن کی موت کے ریکارڈ کلئیر کرا رہا تھا۔ اسنے سارے ثبوت اور وہ ویڈیوز جو ایتھن کے بیٹے اور بھائی نے پولیس کو دیں تھیں وہ سب ہیک کر کے ختم کر دیں تھیں اور اب وہ واپس جا سکتا تھا

وہ اپنے کام میں مطمئین تھا وہاں پہنچنے کے بعد سب سے پہلا کام اسکا نیویارک جانا تھا وہ سب چیزیں مارگریٹ کو سمجھا چکا تھا جو سب یہاں بیٹھ کر بھی لاس ویگاس میں ہونے والے ہر کام کو آپریٹنگ کر کے اسے

انفارم کرتا تھا یہ اسکا دماغ تھا کہ اسنے ہر طرف ایک نگاہ رکھوائے ہوئی تھی کہ دشمن اسپر وار کم سے کم کرے۔۔۔

مارگریٹ کو گڈ بائے کہہ کر اسنے جسٹن کو اشارہ کیا کہ وہ اپنی تیاری کر لے مڑ کر دیکھا تو ایلے کہیں بھی نہیں تھی اسنے میری کو ایلے کو لانے کے لیے کہا اور خود ناشتے کی ٹیبل کی جانب بڑھا

میری اترا ہوا چہرہ لے کر نیچے ائی اور کچھ ڈرتے ہوئے بولی

سر ایلے میم کہہ رہی ہیں وہ ناشتہ نہیں کریں گی" وہ بولی تو جیکسن کو غصہ چڑھ گیا

وہ چھری دو مجھے" اسنے میری سے کہا جو کانپتے ہاتھوں سے اسے چھری تھما گئی ناشتہ روم میں لے کر آؤ اس کی زبان کاٹ کر میں یہ قصہ تو ختم کروں آج" وہ کمرے کی جانب بڑھا جبکہ میری کی بھوک سے اڑ گئی کیا

یہاں اب ایک اور ظلم ہونا تھا وہ بھی اتنی پیاری اور معصوم لڑکی کے ساتھ۔۔۔

وہ کمرے میں آیا تو ایک منٹ کے لیے تھم سا گیا وہ بستر میں بیٹھی تھی شرٹ ایک شانے سے نیچے اتری ہوئی تھی اور وہ اپنا بلینکیٹ پکڑے بیٹھی تھی اسے دیکھ کر منہ بنالیا رات اسکی گردن شدت سے پکڑی تھی غلطی اسی کی تھی" وہ غلطی خود ہی مان گیا میری ناشتہ رکھ کر اسکا چہرہ دیکھ کر پریشان سی چلی گئی۔

جبکہ وہ رخ موڑ گئی

" ناشتہ کیوں نہیں کر رہی ہو

وہ کچھ نہیں بولی صاف واضح تھا وہ اچھی خاصی ناراض ہے

ایلے" وہ چھری سے کیا اسکی زبان کاٹتا چھری پھینک کر اسکے سامنے بیٹھ گیا اور اسکے شانے پر انگلی چلانے لگا ایلے کچھ تذبذب کا شکار ہوئی جبکہ

جیکسن اسے گھیری نظروں سے دیکھنے لگا ہم واپس جا رہے ہیں تم ناشتہ کر لو گی تو نکلنا بھی ہے" وہ اسے بتانے لگا وہ پھر بھی کچھ نہیں بولی جیکسن اپنا غصہ کنٹرول کر رہا تھا کہ وہ غصہ کرنے پر ڈر جاتی تھی

اوکے سوری آئندہ گردن بھی نہیں دباؤ گا" وہ بولا

گن بھی نہیں چلائیں مجھے لگ جاتی تو" وہ ایکدم بولی تو جیکسن سر ہلا گیا کوئی اسے دیکھ لیتا تو شاید مر جاتا وہ جیکسن روبو نہیں ہو سکتا تھا

آپ بہت برے ہیں" وہ منہ بسور گئی مجھے بھی یہ ہی لگتا ہے چلو ناشتہ کرو اب" وہ اس سے سوری کرا کرا کر راضی ہوتی تھی

ٹھیک ہے" وہ ناشتہ کرنے لگی جبکہ جیکسن اسے ہی دیکھ رہا تھا سارا ناشتہ اکیلے ہی کر گئی تھی چلیں" وہ منہ صاف کر کے بولی جبکہ جیکسن گھیرہ سانس بھر کر اٹھا

" جاؤ چینج کرو

اوہ ہاں آپ پر غصہ کرنے پر میں بھول گئی وہ اٹھ گئی تھی اتنی سی تھی اور حرکتیں پوری تھیں

اسکا سیل بجنے لگا جبکہ ایلے کچھ کہنے کو رو کی تھی وہ اسے دیکھنے لگا ایلے دیکھ چکی تھی جیک کی کال ہے اسنے کال کان سے ہٹائی کچھ کہنا ہے" وہ بولا اور دنیا جہاں کی اہمیت اسے دے دی تھی۔

ہاں میں ابھی تیار ہو کر آئی آپ کہیں مت جائیے گا" وہ خوشی سے بولی جبکہ وہ اسکی خوشی کا راز جاننے سے قاصر تھا

وہ کال پر بات کرنے لگا جبکہ ایلے نے اپنی شاپنگ کیے ہوئے کپڑوں میں سے کافی اچھا ڈریس نکالا اور تیار ہونے چل دی

اسکی خوشیاں مختصر تھی جبکہ وہ بھول گئی تھی بہت جلد پار کر آرتھر امیلیا اور جولین "------اسے یاد رکھنا چاہیے تھا---------

انکا پلین ہوا میں اڑا تو اس وقت پلین کا دروازہ کھلا ہوا تھا حالانکہ یہ ٹھیک نہیں تھا جان کا رزق تھا پلین کریش یہ پھر توازن بگڑنے کا خطرہ تھا لیکن جسٹن زیادہ اوپر نہیں لے کر گیا تھا جیکسن نے ایلے کی کمر میں بازو ڈالا ہوا تھا اور ایلے تقریبا اس سے چپکی کھڑی اپنی موت کو سرعام دیکھ رہی تھی۔

جیکسن ائی ایم سوری پلیز اندر چلیں میں پکا اب کسی کے گلے نہیں لگوں گی پلیز مجھے لگ رہا ہے میری روح نکل جائے گی" وہ چلائے جبکہ جیکسن کو ذرا بھی فرق نہیں پڑا

نہیں تمھارے کانوں میں کوئ مسلہ ہے تمھیں میری باتیں سمجھ نہیں آتی" وہ بولا اور جسٹن کو ہاتھ سے اشارہ کیا کہ وہ مزید اونچای پر لے جائے

جیکسن "وہ چلا اٹھی در حقیقت غلطی یہ ہوئی تھی کہ وہ آتے ہوئے میری اور باقی سب سے مل کرائی تھی سب سے گلے ملتے دیکھ جیکسن نے آنکھیں سکیڑ کر اسکیطرف دیکھا اور اسے انفارم کر دیا اب وہ بہت بھیانک سزا کی منتظر رہے ایلے کا دم تو وہیں نکل گی تھا لیکن اب تو شاید ہی وہ زندہ بچتی۔

جیکسن نے اپنے قدموں کو پلین کے دروازے پر جما کر ایلے کو باہر نکال دیا بلکل ہوا میں معلق وہ چلا چلا کر اپنے گلے کو پھاڑ چکی تھی جبکہ جیکسن بچپن سے یہ کھیل کرتا ہوا آیا تھا پہلے ہینری کو وہ پلین سے باہر دھکیل دیتا تھا اور آج ایلے پکڑی گئی تھی اس جنگلی کی گرفت میں ایلے کی چیزیں ہوا میں اور اتنا کشادہ اور حسین آسمان پر گم ہو رہیں تھیں اور جیکسن نے شانے اچکا کر اسے پھینک دیا

اسے یقین تھا اب وہ بے ہوش ہو جائے گی اور ہوا بھی کچھ ایسا ہی کہ وہ بڑی تیزی سے نیچے جا رہی تھی اور بلکل مردہ ہو چکی تھی جیکسن نے نفی میں سر ہلایا حالانکہ اسکی کمر پر پیراشوٹ بندھا ہوا تھا انسانوں والی عقل ہوتی تو وہ یقیناً اس عقل کا استعمال کرتی۔۔۔۔ عقل تھی ہی بھینس جیسی اسکی۔۔۔

اسنے خود بھی چھلانگ لگادی ایک لمحے کے لیے اسنے آنکھیں بند کر لیں۔۔۔۔

ہمیشہ سے یہ کھیل اسکا پسندیدہ رہا تھا

اور یہ لڑکی جو اسکی تھی کہاں اسکا ساتھ دیتی اس پاگل پن میں وہ بہت تیزی سے نیچے کیطرف جا رہی تھی جیکسن بھی تیزی سے جاری رہا تھا اوپر پلین کی آواز تھی اور جیکسن نے ایلے کو ایکدم اپنے بازوں میں جکڑ لیا اور اپنی پشت پر لگے پیراشوٹ کو کھول لیا۔۔

وہ مسکرادیا اس بے ہوش لڑکی کو دیکھا اور سر جھٹک دیا بھلا ایڈوینچر سے اچھا بھی تھا کچھ دنیا میں۔۔ وہ کافی خوش تھا اسکی ٹائمنگ ہمیشہ سے بیسٹ رہی تھی۔

وہ ایلے کو تھامے نیچے کی طرف بڑھا تبھی جسٹن نے اپنے مالک کی اس کارکردگی پر اور ایلے پر ذرا ترس کھاتے ایک سٹرلنگ پھینکی جو انھیں اوپر کھینچ لیتی انتظام اسکے پاس ہر چیز کا تھا تبھی ایسے کام کرتا تھا

---

اوپر جب اسنے پلین میں قدم رکھا تو ایک معصوم گڑیا سی لڑکی جس کا دل بہت کمزور اور چھوٹا تھا بے ہوش اسکے بازوں میں قید تھی اسنے جسٹن کو ساری چیزیں کلوز کرنے کے لیے کہا اور جسٹن نے اسکی کمر سے وہ بیگ اتارا جیکسن نے ایلے کی کمر سے اتار کر اسے دیا اور خود ایلے کو لیے اندر ا گیا اسنے اس سیٹ پر ایلے کو لٹایا اس کا وجود برف کیطرح ٹھنڈا تھا اور بے

ہوش میں بھی ہاتھ کانپ رہے تھے ایک لمحے کے لیے احساس ہو کہ یہ کیا حرکات تھیں اسکی وہ لڑکی جو اتنی نازک سی ہے اسکے ساتھ یہ سب ۔۔۔ خیر وہ سزا ڈیزرو کرتی تھی کیونکہ ساری دنیا کو جیکسن کی بات سمجھ آتی تھی سوائے اسکے تبھی اسنے یہ کیا تھا شاید اب بات سمجھ جائے لیکن امید تھی ریزلٹ زیرو ہو گا۔۔۔

اسپر بلنکیٹ ڈال کر وہ چیئر پر بیٹھ گیا اور اپنا لیپ ٹاپ کھول لیا مارگریٹ کی میل تھی اسنے وہ میل کھولی اور توجہ سے دیکھنے لگا آئی تھنک کوئی ایشو ہے سرپلیز بی کیئر فل اسکی میل پڑھ کر وہ ماتھے پر تیوڑی ڈال گیا۔۔۔

وہ وہاں سے نکل آئے تھے اب تک کچھ نہیں ہوا تھا اسنے کلائی پر بندھی گھڑی پر وقت دیکھا تو اس وقت دوپہر کے دو بج رہے تھے انھیں نکلے ہوئے گھنٹہ ہو گیا تھا اور یہ میل صبح نو بجے کی تھی وہ سمجھنا چاہ رہا تھا اور

پھر وہ کھڑا ہوا باہر نکلا اور جسٹن کے پاس آگیا وہ اپنا کام کر رہا تھا پوری توجہ سے جسٹن کو دیکھ کر وہ ابھی کچھ بولتا کہ جیکسن باہر نکل گیا۔۔۔

وہ آدھے پلین میں کھڑا تھا تھا ٹک ٹک کی آواز اچانک اسکی سماعتوں میں غیر محسوس سی لگی جو آواز وہ محسوس نہیں کر پا رہا تھا اسکو محسوس کر کے اسکے اندر بجلی سی کندی ٔ اور اچانک ایک بلاسٹ ہوش تھا انکا آدھا پلین پھٹ گیا تھا جسٹن سمیت پلین کی آدھی چیزیں تباہ ہوئیں تو پلین گولی کی رفتار سے نیچے گرنے لگا جیکسن نے صرف پیرا شوٹ پہنا تھا اور اس سے پہلے اسکا پلین پہاڑ کی چوٹی سے ٹکراتا وہ ہوا میں اڑان بھر گیا ایلے اسکے حصاری تھی اور جسٹن مر چکا تھا پلین کی ٔ ٹکڑوں میں تبدیل ہو گیا۔۔۔

اور وہ جنگلوں میں اتر آیا نیچے اترتے اسنے محسوس کیا یہ پورا جنگل ہے کیونکہ ارد گرد درختوں جھاڑیوں اور سامنے ایک آبشار جس کے شور

سے وحشت سی ہوتی نظر آئی وہ کہاں تھا وہ نہیں جانتا تھا اسنے ایلے کو دیکھا کیا وہ ٹھیک تھی۔

اگر سائیڈ پلین کی فرنٹ نہیں بیک ہوتی تو کیا بنتا وہ وہ آج اسکی بانہوں میں نہ ہوتی وہ پہلی بار ڈر گیا تھا اسنے ایلے کے چہرے کو تھام لیا اور سینے سے لگا لیا رہا اسے سمیٹ کر دل و دماغ میں ایک بجلی سی تھی اور غصے کی انتہا نہیں تھی یہ حرکت کون کر سکتا ہے اسے علم تھا

اگر گاجر مولی کیطرح نہ کاٹ کاٹ کر پھینک دیا سب کو تو جیکسن نہیں وہ سوچ کر اسے بازوں میں اٹھا گیا معلوم نہیں کیا جگہ تھی اور یہ محفوظ مقام تھا بھی یہ نہیں جہاں وہ موجود تھا بس پانی کا شور ہی اتنا تھا کان پر کوئی آواز سنائی نہ دیتی وہ دوسری سمت چلنے لگا اور واقعی یہ جنگل تھا اور اسے جانور بھی نظر آرہے تھے جن سے چھپتے ہوئے وہ اسے لے کر ایک غار نما پہاڑ میں آگیا جو کہ قدرے کم خوفناک تھی کہ وہ ڈرتی نہ۔۔۔

اسے ایلے کے علاوہ فکر نہیں تھی کسی بھی چیز کی اسکے گردن کے نیچے ایک ٹریک لگا ہوا تھا جیک جلد ہی جان جاتا کہ وہ کہاں ہے لیکن پھر بھی اسے ایلے کو محفوظ جگہ پہنچانا تھا

--------------------------------

سر دھماکا ہو گیا ہے جسٹن مر گیا ہے اور جیکسن اور ایلے کی کوئی خبر نہیں ۔۔۔فلحال

ایلے زندہ ہے" پار کرنے سوال کیا

یس سر جہاں تک ہم دیکھ سکے ہیں بم سے بلاسٹ ہونے والا صرف جسٹن ہے" اسنے بتایا تو پار کرنے سر ہلایا

مجھے ایلے زندہ ہی چاہیے دیکھو ڈھونڈو کہاں ہے ایلے۔۔۔وہ کہہ کر اپنی جگہ سے اٹھ گیا

یس سر" جبکہ وہ کہہ کر وہاں سے چلا گیا اور پار کر مسکرا دیا

تمھیں کیا لگا جیکسن کہ تم بچ جاؤ گے" وہ سگار کے کش لیتا بولا جبکہ جبکہ لبوں کی تراش میں فتح مندی دی مسکراہٹ تھی

-----------------------------------

اسکی آنکھ کھلی تو خود کو کسی سرنگ میں پایا تو وہ چلا کر اٹھ بیٹھی اس آدمی کے ساتھ اسکے دل کو صرف دھکے لگ رہے تھے وہ حیرانگی سے ارد گرد دیکھنے لگی پھر باہر دیکھنے لگی بہت خوبصورت جگہ تھی وہ اٹھ کر باہر اگئی اور اسے لگا کہ وہ جنت میں ہے

کیا میں مر گئی ہوں" روہانسی لہجے میں خود سے ہی سوال کرتے اسکی آنکھیں بھیگ گئیں

لیکن جیکسن نہیں مارا" وہ منہ پھلا گئی اور میں اکیلی مر گئی اسنے مجھے مار دیا "وہ غصے سے سوچنے لگی

میں بھی مر گیا ہوں فکر نہ کرو" پیچھے سے آتی آواز پر وہ ایکدم پلٹی اور خوشی سے اسکا چہرہ تمتما اٹھا جیکسن بھی مر گیا تھا اب وہ دونوں ایک ساتھ یہاں رہتے۔۔۔

آپ بھی مر گئے ہیں" وہ پلٹی تو وہ ائی بروا چکا گیا

اس میں خوشی کی بات کیا ہے"۔

وہ ایک درخت کے سہارے ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا

خوشی کی بات کی تو ہے جو دوسروں کو مارنے کی کوشش کرتا ہے وہ خود مر جائے تو لوگ سکون میں جاتے ہیں اب آپ مر گئے ہیں تو کتنے زیادہ لوگ خوش ہوں گے لیکن جیکسن" وہ بولتے بولتے ارد گرد دیکھنے لگی

وہ اسکی بکواس سن کر ذرا خون کا گھونٹ بھر گیا

آپ جنت میں کیا کر رہے ہیں اپکو تو ہیل میں ہونا چاہیے" وہ گھورنے لگی اسے یاد تھا اسنے اسے سزا دی تھی

ہاں پہلے وہیں گیا تھا لیکن تم نے رونا شروع کر دیا اور پھر مجھے یہاں بھیج دیا گیا"۔

میں کیوں روئی" وہ حیران ہو گئی

جیکسن اسے تپ کر دیکھنے لگا

کیونکہ تمھیں میری یاد آرہی تھی اب منہ بند کرو" وہ چیڑ کر کہتا آگے کی جانب بڑھا لیکن دور دور تک سوائے جنگل کے اور کچھ نہیں تھا یہاں تک کے کوئی ایسا راستہ بھی نہیں کہ وہ اس جنگل سے باہر نکل سکیں۔

لیکن مجھے آپکی یاد نہیں ارہی تھی آپ خود آئیں ہیں میرے پیچھے اگر آپ دھکا نہ دیتے تو آج ہم دونوں زندہ ہوتے" وہ بھڑک کر بولی اور جیکسن نے غصے سے بپھرتے ہوئے بڑا سارا پتھر اٹھایا اور اسے گھورتے ہوئے بولا

میں یہ تمھارے سر میں مار دوں گا اب مجھ سے بات مت کرنا" وہ ضبط سے بولا

مرنے کے بعد بھی نکھرہ نہیں گیا میں گاڈ سے ریکویسٹ کروں گی کہ "آپکو دوبارہ ہیل میں بھیج دیں میں خوش ہوں یہاں

زندہ ہو تم اور میں بھی کم عقل لڑکی تمھیں نظر نہیں ارہا ہم جنگل میں ہیں" وہ بھڑکا جبکہ ایلے کی آنکھیں پھیل گئ

اوہو مجھے لگا ہم مر گئے ہیں" کھسیانی سی ہنستی وہ اسکے غصے سے ذرا خائف ہو گی

وہ بس دو سکینڈ کے لئے خاموش بیٹھی تھی کہ اچانک اسکے پیٹ میں سوال کلبلا گیا۔

وہ جیکس ہم جنگل میں کیسے آئے" اسکے سوال پر جیکسن نے مڑ کر دیکھا

ایلے ہمارے پلین میں بم تھا جسٹن مر چکا ہے اور ہم دونوں بھی مر جاتے اگر تو میں تمھیں بچا نہ لیتا ہیپی اب چپ رہو" تفصیلی جواب دے کر وہ تو مڑ گیا جبکہ ایلے منہ پر ہاتھ رکھ گیا جسٹن مر گیا اسکی آنکھیں بھیگ اٹھیں اور وہ بے ساختہ رونے لگی

جبکہ جیکسن مٹھیاں بھینچ کر اسے اسکے حال پر چھوڑتا وہاں سے آگے چلا گیا اسنے چاروں جانب دیکھ لیا تھا کوئی جگہ نہیں تھی کسی کو مدد کے لیے نہیں پکار سکتا تھا اسنے جیک کو انفارم کیا تھا کہ وہ بس پہنچ جائے گا کچھ دیر میں جب وہ نہیں پہنچے گا تو وہ اسے ٹریس یقینی طور پر کر لے گا اور ایک بار وہ یہاں سے نکل جائے وہ زندہ نہیں چھوڑے گا نیویارک کی سڑکوں پر لاشیں نہ گیرا دیں تو جیکسن۔۔۔۔ جیکسن کہلانے لائق ہی نہیں وہ روتی ہوئی ایلے کے پاس آیا اور اسکا ہاتھ زبردستی پکڑ کر اسے دوبارہ سرنگ میں لے آیا وہ یہاں سیو تھے کچھ ہی دیر میں رات ہو جاتی تو کیا

کرتے پھر۔۔۔وہ شکر تھا کہ پیٹ بھرا ہوا تھا ورنہ کھانے کا بھی کوئی انتظام نہیں تھا۔۔۔

ایلے بسورتی ہوئی بیٹھی تھی جبکہ جیکسن لیٹ گیا

پہلی بار یہ زمین کی سختی وہ نہیں سہہ رہا تھا وہ جب جیل میں ہوتا تو اسے اس سے بھی بری طرح ٹریٹ کی جاتا مہینوں مہینوں تو وہ روشنی کی طرف بھی نہیں دیکھ پاتا تھا وہ سکون سے آنکھیں بند کر گیا

جیکسن" وہ اسکے سینے پر ہاتھ رکھتی ہلا گئی اُسنے ایک آنکھ کھولی کر دیکھا۔

مجھے بھوک لگی ہے" اور اسی سوال سے اسے ڈر لگ رہا تھا اچھا بھلا ناشتہ کر کے ائی تھی اب دوبارہ بھوک لگ گئی

پہلے جسٹن کا غم اچھے سے بنالو پھر یہاں سے کوئی جانور پکڑ کر تمھارے آگے رکھ دوں گا کھالینا" وہ کہہ کر پھر آنکھیں بند کر گیا

آپ تو انسان نہیں ہیں میں تو انسان ہوں نہ" وہ بولی جبکہ جیکسن نے کوئی توجہ نہیں دی اور وہ کروٹ بدل گیا ایلے کا بھوک سے برا حال تھا اور تقریبا اندھیرہ بھی چھانے لگا تھا لیکن مزے داری والی بات یہ تھی کہ پورے چاند کی روشنی پڑ رہی تھی اور جہاں وہ تھے وہاں تو کافی واضح تھی کیونکہ درخت نہیں تھے یہاں۔

وہ دبے پاوں باہر نکل ائی اسکی انکھ لگ گئی تھی شاید ورنہ وہ ایسا تھا نہیں کہ سو جاتا وہ باہر ائی اور ارد گرد دیکھنے لگی کتنا خوبصورت نظارہ تھا ہر چیز حسین خوبصورت اور صاف ستھری وہ بانہیں پھیلائے جھوم اٹھی اور پھر اسے سیب کا درخت دیکھائی دیا اور وہ سیب توڑنے کے لیے آگے بڑھی کہ کسی نے اسے شانے پر اچک لیا

تمھاری خوارک تمھیں بعد میں ملے گی پہلے تم جنگلی جانوروں کی خوراک بن جاؤ گی میں نہیں چاہتا کسی جانور کے منہ کا ٹیسٹ خراب ہو

"وہ اسکی کمر پر تھپڑ مرتے ہوئے بولا جبکہ ایلے بھی اسکی کمر پر مکے برس رہی تھی

سو جاؤ ایلے یہ تمھارے باپ کا گھر نہیں ہے اور نہ میرا گھر کے ہر چیز لگزری ملے "اسنے کہا تو ایلے نے اسکی صورت دیکھی

بھوک سے نیند نہیں آئے گی" وہ رونے والی ہوئی شیٹ اپ "وہ جھڑک گیا اور لیٹ کر بازو پھیلائے دیا کہ وہ اسکے ساتھ لیٹ سکتی ہے ایلے کو وہ دنیا جہاں میں سب سے زیادہ ظالم لگا وہ لیٹ گی اُسکے پہلو میں مگر اتنے زیادہ بڑے پتھر کنکریاں سوکھی لکڑیاں چبھ رہیں تھی وہ لیٹے سے بیٹھ گئ

جیکسن شاید سمجھ گیا تھا اسنے نفی میں سر ہلایا اور اسکا بازو گھسیٹ کر اسکو خود پر لیٹا لیا ایلے دم سادھ گئ جبکہ وہ بے ساختہ اسکی پیشانی چومتے اسے خود میں پیوست کرتا آنکھیں موند گیا جبکہ ایلے مسکرادی وہ اسکا خیال کر

رہا تھا اسکو توجہ دے رہا تھا اسکا دل جیکسن کے دل کے ساتھ ساتھ دھڑک رہا تھا ایلے آنکھیں بند کیے اسکے دل کے مقام پر کان رکھے اسکی دھڑکنوں کے شور کو سن رہی تھی اور پھر کب اسے نیند نے جالیا پتہ نہیں چلا پتہ تو جیکسن کو چلا جب وہ نیند میں اٹھ کر اسکے پاس سے غائب ہونا چاہ رہی تھی اسنے اسے سختی سے خود میں قید کرلیا

----------------------------

پرندوں کے چہچہانے سے اسکی آنکھ کھلی تو خود کو جیکسن کی سخت گرفت میں پایا وہ کسمسا کر نکلی تو صد شکر وہ اٹھا نہیں اور وہ جلدی سے باہر آگئی۔ وہ غار سے نکلی تو اسنے ایک ڈنڈی اٹھالی اور وہاں نشان بنانے لگی تاکہ راستہ بھول نہ جائے اور چلتے چلتے اسے ایک جھرنہ دیکھائی دیا وہ بہت اونچائی سے بہہ رہا تھا پہاڑوں کا سینہ توڑے وہ اپنی راہ نکال گیا تھا۔

ایلے اتنے سارے پانی کو دیکھ کر خوش سی گئ بچپن میں بھی اسے پانی سے کھیلنا بہت پسند تھا اسے اس پانی میں تھوڑی دور کھیلتے خرگوش بھی دیکھائی دیے تو وہ بھاگ کر ان تک پہنچی اور ایک خرگوش کو کوشش کر کے اچک لیا اور ایلے اس کو لے کر پانی کے نیچے کھڑی ہو گئ۔

اسنے آنکھیں بند کر لیں خرگوش مچل کر اسکے ہاتھ کی گرفت سے بھاگا اور ایلے آنکھیں بند کئے ٹھنڈے پانی کو خود پر گرنے کی اجازت دیتے کافی خوش تھی اور اسنے بانہیں پھیلا لیں جبکہ گول گھومنے لگی اسکا دل کیا وہ اب بس یہیں رہ جائے اسکی شرٹ اسکے جسم سے بلکل چپک گئ تھی اور وہ لاپرواہ سی بالوں کو چہرے پر سے ہٹانے لگی

جیکسن جو کچھ دیر پہلے ہی اٹھا تھا اسے ڈھونڈتا ہوا ادھر ہی اگیا اور اسنے ایلے کو دیکھا تو دماغ کہاں اپنی جگہ پر رہنا تھا وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ایکدم اسکی کمر میں بازو حائل کیے اسکے ساتھ اس آبشار کے نیچے کھڑا ہو

گیا پہلے وہ ڈر گئی اور پھر اسکو دیکھنے لگی جو ایلے کو ہی دیکھ رہا تھا اسکا بھیگا وجود جیکسن کے ضبط کا امتحان تھا اسنے اپنی انگلی سے اسکی ٹھوڑی اوپر اٹھائے اور آہستگی سے اسکے چہرے پر جھکتا وہ سانسوں کو سانسوں میں حائل کر گیا۔

ایلے ایکدم اسکی کمر دونوں ہاتھوں سے تھام لی جبکہ جیکسن نے ہلکا سا دباؤ دیا اور اسے خود پر اٹھا لیا یہ لمحے کافی حسین تھے وہ حسین تھی اسکی ہر چیز حسین تھی جیکسن نے اسکی شرٹ کو مٹھی میں جکڑا اور ایکدم کھینچا تو ساری پھٹتی چلی گئی اور اسکے بعد وہ خود کو روک نہیں پایا وہ ایلے کے تڑپ اٹھنے کی پرواہ کیے بنا اسے محبت کی برسات میں بھگو گیا جبکہ ایلے شرم سے دھری ہوتی اس پر سے ہٹنا چاہتی تھی لیکن جیکسن کو یہ منظور نہیں تھا وہ اسکی سانسوں کو بس کھینچ لینا چاہتا تھا جیسے دوبارہ اسے سانس

نہیں لینے دے گا اور اسکو کاٹتے ہوئے ایلے کے سسک اٹھنے پر وہ مسکرا دیا فتح مند مسکراہٹ جیسے وہ جیت گیا ہو۔۔۔۔

اسنے نے شہر کی سب سے خوبصورت لڑکی کو چھوا تھا اور اس بات کا احساس اسے اس دن ہوا جبکہ اسکی شادی ہوئی تھی اور اسنے ایلے کے سر پر تاج رکھا تھا وہ بے باکی سے اسے چھوتے اسکے فیس ایکسپریشن دیکھنے لگا جو آنکھیں کھولنے قابل نہیں تھی اسنے اسکی گردن پر بنے نشان پر پیار کیا اور ابھی مزید وہ دیوانگی سے اسپر ٹوٹ کر برستا کہ اپنے سر پر ناچتے ہیلی کاپٹر کو دیکھ کر ایکدم اسنے ایلے کو نیچے کھڑا کیا اور اپنی شرٹ اتار کر اسے شرٹ تھمادی خود البتہ چلا اٹھا وہ جانتا تھا یہ جیک نے بھیجا ہے وہ چلاتا ہوا اس جٹ کو پکارنے لگا تھا اور شاید وہ جیکسن کو دیکھ چکے تھے ایلے نے اپنی شرٹ چینج کی ہیلی کاپٹر نیچے ایا اور وہ دونوں اسپر سوار ہو

گئے جبکہ اس میں بھی کوئی نہیں تھی ایلے جیکسن کا بازو تھام گئی جو اس بیٹھا کر اسکے ساتھ ہی بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

منشن میں آتے ہی ایلے کو نیند چڑھنے لگی تھی اور وہ صوفے پر ہی سو گئی جیکسن نے کچھ دیر کے لئے باہر جانا تھا اور وہ سو چکی تھی سونے کا مقصد یہ تھا اب وہ پورے گھر میں چل کر اسے تلاش کرتی اور جب تک وہ اسے نہ ملتا اسکی آتما میں چین نہیں آنا تھا وہ اب غصے سے ایلے کو دیکھنے لگا ایسا بھی اسنے اسے نہیں تھکایا تھا کہ وہ سو گئی تھی وہ ذرا غصے سے باہر نکلا اور ٹائیگر کے پاس بیٹھ گیا اسکو پیار کیا اور اسکے کان میں کچھ سمجھانے لگا

گارڈز خاموشی سے کھڑے تھے

کاٹنامت "تنبیہی تھی لہجے میں۔

بس جب چلنے لگے تو ایسا دھاڑنا کہ میڈیم کی نیندیں کم از کم چار پانچ دن کے لیے اڑیں" وہ اپنی مرضی سے اسے سمجھاتا ہوا اندر لے کر آیا اور ایلے کے پاس باندھ دیا۔

ایلے صوفے پر لیٹی ہوئی تھی اور ٹائیگر کو اسکی حفاظت پر معمور کر کے وہ ایلے کو دیکھنے لگا وہ جانتا تھا وہ اٹھتے ساتھ اسے دیکھ کر شاید مر جائے گی لیکن اس وقت اسکا نکلنا ضروری تھی۔

وہ باہر نکلا تو چہرے پر سیاہ ماسک چڑھالیا

اسکا سیل فون بج رہا تھا وہ جانتا تھا کال جیک کی ہو گی وہ بولائے گا فضول بیٹھ کر باتیں کرے گا اور اسکا وقت ضائع ہو گا۔

اس وقت اسے مار گریٹ سے رابطہ کرنا تھا

وہ گاڑی پر سوار ہوا اور ایک بیسمنٹ کے سامنے اکر رک گیا جس کے اوپر مال تھا اور لوگوں کی چہل پہل بھی سب کو لگتا تھا جیکسن کا سب کچھ

اسکے منشن میں ہے اسکے راز اسکی موت کے پروانے لیکن نہیں اس جگہ کے بارے میں صرف اسکی ٹیم کو پتہ تھا یہاں تک کے جیک کو بھی نہیں اسنے سپاٹ نظروں سے چاروسمت دیکھا اور وہ بیسمنٹ میں اترا تو اسنے مارگریٹ کو کال ملالی

سر فوٹیج سینڈ کر دی ہے بٹ چہرے پر ماسک ہے" مارگریٹ بولا

جبکہ جیکسن نے اس جگہ کو دیکھا جو مکمل ایک وحشت خانہ لگ رہی تھی جہاں عام انسان کا کھڑا ہونا بھی محال تھا

دیوار غیر ایل سیڈیوں میں لاس ویگاس کے ان ایریوں کی فوٹیج چل رہی تھی جہاں اسکے دشمن پل رہے تھے دوسری طرف نیویارک میں پارکر کے گھر پر اور ہر اس ممکنہ جگہ پر جہاں پارکر کا جانا ہوتا آرتھر امیلیا اور جولین کا جبکہ ایک فوٹیج اسکے منشن کی بھی چل رہی تھی اور محترمہ اب تک سو رہی تھیں آج اسنے چلنے کی کوشش نہیں کی وہ جھکا اور ایک دو

فوٹیج بدل کر وہ اج صبح کی فوٹیج دیکھنے لگا فوٹیج میں پلین کے پاس کوئی آیا تھا اسکا حلیہ ہو بہو ویسا ہی تھا جیسے وہاں موجود اسکے گارڈز کا اور اسنے جسٹن سے کوی بات کی جسٹن مسکرایا اور اسے پلین کے اندر لے گیا۔۔۔

اسے جسٹن کی موت کا بلکل افسوس نہیں تھا۔۔۔بیو قوف لوگوں کا انجام ایسا ہی ہوتا ہے شاید جو بلا وجہ کی ہمدردیاں اور رشتے بناتے ہیں لوگوں کے ساتھ اسنے اس چہرے کو زوم کر کے دیکھنا چاہا مگر بے سود اسکو کوئی کلو نہیں ملا اور پھر اسکی نگاہ نیو یارک میں پار کر کے گھر پر گئی اسکے پاس ایک آدمی بھاگتا ہوا آیا اور اسے کچھ بتایا تو وہ مسکرا دیا۔

کچھ بولا اور وہ آدمی چلا گیا اور پھر وہ چیئر پر جھولتا قہقہے لگانے لگا جیکسن اسے جھک کر توجہ سے دیکھ رہا تھا اب تک وہ اس کا قصور وار مارک کو

سمجھ رہا تھا اور وہ بس دس منٹ میں مارک کی لاش لاس ویگاس کے بل بورڈ پر لٹکا دیتا یہ پرواہ کیے بنا کہ وہ اسکا بھائی ہے۔۔۔

لیکن یہاں معاملہ کچھ اور تھا اچانک اسکی نگاہ پھسلی اور ایلے پر گئی جو نیند میں چلنے لگی تھی وہ ہاتھ اٹھا رہی تھی شاید منتظر تھی کہ جیکسن تھام لے گا جیکسن نے آنکھوں کا زاویہ بدلا

عورت آدمی کے حواسوں پر سوار ہونے والی چیزوں میں سے سب سے پہلے نمبر پر آتی ہے کیونکہ جس تیزی سے وہ سوار ہوتی ہے اور کوئی چیز اسپر اثر انداز نہیں ہوتی

ایلے کے اٹھنے پر ٹائیگر نے کچھ دیر برداشت کیا اور پھر دھاڑا تو وہ چلاتی ہوئی جاگ گئی جیکسن سر تھام گیا

کیونکہ وہ سکڑ سمٹ کر بیٹھی آنکھیں پھاڑے اسے دیکھ رہی تھی جو کہ اپنی شوخیاں اسپر دیکھائے اسے پوری طرح سہا چکا تھا

وہ شاید اسے پکار رہی تھی۔۔۔

کبھی یہ ہرن واقعی مر نہ جائے اسنے گارڈ کو کال کی اور اسے کہا کہ ٹائیگر

کو ایلے کے پاس سے لے جا کر باہر دروازے پر باندھ دے

گارڈ لے گیا تو ایلے رونے لگی جیکسن نے گہرہ سانس بھرا اور اب نگاہ

پھیر لی

پارکر" وہ مسکرا دیا اسکی لسٹ میں پہلے نمبر پر آتا ہی وہ تھا اور اب تو یقیناوہ

اسے چھوڑتا بلکل نہیں۔

وہ مڑا اسکے دونوں گارڈز پیچھے ہی کھڑے رہے

اسے ساری رپورٹ دینے لگے کہ پولیس نے اسکی فائل اٹھا دی تھی اور

اب وہ کوئی کاروائی نہیں کر رہے تھے ایتھن کا بیٹا اور بھائی مر رہے ہیں

اسے مارنے کے لیے اور اس بات پر وہ مسکرایا جبکہ دوسری طرف وہ

دونوں اسے دیکھنے لگے

سر مزید آرڈرز" وہ دونوں بولے

کچھ نہیں یہاں سے مت ہلنا اپنا کام کرو" وہ کہہ کر باہر نکل آیا

اسنے گاڑی خود ڈرائیو کی تھی اسکے ساتھ کوئی نہیں تھا اور وہ جیک کے

منشن میں پہنچا تو وہاں ہینری اور جورڈن کو لڑتے بے زاری سے دیکھ کر

وہ جیک کو تلاش کرنے لگا

اوہ جیکسن" ہینری چلایا اور اسکے گلے لگ گیا

دادا کہاں ہے" تھنک گاڈ یار تم ٹھیک ہو ایلے ٹھیک ہے" وہ فکر مندی

سے بولا

نہیں وہ مر گئی بلاسٹ میں" وہ چیڑ کر کہتا اوپر سٹڈی میں چل گیا جبکہ

ہینری دنگ رہ گیا اور پرل ڈیزی اور ہیزل بھی ان سب کی آنکھیں

بھیگ گئیں ایلے تو بہت ہی پیاری بچی تھی اور یہ کتنا سخت اور بے حس تھا

ذرا جو اس آدمی کے چہرے پر سایہ بھی آیا ہو وہ آیا تو جیک اس سے اٹھ کر ملا

میں تمہیں ہی سے فون کر رہا ہوں تمھارا باپ فون کر رہا ہے تم اتنے غیر ذمہ دار کیوں ہو رہے ہو" وہ پریشان تھا

آپ پریشان نہ ہوں ٹھیک ہوں میں کہا نہ موت آئے گی تو اپ کے بازوں میں اپنی ویز مجھے ضروری بات کرنی تھی" وہ بیٹھ گیا جیک نے گھیرہ سانس بھرا

"ایلے کہاں ہے

گھر پر سو رہی ہے" وہ سکون سے بولا

جیک اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا مجھے ایک میٹنگ اناؤنس کرنی ہے جس میں مجھے پار کر کو ٹارگٹ کرنا ہے" وہ مدعو پر آیا

کیوں" جیک بے ساختہ پوچھ گیا

مجھے یہ سوال کرنا ہے کہ اسکے پاس کیا وہ پیپرز ہیں جس پر سب کے سگنیچر ہوئے ہوئے ہیں اور یہ درج ہے کہ نیو یارک پارکر کی ملکیت ہے" وہ پاوں جھٹلاتے سے تفصیلی جواب دے رہا تھا

پاگل ہو گئے ہو اسکے پاس سارے لیگل پیپرز ہیں" جیک نے سر جھٹکا

پیپرز اسکے پاس ہیں لیکن اس دن بھی ہوں گے یہ گارنٹی نہیں کوئی اور مجھے جہاں تک یاد ہے آپ نے بتایا تھا اگر مافیا میٹنگ بولائے اور کوئی نہ آئے تو اس شہر پر قبضہ کیا جا سکتا ہے" وہ اسے دیکھنے لگا

ہاں لیکن تم کیا کرنا چاہ رہے ہو پارکر کے پاس وہ سارے پیپرز ہیں جو تمھارے باپ نے سائین کیے ہیں تمھاری ماں کی جان بچانے کے لیے

" تم کس کانفرنس سے میٹنگ اناؤنس کر رہے ہو

"دادا یہ میرا کام ہے آپ بس میٹنگ بلائیں

فلحال ہمیں اس بات پر توجہ کرنی چاہیے کہ بلاسٹ کس نے کرایا ہے کس کی جرت ہوئی ہے یہ" وہ بھڑک کر بولا

پارکر" جیکسن نے بتایا تو جیک نہایت سفاک نظروں سے اسے دیکھنے لگا اور وہ جیک کو دیکھتا آگے ہو کر اسکی ٹیبل پر ہاتھ رکھتا اسکی صورت دیکھنے لگا

میں پارکر کے جسم کے کئ حصے کر دینا چاہتا ہوں لیکن یہ جو آپکی مافیا کی پونچھ میرے ساتھ ساتھ لٹک رہی ہے صرف اسکا خیال کرنا ہے مجھے اور یہ میرے حسین بھی ہے آپ صرف میٹنگ بلائیں اور تمام شہروں سے چھوٹی بڑی ساری مافیا۔۔۔

اسکے بعد بس دیکھتے جائیں" وہ سکون سے بولا جبکہ جیک مسکرادیا یعنی میں نیویارک میں چائے پینے کے لئے تیار ہو جاؤں" اسنے کہا تو جیکسن مسکرادیا

" میری ویڈنگ نائیٹ نیویارک میں ہی ہو گی

نو" جیک دنگ رہ گیا جبکہ وہ شانے اچکا گیا

تم اتنے عرصے سے جھک مار رہے ہو" وہ سر تھام گیا۔

عورت میری ضرورت نہیں دادا" وہ ہلکا سا مسکرایا اور اٹھ گیا

مائے گرینڈسن میں نے تمھیں عورت نہیں بہت حسین ویل لڑکی دی

تھی اور تم اب تک ڈیم یو آر ٹو مچ لوئزر ان دیز مینرز" وہ بھڑکا

اوہ رئیلی" وہ ہلکا سا ہنس دیا

ریلکس دادا یو وائٹ گرینڈ گرینڈسن رائیٹ ائی ول گو یو ٹو گرینڈسن ان

ون ٹائم" وہ آنکھ مار کر بولا جیک کو ہنسنے پر مجبور کر گیا

ڈو یو لائیک ہر" جیک نے سوال کیا وہ جانتا تھا یہ ایلے کے بارے میں ہی

تھا جیکسن نے سانس کھینچا۔

نو" وہ شانے اچکا گیا

وائے "شی از سو سلی" وہ اسکی حرکات پر افسوس کرتا بولا۔

"یہ چارم ہوتا ہے جیکسن

ای نور دادا اب آپ چارم کو نہ سوچیں آپکی عمر نہیں رہی میٹنگ اناؤنس کریں" وہ بولا اور باہر نکل گیا باہر سناٹا تھا

ہیزل اور پرل کی آنکھیں اشک بار تھی اسے یقین ہو گیا دنیا کی ہر عورت ہی بیوقوف ہے لیکن ایسا تھا نہیں۔۔۔۔

تم سچ بتاو ایلے کو کیا ہوا ہے"ہینری نے اسے جھنجھوڑا

ابھی تک تو کچھ نہیں ہوا اگر میں نہ گیا تو ضرور ہو جائے گا

کیونکہ وہ ٹائیگر کے ساتھ بندھی ہوئی ہے" جیکسن نے شانے اچکائے

۔اوہ یو آر سچ آ انیمل"ہینری غصے سے کہہ کر باہر بھاگا اور جیکسن نے سرد نظروں سے دیکھتا خود بھی باہر نکل گیا جبکہ پیچھے ہیزل اور پرل اسکے شرارت پر سکون کا سانس بھر گئیں کہ ایلے ٹھیک تھی ہینری وہاں پہلے

پہنچا تھا ایلے کے رونے کی آوازیں اور ٹائیگر کے غرانے کی آوازیں پھیلی ہوئی تھیں پورے منشن میں ہینری دوڑ کر اندر پہنچا

ہینری "ایلے اٹھتے ہوئے چلائے اور ہینری نے آگے بڑھ کر اسے اچک لیا دونوں بازوں میں اسے کسی گڑیا کیطرح بھر لیا اور اسے صوفے سے نیچے اتارا حالانکہ اسنے صرف اسے اتارا تھا لیکن اندر آتے جیکسن نے یہ منظر دیکھا تو تیزاب کی مانند اسپر چھینٹے سے پڑے ہینری نے اسکے چہرے پر سے بال ہٹائے اور اسکے آنسو صاف کیے۔۔۔

اریوال رائیٹ "وہ پوچھنے لگا

نو پلیز ہینری اسکو باہر نکالو "وہ بولی تو ہینری نے ٹائیگر کی جانب دیکھا اور اسکی طرف بڑھتا کہ جیکسن کو دیکھ کر ایک تھم گیا

وہ سپاٹ نظروں سے ہینری کو دیکھ رہا تھ اور ایلے کی بھی نگاہ اسپر گئی تو ایلے کا سانس رک گیا۔

اسکی سرد نگاہوں نے اسے بھی دیکھا تھا

جیکسن ٹائیگر کے پاس ایا اور اسکی چین کھول دی ٹائیگر جیکسن کی ٹانگوں میں الجھنے لگا اسنے صوفے پر بیٹھ کر اسکے سر پر ہاتھ پھیرا اور اسکے بعد ان دونوں کو دیکھا جو شرمندہ تھے۔۔۔۔۔۔

ٹائیگر ان دونوں میں سے کسی کی ہڈی بھی بچی تو میں تمھاری ہڈیاں کر دوں گا

Just go and tore them lot of pieces come on fast

اسکے بس ایک حکم پر ٹائیگر نے مچل کر اپنا آپ اس سے چھڑوایا اور آنکھیں سامنے کھڑے ہینری اور ایلے پر لپکا تو دونوں کی چیخیں پورے لاؤنج میں تھی وہ خاموشی سے ویٹر سے وائن کا گلاس لیتا اپنی بیوی اور ہینری کو ٹائیگر سے بچتے ہوئے دیکھ رہا تھا جو کہ غراتا تو ایلے بچوں کیطرح

چیخیں مار مار کر روتی اور ہینری اسے بچا نہیں سکا اور ابھی ٹائیگر ایلے کی ٹانگ کو اپنی دانتوں کے نیچے مسل دیتا وہ یہ جان کر کہ ہینری اسے نہیں بچا سکتا

چیختی ہوئی بھاگتا ہوئی ائی اور صوفے پر چڑھ کر جیکسن کے اندر گھس گئ

جیکسن نے اسکے گرد بازو حائل کر لیے

ڈیٹس یور لیسن ہنی تمھیں اس دنیا میں بچانے والا کوئی نہیں سوائے میرے دیکھو کیا اس کی اتنی مجال ہوئی کہ میرے ساتھ ہوتے ہوئے تم پر غرانے وہ وہیں تھم گیا" وہ ٹائیگر کیطرف اشارہ کرتے ہوئے بولا جو کہ صوفے کے پاس ہی رک گیا تھا اور ہینری صوفے پر کھڑا اسکے منہ پر تکیے مار رہا تھا

یوسن اف ڈوگ بعد میں رومانس جھاڑ لینا ابھی اسکو دور کرو مجھ سے"

ہینری چلایا اور جیکسن نے اسے روک دیا تو وہ رک گیا ایلے حیرانگی سے دیکھا رہی تھی

سوری" وہ بھیگے بھیگے لہجے میں بولی

نو سوری ابھی تمھاری سزا ختم نہیں ہوئی" وہ بولا تو ایلے کو رونا آنے لگا وہ ہونٹ نکالتی اسے دیکھتی کہ اسنے گھورا

اپنے ہاتھوں کو قابو میں رکھو ہینری" وہ انگلی اٹھاتا بولا

ہاں رکھ لیا میں نے زیادہ ہیرو بن رہا ہے" ہینری سر جھٹک کر بولا

ناؤ گیٹ اوٹ" وہ سکون سے بولا ایلے اب بھی اس سے چپکی ہوئی تھی کہ ٹائیگر سے بچ جائے گی اور ایسا ہی ہوا ٹائیگر اسکے نزدیک بھی نہیں آیا۔

میں جاوں" ہینری شاکڈ تھا

ہاں جاؤ" وہ سکون سے بولا۔

ایلے کا دل کہ کہہ دے ہینری رک جاؤ مگر اسے ٹائیگر کی خوراک نہیں بننا تھی

ٹھیک ہے دیکھ لی یاری" وہ سر ہلاتا باہر چلا گیا جبکہ جیکسن نے گلاس ویٹر کو دیا اور اسے بھی باہر نکلنے کا کہہ دیا

وہ ایلے کیطرف متوجہ ہونے سے پہلے ٹائیگر کو اپنے پاس بلانے لگا

نہیں نہیں پلیز میں یہاں سے چلی جاوں تب بلا لیجیے گا" اسنے کہا جبکہ جیکسن نے اسکی کلائی اپنی جانب دوبارہ کھینچ لی

کم ہئیر ٹائیگر" اسنے روعب دار لہجے میں کہا ایلے کی سیٹی گم ہو گئ

سمیل ہر" اسنے ایلے کے پاوں پکڑ کر ٹائیگر کو سونگھنے کے لیے کہا ایلے حیرانگی سے دیکھ رہی تھی

آئندہ صرف اس سے پیار سے پیش آؤ گے تم شی از مائے وائف انٹ

ریمبر کہ تم اسپر غرائے آج چھوڑ رہا ہوں کل یہاں گولی مار و گا" اسنے

ٹائیگر کو ایسے کہا جیسے وہ سمجھ جائے گا اور وہ شاید سمجھ بھی گیا تھا۔۔۔

پیچھے ہٹ گیا

یہ یہ کیسے کیا آپ نے" وہ اسکے پیچھے پیچھے ائی جو کمرے میں جا رہا تھا

اور بنا رکے اور بولے وہ اندر آگیا جبکہ ایلے بھی اندر داخل ہوئی اور ہائے

رے قسمت بڑا پھنسی تھی جیکسن نے اسکی گردن جکڑی لی اور

دروازے کے ساتھ لگا دیا

جیکسن"""وہ پھنسی پھنسی آواز میں بولی

کیا چاہتی ہو تم" وہ سنجیدگی سے پوچھنے لگا

س۔۔ سوری" اسے اپنی غلطی کا احساس تھا

آئندہ ایسانہ ہوایلے میں کسی کو اتنی مہلت نہیں دیتا جتنی تمھیں دی ہے

کہ توتم انسان بن جاو ورنہ مجھ سے بڑا کوئی نہیں ہے یہاں "اسنے اسکے

بالوں کو جھٹکا دیا۔

جسٹ شیٹ اپ "اسکے رونے سے پہلے ہی وہ بھڑکا

ایلے خاموش ہو گئی اور جیکسن نے اسے جھٹک کر چھوڑ دیا

ڈیئر از نو کس دونٹ ویٹ "وہ بھڑک کر بولا اور اسے جھٹکے سے چھوڑ دیا

ایلے آنکھیں پٹپٹانے لگی۔

غلطی تم نے کی ہے تو اب جب تک اپنی غلطی کا احساس نہیں ہو گا

تمھیں دور رہو گی مجھ سے "وہ جھڑک کر کہتا واشروم میں جانے لگا

س۔۔سوری جیکسن "وہ منمنائی۔

نو سوری ہنی ٹیک آ ٹائم بعض اوقات دل کرتا ہے تمھیں بم سے اڑا

دوں "وہ دانت پیس کر بولا اور اپنی شرٹ کھینچنے لگا

لیکن مجھے سمجھ نہیں ائی وہ میں ہینری کے گلے لگ گی" وہ اسے دیکھ رہی تھی جو زور سے الماری کا دروازہ بند کر گیا کہ وہ اچھل پڑی وہ سمجھ گیا تھا اسے جیکسن کی عادت ہو گی ہے لیکن سزا وہ اسے پوری دے گا یہ بات اسکے خون میں تھی وہ کچھ نہیں کر سکتا تھا

پلیز" وہ وہ بولی جیکسن ایک نظر دیکھ کر اسے واشروم میں چلا گیا جبکہ وہ پاوں پٹختی منہ پھلا کر دوبارہ بلینکیٹ میں گھس گی

اور سر تک تان لیا تھا

جیکسن دس منٹ بعد باہر نکلا تو وہ بلینکیٹ میں چھپی ہوئ تھی وہ تیار ہوا اور جیکٹ پہن کر سر پر ہڈی لے لی

اسے ائی برو چکا کر دیکھ اور ایکدم اسپر سے لحاف کھینچا جو منہ پھلائے بیٹھی تھی

ہر باری کے چسکے نہیں ہوتے سمجھی میں نے تمھیں کوئی معاف نہیں کیا ہے" وہ ایکدم اسکے گال پر جھکا اور ہلکا سا پیار کر کے دور ہو گیا

جیکسن نے اسکی جانب موبائل اچھال دیا۔

بور ہو تو استعمال کر لینا اور اگر تم یہاں سے باہر نکلی تو ٹائیگر سے کہہ کر جاوں گا میری واپسی پر تمھاری ایک ہڈی بھی نہ چھوڑے" دھمکا کر کہتا وہ باہر نکل گیا۔

جبکہ ایلے پھر سے بلینکیٹ میں چھپ گئی اور روتے روتے اسے نیند آ گئی تھی جیکسن اگر روم لاک نہ کر کے جاتا تو وہ شاید گھر میں جیکسن کو ڈھونڈتی پھر رہی ہوتی کسی بھوت کیطرح۔۔۔۔۔

حالانکہ کمرے میں اتنی تاریکی ہونی نہیں چاہیے تھی پھر بھی تاریکی محسوس کر کے وہ بے چینی سے اٹھا اور امیلیا کو پکارہ

اسکا گلہ خشک ہو رہا تھا اور اسی کے سبب وہ سائیڈ ٹیبل پر ہاتھ مار گیا کہ اسے غلط محسوس تو ہوا لیکن ہاتھ لگنے سے گلاس زمین بوس ہو گیا۔۔۔

اتنا اندھیرا کیوں ہے" وہ بھڑک کر سوچتا اپنے موبائل کو ٹٹول کر ٹارچ اون کر گیا اسے تپ چڑھی کہ اسکے گھر میں اتنا اندھیرہ جیسے کوئی قبر ہو وہ اٹھا اور ٹارچ کی روشنی میں دیکھا امیلیا سو رہی تھی وہ چلتا ہوا باہر آیا تاکہ دیکھ سکے مسلہ کیا ہے پورے گھر میں گھیرہ اندھیرہ تھا اور بے حد خاموشی اور اس خاموشی میں اچانک اسکے موبائل پر بجنے ولی ٹون نے اسکو ڈرا دیا وہ بے ساختہ موبائل کی جانب دیکھنے لگا نمبر اسکا جانا پہچانا تھا وہ کال پک کر گیا جبکہ اسنے گھر کی لائٹس اون کی مگر کوئی لائٹ نہیں جلی آج سے پہلے آیا کبھی نہیں ہوا تھا۔۔۔

ہیلو" اسنے کہا تو دوسری طرف سے کافی پرجوش سی آواز سنائی دی۔۔۔

سر جی کام ہو گیا ہے جیکسن کی اپلے میڈیم کو اٹھا کر لے جانے والی ویڈیو مل گئی ہے آپ یہاں اجائیں جلدی" وہ جانتا تھا وہ کون ہے وہ حیران ہوا جتنی فوٹیج اسنے دیکھی تھی اس میں جیکسن کو پہچاننا ناممکن تھا لیکن اسکے لب خباثت سے مسکرائے۔۔۔اب دیکھتا ہوں تم کیا کرتے ہو جیکسن روبو ایک بار پھر روبو فیملی میرے قدموں میں ہو گی" وہ مسکرایا اور کال کٹ کر دی آج ہی اسے اپنے آدمیوں سے پتہ چلا تھا جیک روبو کیطرف سے تمام مافیا کو دعوت دی گئی ہے وہ ذرا غصے سے بھڑکا۔۔۔پوری مافیا کا گڑھ نیو یارک تھا وہ چاہتا تو جیک روبو کو حکم دے کر بلاتا مگر پھر بھی اسکی طرف سے آنے والے پیغام پر وہ چڑ چکا تھا اور سوچ چکا تھا وہ نہیں جائے گا

اسنے موبائل بند کیا اور گھر کے اندھیرے کو اگنور کر کے وہ تیزی سے باہر بھاگا۔۔۔

گاڑی نکالو" اسنے گارڈ سے کہا اور گاڑی میں سوار ہو کر یہ خوشی کی خبر آرتھر کو دینے کے لیے اسنے کال لائ مگر وہ جانتا تھا اسکا بیٹا کیسا ہے وہ آج کل روزی جو کہ ایلے کی دوست تھی اسکے ساتھ اپنی راتیں رنگین کر رہا تھا۔۔۔

بیوقوف" وہ ذرا چیڑ خر موبائل پھینک گیا

اور تقریبا اسے بیس منٹ لگے تھے اس جگہ تک پہنچنے میں آج وہ ویڈیو اسکے ہاتھ لگ جاتی تو ایلے کی گردن دوبارہ اسکی مٹھی میں ہوتی اور اس بار وہ اسطرح دباتا کہ ایلے دوبارہ کبھی اسکے آگے سر نہ اٹھا پاتی۔

وہ گاڑی کا دروازہ بند کر کے بلڈنگ کے اندر داخل ہوا یہ اسکا شہر تھا اسے سکیورٹی کی ضرورت نہیں تھی تبھی وہ باہر نکل آیا اور بلڈنگ کے

اندر گیا تو اسے وہ آدمی ملا یہ ایک سیکریٹ ایجنٹ تھا جو پار کر کے بہت سارے ایسے کام کرتا تھا جیکسن کا کام پکا تھا تبھی اسے اتنے دن لگ گئے تھے جیکسن کا چہرہ کلئیر کرنے میں۔۔۔وہ دونوں کافی خوش دیکھائی دے رہے تھے اب تم دیکھنا کیا کرتا ہوں میں روبو فیملی کے ساتھ" وہ قہقہہ لگاتا تھوک گیا جیسے اس فیملی پر تھوکا ہو اور ہنستے ہوئے وہ باہر آیا تو اسکی گاڑی نہیں تھی وہ حیران ہوا اور کال ملائی تو ڈرائیور نے کال پک نہیں کی وہ کافی غصے کا شکار ہو گیا

سر میری گاڑی لے جائیں" وہ آدمی بولا تو پار کرنے نفی میں سر ہلایا میں چلا جاوں گا اور اس ڈرائیور کو دیکھتا ہوں۔

وہ کہہ کر آگے چلنے لگا جبکہ وہ آدمی شانے اچکا کر اندر آگیا اور اندر آتے ہی اسنے سر جھٹکا اور ہلکا سا مسکرایا

دوسری طرف سے بس اتنا ہی کہا گیا

گڈ جاب" دوسری طرف پار کر چلتا ہوا بلٹ ٹرین کے پاس آگیا

وہ اکثر اس پر سفر کرتا تھا کیونکہ اسکے کام ایسے تھے کہ وہ اکثر دوسری مافیا

کی نظروں سے بچ نکلتا تھا یہ لوکل سواری استعمال کر کے تبھی وہ اندر

داخل ہوا تو ٹرین خالی تھی وہ مطمئین ہو گیا اور بیٹھ گیا اسکے بیٹھتے ہی

ٹرین نے ایک جھٹکا لیا اور تیز گام کی طرح وہ چلنے لگی۔

پار کر ادھر ادھر دیکھ رہا تھا اور اچانک اسکی نگاہ ٹرین میں سب سے آخر

میں بیٹھے سر جھکائے ایک لڑکے پر گئی وہ مکمل سیاہ لباس میں تھا جبکہ چہرہ

بھی ڈھانپ رکھا تھا اور اسنے سر پر ہڈی لی ہوئی تھی اسکی آنکھیں ہی نظر آ

رہی تھیں جنھوں میں سفاکیت کی انتہا تھی۔۔۔وہ اٹھا۔۔۔

پار کر کے قدموں تلے زمین کھسک سی گئی

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

پار کر خود بھی اٹھا جیکسن البتہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا ہوا اسکی جانب بڑھنے لگا اسکے ہاتھ میں تیز دھار چاقو تھا وہ ٹرین کے دروازے کو پیٹنے لگا وہ ٹرین روک گیا تھا۔۔۔

اسے اب احساس ہوا تھا۔

جیکسن کے چہرے پر ماسک نہ ہوتا تو مسکراہٹ کافی گھیری تھی وہ اسکے نزدیک جیسے جیسے قدم اٹھانے لگا ویسے ویسے پار کر بھاگ کر دوسری بوگی میں چل گیا جیکسن سکون سے اسکے پیچھے تھا اور یوں ہی بھگتا بھاگتا وہ آخری بوگی میں پہنچا اور اسکا دروازہ بند کرنے لگا کہ جیکسن نے چاقو پھینکا اور پار کر کے ہتھیلی میں چاقو جا کھڑا ہوا پار کر کی چیخیں سے پوری ٹرین میں گونج اٹھی لیکن اس ٹرین میں پار کر اور جیکسن کے سوا کوئی ذی روح نہیں تھی جیکسن نے چہرے پر سے ماسک اتار دیا۔۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

پار کر چیختا چیختا زمین پر بیٹھتا چلا گیا تکلیف کی شدت سے دھورا ہو رہا تھا

۔۔۔ جبکہ جیکسن کا اطمینان اسے تڑپتے دیکھ کافی گھیرہ تھا پار کرنے

زبردستی ہاتھ سے چاقو نکالا اور اسکی جانب ایسے ہی اچھالا تو اسنے بڑی

مہارت سے کیچ کر لیا۔۔۔

جیکسن شانے اچکا گیا

میری چیزیں بہت ٹرینڈ ہیں میری بلی کبھی مجھے میاں نہیں کرے گی اپنی

ویز کوئی آخری خواہش "وہ بڑے آرام سے پوچھ رہا تھا میں تمھیں جان

سے ماردوں گا آرتھر تمھیں زندہ نہیں چھوڑے گا" پار کر چیخا وہ جیکسن

سے خوف زدہ ہو گیا تھا

ایسا ممکن ہے کہ وہ مجھے چھوڑے نہ۔۔۔ لیکن میں کیا کر سکتا ہوں خون

کی بو بہت پسند ہے مجھے اور تم اگر آج یہ میری خواہش پوری نہیں کرو

گے تو مجھے برا لگے گا" وہ معصومیت سے بولا پارکر پیچھے دیوار سے جا چپکا۔۔۔۔

میں کہہ رہا ہوں جیکسن جانے دو مجھے " پارکر چلایا

کوئی ہے میری مدد کرو" وہ پھر سے چیختے دروازے پیٹنے لگا جیکسن سکون سے اسکا خوف دیکھ رہا تھا

نیویارک کا مالک اور ایک بھی انسان نہیں تمھیں بچانے والا چہ چہ چہ " وہ نفی کرنے لگا

کیوں مارنا چاہتے ہو مجھے " پارکر آخر مدعے پر آیا۔

دیکھو پارکر سیدھی طرح نیویارک دے دو کم تکلیف ہو گی تمھیں موت کی کیونکہ جب ٹیڑھی انگلی سے گھی نکالو گا تو شاید تم برداشت نہ کر سکو"

اسنے اپنی بات اسکے سامنے رکھ دی

پارکر نے سر جھٹکا

یہ تو تمھارا خواب ہے" وہ طنزیہ ہنسا

چلو ٹھیک ہے تمھیں گھیری پر سکون نیند سلا دیتے ہیں" اسنے گن نکالی

لیکن نہیں یار مجھے نہ تسلی نہیں ہوتی کہ میں تمھارے ماتھے میں گولی بجا

دو اور تم مر جاؤ نہیں تمھیں تڑپنا چاہیے

اچھا یہ بتاؤ ایلے کو مارتے تھے تم" وہ سیگریٹ سلگا گیا اتنی فرصت تھی

اسکے پاس کہ پیشانی پر ایک بل نہیں تھا

ہاں میں نے مارا تھا اور تم سے چھین کر اسے وہ موت دوں گا جس کا سوچا

بھی نہیں ہو گا اسنے" پارکر ہنسا جبکہ جیکسن بھی ہنسا

تم اگر اتنے او ورنہ ہو تو شاید میں تمھیں معاف کر دیتا۔۔۔اچھا خیر۔۔

کس چیز سے مارتے رہے ہو۔۔۔وہ مسکرایا جبکہ پارکر کی بولتی بند ہو گی

ارے" وہ اسکے ڈرنے پر ہنس دیا اور ڈنڈا فورا چھوڑ دیا

میں تمھیں اس سے نہیں مارو گا" وہ سینے پر ہاتھ باندھ گیا

تم نے عرصے تک اسے چپ رہنے پر مجبور کیا کہ اسکے جسم پر تمھاری مار کے نشان تازہ ہیں تمھیں تو بڑی گھیری سزا ملنی چاہیے لیکن پھر بھی میں نے رعایت کر دی ہے" وہ اسکے قریب اگیا

بس میں تمھاری زبان کاٹیں دوں گااور یار یہ ہاتھ بھی ایکچلی تم نے مارا تھا نہ اسکو وہ یہاں ہے جیکسن کے" اسنے دماغ پر انگلی ماری

یہاں ہے جیکسن کے" پھر دل پر ماری

اور تم نے اسے تکلیف دی تو تمھاری تکلیف تو ڈبل ہو گئ۔۔۔

تمھیں ایلے کے بارے میں سوچنا بھی نہیں چاہئے جیکسن روبو کی ہے وہ

"وہ بولتا پلٹااور مسکرا کر اسے دیکھنے لگا

دیکھو جیکسن جانے دو مجھے" وہ بولا تو جیکسن ہنس دیا۔

جاؤ چلے جاؤ" وہ اسے راستہ دے گیا اور پار کر پاگل کتوں کیطرح ٹرین میں گھومتا رہا لیکن اسے راستہ نہیں ملا کہ وہ دوبارہ پلٹ پلٹ کر وہیں آ جاتا

چلو اب چوہا بلی کا کھیل ختم کرتے ہیں میں نے اپنی بیوی کے پاس جانا ہے دیکھو اتنی کالز کر لی ہیں اسنے مجھے" وہ اسے دیکھنے لگا جبکہ پار کر کو جان کے لالے پڑ گئے تھے یہ چاہیے نہ تمھیں یہ لو" وہ اسکے سینے پر وہ یو ایس بی مارتا بولا جس میں جیکسن تھا

نہیں یہ نہیں چاہے نیو یارک چاہیے" وہ بولا تو پار کر پھر نفی کر گیا

جیکسن نے پیشانی پر انگلی بجائی اور اسکی جانب بڑھا وہ پھر بھاگنے لگا اور بھاگتے بھاگتے وہ اینڈ تک پہنچ گیا

نہیں مجھے مت مارو" وہ بھیک مانگنے لگا

کتنی پیاری ہے نہ تم لوگوں کو یہ زندگی لیکن مجھے پیاری نہیں ہے اسنے پار کر کا گریبان جکڑا اور اسے کھینچ کر کرسی پر مارا اور اسپر چڑھ ہی گیا۔۔۔

وہ جیکسن تھا کو من کھلاڑی نہیں پار کر ہاتھ پاؤں چلانے لگا مگر بے سود جیکسن نے اسکی گردن پوری شدت سے دبا دی کہ اسکا چہرہ نیلا پڑ گیا اور زبان باہر نکل ائی جیکسن مسکرایا اور دوسرے ہاتھ سے تیز دھار چاقو نکال لیا پار کر تڑپ اٹھا اور جیکسن نے اسکی زبان کاٹنا شروع کی اسکی زبان سے نکلنے والا خون اور اسکی آوازیں وہ وحشت ناک منظر پیش کر رہیں تھیں کہ کوئی عام انسان مر جاتا اور جلد وہ آواز جو اسنے اپلے کی چھینی تھی اس سے چھن گئی جیکسن نے وہ زبان انگلی میں تھام کر اچھے سے دیکھی اسکے منہ سے خون نکل رہا تھا آنسو نکل رہے تھے وہ تڑپ رہا تھا گونگو کی طرح آوازیں نکال رہا تھا

کتنا عجیب لمحہ ہوتا ہو گا جب وہ تمھارے خوف سے بول نہیں پاتی ہو گی اور تم اسے مارتے ہو گے کتنا درد ہوتا ہے نہ" اسنے زبان پھینک کر اسپر جو تار کھ دیا پار کر رونے لگ گیا۔

جیکس اسے بے زاری سے دیکھنے لگا

صبر کرو تمھارے ہاتھوں کی بھی باری ہے" وہ بولا جبکہ پار کر بے حال ہوتا بھاگا اور جیکسن نے اسکو پیچھے سے ہی جکڑا

کہاں بھاگے جا رہے ہو" وہ پوچھتا ہوا اسے پیچھے دھکا دے گیا وہ نیچے گیرا بول کچھ نہیں سکتا تھا اور جیکسن نے اسکے ہاتھوں پر جوتے رکھ دیے وہ کچھ نہیں کر پا رہا تھا اور اسنے اپنی بندوق کی میگزین اسکے ایک ہاتھ کا کچرا بنانے میں ختم کر دی درد سے پار کر جیسے آدھی موت مر گیا تھا اور یہ ہی حال دوسرے ہاتھ کا ہوا کہ وہ مسکرا کر دور ہوا

میں تمھیں زندہ نہیں چھوڑنا چاہتا تم نے جیکسن روبو کے پلین میں بم رکھا تو تمھیں کیا لگا سب کچھ مل گیا تم لوگوں کو۔۔۔

no way bye bye

وہ اسکے چہرے کے آگے ہاتھ ہلاتا بولا اور اسنے اسکے سر میں گولیوں کی برسات کر دی جس کے ایوز سانس بھی نہیں لے سکا تھا اور یوں جیکسن روبو نے پار کر کا قصہ ختم کر دیا۔۔۔۔۔

وہ آرام سے ٹرین میں لگی ایک زنجیر کھینچ گیا اور پھر وہاں سے لمحوں میں جیکسن روبو غائب ہوا تھا کہ اسکا نام و نشاں بھی نہ ملے۔۔۔ تقریب لاس ویگاس وہ گھنٹے میں پہنچا تھا اور اپنے ہاتھوں پر خون دیکھ کر اسنے اپنے روم کی راہ لی وہ جلد فریش ہونا چاہتا تھا تبھی دروازہ کھولا تو ایلے کو جیسے چھوڑ کر گیا تھا ویسے بیٹھا دیکھ وہ اپنے ہاتھ چھپ بھی نہیں سکا ایلے کی آنکھیں اسکے ہاتھوں پر خون دیکھ کر پھیل گئیں جیکسن کچھ بولے بنا

واشروم میں چلا گیا اور ایلے کے وجود میں لرزش سی تھی وہ اٹھ کر واشروم میں گئ۔۔۔۔

کیوں چھپا رہے ہیں میں جانتی ہوں آپ جنگلی اور وحشی ہیں کس کو مار کر آئے ہیں اب" وہ روہانسی لہجے میں ذرا غصہ کرتی بولی جبکہ جیکسن نے ہاتھ دھو کر لباس تبدیل کرنے کی نیت سے اسکیطرف دیکھا تمھیں مجھے دیکھنا ہے ڈریس چینج کرتے ہوئے" وہ بولا اور پینٹ کی بیلٹ پر ہاتھ رکھا

ایلے فوراً پلٹی اور باہر اگئ۔۔۔۔

وہ کس کو مار کر آیا تھا وہ ایک ایسے شخص کے ساتھ رہتی تھی جو لوگوں کو گاجر مولی کیطرح مار دیتا تھا

وہ باہر کھڑی دیوار کے ساتھ لگی رو رہی تھی معلوم نہیں کس کے اوپر وہ ظلم کر کے آیا تھا جیکسن باہر نکلا تو اسے روتے ہوئے دیکھا سرخ

آنکھیں۔۔۔اور ان آنکھوں میں شکوہ وہ جھکا اور اسے دونوں بازوں میں اچک گیا جیکسن لیومی مجھے نہیں رہنا آپ کے ساتھ آپ پار کر جیسے ہو وہ بھی لوگوں پر رحم نہیں کھاتا" وہ چلاتی ہوئی بولی جبکہ جیکسن نے اسے بیڈ پر لیٹا دیا پار کر چلا گیا ہے ایلے۔۔۔میں نے اسکا ماڈر کر دیا ہے" وہ تسلی سے بولا اور اسکے بولنے سے پہلے ہی اسکے خشک پڑتے ہونٹوں کو تراوٹ بخشنے لگا۔۔۔

ایلے کا وجود ٹھنڈا پڑ گیا جبکہ جیکسن اسکی سانسوں کی مہک میں اپنے دل کی خواہش کو پورا کر رہا تھا اسکے چہرے کو ایکدم تھامتے وہ اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔۔۔۔

سوگ بعد میں بنانا فلحال مجھے رسپانس چاہیے تمھارا" اسنے نرمی سے اسکے ہونٹوں پر انگوٹھا پھیرا اور ایلے نے بے ساختگی شاید بلکل بے ساختہ جیکسن کے چہرے پر تھپڑ مار دیا

جیکسن جہاں تھا وہ ایکدم سنبھل گئی جیکسن کی انکھوں میں حیرانگی کے ساتھ بے یقینی اور شدید غصے کی وہ لہر اٹھی کہ ایلے کی گردن وہ دبا گیا

-----

ایلے سہم سی اٹھی اور اسکے ہاتھ کی شدت کو نہ سہتے وہ بن پانی مچھلی بن کر تڑپی

مجھ پر آج تک کسی نے ہاتھ نہیں اٹھایا" وہ چلایا

ایلے مر ہی جاتی اگر وہ اسکی بے بس آنکھوں کو دیکھتا ورنہ ہوتا اسنے ہاتھ جھٹکا اور ایلے کھانستے لگی جبکہ شدت سے رو دی جیکسن سر تھام گیا اسنے ٹیبل پر لات ماری دی واس گر گئے جو بیش قیمت تھے مٹھیاں بھینچتا وہ روتی ہوئی ایلے کو دیکھنے لگا۔۔۔

اس پارکر کی حمایت میں مارا ہے نہ تم نے یہ تھپڑ یہ میں بھولوں گا نہیں" اسنے وارن کیا اور کہہ کر اسے باہر نکل گیا

ایلیے بے ساختہ گھٹنوں پر سر رکھتی روپڑی وہ اسے مارنا نہیں چاہتی تھی ہاں پار کرا اتنا اہم نہیں تھا مگر اسنے اسے ماردیا تھا وہ حیران ہوئی تھی خود پر وہ اتنا جذباتی اس پار کر کے لیے کیوں ہوئی یہ پھر وہ ایسی نہیں تھی اسکا دل ایسا نہیں تھا وہ تو اسے بھی عام لڑکی تھی جو ایک نارمل انسان کے ساتھ رہنا چاہتی تھی وہ روئے جارہی تھی جبکہ جیکسن جاچکا تھا لیکن اسے ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیے تھا اسکی غلطی تھی یہ-----

-------------------

وہ لاؤنج میں بیٹھا تھا جب ایلیے باہر ائی اور اسکے پاس اکر کھڑی ہو گئی اور اپنی ہتھیلی اسکے آگے کردی

سزا دے دیں" وہ بولی

جیکسن نے اسے گھورا کر دیکھا رویا رویا چہرہ تھا

میرے ہاتھوں کو سزا دے دیں جب میرے مارکس سکول میں تھوڑے سے بھی کم آتے تھے تو مام مجھے گرم کیے ہوئے سٹیل کے سکیل سے مارتی تھیں۔۔۔

یہ ہاتھ سزاوں کے عادی ہیں جیکسن میں سزائیں اپنی جان پر سہہ سکتی ہوں مگر مگر میں ایسی ہی ہوں شاید بہت بڑی ڈرپھوک مجھ سے کسی پر ظلم برداشت نہیں ہوتا وہ ہچکیاں بھرنے لگی جیکسن نہ چاہتے ہوئے بھی غصہ اتار گیا اور اسے اپنی ٹانگ پر بیٹھا لیا اسکے بال سنوارتا اسکی آنکھیں صاف کرتا وہ اسکے چہرے پر جا بجا پیار کر رہا تھا۔

جو تمھاری طرف میلی آنکھ اٹھائے گا میں اسکی آنکھیں نوچ لوں گا میں کیا کروں میں ایسا ہی ہوں" وہ اپنا مدعا اسکے سامنے رکھا کرشا نے اچکا گیا جبکہ ایلے نظریں جھکائے بیٹھی تھی جس کا فائدہ اٹھاتے اسکی شرٹ کا

اوپری بٹن کھولتے اسنے اسکی گردن میں ہاتھ ڈالا اور اسکے چہرے پر جھک گیا۔

میں ذرا سیلفش سا انسان ہوں تمھیں نقصان نہیں دینا چاہتا تبھی کہتا ہوں تمیز سے رہا کرو میرے ساتھ ورنہ کوئی اور نہیں مارے گا تمھیں

"اپنے ہی شوہر کے ہاتھوں سے مرنے والی عورت ہو گی تم

آپ مجھے مار دیں گے" وہ منہ بسور گئی

یہ جو ہونٹ نکالتی ہو نہ کاٹ کھاؤ گا تمھیں کسی دن" اسنے واقعی کاٹ لیا اور ایلی جھٹکے سے اٹھی۔

اور اپنے ہونٹوں کو صاف کرتی وہ اسے گھورنے لگی

اب کیا کیا ہے میں نے" وہ سمجھا نہیں

اپنا موبائل چیک کریں" وہ لب دبا گیا

ایک انسان جب گھر سے جاتا ہے تو واپس نہیں آتا کیا میری کالز نہیں اٹھائیں جان بوجھ کر میں تو بوجھ ہوں نہ چلو ٹھیک ہے" اسنے کشن پھینکا اور جانے لگی

ایلے" وہ سر تھام گیا

میں ناراض ہوں" وہ چلائی

الو کا پٹھا بنا رکھا مجھے اس نے" وہ خود کو خود ہی باور کرا گیا اور جیکسن روبو رات کے تین بجے اپنی ناراض بیوی کے لیے اسے منانے کا سامان لینے نکل گیا تھا یہ ٹریک تھی شاید لڑکیوں کو منانے کی وہ اسپر عمل کر رہا تھا وہ سٹور کی جانب بڑھ گیا۔

وہاں سے بہت سارا سامان خرید کر وہ گاڑی سے نکال کر روم میں آیا وہ بلینکیٹ میں چھپی ہوئی تھی جیکسن نے اسکا بلینکیٹ کھینچا اور اسکے سامنے سارے شاپرز پھینک دیے جبکہ اسکی آنکھیں کھل گئیں

جیکسن تھکا تھکا سا اسکے پاس ہی لیٹ گیا جبکہ وہ رات کے اس پھر چیزیں کھانے میں مگن تھی

نیند نہیں ارہی "اسنے پوچھا جبکہ وہ گردن ہلا گئی جیکسن نے گھیرہ سانس بھرا ایک نظر دروازے کو دیکھا وہ لاک تھا اگر لاک نہ ہوتا تو وہ کسی بھی وقت سو کر چل پڑتی۔۔۔۔

جیکسن نے آنکھیں بند کیں

آپ کیوں سو رہے ہیں میں تو بور ہو جاوں گی "وہ اسے جھنجھوڑا گئی جبکہ جیکسن اٹھا اور سائیڈ دراز سے ٹیپ نکال کر اسکے منہ پر زبردستی چپکا گیا

۔۔۔

دن رات میں صرف ایک دو گھنٹے سوتا ہوں سکون سے سونے دو یہ چکر چکر یہ آواز نہ آئے اب مجھے "بھڑک کر کہتا سرخ نظریں بند کر گیا

کھڑوس" وہ بولتی ٹیپ ہٹا کر آرام آرام سے کھانے لگی تاکہ آواز پیدا ہی نہ ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نیو یارک میں اگنے والا اگلا سورج آگ کی طرح اس خبر کو پوری نیو یارک میں پھیلا چکا تھا کہ نیو یارک کا مالک پارکر بھیانک موت پا چکا تھا اور ایسی موت کہ کوئ اسکی شکل نہ دیکھ سکے

ارتھر نے وہ رات روزی کے ساتھ گزاری تھی جولین بھی کسی لڑکی کی نرم گرم بانہوں میں سو رہا تھا جبکہ امیلیا کے پاس تو پارکر تھا لیکن جب ان تینوں پر یہ خبر کسی بم کیطرح گیری تو وہ تینوں جس حلیے میں تھے وہ اسی طرح بھاگے اور امیلیا پارکر کی لاش پر رو رو کر اپنا حال برا کر چکی تھی

امیلیا چلا چلا کر رو رہی تھی جولین نے آرتھر کی جانب دیکھا جو خاموشی سے پارکر کی لاش دیکھ رہا تھا اور پھر وہ باپ کے پاس ایا باپ کی زبان ایکطرف پڑی تھی اسکے ہاتھ گولیوں سے چھلنی تھے اسکا سر بھرتا بن گیا تھا وہ واقعی دیکھنے لائق نہیں تھا اسنے سفید کپڑے پارکر پر چڑھا دیا اور مٹھیاں بھینچ کر آنکھیں بند کر لیں پولیس نے تمام جائے وقع لیا اور آرتھر امیلیا اور جولین کو تسلی دینے لگا۔۔۔

مجھے کوئی رپورٹ درج نہیں کرانی "آرتھر سر تھامے بیٹھا تھا۔

سر بٹ "۔

نہیں کرانی "وہ پھر سے بولا۔

لیکن سر اگر آپ رپورٹ نہیں کرائیں گے تو کاروائی شروع نہیں ہو گی "کہانہ نہیں کرانی رپورٹ جاو یہاں سے "وہ ایکدم دھاڑا تو انسپکٹر خاموش رہ گیا

Zubi Novels Zone

مافیا میں پولیس کیس کرنے والے کا ئیر تھے اور وہ کا ئیر نہیں تھا وہ جانتا تھا یہ کام جیکسن نے کیا ہے وہ جیکسن کے وجود کا ایک ایک حصہ بلکل اسی طرح اسکے تن سے جدا کر دے گا وہ اٹھا اور اپنے گارڈز کو باپ کی ڈیڈ باڈی اٹھانے کے لیے کہا تو وہ سب جھکے اور پار کر جو کل تک یہاں راج کر رہا تھا اسکی لاش اٹھا کر وہ اس کے گھر کی جانب چل دیے جبکہ امیلیا کو بھی وہاں سے جولین نے اٹھا لیا تھا۔۔۔

پار کر مر گیا تھا اس بات کا یقین دور دور تک کسی کو نہیں ا رہا تھا دوسری طرف جیمز اور جیکوب نے جب یہ خبر دیکھی تو وہ دنگ رہ گئے۔۔۔۔

ڈیڈ آپ جانتے تھے یہ "جیمز نے باپ کی جانب دیکھا جو شانے اچکا گیا۔

جب اسے محبت نہیں ہوئی تھی تب وہ صرف اپنی طاقت کے لیے بے رحم موت دے دیتا تھا سب کو اور اب وہ محبت کا شکار ہے تو وہ سب تباہ ہی کرے گا بس یہ محبت عشق کی حدود نہ چھوئے ورنہ معلوم نہیں ہو کیا

کیا کر بیٹھے" جیک جتنے سکون سے بول رہا تھا جیمز کا سکون ہمیشہ تباہ ہو جاتا تھا۔

ڈیڈ اسپر الریڈی ہزاروں کیس ہیں" جیمز پریشانی سے بولا۔

آج ہے کل نہیں اس میں فکر کی کیا بات ہے تم یہ دیکھو نیو یارک اس وقت ہمارا منتظر ہے" جیک مسکرایا تو جیمز نے باپ کیطرف دیکھا اور جیسے آنکھوں آنکھوں میں وہ تینوں سب سمجھ گئے نیو یارک کے لیے تو وہ سب ہی خود غرض تھے جیمز اور جیکوب مسکرایا اور جیک فخر سے بیٹھا تھا

ہماری میٹنگ آج ہی ہے بس میٹنگ کی اور اپنی جگہ پر چلنے کی تیاریاں کرو" جیک دونوں کے شانے تھپتھپا گیا جبکہ مارک مٹھیاں بھینچے یہ سب سن رہا تھا جیکسن نے پارکر کو مار دیا اگر وہ پارکر کو مر دیتا تو اس وقت اسکا دادا اسپر فخر محسوس کرتا وہ بلاوجہ آرتھر کا منتظر رہا جبکہ جیکسن کو آج

تک کسی سہارے کی ضرورت نہیں پڑی تھی وہ غصے سے بپھرتا وہاں سے ہٹ گیا۔۔۔۔

ان سب کے نکلتے ہی جیک نے جیکسن کو کال ملالی جس نے کال اٹینڈ کی۔

یس گرینڈ ڈیڈ آواز میں چہکار تھی۔۔۔۔

مائے گرینڈ سن ہاو آر یو" بے حد خوشی میں پوچھا جبکہ وہ ہلکا سا ہنس دیا

ہیپی" وہ پہلی بار یہ بولا تھا ورنہ کبھی اس بات کا جواب نہیں دیا

ای نیوا یلے تمھارے لیے بیسٹ ہے"۔

یور چوائس از الویز فرسٹ پیورٹی فور می" اسنے کہا تو جیک ہنس دیا۔۔۔

اب کیا کر رہی ہے۔۔۔ تم ذرا لے کر واسے یہاں آج بہت خوشی کا دن ہے"۔

جیکسن نے سامنے دیکھا اور بس دیکھتا رہ گیا اب وہ کیا بتاتا کہ وہ کیا کر رہی تھی

وائے ناٹ اپنی ویز میٹنگ کے لیے ریڈی ہوں میں" اسنے مدعے کی بات کی تو جیک نے سر ہلا دیا۔۔۔۔

میں بھی نیو یارک اب ہمارا ہے اور وہ ہمارا ہی تھا" اسکی بات پر جیکسن نے بھی اسکی تائید کی۔

اوکے دادا کرتا ہوں بات" اسنے کہہ کر کال کٹ کی وہ ٹی شرٹ اور جینز میں بیٹھا اپنے واپین دیکھ رہا تھا جب وہ اندر سے تیار ہو کر باہر ائی تھی اور جیکسن سر تھام کر گارڈز کو دیکھنے لگا جو کہ خود ہی باہر نکل گئے تھے اور اب صرف وہ دونوں تھے ادھر اسنے واپیز کو ذرا چھپا لیا تھا کل رات والا ری ایکشن اسکا دیکھ کر وہ خود سے اوائیڈ کر رہا تھا

یہ سب کیا ہے" وہ صوفے کی پشت پر ٹیک لگا کر اسکی صورت دیکھنے لگا جہاں تھوڑا بہت میک اپ اور بال رول کیے وہ ہونٹوں کو سرخ کیے مینی سکرٹ میں کھڑی گھوم گھوم کر اسے دیکھا رہی تھی

سکرٹ" وہ جوش سے بولی

بکواس لگ رہی ہو چینج کر کے او" جیکسن بے زاری سے بولا ایلے منہ بنا گئی

میں نے بہت محنت کی تھی تیار ہونے میں" وہ بولی جبکہ جیکسن نے سر جھٹکا

کسی اور کام میں اپنا وقت ضائع کیا کرو" وہ سر جھٹک کر اپنی گن نکال گیا

انھیں سے شادی کر لیتے" بھڑک کر کہتی وہ اسکی قیمتی ترین گن زمین پر پھینک چکی تھی۔۔۔

ایلے" وہ دھاڑا

ڈرتی نہیں ہوں آپ سے آپ کو لڑکیوں کو ٹریٹ کرنا نہیں آتا میں نے اتنا اچھا ڈریس پہنا تھا اور ایک ایک لفظ تعریف کا نہیں بولے آپ" وہ

جل بھن رہی تھی جبکہ جیکسن اپنی جگہ سے اٹھا اور اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر خود سے بے حد نزدیک کر گیا کہ اسکی سانس وہیں تھم گئ

جیکسن کے ہاتھ اسکی سکرٹ پر تھا وہ نرم گرم سی شرارتیں کرتا اسکی سانس سکھا گیا

جیکسن "وہ منمنائ

کیا ہوا منی سکرٹ تو اسی لیے پہنی جاتی ہے تا کہ "اسنے اسکی ٹانگوں پر چٹکی بھری اور وہ زور سے لب دانتوں تلے دبا گئ

ن۔۔نہیں وہ تو میں "بہت بری لگ رہی ہو ڈھنگ کے کپڑے پہن کر اور "اسنے اسے دور دھکیلا تو وہ صوفے پر جا کر گیری جبکہ اپلے ہونٹ باہر نکال گئ

اب میرے پاس مت آنا "وہ غصے سے کہہ کر اسکا مزید سامان بھی پھینکتی کمرے میں جانے لگی

دھمکی تو ایسے دیتی ہے جیسے بہت بڑی غنڈی ہو" اسنے سر جھٹکا اور سارا سامان خود ہی اٹھانے لگا

تمھارے تیور بتا رہے ہیں تم ورگن ہو دادا خوش ہوں گے تم سے مل کر اور شاید میرے باپ کو بھی حساس ہو جائے لڑکا کام کا نکلا" انکھ مارتا وہ اسے بتا رہا تھا جبکہ بیلا اسکے بھاری بوجھ تلے تلملا اٹھی تھی

میں تمھاری گردن اتار دوں گی دور ہٹو مجھ سے" وہ چلائ

سوفٹ ہو تم" وہ بے باکی سے بولا بیلا کا دل کیا کچھ کھینچ کر مار دے اسکے سر میں۔۔۔۔

یہ کیا ہو رہا ہے" اچانک کسی کی آواز پر ہینری نے یوں ہی گردن گمائی جبکہ بیلا نے بھی سر اٹھا کر دیکھا اور اپنی آنکھوں سے جیک روبو کو دیکھ کر رہ گیُ اُسنے صرف جیک روبو کے بارے میں سنا تھا لیکن دیکھا نہیں تھا کبھی۔۔۔۔۔

اسکی جوانی کے قصے اسکی ہر بات کو بیلا نے اپنے باپ کے منہ سے سنا تھا بیلا نے ہینری کو پوری طاقت لگا کر دور دھکیلا اور ایکدم کھڑی ہو گیُ جبکہ جیک جیمز اور جیکوب سنجیدگی سے ہینری کو دیکھنے لگے

ہائے بڈیز اس طرح کسی کے بھی گھر میں یہ مافیا گینگ گھس جائے گا " ناٹ فائیر ابھی تو میں کچھ کرنے لگا تھا

شیٹ یورماوتھ تم پیٹ رہے تھے" وہ ھنکاری جبکہ جیکوب سر تھام گیا

لائیک سریسلی۔۔۔۔۔

نو وے ڈیڈ جھوٹ بول رہی ہے کہیں تو میری قابلیت پر شک کیے بنا

مجھے جج کیا کریں" ہینری تو تلملا اٹھا

ہائے سر" بیلا اپنے اندر کی خوشی کو نہ سنبھالتے ہوئے جیک کے پاس

پہنچ گئی باقی سب اسے حیرانگی سے دیکھ رہا تھے۔

ہو آر یو" جیک سمجھا نہیں اور بنا اسکے آگے بڑھے ہاتھ کو تھامے اسنے بیلا

کا چہرہ پہچاننا چاہا

ائی ایم بیلا" وہ مسکرائی

یہاں کیا کر رہی ہو"اف وہ بلکل جیکسن جیسے تھا یہ جیکسن اسپر تھا

میری گیسٹ ہے" ہینری پچھلی بات چھپا گیا بیلا نے ایک نظر اسے

دیکھا اور بس سر ہلا گئی

تم گیسٹ کو ایسے ٹریٹ کرتے ہو یہ معلوم نہیں تھا" جیک تھوڑا نارمل ہوا اور اسنے بیلا کا اب ہاتھ خود تھام لیا

I'm not a celebrity why u so excited to meet with me

جیک کے سوال پر وہ مسکرا دی

میں جیک روبو کی ہسٹری سرچ کی تھی بس ڈیٹس وائے

آپ جتنا ہینڈ سم ماضی میں تھے اتنے ہی اب ہیں" جیک ہنس دیا اور اسکا گال تھپتھپا کر آگے بڑھ گیا

بوڑھا پسند آگیا اور میں نہیں "ہینری احتجاجا بولا تو بیلا نے منہ چیڑا دیا بے ساختہ جیسے کہہ رہی ہو تم ہو کون ہینری کا دل باغ باغ ہو گیا

اور جیمز نے جیکسن کے بارے میں سوال کیا تو ہینری نے ذرا غصے سے اسکی جانب دیکھا

اپکا بیٹا میری گرل فرینڈ کو لے گیا ہے اینڈ سریسلی انکل جیمز ائی ہیٹ یور سن" وہ بولا تو وہ تینوں اسکی بکواس پر ہنس دیے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیکسن مجھے یہ چاہیے یہ بھی چاہیے اور یہ بھی لوں گی" اسنے جلدی جلدی بھالو اٹھانا شروع کیے

جیکسن نے اس بھالو کو دیکھا

یہ سارے ایک ہی شکل کے ہیں" وہ بے زاریت سے بولا

تو اگر ایک خراب ہو گیا تو میں دوسرا یوز کروں گی" وہ منہ بسور کر اسکی بے زاریت پر بولی۔

اہ" جیکسن جبکہ سرد سانس کھینچ گیا بلاوجہ ہی وہ اسکے ساتھ آ گیا تھا اور وہ صوفے پر جا کر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔۔

ایلے نے ایک ڈھیر اٹھالیا تھا بھالوں کا جیکسن خاموشی سے اسے دیکھتا رہا۔۔

بس یہ بس لینا ہے"آدھی دکان لے کر وہ اسکی صورت دیکھنے لگی لے لو پیسے دے کر اجانا" کہہ کر وہ باہر نکل گیا جبکہ جیکسن کی بے رخی پر ایلے جہاں ہونٹ نکال گئ وہیں سیلز گرلز ہنسنے لگیں تھیں وہ غصے سے اسکے پیچھے لپکی اور اسکو کھینچ کر اسکے آگے کھڑی ہو گئ

پیسے دیں"غصے سے اسے نے پیسے مانگے تھے جیکسن نفی میں سر ہلاتا اپنا بلیک کارڈ اسکے ہاتھ پر رکھ کر آگے چلا گیا جبکہ وہ فخر سے پلٹی اور ان سیلز گرلز کے سامنے اتراتی ہوئ اپنی پسند کی چیزیں لے کر وہ باہر نکل ائ۔

جیکسن ایک شوپ میں تھا وہ اسکے پاس آ گئ

اور ابھی جیکسن ایک شرٹ دیکھ ہی رہا تھا کہ ایلے نے وہاں بھی اپنی شاپنگ شروع کر دی وہ بہت ساری شرٹس اور ٹراوزرز لے چکی تھی اور بلیک کارڈ کو ایسے اڑا رہی تھی جیسے سارا پیسہ فری کا ہو۔۔۔

جیکسن نے ایک شرٹ لی اسے سیاہ رنگ پسند تھا اور اسکی شاپنگ موسٹلی اسکے گارڈز کرتے تھے کیونکہ اسکے پاس صرف خون خرابے کا وقت تھا یہ تو آج ویسے ہی وہ اسکے ساتھ آ گیا تو اپنے لیے شاید پہلی بار کوئی چیز پسند کی اور اسکی بیوی نے یہاں بھی ڈھیر کی ڈھیر چیزیں لے لیں اسکا ایک شاپنگ بیگ ایک کارڈ کے ہاتھ میں تھا جبکہ ایلے کے پندرہ بیس بیگز تھے

یہ سب تم کہاں رکھو گی" وہ تمام سامان دیکھنے کر حیران ہوا

" اپنے روم میں

"میں آج ہی تمھارا روم الگ کرتا ہوں میری شاپنگ ہو گی ہے چلو اب میں نے لیا کیا ہے ابھی" وہ پاوں پٹخ کر بولی

اور جیکسن کی آنکھیں پھیل گئیں شاپنگ میں لڑکیوں کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا اور وہ مافیا مین بھی گھبرا اٹھا تھا

ایلے کی ضد پر وہ اسکا ہاتھ تھامتا اسے وہاں سے لے کر باہر نکل آیا اور ایلے منہ بسورے اسکے ساتھ بیٹھ گئی جیکسن اپنی معمولی سی مسکراہٹ روک گیا تھا جبکہ اچانک اسکی نگاہ ایلے پر پڑی

اسکے چہرے پر لال بتی گھوم رہی تھی جبکہ وہ انجان منہ پھلائے بیٹھی تھی۔

آپ دنیا کے سب سے برے شوہر ہیں اتنا بڑا مافیا کینگ اور اتنی سی شاپنگ نیو یارک آکر بھی کنجوسی کر رہے ہیں" اسکے چہرے پر رینگتی لائیٹ جیکسن کا دل تھما گئی اور اسنے اچانک ایلے کو اپنی سمت کھینچا کہ گولی گاڑی کے شیشے میں دراڑیں ڈال گئیں گاڑی بلٹ پروف تھی لیکن پھر بھی خوف اٹھا تھا وہ ایلے کو بانہوں میں بھرے اپنی گاڑی پر گولیوں کی

برسات سننے لگا جبکہ اسکے گارڈز بھی مقابلہ کر رہے تھے اسکی فیورٹ گاڑی کو چھنی کر دیا تھا لوگ چلا چلا کر بھاگ رہے تھے جیکسن نے ڈیش بورڈ کا دروازہ کھولا اور اس میں سے اپنی گن نکالی ور ایلے کو وہیں بیٹھے رہنے کا کہہ کر وہ ابھی باہر نکلتا کہ ایلے نے اسکے بازو تھام لیے

ن۔۔ نہیں جیکسن نہیں مجھے ڈر لگ رہا ہے پلیز" وہ روہانسی ہوئی خوف سے اسکا چہرہ پیلا پڑ چکا تھا

جیکسن دانت پیس گیا اسنے اچک کر دیکھا دھواں دار گولیوں کی برسات تھی یہ جیکسن روبو کی عزت پر بات تھی کہ اسکے شہر میں کوئی اسپر حملہ کرے جبکہ یہ جانتے ہوئے کہ یہ شہر جیکسن کا ہے اسکا بس نہیں چلا اس وقت ایلے یہاں نہ ہوتی تو وہ اکیلا ہی کافی تھی۔۔۔

لیکن ایلے اس سے خوفزدہ ہوئی چمٹی ہوئی تھی اور وہ اپنے اندر کا سارا زلزلہ دبائے بمشکل بیٹھا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

---------------------------

گولیوں کی بھونچار تھمی اور جیکسن ایلے کو لے کر گھر کی جانب بڑھ گیا
اسکی گاڑی بلکل برباد ہو چکی تھی خبر نیوز چینل پر چلنے لگی تھی اسکے گارڈز
اسے سکیورٹی دے رہے تھے جیکسن روبو کو جس کو کبھی زندگی میں
سکیورٹی کی ضرورت نہیں پڑی آج ایک لڑکی کی وجہ سے نہ وہ باہر نکل
سکا نہ ہی اسپر حملہ کرنے والوں کو ختم کر سکا

اپنے اندر زلزلہ دبائے وہ اپنے گھر میں داخل ہوا اور سیدھا بیلا تک پہنچ
گیا ایلے پیچھے ہی تھی سہمی سہمی اسکے تیور دیکھ رہی تھی
جیکسن نے بنا کسی تردید کے بیلا کی گردن دبادی اور بیلا کی سانسیں تھم
گئیں

جیکسن "ہینری نے جیکسن کا ہاتھ پہلی بار کسی شخص پر سے جھٹکا تھا اور جیکسن پاگل سا ہو گیا۔

یہ یہ کون ہے پوچھو اس سے "وہ دھاڑا

بیلا کے رنگ فق سے اڑے کیا ہوا تھا ایسا جو اسے شک ہوا تھا یہ جو بھی ہے تمھارا حق نہیں بنتا اسطرح بیہو کرنے کا اسکے ساتھ یہ میری وجہ سے یہاں ہے"

تم اور یہ تمھارا گند نکلو میرے گھر سے اور میں قسم کھا رہا ہوں ہینری اگر اس لڑکی کا تعلق دور سے بھی ارتھر سے ہوا تو میں اسے جان سے مار دوں گا اور ایسی موت دوں گا کہ دنیا کہ ہر لڑکی کانپے گی مارک مائے ورڈز"

وہ غرایا جبکہ ہینری اسکی شکل دیکھنے لگا اسنے کبھی اسے نہیں کہا تھا کہ وہ اسکے پاس سے اسکے گھر سے چلا جائے اور آج سب کے سامنے اسنے

اسے کہا تو وہ بنا کچھ کہے غصے سے واقعی بیلا کا ہاتھ پکڑے وہاں سے نکل گیا بیلا کچھ سمجھ نہیں سکی وہ کیا کرے اور اسے ہینری کے ساتھ ہی نکلنا پڑا جیکسن ادھر سے ادھر منڈلا رہا تھا

جیکوب جیمز اور جیک وہ تینوں وہیں تھے

کیا ہوا ہے کیوں بھڑک رہے ہو" جیمز نے ذرا غصے سے سوال کیا جو اسنے ہینری کو سنائی اسے اچھا نہیں لگا جبکہ جیکوب بھی چپ کھڑا تھا۔

جیکسن نے باپ کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھا اور ایل سی ڈی چلا دی جہاں ہر چینل پر گزشتہ حادثے کی خبر تھی

وہ تینوں چونک گئے اور جیکسن اتنے زلزلے میں تھا کہ اسنے کھینچ کر ایل سی ڈی پر ریموٹ مارا اور کانچ کی ٹیبل پر بھی لات کھینچ کر ماری ایلے اپنی سانسیں روکے کھڑی تھی۔

مجھے یہ سمجھ نہیں ارہی کہ کسی میں بھی اتنی جرت نہیں یہ اپ لوگوں کی مافیا کا کمال ہے جو کسی میں اتنی جرت ہو گی کہ جیکسن جہاں چل رہا ہے وہاں گولیوں کی کوئی یوں بونچھار کر دے

مجھے اس مافیا کی ضرورت نہیں ہے میں ان سب کی۔۔۔ایسی کی تیسی ویسے بھی کر سکتا ہوں" وہ دھاڑا جیک آگے بڑھا اور اسکے شانے پر ہاتھ رکھا

ریلکس مافیا کینگ ہو تم اس وقت یہ عام بات ہے کسی کا بھی تم پر حملہ پر دینا"۔

مجھ پر حملہ کر دینا عام بات ہے دادا۔۔ لیکن اسے کچھ ہو جاتا میں نیویارک کو تگنی کا ناچ نچوا دیتا بخشو گا تو خیر میں اب بھی نہیں" اسکا ہاتھ ہٹا کر وہ ایلے کی جانب اشارہ کر کے بولا

جبکہ جیک نے گھیرہ سانس بھرا

" وہ ٹھیک ہے یہیں ہے تمھارے پاس ہے

نہیں دادا" وہ پاگل سا ہو رہا تھا

مجھ پر آج تک کسی نے اس طرح ڈائریکٹ حملہ نہیں کیا اور

میں۔۔۔میں اسکی وجہ سے جواب نہیں دے سکا عورتوں کی طرح

چوڑیاں پہن کر گاڑی میں بیٹھا رہا" پہلے اسکے لیے بول رہا تھا اب اسکے

خلاف بول رہا تھا وہ واقعی پاگل ہو چکا تھا

جیک نے نفی میں سر ہلایا

ٹیک ایٹ ایزی جیکسن جواب نیویارک کو نہیں جواب آرتھر کو دینا ہے

"

جواب تو نیویارک کو ملے گا دادا تا کہ نیویارک کو پتہ چلے انکے شہر کا مالک

کون ہے اب" پھنکار کر کہتا وہ وہاں سے کمرے میں چلا گیا

ایلے کی ٹانگوں کا دم نکل رہا تھا

لیں جی ڈیڈ آپ سے بھی اسکا پاگل پن نہیں سنبھلا "جیکوب بولا تو جیک نے گھور کر دیکھا

بٹ اس معاملے میں میں جیکسن کے ساتھ ہوں اور جس نے بھی یہ جرت کی ہے منہ کی کھائے گا "جیکوب بھی بولا

میرے خیال سے پہلے پتہ کروالینا چاہیے یہ تھا کون "جیمز بولا تو جیک نے سر ہلایا

آپ یہاں رو کیں گے "وہ دونوں جیک کو دیکھنے لگے جس نے نفی میں سر ہلایا

اب اسکو سنبھالنا ایلے کا کام ہے تھوڑا مشکل ہے لیکن نا ممکن نہیں "وہ کہہ کر ایلے کی جانب دیکھتا وہاں سے نکلا تو وہ دونوں بھی وہاں سے نکل گئے

اور ایلے وہیں سکڑ سمٹ کر بیٹھ گئ

اسکادل شدید دکھ گیا تھا جیکسن نے ہینری کو کیوں نکالا ہینری اسکا بھائی تھا اسکا دوست تھا سب کچھ تھا اور بیلا بیلا بھی تو اچھی لڑکی تھی پھر ان ساری باتوں کا جواب وہ ان سے کیوں لینا چاہتا تھا وہ تا دیر وہیں بیٹھی رہی یہاں تک کے شام ہو گئی اور ایک گھیری خاموشی پھیل گئی ہینری ہوتا تھا تو کتنا کھلا کھلا سا رہتا تھا گھر لیکن اب کھانے کو آرہا تھا

وہ اٹھ کر صوفے پر بیٹھ گئی جیکسن اندر تھا کمرہ بند تھا اور وہ کمرے کا دروازہ بجانے کی ہمت خود میں نہیں پائی تھی۔

---

تم مجھے اپنے ساتھ کیوں لائے ہو" وہ اس وقت سمندر کنارے کھڑے لہروں کو دیکھ رہے تھے بیلا نے ہینری کی جانب دیکھا

تو مرنے کا زیادہ شوق چڑھا ہے تمھیں وہ اس وقت پاگل ہوا ہوا ہے اور جس پر اسے شک بھی گزرے اسے بھی ختم کر دیتا ہے تمھارے اتنے

ٹکڑے کرتا کہ ڈھونڈتی پھرتی مکمل بیلا کہاں ہے" وہ سنجیدگی سے سر جھٹک کر بولا

تم جیکسن کے ساتھ کب سے ہو" بیلا کو اسکی اداسی پر تجسس ہوا کہ آخر "یہ دونوں ایک دوسرے سے اتنے اٹیچ کیوں ہیں

پیدا تو اس سے الگ ہی ہوا تھا لیکن پیدا ہونے کے بعد اس سے الگ نہیں ہوا کبھی" وہ بول تو سنجیدگی میں بھی مسخرہ پن چھوڑ دیا تھا بیلا ہنس دی

اچھا تبھی تمھیں اس سے محبت ہے اتنی کریمنل ہے ویسے تمھارا بھائی" وہ بولی تو ہیزی نے اسے گھور کر دیکھا

"وہ جیسا بھی ہے تمھیں اس سے فرق نہیں پڑنا چاہیے

" واہ وہ ابھی تو اسنے تمھاری عزت کر کے تمھیں گھر سے نکالا ہے

بیلا نے بھی طنز بھرپور مارا تو وہ خاموش ہو گیا

اچھا اب اداس ہو کر منہ نہ لٹکاو چلو کیا یاد رکھو گے آج بس ایک دن کے لیے میں تمھاری ایلے بن جاتی ہوں" وہ اسکی اداسی دیکھ کر بس ویسے ہی بول پڑی

اور ایلے شکل دیکھی ہے اپنی" ہینری نے سر جھٹکا اور بیلا نے کھینچ کر مکہ اسکے پیٹ میں مارا۔

" ہاں میں ایلے کیطرح میسنی نہیں ہوں

زبان سنبھال کر میری گرل فرینڈ کے بارے میں بات کرو" ہینری کراہتے ہوئے چیخا

کمال سٹوری ہے ایک بھائی کی گرل فرینڈ دوسرے بھائی کی وہی لڑکی بیوی اور پھر مجھ پر بھی فلرٹ جاری ہے تمھیں شرم نہیں آتی کتنے ٹھرکی ہو "

ہینری کو غصہ چڑھا اور وہ پیچھے پلٹا اور پھر بیلا کو وہ ہوا میں گھومتا محسوس ہوا اور اسنے لات گھما کر بیلا کے منہ پر اکر لگی اور بیلا تقریبا دس قدم دور جا کر پڑی

اوہ شیٹ" وہ اس حرکت اور لڑائی جھگڑے سے اوائڈ کرتا تھا

کیونکہ بلیک بیلٹ تو وہ بھی تھا وہ اپنے جوہر دیکھا سکتا تھا اور اب جو اسنے بیلا پر دیکھائے تھے بیلا ٹوم اینڈ جیری کے ٹوم کیطرح زمین پر چیپکی ہوئی پڑی تھی کہ ہل بھی نہیں رہی تھی

بیلا" ہینری نے اسے جھنجھوڑا

یو باسٹرڈ" وہ مری مری آواز میں بولی

سوری یار میں غصے میں زیادہ ریکیشن دے گیا" وہ اسکا چہرہ دیکھنے لگا جو نیلا ہونے لگا تھا

اور اپنی عقل پر ماتم کرنے کا دل کیا کہ وہ اتنا اوٹ آف کنٹرول نہیں ہوا تھا کبھی اور جیکسن کا سارا غصہ بیلا پر نکال دیا جو یقیناً نازک سی جان تھی ہینزی نے اسکے نیم جاں وجود کو بازوں میں بھرا اور اچانک چاند کی چمک میں اسکا چہرہ دیکھ کر وہ بیلا کو دیکھتا رہ گیا۔

اسکی لمبی سیاہ پلکوں کے جھالر گالوں پر پڑے تھے اور لبوں کو دانتوں میں دبائے وہ اسکی دی تکلیف کو سہنا چاہ رہی تھی

ہینزی کے پاس اس سے بھی زیادہ بیسٹ آپشن تھا اسکی تکلیف کم کرنے کے لیے۔۔

اسنے بیلا کا چہرہ پکڑا مٹی اسکے سنہری خوبصورتی سے تراش خراش ہوئے بالوں کو لگ گئی تھی اسنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں میں اسکا چہرہ پکڑا اور اسکے دانتوں میں دبے لبوں پر جھکا اور اسکا نیلا لب آزاد کرا کر وہ اسکی

سانسوں کو سانسوں میں بھر گیا جبکہ بیلا کے تمام حواس ایسے جاگے جیسے اسے 440 والٹ کا کرنٹ لگا ہو بیلا اسکی نرمی کو محسوس کر سکتی تھی عجیب ہی بات تھی وہ اسے ہٹا نہ سکی۔

جبکہ آج سے پہلے سے کسی نے چھوا نہیں تھا ہینری خوبصورتی سے اپنے کام میں مگن تھا

وہ اچھا خاصا کسرتی جسم رکھتا تھا اور اکثر ہی جیکٹ اور جینز میں ہوتا اس وقت وہ بلکل بے پرواہ تھا دنیا سے اور بیلا کو جیسے ہی اس وقت غلطی کا احساس ہونے لگا تو وہ اسکے سینے میں اپنے دونوں ہاتھ مارتی کھڑی ہو گی اور ہینری جیسے مر ہی گیا

"دور ہو جاو رومانس کا جواب اسطرح دیا جاتا ہے

تمھاری ہمت کیسے ہوئ مجھے چھونے کی" وہ چلائ

اتنی دیر سے مزے لے رہی تھی تب تو تمھارے اندر وومن پاور نے جنم نہیں لیا" وہ بھی کھڑا ہو گیا

"ہینری تم رہنے لائق ہو ہی نہیں

لیکن تمھاری مجبوری ہے کہ تمھارے پاس دوسرا کوئی آپشن نہیں ایم ای رائیٹ مس بیلا" وہ سکون سے بولا دور رہو مجھ سے اور یہ تم وائن

"پیتے ہو نہ

اپکو ذائقہ آیا تھا" پورے دانت نکال کر وہ سوال کرنے لگا

اف بہت ہی چیپ انسان ہو" بیلا آگے بھاگ گئی جبکہ وہ پانی میں اتر گئی

اور ہینری ہنستے ہوا اسکے پیچھے پیچھے اسپر پانی پھینکنے لگا اور بیلا اسکی اس اوور ایکٹنگ پر کلس کر خود ہی بھیگی بھیگی سی باہر آگئی۔

ہینری خوب انجوائے کر رہا تھا ایکچلی اب تک یہ سمجھ نہیں آیا تمھاری مجبوری کیا ہے ہمارے ساتھ رہنے کی۔۔۔ کہیں واقعی آرتھر کی بھیجی

گی تو نہیں دیکھو وہ تو کتے کی موت مرے گا تم اپنا دامن بچا لو مجھ سے شادی کر کے "وہ آفر دینے لگا

مائے فٹ "وہ گیلے بال جھٹکتی بولی

اف "وہ دل پر ہاتھ رکھتا عاشقانہ انداز میں چلنے لگا بیلا کو ہنسی اگئ۔

\------------------------

وہ کمرے سے باہر نکلا تو انسانوں والی کیفیت تھی

لیکن وہ بمشکل رکا ہوا تھا اگر دادا اسے فون پر نہ سمجھاتے کہ وہ سب سیٹ کر کے اسے دیں گے اور وہ جا کر اپنے ہاتھوں سے مارے گا اس شخص کو تب تک اسے سکون نہیں آیا

اسنے صوفے کی جانب دیکھا کسی وجود کا احساس ہوا اور وہ صوفے کے قریب اگیا ایلے تھی سو رہی تھی

اچھی بھی لگ رہی تھی روئ بھی تھی اور ڈری ہوئ بھی تھی

وہ گھیرہ سانس بھر گیا۔

ایلے اسنے اسکے بالوں میں اپنی بھاری انگلیاں چلائیں" مگر وہ گھیری نیند میں تھی

بچہ اٹھ جاو اندر چل کر سوایک منٹ" وہ حیران ہوا آج وہ سکون سے سو رہی تھی کہیں نہیں گئ

وہ پر سوچ ہو گیا کہ وہ جیکسن کے بنا کیسے سو گئ

ایلے کو اٹھانے کی تگ و دو کرتا وہ بالآخر کامیاب ہو ہی گیا ایلے نے منڈی منڈی آنکھوں سے اسے دیکھا اور اپنے بازو پھیلا دیے جبکہ منہ بھی بسور لیا کہاں وہ کتنی دیر بعد اسے ملا تھا

جیکسن اپنی مسکراہٹ روکتا اسکو سینے سے لگا گیا میں ڈر جاتا ہوں تمھارے معاملے میں بہت ڈر جاتا ہوں مجھے لگتا ہے اب اپنے حواسوں میں نہیں رہا میں" وہ جیسے اسے بتا رہا تھا جو نادان پھر سے سو گئ تھی اسنے

سر اٹھا کر دیکھا وہ پھر سے آنکھیں بند کیے لمبے سانس بھر رہی تھی وہ اسی طرح بازوں میں اچک کر اسے اندر لے آیا ابھی بیڈ پر جیسے ہی لیٹا یا کہ چڑیل کیطرح وہ جاگ گئی اور اٹھ کر بیٹھ گئی

دیکھو ایلے اگر تم نیند میں چلنے والی ہو تو مجھے ڈر نہ کسی چیز سے نہیں لگتا یہ " تمھارے اندر کی چڑیل سے لگتا ہے چپ چاپ سو جاو

میں جاگ رہی ہوں" وہ غصے سے بولی۔

اوہ اچھا تو جاگ گئی ہو تم" وہ اسکے سامنے ہی لیٹ گیا

ہینزی کو گھر سے کیوں نکالا ہینزی آپ نے" وہ غصے سے بولی

تمھیں اس گھر میں امن برا لگ رہا ہے" جیکسن بے سر جھٹکا

جیکسن" وہ اسپر چڑھ گئی جیکسن کراہ اٹھا

یہ کیا بدتمیزی ہے کتنی موٹی ہو تم اترو مجھ پر سے" وہ چلایا

آپ ہینری کو ابھی فون کریں گے وہ نہین ہوتا میرا دل نہیں لگتا نہ" وہ
اسے جھنجھوڑ کر بولی اچھا ہٹو کر رہا ہوں" وہ غصے سے بولا جبکہ ایلے جلدی
سے اچھے بچوں کیطرح سائیڈ پر ہو گئ

جیکسن اٹھا اسے کہاں چین انا تھا کہ ہینری اسکے ارد گرد نہ ہوتا

اسنے فون گھمایا تو ہینری نے کال اٹینڈ نہیں کی

مجھ یہ اٹیٹیوڈ دیکھا رہا ہے اب ذرا گھسے اس گھر میں" وہ غصے سے موبائل
پھینک گیا اور اچانک ہی یلے نے اسکے منہ پر ہلکا سا تھپڑ مار دیا
اور پھر انگلی دانتوں میں دبا لی

وہ وہ آپ۔۔آپ فون کریں" وہ سٹپٹا کر اسکی نظروں سے گھبراتی اٹھ
کر اس غلطی پر بھاگتی کہ جیکسن نے اسکی ٹانگ پکڑ کر کھینچی اور وہ سیدھی
بیڈ پر گیر گئ

جیکسن نے ایلے کی گردن میں بازو حائل کیا اور اسکا چہرہ اوپر کے کے

اسے دیکھنے لگا

جس دن تم میرے ہاتھ کا تھپڑ کھاو گی تمہیں اس دن پتہ لگے گا" کہتے

ساتھ ہی اسنے ایلے کی پیٹھ سے ذرا نیچے تھپڑ مارا تو ایلے منہ بسور کر کراہی

جیکسن" وہ سسکی

بہت ہاتھ چلتے ہیں تمھارے تم مافیا کینگ کو مارتی ہو تمھیں پتہ بھی ہے

مجھ پر آج تک کوئی ہاتھ نہیں ڈال سکا" وہ بولا اور اسے جھٹکے سے سیدھا

کیا

اور ایلے نے اسکی گردن میں بازو حائل کر لیے مجھے ہینری صبح گھر پر

چاہیے اور آپکی غلطی ہے آپ تو کسی بل کیطرح سب کو ٹکڑے مارتے

"ہیں بنا دیکھے کسی کا قصور ہے یہ نہیں

وہ بیلا ارتھر کی بھیجی گئی ہے یہ بات میں تمھیں لکھ کر بھی دے سکتا

ہوں "

ارتھر ایسا کیوں کریں گے "بے ساختہ اسکے منہ سے نکلا اور جیکسن

نہایت زہریلے تیوروں میں اسے دیکھنے لگا اتنی عزت کے قابل ہے وہ

جتنی تم دے رہی ہو اسے "وہ بھڑکا

سوری "ایلے زبان دبا گئی

بتاتا ہوں تمھیں اچھے سے "وہ آگے بڑھا اور لائیٹ پر ہاتھ مارا تو پورا کمرہ

اندھیرے میں ڈوب گیا جبکہ ایلے جیکسن جیکسن کرتی رہ گئی

اور جیکسن تو اسے خوبصورت سزائیں دینے کے موڈ میں تھا۔

-------------------------

کہاں ہو تم "جیکسن کے سوال پر وہ ذرا غصے سے موبائل کی سکرین

دیکھنے لگا

تمھیں کیا ہے جہاں مرضی ہوں تم کون سا میرے ابو لگ رہے ہو" وہ گھر میں داخل ہوتا بولا جبکہ جیکسن پلٹا

رات تو رات اسکی بیگم نے دن میں بھی جینا حرام کیا ہوا تھا اسے ہینری ہر صورت چاہیے تھا اور جیکسن نے اسے ہزار کال کر لیں تھیں اور اسنے پورے احسان کے ساتھ کال اٹھا ہی لی تو وہ مڑا تو وہ پیچھے تھا وہ ہینری کو دیکھ کر خوش تو ہوا مگر بیلا کو ساتھ دیکھ کر سنجیدہ ہو گیا۔۔۔

"کیوں آئے ہو تم

ہینری" ایلے کے چلانے پر ہینری بھی جمپ لگا کر صوفے کے دوسری طرف اترا اور ایلے کے گال کھینچ دیے

" اوہ مائے بیبی تم نے مجھے مس کیا

بہت سارا

لگ تو نہیں رہا" وہ اسکی گردن پر فاونڈیشن میں چھپتا نشان دیکھ کر گھورنے لگا ایلے ذرا جھجھک ہی گئ

تمھیں چین نہیں ہے ذلیل آدمی" وہ گھور کر بولا جبکہ جیکسن صوفے پر بیٹھ گیا

یہ دونوں کیا چیزیں تھیں اسکی اچھی خاصی سنجیدہ زندگی برباد ہو چکی تھی

ہائے بیلا" ایلے اس سے بھی خوشی سے ملی ہائے ایلے" وہ بھی مسکرائ۔

اب ہم سب یہیں رہیں گے" ایلے خوشی سے بولی

جبکہ جیکسن نے نگاہ گھما کر اسکیطرف دیکھا

میں سٹڈی میں ہوں فورا میرے پاس پہنچو" وہ ہینری کو کہہ کر وہاں سے چلا گیا جبکہ ہینری بھی اسکے پیچھے ہو گیا

یہ مارک کا کام ہے" ہینری کی بات پر جیکسن نے سر ہلایا

" نیویارک کی سڑکوں پر اسکی لاش لٹکوادوں گا تم بس دیکھتے رہو

بھائی ہے ہمارا" مجھے شک ہے یہ آرتھر کے ساتھ ملا ہے" وہ دونوں سنجیدگی سے باتیں کرتے اندر چلے گئے تھے بیلا ان دونوں کو دیکھنے لگی یہ جیکسن کا اسے گھر سے نکالنا پلین کا حصہ تھا بیلا دنگ نظروں سے ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ZNZ Zubi Novels Zone

وہ بھائی ہے تمھارا" جیمز نے بھڑک کر کہا تو مارک نے لاپرواہی سے باپ کو دیکھا

" میں اپکو ہزار بار بھی یہ ہی کہو گا کہ میں نے نہیں کیا تو نہیں کیا مارک" جیمز غصے سے اسکی جانب بڑھا

تم اس سے دور رہو وہ مافیا کینگ ہے اور تمھیں چٹکیوں میں مسل دے تمھارے وجود کی بھی خبر نہیں ہو گی کسی کو" جیمز اسے روکنے کے لیے بولا

آپ مجھے ڈرا رہے ہیں اس سے۔۔۔اس سے ڈرائیں گے۔

اسے مارک ختم کرے گا آپ دیکھ لیجیے گا" مارک بلآخر کھل ہی گیا

مارک" جیمز دھاڑا مگر کوئی اثر نہیں ہوا اور وہ وہاں سے چلا گیا جیمز کو علم تھا جیکسن کسی ایک کی بھی پرواہ نہیں کرے گا وہ مارک کو مار بھی دے اسکے نزدیک کوئی بڑی بات نہیں تھی لیکن وہ مارک کی وجہ سے پریشان تھا جو پاگل پن کر رہا تھا۔

جیک بھی وہیں اگیا

کچھ پتہ چلا" اسی نے کرایا ہے ڈیڈ یہ سب" جیمز ذرا بھڑک کر بولا جیک خاموش ہو گیا۔

"اسکورو کو موت کے قریب خود جانا عقلمندی نہیں

نہیں سمجھ ارہی ابھی اسے" جیمز مٹھیاں بھینچ کر بیٹھ گیا

جیک بھی اپنی چیئر کھینچ کر بیٹھا دونوں کسی گھیری سوچ میں جیسے اتر گئے

تھے

---------------

مارک غصے سے بپھر رہا تھا۔

ہاں اسی نے حملہ کرایا تھا جیکسن پر مگر جیکسن تو کیا ایلے بھی نہیں ماری وہ

ہتھیلی پر مٹھی مار گیا۔

کیا اسے واقعی آرتھر سے مل جانا چاہیے تھا اور صبر کرنا چاہیئے تھا" وہ

اپنے غصے میں اپنی زندگی کی سب سے بڑی بھول کرنے جا رہا تھا ہاں

کیونکہ شاید وہ اکیلے اکیلے جیکسن کو ہرا نہیں سکتے ارتھر اور مارک کو مل

جانا چاہیے تھا مارک گاڑی میں سوار ہوا اور گاڑی گھمائی اور ارتھر کو کال بھی ملالی

---------------------------

جیکسن اور ہینری کمرے میں تھے جبکہ ایلے ہلکا سا مسکرا کر شانے اچکا گئی بیلا بھی معمولی سا ہنس دی

او ہم دونوں باتیں کرتے ہیں باہر واک کرتے ہیں" وہ بولی اسکا مقصد ایلے کو کوئی نقصان پہنچانا نہیں تھا

اور ایلے کو نقصان پہنچانے کی آرڈرز بھی اسکے پاس نہیں تھے

وہ دونوں باہر اگئیں اور واک کرنے لگیں ایلے کے چہرے پر ٹھری مسکراہٹ پر بیلا نے اسکا چمکتا چہرہ اور اس چہرے میں سے جھانکتے کچھ نشانات کو دیکھا

جیکسن تم سے بہت محبت کرتا ہے"؟

بیلا کے اچانک پوچھے گئے سوال پر وہ سارا شرما سی گئی

جی جیکسن میری زندگی کا پہلا شخص ہے جس نے مجھ سے محبت کی ہے

اور وہ بہت بہت اچھے ہیں" ایلے کافی خوش تھی

ہمم اچھا اچھا بس تمھارے لیے ہے باقی دنیا کا کیا وہ لوگوں کو بے رحمی

سے مار دیتا ہے" بیلا ویسے ہی بول گئی۔

ایلے رک گئی

یہ بات تو اسے بھی بہت خوفزدہ رکھتی تھی لیکن اس وقت وہ کافی خوش

تھی اور ایک اور خوف اسکے وجود میں بھر گیا تھا

بیلا اسکی اتری ہوئی معصوم شکل دیکھ کر خود بھی اسکے کیوٹ فیس پر چٹکی

کاٹ گئی

تم پریشان نہ ہو تمھارا مسئلہ نہیں ہے یہ" وہ ہلکا سا ہنسی

لیکن یہ سچ ہے" وہ نظریں جھک گئی

بیلا کچھ بھی نہیں بولی

مجھے کیا کرنا چاہیے ایسا کے جیکسن ایک اچھا انسان بن جائے "۔ وہ اپنی عقل سے ایک زبردست سوچ لائی تھی

میں بتاتا ہوں کیا کرنا چاہیے تمھیں" اچانک ہینری کی آمد پر دونوں دل تھام گئیں ہینری نے ائی بروا چکا کر دیکھا

یہ لڑکی ایک بہت بڑے مافیا کینگ کی بیوی ہے اور یہ لڑکی اپنی جان میں بلیک بیلٹ ہے پھر بھی دونوں ڈر گی"ہینری نے نفی میں سر ہلایا

ہینری تم نے ہمیں ڈرایا ہے" ایلے خفگی سے بولی

اووووو میرا شونا مونا" وہ اسکے دونوں گال کھینچ گیا

ایلے نے اسکے ہاتھ پر تھپڑ مارا

کتنے چیپ ہو تم ہینری" بیلا سڑ کر بولی تھی

ابھی چیپ نیس والا سیشن شروع نہیں کیا تمھارے ساتھ پھر ھیں کیسے

پتہ چلا میں چیپ ہوں" وہ سینے پر ہاتھ باندھ گیا

بھابھی ہے وہ تمھاری" بیلا نے ایلے کو پیچھے کیا

اووو ہیلو پانی کم چائے یہ میری گرل فرینڈ ہے بھابھی ہو گی تمھاری اور تم

ہو گی اسکی۔

میرے اندر کوئی بھائیوں والے جذبات نہیں تو سید ھی رہو تم" ہینری

نے ایلے کو کھینچا

ایلے جبکہ کھلکھلا رہی تھی

جیکسن کو چاہیے تمھیں خوب مارے" بیلا بھڑ کی

آہ اسے منہ کون لگاتا ہے" وہ ایلے کے شانے پر ہاتھ پھیلاتا مزے سے

بولا جبکہ بیلا آگے چلی گئی

تمھیں نہیں لگتا یہ جل رہی ہے" وہ اسکے کان میں گھس کر بول جبکہ ایلے ہنستے ہوئے سر ہلا گئی

اف کیا بات ہے میری پر سنلٹی پر لڑکیاں مرتی ہیں" وہ خوشی سے جھوم اٹھا اور ایلے نے ہنستے ہوئے اوپر دیکھا کھڑکی کے شیشے سے جیکسن صاف دیکھائی دے رہا تھا اور ایلے نے اسکی سمت دیکھا تو ہینری کا بازو ہٹانا چاہا ہینری نے بھی اوپر دیکھا

نہ کرو ایسا ایلے تم میرا دل توڑ رہی ہو اس جنگلی سانڈ کی وجہ سے ایک حسین جمیل لڑکے کے ہاتھوں کو ہٹا رہی ہو"ہینری کہاں سدھرنے والا تھا

بیلا بھی غصے سے بھری اسے دیکھ رہی تھی جیکسن بھی ان دونوں کو دیکھ رہا تھا

مجھے لگ رہا ہے یہ دونوں ہم دونوں کو ماردیں گے" ہینری نے سیدھی
طرح ہاتھ ہٹایا۔
اور جیکسن پیچھے ہٹا گویا وہ نیچے ارہا تھا
ایلے ایلے مجھے بچاؤ وہ مجھے ماردے گا" ہینری کو توجان کے لالے پڑے
تھے۔
جبکہ بیلا کافی مطمئین ہو گئ تھی اچھا تھا مارہی دیتا اسکو تو
جیکسن نیچے آیا اور وہ دونوں اس سے بچ کر پیچھے ہٹے ایلے کا پاوں پھسلا
ایلے" ہینری اسے پکڑتا ہی کہ وہ پیچھے کی سمت گیر گئ
اور پتوں میں پڑی کسی بدبودار چیز سے ٹکرائ۔
جیکسن ہوا کیطرح اس تک پہنچا تھا اور بیلا بھی
ایلے ہاتھ دو" وہ سنجیدگی سے بولا

ایلے جلدی سے اٹھی اور اپنا ہاتھ اسکے ہاتھوں دیتی کہ مڑ کر اسنے کانپتے ہاتھوں سے پتے ہٹائے

ایلے ہاتھ دو کیا کر رہی ہو" ہینری بھی بولا

"ایلے وہ کچھ بھی ہو سکتا ہے اسے ٹچ مت کرنا

پتے ہٹتے ہی سب کو دیکھائی دے رہا تھا بیلا بھی بولی

مگر ایلے نے سارے پتے ہٹائے تو ایک لڑکی کی لاش دیکھ کر وہ سہم کر دور ہوئی تھی تب تک جیکسن بھی نیچے اتر چکا تھا ایلے کا وجود کسی سوکھے پتے کیطرح کانپ رہا تھا

جیکسن نے اسے سینے میں بھر لیا

اور ہینری نے اپنے جوتے سے اس لڑکی کو سیدھا کیا

تو وہ تینوں ہی اسے پہچان نہ سکے ایلے تو جیکسن کے سینے میں چہرہ چھپائے ہوئے تھی

Click On The Link Above To Read More Novels / / 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

ہینری نے جیکسن کی جانب دیکھا

اگر میں کسی کو مارتا تو مجھے اپنے گھر کے لون میں لاشیں چھپانے کی عادت نہیں اور تم میں اتنی جرت نہیں وہ دونوں اب بیلا کو دیکھ رہے تھے

میں میں نے کسی کو نہیں مارا آج تک" وہ پریشانی سے بولی تھی

جبکہ جیکسن سر جھٹک گیا بنتی بہت کچھ تھی۔۔۔ تھی کچھ بھی نہیں ایلے سے تو دیکھا بھی نہیں جا رہا تھا

ہے کون پھر یہ اور یہاں کیا کر رہی ہے "ہینری حیران تھا

گارڈز مر گئے ہیں جو یہاں اچانک ایک لاش آ گئی اور کسی کو پتہ نہیں چلا"

وہ غصے سے جمپ لگا کر اوپر چڑھا اور ایلے کو بھی جیکسن نے اوپر چڑھایا بیلا خود چڑھ گئی تھی اور ایلے کی نگاہ جاتے جاتے اس لاش پر آ ٹھہری گئی وہ تھم گئی وہیں "اس لاش کو دیکھنے لگی

ر۔۔۔روزی" اسکے لب پھڑ پھڑائے۔

جیکسن،ہینری اور بیلا اسے دیکھنے لگے تھے

بیلا کے دماغ میں اس نام کا کہیں ذکر ہوا تھا اسنے کبھی شکل وصورت نہیں دیکھی تھی لیکن یہ نام سنا ضرور تھا۔

روزی" اپلے آگے بڑھی

وہ ہاں وہ اسکی دوست تھی برسوں بعد بھی وہ اسکا چہرہ شناخت کر گئی تھی

روزی" وہ روتے ہوئے دوبارہ نیچے اتر گئی

اور اسکے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھ گئی اسکے چہرے پر چونٹیاں چڑھ رہیں تھیں اسکے پیشانی پر خون سوکھ گیا تھا اسکا چہرہ نیلا سا ہو گیا تھا

روزی روزی تمھیں کس نے مارا ہے تم تم کیسے مر گئی" وہ اسے ہلاتی ہوئی بری طرح رونے لگی

جیکسن نیچے اترااوراایلے کوزبردستی بازوں میں اٹھالیاوہ بچوں کیطرح رو رہی تھی وہ جیکسن کے پاس نہیں جاناچاہتی تھی وہ روزی کے پاس بیٹھی تھی جیکسن اسے لے کرزبردستی اوپراگیا

اس لاش کوابھی اوراسے وقت یہاں سے نکلواو" جیکسن نے بڑے ضبط سے ہینری سے کہاجوسرہلا گیا

جبکہ بیلااپنے مقدموں آگے بڑھی گئ

مجھے ایسالگتاہے یہ نام میں نے کہیں سناہے" بے ساختہ اسکے منہ سے نکلا ہینری نے اسکی صورت دیکھی۔

اورایکدم اسکاہاتھ تھام لیایہ بات دوبارہ منہ سے مت نکالنا" بہت سختی اور برھمی سے وہ یہ بات اسے باورکرارہاتھا۔

جاواندر" اسنے سنجیدگی سے کہا

مگر"۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

بیلا ائ سیڈ گو" وہ بولا تو وہ اندر چلی گئ اور ہینری نے اس لاش کو گارڈز کو جھاڑ کر گھر سے باہر نکلوایا لیکن اسکے دل میں ایک کھٹکا ضرور بیٹھ گیا تھا اتنی سخت سکیورٹی ہونے کے بعد اندر لاش کیسے ائ
کیسے اسی جگہ پر رکھی گئ جہاں اس گھر کے رہنے والے مکینوں کی نظر جاتی۔۔

--------------------------------

نہیں جیکسن چھوڑیں مجھے وہ میری دوست ہے وہ وہ میری دوست ہے اسکا یہ حال کس نے کیا وہ میری دوست ہے چھوڑیں مجھے"۔
ریلکس رو کو وہ مر چکی ہے" جیکسن کے لیے ہمیشہ سے سب سے مشکل کام اسکو تکلیف میں دیکھنا تھا بیلا لب دبائے ہوئے تھی وہ بچوں کیطرح رو رہی تھی

بہت زیادہ غمگیں تھی ہینری نے اسے روک دیا تھا وہ یہ بات نہ کرے
تبھی وہ خاموش کھڑی تھی

ایلے" جیکسن کو پہلی بار کسی انسان پر مرتے دیکھا تھا ورنہ جتنا اسکے
بڑے میں سنا اور سمجھا تھا وہ بے رحم ترین تھا جیسے کوئ جانور کو چیڑ پھاڑ
کر دے لیکن بلکل بھی احساس نہ رکھے جس میں احساس کے جذبے ہی
نہ ہوں۔

وہ اسے پکار رہا تھا بیلا سامنے ہی کھڑی تھی ہینری بھی وہیں اگیا۔۔۔
کس نے مارہے اسے آپ نے مارا ہے نہ آپ ہیں ہی ایسے آپ لوگوں کو
مار دیتے ہیں بیلا نے بھی یہ ہی کہا میں میں کیسے آپ سے محبت کر سکتی
ہوں آپ نہایت گندے انسان ہیں آپ نے میری دوست کو مار دیا

۔۔۔

جس سے ملنے کے لیے میرا دل تڑپتا تھا اور میں سوچتی تھی کہ آپ سے کہوں گی میری دوست کو ڈھونڈیں اسے لے آئیں میرے پاس لیکن آپ اپ نے اسے مار دیا جیکسن آپ جانور ہیں ہٹ جائیں دور ہو جائیں مجھ سے" وہ چلانے لگی جیکسن کو دھکے دینے لگی ہینری نے غصے سے بیلا کو دیکھا تو وہ منمنا اٹھی

میرا مطلب وہ نہیں تھا" وہ اہستگی سے بولی

جیکسن نے کسی بات پر توجہ نہیں دی اور اسکو سینے میں بھینچ لیا اسے جس نے بھی تکلیف دی تھی وہ اسے چھوڑتا نہ اسے فرق نہیں پڑتا تھا کوئی مرے یہ جیے لیکن ایلے کو باقائدہ تکلیف دی گئی تھی یہاں۔۔۔

اسے سب سمجھ ارہی تھی اسنے مٹھیاں بھینچ لیں اور اسے خود میں سموئے وہ کسی گھیری سوچ میں تھا لیکن ایلے تھی قابو میں ہی نہیں ارہی تھی

دور ہو جائیں مجھ سے آپ قاتل ہیں اور میں قاتل کے ساتھ نہیں

رہوں گی" وہ اسے پوری طاقت سے دھکیل گئی جیکسن نے خود اسے

چھوڑ دیا ورنہ کہاں اس میں ہمت تھی اسے دور کر پاتی

اور اپلے اٹھ کر کمرے میں بھاگ گئی جبکہ کمرے کا لاک چڑھا دیا

ہینری آگے بڑھنے لگا جیکسن نے ہاتھ سے اسے روکا۔

اسنے بالوں میں ہاتھ پھیرا اور بیلا کی طرف دیکھا

یہ سچ تھا بیلا خود کو اس سے کور رکھتی تھی اور ڈرتی نہیں تھی لیکن اس

وقت اسے بہت ڈر لگا تھا کیونکہ واقعی اسنے کچھ نہیں کیا تھا

تم جانتی ہو روزی نام کی کسی لڑکی کو" اسکے سوال پر بیلا نے ہینری

کیطرف دیکھا

اس سے کیوں پوچھ رہے ہو

ہینری مجھے تھوڑی دیر بات کرنے دو" وہ تحمل سے بولا جیسے ضبط کر رہا ہو،ہیبری خاموش ہو گیا لیکن بے چین تھا۔

میں تم سے پوچھ رہا ہوں تم جانتی ہو" جیکسن کافی سنجیدہ تھا

نہیں" بیلا نے سر اٹھایا

میں نہیں جانتی اور نہ ہی میں نے اس چہرے کو کبھی دیکھا

"لیکن میں نے یہ نام سنا ہے

جیکسن چونکا ہینری سر تھام گیا۔

کہاں" اور اسکا اشارہ کافی تھا

بیلا کی بیوقوفی پر وہ کڑوا گھونٹ بھر گیا

شاید کسی کے منہ سے لیکن مجھے یاد نہیں کس کے" بیلا نے بات سنبھالنی چاہی

تم پاگل یہ نفسیاتی تو ہو نہیں کہ تمھیں یاد نہ آئے کہ تم نے یہ نام کس کے منہ سے سنا ہے

" مجھے 24 گھنٹے کے اندر اندر سوچ کر بتاو

حکم صادر کرتا وہ وہاں سے سٹڈی میں چلا گیا

جبکہ ہینری نے بیلا کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھا

اب اگر تم یاد نہ کر سکی تو یہ تمھاری گردن اتار کر بھیجا کھول دے گا اور وہاں سے جان لے گا کہ تمھارے دماغ میں کیا ہے" وہ اسے غصے سے کہتا جیکسن کے پیچھے ہو لیا

بیلا نے سانس حلق میں اتارا یہ سچ تھا اسے کچھ یاد نہیں تھا شاید اس نے ایک بار ہی سنا تھا۔۔

وہ صوفے پر بیٹھ گئی اور دوسری طرف ہینری روم میں آیا جیکسن بے چینی سے ادھر سے ادھر ٹہل رہا تھا۔

" تم ریلکس رہو میں چیک کرتا ہوں

وہ تکلیف میں ہے" جیکسن نے دانت پیسے

ہینری کچھ بول نہیں سکا اسنے کمپیوٹر کھولا اور اپنے گھر کے چپے چپے پر لگے کمرے میں وہ ساری فوٹیج دیکھنے لگا تھا

-------------------

اسکا دل جیسے گھٹ چکا تھا وہ سوچ سوچ کر پاگل ہو رہی تھی کہ وہ کس شخص سے محبت کرتی ہے کتنی بے دردی سے روزی کو مار دیا تھا اسنے

اسکے آنسو نہیں تھم رہے تھے یہاں تک کے اسنے کمرے کی کھڑکی سے ڈھلتے سورج کو دیکھا

وہ بیڈ پر آندھی لیٹی کھڑکی سے باہر دیکھ رہی تھی اسکے آنسو ٹپک ٹپک کر نیچے بچھے قالین میں جذب ہو رہے تھے اور اسنے پھر رات کی چادر دیکھی

اسنے محسوس کیا کمرے کا دروازہ کھل گیا ہے

جیکسن کے علاوہ کوئی نہیں ہو سکتا اتنا تو اسے علم تھا

وہ جیکسن کی خوشبو کو محسوس کر سکتی تھی وہ اندر آ گیا

اسنے دروازہ بند کیا

اور اسکے پاس اکر بیٹھ گیا

ایلے ذرا بھی نہیں ہلی اسنے اپنی آنکھیں سو جھالیں تھی اگر دیکھا جاتا تو جیکسن کو اسکی پھولی ہوئی آنکھوں پر سخت غصہ تھا کہ وہ کسی اجنبی کے لیے کس شدت سے رو رہی تھی

اسنے اسکے ریشمی بالوں میں ہاتھ پھیرا اور وہ اسکا ہاتھ جھٹک گئی جیکسن نے اسکے آنسو صاف کیے وہ اسکے ہاتھ جھٹکتی سیدھی ہو گئی

آپ دور رہیں مجھ سے" وہ بھڑک کر بولی

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

آپ قاتل ہیں اور مجھے ایک قاتل سے محبت ہو گئی ہے" وہ آنسو صاف کرتی بیڈ سے اترنے لگی

ایلے" جیکسن اسکے سامنے اگیا

میں نے روزی کو نہیں مارا" اسنے پہلی بار کسی کو صفائی دینے تھی

تو کس نے مارا ہے" وہ تو اکھڑ ہی گئی

" میں اسے ڈھونڈ لوں گا جو ڈونٹ

وہ اسکا چہرہ چھوتا ہی کہ ایلے نے اسکے ہاتھ جھٹکے

آپ مجھے چھوڑ دیں میں آپکی دنیا میں رہ ہی نہیں سکتی مجھے بہت پہلے چلے جانا چاہیے تھا یہاں سے آپ اپ جیسے بے رحم بے حس شخص کے ساتھ رہ کر مجھے صرف تکلیف خوف کے کچھ نہیں ملے گا" وہ اسے اچھی خاصی سنا کر اسکے پاس سے جانے لگی کہ جیکسن نے اسکی گردن پیچھے

سے ہوئی اپنی فولادی گرفت میں جکڑ اور اپنی کھینچا تو وہ سسکتی ہوئی اسکے سینے سے الگی۔

تمھیں محبت ہوتی تو مجھے فرق نہیں پڑتا تھا لیکن مجھے تم سے محبت ہو گی ہے اور اس بات کا مجھے پورا پورا فرق پڑتا ہے تم مجھ سے الگ ہونے کا تصور بھی سوچو گی تو تمھارے اس تصور کی بھی ایسی کی تیسی۔۔۔

اپنی زبان کو لگام دو ایلے جیکسن روبو

تم روبو فیملی کا حصہ ہو دن رات یہاں خون کی ندیاں بہتی ہیں اور تمھیں بھی اسی خون میں رنگ دوں گا میں

تمھیں مجھ سے محبت نہیں کرنی چاہیے تھی نہ "اسنے جھٹکے سے اسے چھوڑا آنکھوں میں اسکے عجیب درندگی تھی جیسے بے حسی کی انتہا ہو

وہ اسکی جانب قدم اٹھانے لگا اور ایلے رو دی

" جیکسن مجھے آپکے ساتھ نہیں رہنا

ہاں کیوں نہیں لیکن یہ بات میرے پاس آنے سے پہلے سوچنی چاہیے تھی" اسنے پاس فروٹس میں لگی چھری اٹھالی

ایلے نے حلق میں سانس اتارا۔

اور وہ پیچھے ہوتے ہوتے واشروم میں داخل ہو گئی

اسنے جلدی سے ادھر ادھر دیکھ کر دروازہ بند کرنا چاہا جیکسن نے ہاتھ پھنسادیا اور ایلے نے بے رحمی سے اسکے ہاتھ پر دروازہ مارا

وہ یوں ہی جم کر کھڑا تھا

جبکہ ایلے کو شدید غصہ چڑھا اور پوری طاقت لگادی دروازہ بند کرنے میں جبکہ جیکسن کے ہاتھ پر بار بار دروازہ مارنے سے اسکے ہاتھ کی پشت کی کھال بھی اتر چکی تھی۔

اسنے دھکا دیا دروازہ کھل گیا

جیکس آپ اپ مجھے ماردیں گے" خوف سے تھر تھراتی وہ پیلے زرد
چہرے کے ساتھ اسے دیکھنے لگی

ہاں اگر تو تم نے مجھ سے دور جانے کی بات کی تو تم نے مجھے ابھی سمجھا ہی
نہیں ایلے" وہ اندر ایا اور اسنے چھری کو سختی سے پکڑا اور اپنے ہاتھ پر مارا
ایک گہیرہ کٹ اسکے بازو کے گوشت کی رگوں کو چیر تا کٹ لگا چکا تھا اور
خون پھوٹ کر ایلے کے چہرے پر جا گیرا

جیکسن" وہ چلا اٹھی کانپتے ہاتھوں سے اپنے چہرے پر اسکی خون کی پھوار
سے وہ جیسے ڈھل گئ

تم مجھے کیسے چھوڑ سکتی ہو" وہ حواسوں میں ہوتا تو شاید کسی اور طرح ڈیل
کرتا لیکن اب شاید وہ اپنی محبت کی انتہا دیکھانا چاہ رہا تھا اسے
میں قاتل ہوں" اسنے دوسرے ہاتھ پر بھی چھری چلادی

جیکسن" وہ تڑپ کر اسکے بازو سے خون روکنے لگی وہ مکمل اسکے خون
میں بھرتی جارہی تھی جیکسن نے مسکرا کر اسے دیکھا
اور اپنے خون سے اپنی ہی انگلیوں کو بھر کر اسنے ایلیے کے چہرے پر ان
انگلیوں سے نشان بنا دیے
دیکھو کتنی حسین لگ رہی ہو تم میری پسند کو محسوس کرو کس قدر
حسن ہے اس خون میں جب یہ تمھارے وجود پر چلے گا تو تمھارے اندر
ایک تسکین بھر دے گا" اسنے ایلیے کی شرٹ زبردستی اوپر سے پھاڑ دی
وہ ساکت کھڑی رہ گئی اور جیکسن نے اپنے خون سے اسکے سینے پر جیکسن
لکھ دیا

اور پھر اسے دیوار سے دھکیلتا وہ اسکے لبوں پر اپنی سانسوں کا وہ بوجھ ڈال
گیا جس سے اسکی محبت اور عشق بھرے جنون کا پتہ چلتا
ایلیے خود بھی بے بس تھی وہ رو دی

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

میں سچ میں تم سے عشق کرنے لگا ہوں تم محسوس نہیں کر رہی کیا" وہ اسے سرخ نظروں سے دیکھنے لگا

ایلے نے فرش پر اسکے خون لکوا ایسے دیکھا جیسے یہاں کوئی جانور کاٹ دیا گیا ہو

اس تیزی سے اسکی رگوں سے خون نکل رہا تھا

" جیکسن مجھے ڈر لگ رہا ہے

کیوں ڈر رہی ہو

جیکسن خون بہا گیا ہے بہت" وہ خوف سے اسکے بہتے خون پر ہاتھ رکھ گئ

تم میرے وجود سے یہ گندا خون نکلنے دو پھر تمہاری پسند کا خون شامل کر لیں گے اور میں ویسا ہو جاوں گا جو تم چاہتی ہو ورنہ میں اپنی خصلت سے کبھی بعض نہیں او گا" وہ بولا جبکہ اسکی گردن پر پیار کرنے لگا ایلے سسک اٹھی

مجھے اعتبار ہے آپکی محبت کا آپ اپ کو کچھ ہو جائے گا جیکسن اس طرح مت کریں میں میں کبھی آپ سے الگ نہیں ہوں گی اپکو چھوڑ کر نہیں جاؤ گی" وہ پھوٹ پھوٹ کر رودی جبکہ وہ مسکرادیا اسکے لبوں پر کاٹ دیا ایلے اسکے جنون پر پاگل ہونے لگی تھی تمھاری آنکھوں میں نفرت کیسے دیکھ سکتا ہوں میں" وہ ہنس دیا

پھر سے پیار کیا پھر پیار کیا اور بار بار کرتا ہی چلا گیا یہاں تک کے ایلے نے دھڑام سے اسکے بھاری بھر وجود کو واشروم میں زمین بوس ہوتے دیکھا خون جس تیزی سے بہہ چکا تھا یہ سب ہونا ہی تھا اسکی چیخیں نکل گئیں وہ بھاگی اور ہینری کو چلا چلا کر پکارنے لگی ہینری جو بات کر رہا تھا گارڈ سے وہ تیزی سے اندر آیا بیلا اندر آئی اسے خون میں لت پت دیکھ وہ حیران ہوئی اور ہینری اندر گھس گیا

جیکسن کو دیکھا تو سر تھام گیا

تو اپنی ہی موت مرے گا" ہینری۔۔۔ایلے غصے سے بولی

ہاں ائی بڑی حمایتی تمھارے اس سانٹھ کو اٹھائے گا کون میں تو نہیں اٹھا سکتا" وہ پیچھے ہٹ گیا

بہت بد تمیز ہو تم بہت زیادہ" وہ جیکسن کے پاس بیٹھ گئ رونے لگی بیلا نے بھی غصے سے اسے دیکھا

اچھا بس زیادہ رو رو کر ثابت نہ کرو کتنی محبت کرتی ہو اس سے جلن ہوتی ہے مجھے" اسکی مسخری ختم ہی نہیں ہو رہی تھی ہینری نے اسے اپنے بازوں میں اٹھایا تو لگا کمر ٹوٹ جائے گی

لیکن پھر بھی وہ اسے اٹھا کر وہاں سے نکلا تو گارڈز نے بھی مدد کی اور بیلا بھی پیچھے ہی بھاگی جبکہ ایلے اسکے خون کو ہاتھوں میں بھر کر چومنے لگی

میں بہت محبت کرتی ہوں آپ سے آپ نے اتنا خون ضائع کر دیا جیکسن" وہ تڑپ اٹھی

-------------------------------

ہسپتال کے بیڈ پر پڑا وہ آنکھیں کھولنے کو تیار نہیں تھا جیک جیمز اور جیکوب بھی وہیں تھے جبکہ پرل اور ہیزل بھی وہ دونوں ہی اسے دیکھ کر پریشان تھیں ایلے یہاں موجود نہیں تھی

ڈاکٹرز نے بتایا تھا خون کافی بہہ چکا ہے جس کے باعث ہوش میں نہیں ا رہا دیکھا جاتا تو پہلی بار وہ جیکسن کے لیے ہسپتال میں کھڑے تھے ورنہ اسکی تو ذمہداری تھی جیسے یہ کہ سب کو ہسپتال کے بستر تک پہنچا دینا

----

وہ اب بھی بے ہوش تھا جیک فکرمندی سے اسکے ارد گرد منڈلا رہا تھا ان سب کو ڈاکٹر نے باہر جانے کا کہا تھا مگر وہ کوئ ایک بھی ہلا نہیں تھا

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

بیلا اور ہینری بھی وہیں تھے غرض ایلے کے پاس کوئی نہیں تھا جبکہ اگر جیکسن ہوش میں ہوتا تو اسکے جسم کا ایک خون کا قطرہ بھی نہ بچتا لیکن وہ ایلے کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑتا دوسری طرف ایلے نے رو رو کر برا حال کیا ہوا تھا اور جب وہ سسکتی ہوئی باہر ائی تو چاروطرف کافی اندھیرہ تھا

جیسے ماضی کی کسی یاد میں وہ اتر گئی کس قدر اندھیرہ تھا

اسنے کانپتے ہاتھوں سے لائٹس اون کرنا چاہیں مگر اندھیرہ ختم نہیں ہوا۔

ک۔۔کوئی ہے "خوف سے اسنے پکارہ مگر کسی کی بھی آواز نہیں ائی تھی

اسے لگا تھا بیلا گھر پر ہو گی

وہ آنکھوں میں آنسو لیے ارد گرد دیکھنے لگی

اسے صرف تاریکی میں ڈوبے گھر کے علاوہ کچھ نہیں دیکھائی دے رہا تھا

ایلے "اچانک اٹھنے والی آواز پر اسکا وجود کانپ اٹھا اسنے مڑ کر دیکھا

یہ یہ آواز پار کر کی تھی وہ وہ اس آواز کو کبھی نہیں بھول سکتی تھی وہ اس آواز کو اپنی یادداشت سے نہیں نکال سکتی تھی

کیا ہوا ڈر گئی ہو" اور پھر وہ ہنسنے لگا اور اسلیے بھاگی وہ دوبارہ ان سب کی قید میں نہیں پھنسے گی

وہ نہیں پھنس سکتی وہ صرف جیکسن کی ہے وہ بھاگی لیکن وہ کہاں بھاگ رہی تھی کہاں جانا چاہتی تھی کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا اندھا دھند بھاگتے اسکے پاوں صوفے میں آڑے اور وہ دھڑام جا کر گیری

تم مجھ سے کتنا بھاگو گی اسلیے تم مجھ سے بچ نہیں سکتی میں تمہیں چھوڑوگا نہیں" وہ بولا

ن۔۔ نہیں۔۔ جیکسن نے بتایا تھا پار کر مر گیا ہے یہ یہ میرا وہم ہے" وہ اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ کر زور زور سے بولتی خود کو باور کرا رہی تھی مگر

بے سود ہنسی کی آواز بڑھتی جارہی تھی اور اسکا دل بیٹھ رہا تھا اسکا دل بند ہو جاتا۔

ایلے "ایلے "ایلے" ہر سمت سے اپنے نام کی پکار سنتی کر وہ حیران ششدر تھی

اور اچانک پورا گھر جگمگا اٹھا وہ جلدی سے اٹھ کر دیکھنے لگی

زبان نے جیسے ساتھ نہ دیا کیا کہے کچھ تو بولے چلا اٹھے جیکسن کو پکڑے پار کر زندہ ہے پار کر کیسے زندہ ہے

لیکن اسکی زبان نے اسکا ساتھ نہیں دیا اور جیسے ہی وہ باہر نکلتی پھر سے اندھیرہ چھا گیا اور اسکا ہاتھ کسی نے پکڑ لیا

تمھیں کہا تھا نہ کہ تم گونگی ہو تمھیں سمجھائی تھی نہ یہ بات کہ تم بول نہیں سکتی پھر تمھارے ان لبوں سے آواز کیسے نکل سکتی ہے تمھاری اتنی جرت تم پارکر کی بات کی نفی کرو" اور کھینچ کر تھپڑ اندھیرے میں ایلے

کے منہ پر لگا وہ سیدھا جا کر کھڑکی سے ٹکرائی خوف اس وقت اسکی رگ رگ میں تھا

اس سے بولا نہیں جا رہا تھا

تم جانتی ہو تم کچھ نہیں بول سکتی تمھیں پتہ ہے نہ" پارکر دھاڑا ایلے کی گردن جکڑ لی وہ سو فیصد پارکر ہی تھا جیکسن نے اس سے جھوٹ بولا اسکا خوف ختم کرانے کے لیے جھوٹ بولا تھا پارکر کو کوئی نہیں مارا تھا وہ واپس اگیا تھا وہ اسے لے جائے گا اس وقت اسکے دماغ پر اتنا بوجھ تھا کہ وہ زبان کھلنا بھی چاہتی تھی مگر کھول نہیں رہی تھی

ایلے" اسنے دھڑتے ہوئے اسکے بال جھنجھوڑ دیے۔

اپنی زبان بند رکھنا تم کچھ نہیں بول سکتی تم گونگی ہو تم جانتی ہو نہ یہ بات" اسکے منہ پر پہلے ہلکے ہلکے اور اسکے بعد تیز تیز تھپڑ مارتے اسنے اسے یہ بات باور کرائی

ایلے کا دم نکل چکا تھا ہاں روح پرواز ہو چکی تھی کہ اس سے واقعی چند لفظ بھی نہیں اٹھ رہے تھے

جواب دو لیکن زبان سے نہیں تمھاری زبان کاٹ دوں گا میں" اسنے چھری کی ناک اسکے ہونٹوں پر رکھ دی

ایلے تیزی سر ہلانے لگی

ہاں وہ گونگی تھی وہ مان گئی تھی وہ کبھی نہیں بولے گی

کارٹر ہنسنے لگا تھا اور اونچا ہنسنے لگا ایلے سہمی ہوئی نظروں سے کارٹر کو دیکھنا چاہتی تھی لیکن اندھیرے میں وہ دیکھائی نہیں دیا۔

تم جیکسن کے قریب نہیں جاو گی نہ اسکے ساتھ سو گی" اسکے بازوں میں انگلیاں گاڑھے وہ اسے دوسری بات پر وارن کر رہا تھا ورنہ میرا تمھیں یہاں سے غائب کر دینا مشکل نہیں ہے اور اگر تم نے کسی کو یہ بات بتائی تو" وہ ہنسا اور چھری چلائی

ایلے کی چیخ بلند ہوئی۔

اور وہ اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھ گئی اُسکے ہونٹوں سے خون نکل رہا تھا اور

اچانک ہنسنے کی آواز رکی اندھیرے میں ہی کوئی غرا رہا تھا

اسنے کانپتے ہوئے اپنے ہاتھ پاوں سمیٹ لیے جبکہ غرانے کی آواز پر

پار کر کی آواز دب گی اور ایکدم ایلے کو لگا ٹائیگر نے اس شخص پر جھپٹا مارا

تھا ایلے میں ہمت نہیں تھی اندھیرے میں وہ کسی کو دیکھ سکتی۔

وہ گھٹنوں میں منہ دیے بیٹھی تھی

ٹائیگر چنگھاڑتا رہا تھا

اسپر چڑھا ہوا تھا وہ جو کوئی بھی تھا شاید پوری جان لگا کر اسنے ٹائیگر کو

پیچھے دھکیلا اور اس جگہ سے فرار ہوا تھا

ٹائیگر اسکے پیچھے لپکا پھر رک گیا

اور ایلے کے پاس پہنچ گیا ایلے بلکل خاموش بیٹھی تھی گھٹنوں میں چہرہ چھپایا ہوا تھا وہ اندھیرے میں بھی اسکی حفاظت کر رہا تھا

---------------

دن نکل گیا تھا وہ سب جیکسن کے لیے کھڑے تھے ایک پاوں پر ہی کوئی بھی اسکے پاس سے ہٹا نہیں تھا وہ لوگ جیکسن کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہے تھے اور ڈاکٹر ابھی اسے چیک کر کے گیا تھا
سب ٹھیک تھا اور مزید گھنٹہ گزارنے کے بعد بالآخر جیکسن کو ہوش آ ہی گیا وہ جیسے ہی ہوش میں آیا۔
اور سب کو اپنے ارد گرد دیکھا اسکی نگاہ ایلے کو ڈھونڈ رہی تھی خود سے وہ اٹھ کر بیٹھا اور اپنے ہاتھ سے ڈراپ کھینچ دی
تم پاگل ہو گئے ہو" جیک نے جھڑکا
جبکہ اسکی نگاہ ہینری پر تھی۔

ایلے کہاں ہے" وہ سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا وہ لوگ تو ایلے کو بھول ہی چکے تھے ہینری سر پر ہاتھ مار گیا اور وہ الٹے قدموں وہاں سے بھاگا کہ جیکسن اپنی طبعیت اور حالت کو نظر انداز کر کے بھاگ اٹھا سکے پیچھے ہی۔۔۔

جیک جیمز جیکوب بھی انکے ساتھ ہی تھے جبکہ ہیزل اور پرل بھی۔

بیلا الگ دوڑی تھی ان سب کے ذہن سے یہ سب کیسے نکل گیا کیسے کیسے وہ ایلے کو بھول گئے

جیسے ہوا کے دوش پر وہ ڈرائیو کر کے سب سے پہلے پہنچا تھا گھر اور وہاں سب ٹھیک تھا۔

ایلے" وہ چلایا پیچھے ہینری بھی داخل ہوا

ایلے" وہ بھی چیخا اور پھر رفتہ رفتہ سب آ گئے

Zubi Novels Zone

جیکسن کمرے میں آیا اور وہاں سب ویسا ہی تھا اس وقت وہ جیسے قابل رحم لگ رہا تھا۔

ایلے" وہ دھاڑا ہینری بھی بے چین تھا حالانکہ بیلا ان سب کی انفارمیشن آگے پہنچا رہی تھی لیکن اس وقت اسے بھی ایلے کی فکر ہوئی تھی وہ بھی ایلے کو پکار رہی تھی

گارڈز کہاں مر گئے ہیں" جیکسن کا بس نہیں چل اٹھا اٹھا کر چیزیں دیوار میں دے کر مارے

ایلے" اسکی نگاہ اچانک ہی دوسرے کمرے کی جانب اٹھی جہاں سے ٹائیگر باہر نکلا وہ دوڑ کر ٹائیگر تک پہنچا۔

ایک نظر اسے دیکھا لیکن کمرہ خالی تھا

ایلے" ٹائیگر کبرڈ کے پاس آگیا

اور جیکسن نے جیسے ہی کبرڈ کا دروازہ کھولا گھٹنوں میں منہ چھپائے وہ بیٹھی تھی کبرڈ میں گرمی کے باعث وہ پسینے میں بھیگ چکی تھی جیسکن نے اسکے سر پر ہاتھ رکھا اور وہیں بیٹھ گیا ایلے نے سر اٹھایا اور جیکسن اسکے ہونٹوں کے پاس کٹ کا نشان اور اس میں سے رس رس کر رک جانے والے خون کو دیکھنے لگا اسکے سر پر نیلا نشان تھا اسکے گال پر تھپڑ کا نشان تھا

کوئی جوالہ مکھی تھی جو جیکسن کے وجود میں پھٹ پڑی ایلے اسے خالی خالی نظروں سے دیکھ رہی تھی جیکسن نے کوئی سوال نہیں کیا تھا ہینری خود پر غصہ کرنے کے سوا کچھ نہیں کر سکتا تھا وہ کیسے بھول گیا ایلے اکیلی ہے جبکہ اسے شک تھا کوئی گارڈ انکا ٹھیک نہیں ہے جو کہ اس لاش کو بھی اندر لے کر آیا تھا

ایلے کی آنکھوں میں کوئی شناسائی کوئی اپنائیت نہیں تھی وہ ایلے جیکسن کی نہیں تھی خوف وہراس میں لپٹی وہ سرد نظروں سے دیکھتی لڑکی تھی

جیکسن نے اسکے گال پر ہاتھ پھیرا اور اسے بازوں میں اٹھالیا

ایلے جلدی سے پھڑ پھڑا کر اسکی بازوں سے نکلی اور بھاگتی ہوئی اپنے اور جیکسن کے کمرے میں بند ہوگئی وزن اٹھانے کے باعث جیکسن کے دونوں بازوں کی پٹیاں خون سے سرخ ہوچکیں تھیں

جیکسن نے پھاڑ کھانے والی نظروں سے ہینری کو دیکھا جو شرمندہ تھا اور شرمندہ تو بیلا بھی تھی

جیکسن نے اپنے ٹائیگر کو پیار کیا۔اور بنا کسی سے بولے وہ اپنی لائبریری میں چلا گیا۔

جیک واپس پلٹ گیا تھا یقینا کوئی طوفان اب منتظر تھا جو نیویارک کو تباہ ضرور کرتا صرف ایک لڑکی کے لیے۔

وہ لوگ چلے گئے تھے جیکسن کی وجہ سے اور ایلیے کے رویے کی وجہ سے کوئی کچھ نہیں بولا تھا ہینری نے ساری فوٹیج نکال لی تھی کس میں اتنی دلیری تھی کہ وہ آیا مگر اندھیرہ کر کے اسنے ایلیے پر تشدد کیا اور اسکے بعد وہ چلا گیا

اندھیرے کے باعث انھیں کچھ نہیں دیکھائی دیا

لیکن اس فوٹیج کو کسی حد تک وہ کلئیر کر سکتا تھا بیلا نے محسوس کیا وہ ضرورت سے زیادہ سنجیدہ لگ رہا ہے اور ہر چیز کو پس پشت ڈال کر وہ اپنے کام میں لگ گیا تھا

بیلا کے موبائل پر بپ ہونے لگی تو وہ خاموشی سے باہر آگئ

تمھیں شاید میں نے اس لیے وہاں بھیجا ہے کہ تم ان لوگوں کے راز مجھے بتاؤ بھولو مت میرے ٹکڑوں پر پل رہی ہو اور اگر تم نے ذرا بھی گڑبڑ کی میں تمھارے باپ کے سر میں گولیاں اتار دوں گا" ارتھر دھاڑا

ایلیے کے ساتھ سب آپ نے کیا ہے اور اسکے بعد بھی مجھ سے یہ چاہتے ہیں کہ میں اپکو خبر دوں وہ معصوم ہے جب اپکو وہ زندہ چاہیے تو اسے نقصان کیوں پہنچا رہے ہیں" بیلا کو بہت برا لگا تھا

ارتھر نے کال بند کر دی بیلا کو یقین ہو گیا لیکن اگر جیکسن کو پتہ چل جاتا تو وہ اسکے ٹکڑے کر دیتا پہلی بار وہ گھبرا اٹھی تھی

-------------------

ایلیے۔۔۔۔ایلیے دروازہ کھولو اور دن گزر گیا ہے تم نے کچھ نہیں کھایا

"بیلا نے ہی کوشش کی ہینری بیٹھا دیکھ رہا تھا اور حیرت انگیز طور پر ایلیے نے دروازہ کھول دیا

وہ کھول کر دور ہو گئی جبکہ جیکسن بھی لائبریری میں بند تھا

ہینری تیزی سے اٹھا اور وہ ایلیے کے سامنے آیا اور اسنے ایلیے کو بازوں بھینچ کر سینے سے لگا لیا

ایم سوری ایم سوری ایلے میں بہت شرمندہ ہوں بہت زیادہ" وہ اسے زور سے بھینچے کھڑا تھا بیلا کو جیسے عجیب سا محسوس ہوا۔

وہ خالی خالی نظروں سے ہینری کی پشت دیکھتی وہاں سے باہر نکل گئ

اسنے مڑ کر دیکھا

ایلے نے اسکی کمر سے شرٹ کو زور سے مٹھیوں میں بھینچا ہوا تھا اور وہ رو رہی تھی وہ ہلکا سا مسکرا دی

معلوم نہیں ان دونوں کے بیچ یہ کیسا رشتہ تھا لیکن معیوب نہیں لگتا تھا

--

تم رومت میں چھوڑو گا نہیں" وہ اسکے آنسو صاف کرنے لگا جبکہ ایلے کچھ نہیں بولی

کیا تم نے دیکھا تھا اسے وہ کیسے آیا وہ تم سے کیا بولا وہ کون تھا" اسکے پاس کئی سوال تھے ایلے کے پاس جواب نہیں تھا جبکہ ہینری نے اسے جھنجھوڑا

ایلے تم کچھ بول کیوں نہیں رہی" ہینری نے فکر مندی سے اسکا چہرہ اوپر کیا وہ اب بھی کچھ نہیں بولی

تم باہر جاؤ میں دیکھ لوں گا" جیکسن کی سخت آواز پر ہینری دور ہوا اور باہر نکل گیا جبکہ جیکسن نے دروازہ بند کر لیا

ایلے پیچھے ہو گئی اور صوفے پر بیٹھ گئی۔

ارتھر تھا" اسکے پاس سیدھا سوال تھا احساس نہیں

ایلے نے کوئی ریسپونس نہیں دیا

مارک؟ وہ پھر سوال کر رہا تھا وہ ویسے ہی بیٹھی اپنے پاوں گھور رہی تھی۔

جیکسن نے اسکی سمت دیکھا اور وہ وہیں بیٹھ گیا

کوئی اور" وہ پھر سوال کر رہا تھا

جبکہ وہ اب بھی ویسے ہی بیٹھی تھی جیکسن نے گن نکالی اور اسے لوڈ کر

کے بنا کسی توقف کے اسنے ایلے کے سر پر رکھ دی

میرے ساتھ ڈرامے بعد میں کرنا ایلے مجھے سیدھی طرح جواب دو

کس کی جرت ہوئی میرے گھر میں داخل ہو کر میری بیوی کو ہاتھ لگانے

کی" وہ لوڈ کیے کھڑا تھا آنکھوں میں سنجیدگی تھی

جیکسن اسکے خاموش ہونے پر معاملے کی تہہ تک پہنچ رہا تھا اسنے گن کو

گھما کر پیچھے کیا اور اسکے نزدیک جھکا

تو تمھیں یہ لگتا ہے تم کچھ بولو گی نہیں تو میں دنیا دھرتی پر اسے کیا ڈھونڈ

نہیں سکوں گا لیکن ایک بات یاد رکھنا۔

وہ انسان تو مجھے مل جائیں گا لیکن اسکے ملنے کے بعد تم زندہ زمین میں گڑھ وگی یہ جو کسی کے حکم کی پابند بن رہی ہو اور بول نہیں رہی تمھیں " میں اچھے سے دیکھ لوں گا

بگڑ کر بولتا وہ وہاں سے دروازہ کھول کر دھاڑ سے نکلا

ہینری سے نگاہ ملی

کچھ ملا" اسنے سٹریٹ فارورڈ بات کی

مل جائے گا میں اس ٹیچر کو وائیٹ کرنا چاہ رہا ہوں" ہینری مصروف سا بولا اور جیکسن نے اس سے لیپٹاپ لے لیا

---------------------------

بیلا اور ایلے کمرے میں تھیں جبکہ جیکسن گھر سے باہر نکل گیا تھا

سارے گارڈز میں چیما گویاں بڑھ گئیں تھیں

جبکہ گارڈز پر جس کی ڈیوٹی تھی جیکسن اسے آرڈر دے چکا تھا اسکے گھر میں موجود ایک ایک نوکر اور گارڈ ادھر سے ادھر بھی نہ جائے سب جیسے تھر تھرا رہے تھے معاملہ عام نہیں تھا

-------------

آدھی رات کے پہر اسنے ارتھر کو کال ملائی اور ارتھر کال پک نہیں کر رہا تھا وہ بار بار گھما رہا تھا فون مگر بے سود اسنے غصے سے موبائل پینٹ کی جیب میں ڈالا اور مڑا تو پیچھے جیکسن کو چیئر پر بیٹھے معصومیت سے اسے تکتے دیکھ اسکا سانس اور اوپر کا اوپر نیچے کا نیچے رہ گیا

جیکسن سکون سے اسے دیکھتا رہا

کیا ہوا گھبرا کیوں گئے" اسنے وائن کا گھونٹ بھرا اور اسکی صورت دیکھی جہاں صرف پیلا رنگ تھا

میں نے سنا ہے تم میمکری ارٹیسٹ کو لوگوں کی آواز بہت زبردست کاپی کرتے ہو" وہ بولا اور اسکے نزدیک اگیا۔

جبکہ سامنے کھڑا لڑکا پیچھے قدم لینے لگا

اوآج میں تمہیں دنیا کی سب سے مہنگی شراب پلاتا ہیں اور پھر تم میری آواز نکالنا" اسنے اسکے بھاگتے وجود کو بازوں میں جکڑا اور اسکے بال جکڑ کر ٹیبل پر اسکا سر دے کر مارا

"وہ چلا اٹھا۔۔۔۔آآ

My wife is sleeping can u please shut your mouth

کافی نرمی سے وہ بولا تھا اس لڑکے کی آواز دب گی

جیکسن نے اس لڑکے کے منہ سے وائن کی بوتل لگادی یہاں تک کے اسکے ارد گرد سانس بھی لینے کی گنجائش نہیں تھی کم اون ڈرنک دس"

وہ اسکے منہ میں زبردستی بوتل کو ٹھونسے کھڑا تھا اور وہ ہاتھ پاوں مارنے کے باوجود بے بس تھا

جیکس نے ایکدم اسکے منہ سے شراب کی بوتل کھینچی ٹیبل پر مار کر توڑی اور اسکے منہ پر بن رو کے کئی نشان ڈال دیں اس کانچ کی بوتل سے وہ بس مارتا ہوا دیکھائی دیا تھا یہاں تک کے وہ رکا بھی نہی

وہ لڑکا چلاتا رہ گیا مگر جیکسن کا ہاتھ نہیں روک یہاں تک کے اسکی دونوں آنکھوں پر کٹ آ گئے اور خون کسی فوارے کی طرح بہنے لگا تھا

چہ چہ چہ "اسنے بوتل پھینکی اور سانسوں کو بحال کرتا وہ سینے پر ہاتھ باندھتا اسکے تڑپتے وجود کو دیکھنے لگا

جیکسن "ایلے کی آواز پر اسنے مڑ کر نہیں دیکھا جبکہ جیکسن نے اس لڑکے کے منہ پر دوسری شراب کی بوتل انڈیل دی

نہایت حولدار چیخ و پکار تھی کہ بیلا اور ہینری بھی دوڑ کر نکل آئے

You touched my property I will not forgive u even u cry for death"

کہتے ساتھ اسنے اسکی دونوں آنکھوں میں انگلیاں اتار دیں

ایلے تڑپ اٹھی وہ وحشی تھا وہ جانور تھا۔

وہ سسک اٹھی وہ دوڑ کر جیکسن تک پہنچنا چاہتی تھی کہ ہینری اسکی

آنکھوں پر ہاتھ دھر گیا

کم اون کرائے فور ڈیتھ

میرا کھا کر میرے ساتھ حرامی" وہ اسکا سر ٹیبل پر مار گیا اور دور ہٹا اسکے

ہاتھ خون سے بھرے تھے وہ لڑکا بن پانی کی مچھلی سے بھی بری طرح

تڑپ رہا تھا

اگر تم مزید اذیت نہیں چاہتے مجھے بتاؤ تمھیں کس نے بھیجا ہے یہاں"

اسنے اسکی گردن جکڑی

ار۔۔۔ارتھر"۔۔۔

ما۔۔۔مارک" وہ تڑپتا ہوا چلایا

Bravo now sleep peaceful

بولتی ساتھ ہی اسنے کئی گولیاں اسکے سر میں اتار دی اسکے وجود کو دو جھٹکے لگے اور اسکا دماغ نکل گیا

اسنے بیلا کی پھٹی ہوئی آنکھوں میں دیکھا اور ہینری کی خانب دیکھا جس کے چہرے پر ناگواری تھی وہ ان سب کو وہیں چھوڑتا وہاں سے باہر نکل گیا گاڑی میں سوار تھا

سر ارتھر اس وقت فائیو سٹار کے 3 فلور پر ہے اور اسی ہوٹل کے 6 فلور پر مارک ہے" اسے آپ ڈیٹ ملی تو اسنے ان کو گاڑی سے نکلنے کے لیے کہا اور اسکی آنکھوں میں خون یوں ہی اترتا تھا

بات یوں بننے والی نہیں تھی وہ سوچ چکا تھا اسے کیا کرنا ہے

ان کے اترتے ہی وہ گاڑی ہوا کیطرح آگے بڑھا گیا اور فائیو سٹار کی بلڈنگ میں داخل ہوتے اسنے 3 فلور پر سکون سے اگ لگوائی جو اسکے بندے اس وقت وہاں موجود تھے اور اسکے بعد 6 فلور پر
آگ کا انداز شاید کسی کو ہوا نہیں تھا تبھی آگ کی لپیٹ میں پورا ہوٹل تھا اور لوگ چلا چلا کر بھاگتے اپنی جان بچارہے تھے جبکہ وہ اس بلڈنگ کے باہر کھڑا محظوظ ہوتے ہوئے سر ہلاتا گاڑی میں سوار ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جیکسن کے استعفٰے نے جیسے پوری مافیا میں آگ لگادی تھی جیک بے حد غصے میں تھا اور یہ ہی حال جیمز اور جیکوب کا تھا جب سب انکے خوف و حراس میں تھے تبھی اس لڑکے نے الٹے کام کرنے تھے۔

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

وہ اپنی جگہ سے ایک میل کے ذریعے سب کو ہٹنے کی خبر دے کر خود خاموش ہو گیا تھا اسکی میل دور دور تک کے بھی مافیا کو پر سکون کر چکی تھی

جیکسن کے آنے کے بعد سب ہی ایک عجیب خوف و حراس میں مبتلا رہنے لگے تھے۔

لیکن اب سب مطمئین تھے اور ان کے دشمنوں نے جہاں جگہ سمبھالنے کے لیے قدم آگے بڑھائے وہیں جیک نے فوراً ہینری کو یہ جگہ سمبھالنے کا حکم دے دیا۔

ہینری ان سب چیزوں سے ہمیشہ دور بھاگتا تھا لیکن جیکسن جہاں دادا کی بات کی نفی نہیں کر سکتا تھا وہاں ہینری کی تو بلکل بھی جرت نہیں تھی وہ تینوں ہی جیکسن سے کافی غصے میں تھے تبھی جیکسن سے کوئی بات نہیں کی۔

نہ رابطہ کیا ہینری وہی رٹے رٹے الفاظ جو کہ۔ جیک نے اسے سکھائے پڑھائے تھے وہ بولتا چلا گیا اور مافیا کے اندر جلن اور حسد کی آگ نے جیسے سر توڑ لیا تھا۔

یعنی ہینری جیسے چوزے سے بھی وہ گیا گزرا تھا جو دادا نے مارک کو اہمیت دینے کے بجائے ہینری کو دی۔

وہاں سب لوگ ہینری کا اٹیٹیوڈ دیکھ کر مطمئین ہو گئے کیونکہ نہ ہی اسکا کوئی کریمینل ریکارڈ تھا اور نہ ہی اسے زیادہ عرصے زندہ چھوڑا جاتا۔

ارتھر کیطرف سے فلحال کوئی چوں چراں نہیں تھی لیکن اگر یہ فیصلہ فوراً نہ لیا جاتا تو ارتھر یقیناً اس جگہ کو سمبھال لیتا اور اسکے بعد۔

نیویارک کو ایک بار پھر سے خیر بعد کہنا پڑتا

ہینری تیور بگاڑے وہاں سے اٹھ کر جانے لگا۔

تم منشن چلو گے" جیک سنجیدگی سے بولا

لیکن کیوں آپ لوگوں کے ساتھ نہیں رہتا میں نہ ہی میری عادت ہے" وہ جھنجھلا کر بولا

ہینری "جیکوب نے ٹوکا کہ جیک کے آگے کیوں کا سوال نہیں تھا

ڈیڈ پلیز"۔ وہ کچھ بولنا چاہتا تھا لیکن ان سب کی زبردستی پر اسے بالآخر ان سب کے ساتھ جانا پڑا منشن پہنچ کر وہ ان سب پر اکھڑ پڑا

میں جیکسن کے بنا نہیں رہو گا اگر آپ لوگ اس سے غصے میں تعلق ختم کر رہے ہیں تو میں اسپر غصہ ضرور نکال سکتا ہوں اس کو چھوڑ نہیں سکتا بھائی ہے وہ میرا"۔

ان باتوں کا ہمیں علم ہے لیکن فلحال حالات ایسے نہیں کہ تم اس سے بھائی چارہ نبھاو

Zubi Novels Zone

تمھاری عمر کم ہے تبھی کوئی نہیں بولنے سے روکے گا آگے زیادہ سوالات اٹھیں گے تبھی جلد از جلد تمھاری شادی ہو جانی چاہیے" جیک نے کہا۔

تم کسی لڑکی کو پسند کرتے ہو" جیک کے سوال پر وہ جیک کو حیرانگی سے دیکھنے لگا

دادا میں ان جھمیلوں میں نہیں پڑ سکتا پلیز" وہ بھڑکنے لگا تھا۔

ایلے کھڑی ہو گئ دور بھاگنے لگی جبکہ ارتھر نے اسکو اپنے بازوں میں جکڑ لیا

نہیں نہیں پلیز میں پریگننٹ ہوں آپ ایسا نہیں کر سکتے آپ ا" وہ بے بسی سے روتی چلانے لگی جبکہ ارتھر نے اسکی جانب شدید غضبناکی سے دیکھا تھا

میں تمھیں یہ بچہ رکھنے کی اجازت نہیں دیتا تمھاری اس بکواس نے میرا اچھا خاصا موڈ برباد کر دیا ہے" ارتھر بھڑکا ایلے سہم کر اسے دیکھنے لگی ختم کرواسے" وہ بولا جبکہ اسے چھوڑ دیا

ایلے خوف سے دیوار سے ہی چپک گئی جبکہ آرتھر دیوار پر ہاتھ زور سے مارتا وہاں سے خود بھی باہر نکل گیا تھا اور وہ دیوار سے ٹیک لگاتی زمین پر بیٹھتی چلی گئی۔

---

اسنے اپنی گن نکالی تھیں

جیکسن رک جاو" جیک کی آواز پر اسنے کوئی اثر نہیں لیا اور اپنی گنز لگا کر وہ باہر نکلا۔

جیکسن" جیمز نے بھی اسے پکڑنا چاہا لیکن جیکسن نے سب کو دور دھکیلا

اور وہ اپنی گنز لوڈ کرتا باہر نکلا اور جیسے ہی وہ لون سے میں گیٹ کی جانب بڑھا مارک پر سکون کافی پی رہا تھا جیکسن نے اسکو ترچھی نگاہوں سے دیکھا گن لوڈ کی اسکی کھوپڑی کا نشانہ اسنے سب کے سامنے لیا تھا

جیکسن "جیک جیمز جیکوب بیقوقت دھاڑے تھے

جیکسن نے مارک کی آنکھوں میں موت کا بے یقین خوف دیکھا تھا جیسے اسے یقین نہ ہو کہ جیکسن یہ کرے گا

اور جیکسن کی گن سے اسکے بعد صرف گولیاں نکلیں تھیں اسنے میگزین میں جتنی گولیاں تھیں وہ ساری کی ساری مارک کے بھیجے میں اتار دیں

سب ساکت رہ گئے۔

اور جیکسن نے بلکل اپنا ہاتھ نہیں روکا تھا اسنے اتنی گولیاں چلائیں تھیں کہ شاید پورا نیو یارک اس وقت سہم اٹھے اسکے اندر کا جانور کتنا بے رحم تھا یہ بات سب جانتے تھے۔

مارک کا وجود ہوا میں پھڑ پھڑا اٹھا اور جیکسن اسکے نزدیک گیا اسنے اسکے خون سے لت پت آخری سانسیں بھرتے وجود کو دیکھا اور اپنے ٹائیگر کی جانب دیکھا جو شاید اشارے کی منتظر تھا اور ٹائیگر مارک پر ایسے جھپٹا کے اسکی بوٹی بوٹی جدا کر دی

ہیزل کی چیخوں سے جیک روبو کا مشن سہم اٹھا تھا

شاید کسی سے بھی یہ منظر نہ دیکھا جاتا جیک سر تھام گیا جیمز اپنی پوری زندگی میں اپنی آنکھوں کو پہلی بار گیلا ہوتا محسوس کر رہا تھا اور جیکسن باہر نکل گیا

ہیزل پاگل سی ہو گئی ایک بیٹے نے دوسرے بیٹے کو مار دیا تھا

کس قدر بھیانک کس قدر حالناک۔۔۔۔

---------------------

یہ سب آپکی وجہ سے ہوا ہے" ہیزل بنا کچھ سوچے سمجھے جیک کا گریبان جکڑ گئی جیک نے اسے سرد نظروں سے دیکھا

آپ نے اسے ایسا بنادیا کہ وہ اپنے بھائی کو ایسی بھیانک موت دے گیا

آپ نے کروایا ہے یہ سب آپ نے میرے بیٹے کو وحشی بنادیا میرا

دوسرا بیٹا مر گیا وہ آخری سانس ایک جانور کی خوراک بن کر لے رہا تھا

آپ جانور ہیں اپکا پوتا جانور ہے آپ سب جانور ہیں ساری زندگی دب

دب کر چپ رہ رہ کر گزار دی لیکن اب نہیں میں خود جیکسن کے خلاف

رپورٹ کراوگی

خود کراوگی اور آپ" وہ آپ کو بھی اسی طرح مار دے گا

میرا بیٹا مار دیا" وہ جیسے پاگل سی ہو گئی۔

جیمز نے اسے باپ سے دور کیا

دور ہو جائیں مجھ سے" وہ چلاا ٹھی پرل نے بھی شکوہ کن نگاہیں اٹھائیں تھیں جیک پر اور پرل نے ہیزل کے روتے سسکتے بلکتے وجود کو بازوں میں بھر لیا اور دونوں بری طرح رو دیں

---

اسے کسی کی ضرورت نہیں تھی نہ اپنے ساتھ کسی کو لے کر آیا تھا

وہ جانتا تھا ارتھر کو مارک نے خبر دی ہے ایسے ناسور کو رکھ کر پالنے سے بہتر تھا جان سے مار دیا جاتا۔

تو وہ مار آیا تھا اسے رتی بھی فرق نہیں پڑا تھا۔

لیکن وہ خاموش تھا تو طوفان تھا

جیک کی کال کو اسنے کئی بار اگنور کیا اور پھر اٹھا ہی لی

بہت برا کیا ہے تم نے" جیک نے کہا

اگر سب میرے خلاف ہیں"

" توسب ہاریں گے

وہ بولا اور اپنا موبائل باہر پھینک دیا نہ ہو گا نہ بجے گا

ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ

Zubi Novels Zone

اس نے ایلے کے سسکتے وجود کو مسکرا کر دیکھا

تمھیں بھوک لگی ہو گی کھا لو ابھی ڈاکٹر آجاتا ہے تو تمھیں اس قید سے آزاد کر دے گا" ارتھر نے کہا اور اسکی جانب پلیٹ کھسکائی جبکہ وہ چہرہ موڑ گئی وہ پھر سے مسکرایا

حالانکہ تم ضدی نہیں تھی اسکے لاڈ پیار نے تمھیں ضدی بنا دیا ہے

ارتھر کی بات پر ایلے نے سر جھٹکا

ارتھر ہنسنے لگا اور زبردستی اسکا گال کھینچا تو اسکا سیل فون بجنے لگا اسنے ذرا جھک کر کال پک کی

سررررر "بھرائی ہوئی آواز تھی اسکے ملازم کی

وہ سن رہا تھا خاموشی سے بولا کچھ نہیں۔۔۔۔

سر جیکسن پاگل ہو گیا ہے وہ وہ سب ختم کر دے گا وہ مارک کو مار چکا ہے

اسنے "وہ رونے لگا ارتھر ایکدم اپنی جگہ چھوڑ کر کھڑا ہو گیا

ایک عجیب سا سایا سا اسکے چہرے پر لہرایا

وہ وہ سر امیلیا میم کو مار دیا ہے اسنے "وہ رونے لگا اسکے لہجے کا خوف ارتھر کو اپنے وجود میں پھیلتا محسوس ہوا تھا سر وہ پاگل ہو گیا ہے وہ سب کو مار

دے گا سب کے خون کا پیاسا ہو گیا ہے آپ اپ بھاگ جائیں اپ

چھپ جائیں" وہ بولا جبکہ ارتھر نے کال کٹ کی

ایلے اسکے چہرے کے خوف سے اندازہ لگا گئ وہ آ گیا ہے۔

وہ ہلکا سا مسکرائ روتے میں آنکھیں چمک اٹھیں اسکا خوف تھا یہ جو

ارتھر کے چہرے پر دیکھ رہا تھا

وہ کچھ نہیں بولی لیکن ارتھر اسکی مسکراہٹ پر شدید غصہ ہوتا اسکے

چہرے پر کئ تھپڑ برسا گیا ایلے بیڈ پر گری اور رونے لگی

ارتھر نے اپنے ہاتھوں میں لرزش محسوس کی

یعنی وقت اہی گیا جیکسن روبو" اسنے گن لوڈ کی اور خود کو قابو میں کیا

تمھاری روح کو لیے بنا کہی نہیں جاوں گا" اسنے میگزین بھرا اور مسکرا

دیا

موت سر پر منڈلا رہی تھی وہ خوشبو محسوس کر چکا تھا وہ ایلے کے نزدیک آیا اسکے چہرے پر نیلے نشان تھے اسکا ہونٹ پھٹ گیا تھا

کہاں لے کر جا رہے ہیں اپ مجھے " وہ اس سے اپنا آپ چھڑانے کی تگ ودو کرنے لگی لیکن ارتھر نے اسپر توجہ نہیں دی اور اسے گھسیٹتا ہوا گاڑی میں لے آیا

اسنے گارڈز کو اشارہ کیا اور ڈرائیور کو کھینچ کر باہر نکالا اور خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گیا جبکہ دوسری طرف ایلے کو بیٹھا کر گاڑی لاک کر کے اسنے گاڑی آگے بڑھالی۔

-----------------------

" تمھارا دماغ خراب ہو گیا ہے بیٹا ہے وہ ہمارا

جو مر گیا ہے جیمز وہ بھی میرا بیٹا تھا" ہیزل آپے سے باہر تھی اور حیرانگی کی بات تھی جیک کچھ نہیں بولا تھا

اسنے جیمز کی ایک نہ سنی اور اسکے روکنے کے باوجود سٹیٹمنٹ دے دی کہ جیکسن نے اسکے بیٹے کا قتل کیا ہے وہ گواہ ہے اور چاہتی ہے جیکسن کو گرفتار کر لیا جائے۔

جیمز نے اسکے ہاتھ سے موبائل کھینچ کر دور پھینک دیا

پولیس پکڑے گی اسکو اس نے جو کیا ہے اسکی سزا ملے گی

"پاگل ہو گئی ہو اولاد ہے وہ تمھاری

وہ جانور ہے" ہیزل چلا اٹھی

وہ جانور ہے آپ لوگوں کا بنایا گیا جانور جس نے انسان کو انسان نہیں سمجھا وہ اپنے بھائی کو اپنے پالتو جانور کو کھلا چکا ہے نظر نہیں آتا آپکو کل کو اپکے ٹکڑے کر دے گا اور جنھوں نے اسے ایسا بنایا ہے انکے بھی کر دے گا اسے اسکے کیے کی سزا ملنے دیں" وہ چلا رہی تھی رو رہی تھی اسکے بیٹے کے تو ٹکڑے بھی نہیں تھے جن پر رو پاتی

-------------------------

ہینری ہوش میں آیا اسکی سرجری ہوئی تھی ڈیزی اسکے پاس بیٹھی تھی جیسے ہی وہ ہوش میں آیا ویسے ہی اٹھ بیٹھا

ہینری لیٹ جاو بیٹا ابھی آپریشن ہوا ہے تمھارا" وہ بولی جبکہ ہینری نے سر نفی میں ہلایا اسکا دل پاتال میں تھا اتنی تیزی سے دھڑک رہا تھا کہ ایسی دھڑکنیں تو اسنے کبھی محسوس نہیں کیں وہ ماں اور باپ کے روکنے کے باوجود باہر بھاگا تھا

ڈیڈ جیکسن کہاں ہے" وہ چلایا

جیکوب نے لاعلمی کا اظہار کیا ہینری ہاسپٹل سے ویسے ہی بھاگا اسکے نمبر پر کالز کیں لیکن اسنے کوئی کال ریسیور نہیں کی اور اسے اسکی لوکیشن ٹریپ کی اور وہ خود گاڑی میں سوار ہو گیا ڈیزی اور جیکوب دل تھامے کھڑے اسکی گاڑی دور جاتے دیکھ رہے تھے۔

-------------------------

چھوڑیں مجھے چھوڑدیں" وہ چلانے لگی جبکہ ارتھر نے اسکے منہ پر پھر سے تھپڑ مارا

اور اسے گھسیٹ کر جنگلوں کی جانب لے جانے لگا جبکہ دوسری طرف اگر شہر میں کوئ پاگل شیر نکل آئے تو جیکسن کی گاڑی پورے نیویارک کو اسطرح چھان چکی تھی اور پھر اسنے اپنی جیکٹ میں سے ایک ڈیوائس نکالی

جہاں اب سگنل شو ہو رہے تھے یہ ایلے کے گلے میں پڑی چین کے سگنل تھے جو کے اسنے اسے معمولی انداز میں پہنادی تھی اور اسکا ڈیوائس ہر وقت اسکی جیب میں رہتی تھی اور پہلی فرصت میں جب اسنے وہ ڈیوائس چیک کی تو معلوم نہیں وہ کہاں تھی کہ اسکی ڈیوائس کے سگنل ہی نہیں تھے اور تبھی وہ پاگل ہو چلا تھا اسنے ارتھر کے گھر کی ایک

ایک چیز تباہ کر کے امیلیا کو گولیوں سے بھون دیا تھا جبکہ وہ ایلے کی سگی ماں تھی اور وہ بخوبی جانتا تھا لیکن اسنے ایلے کے علاوہ کسی پر رحم دلی نہیں دیکھائی تھی وہ اس گھر کے ہر نکڑ کو چھان کر وہاں سے دیوانوں کیطرح نکلا تھا اس لوکیشن کی جانب جہاں ایلے تھی جبکہ اسکے پیچھے ہینری تھا جسے کسی اچھے کی امید نہیں تھی اسکا دل گھبرا رہا تھا جبکہ وہ دونوں ہی انجان تھے کہ جہاں پولیس نے پاگل کتوں کیطرح جیکسن داموسٹ خلاف آج تک کوئی ڈینجرس کلر کا ٹائیٹل اپنے ماتھے پر سجا رکھا تھا اسکے ٹھوس ثبوت نہیں ملا تھا کہ وہ اسے گرفتار کرتے اور پہلے جب بھی کیا تھا وہ ثبوت بے کار ثابت ہوتے اور وہ بچ کر بھاگ اڑتا لیکن اب کی بار اسکی ماں کی گواہی پر وہ خوش تھے اور ہیزل کی گواہی نے انھیں تقویت دی تھی جیکسن تک پہنچنے کی۔۔۔۔

جبکہ دوسری طرف جیک اپنے آپ کو کمرے میں بند کر چکا تھا اور جیمز اس کوشش میں تھا کہ اسے بھی انکی لوکیشن مل جائے ہیزل بد ظن ہو چکی تھی ان سب سے جورڈن جبکہ یہ ملک ہی چھوڑ کر یہاں سے جا چکا تھا مارک کا انجام دیکھ کر نیویارک میں خون کی حولی کھیلی جاری تھی اور یہ حولی جیکسن کھیل رہا تھا۔

ہیزل کا بیان ریکارڈ کر کے ثبوت اکٹھے کر کے انھوں نے ٹائیگر کو دیکھا جیمز نے ہیزل کی سمت دیکھا غصے سے جو اڑ گئی تھی وہ لوگ ہلکا سا مسکرائے اور ان میں سے چند باہر نکل گئے چند انکے گھر کے باہر کھڑے ہو گئے۔

-------------------------------

جیکسن کی گاڑی جنگلوں میں رکی تھی وہ گاڑی سے نکلااور جیسے ہی وہ گاڑی سے نکل اسپر ایکدم فائرنگ شروع ہوئ تھی وہ کالا بازی کھا کر جھاڑیوں میں اتر گیا

فائرنگ تھم گئ اُسنے ادھر دیکھا ادھر دیکھارات ہوچکی تھی اندھیرہ پھیل چکا تھا اچانک چاروں طرف خاموشی چھا گئ

ارتھر نے ایلے کے بال جکڑے اور اسے گھسیٹ کر بیچ میں لے آیا یہ لو اسے ہی لے جانے آئے تھے نہ لے جاو اسے اور چلے جاو یہاں سے" وہ مسکراتا ہوا بولا جیکسن نے جھاڑیوں کی اوٹ سے ایلے کو زمین پر پڑے روتے ہوئے دیکھا

اسکے ہاتھ زخمی تھے اسکے گال زخمی تھے ہونٹ زخمی تھے لمحوں میں کیا سے کیا ہو گئ تھی اور جیکسن انگاروں پر گھسٹا گیا تھا

کیا ہوا جیکسن رو بو ڈر گئے ہو ڈر گئے ہو شاید باہر نکلو نہ دیکھو تمھاری محبوبہ میرے قدموں میں پڑی ہے" وہ چلایا اور ایلے کے گرد ہنستے ہوئے گھومنے لگا

اگر مرد کا بچہ ہے تو باہر نکل کر اکیا چوہوں کیطرح چھپا بیٹھا ہے

تیرے بارے میں بس اتنا ہی سنا کہ تو شیر کا بچہ ہے تیرا دادا وہ بوڑھا شیر ہے جو اپنی انگلیوں پر کسی کو بھی نچا سکتا ہے

اب تو کیوں بھیگی بلی بن کر چھپ گیا ہے" وہ ہنسنے لگا

جبکہ ایلے کی سسکیاں گونج رہی تھی ابھی تک وہ دماغ سے کام لے رہا تھا

اور اچانک اسکو اپنے پیچھے کوئی محسوس ہوا وہ جھٹکے سے مڑا

جیکسن" وہ ہینری تھا ایسے کیسے وہ پیچھے رہ جاتا اسے تنہا چھوڑ دیتا

جیکسن نے ایک نظر اسے دیکھا

بغاوت ہو چکی ہے جیکسن تم باہر مت نکلنا پولیس یہاں پر پہنچنے والی ہے ہم ایلے کو نکال لیں گے تم باہر مت نکلنا" ہینری اسکے دونوں ہاتھ جکڑ چکا تھا

جیکسن نے سپاٹ تیوروں میں اسے دیکھا۔

ہینری اسکا ہاتھ چھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھا جبکہ ارتھر سامنے ایلے کے پاس بیٹھ گیا

جیکسن کا وجود تپ اٹھا اسنے ایلے کے بال جھٹکے سے اپنی بند مٹھی میں جکڑ لیے۔

جیکسن تلملا کر آگے بڑھا لیکن ہینری اس سے چمٹ گیا

نہیں نہیں تم کہیں نہیں جاوگے میں کہہ رہا ہوں حالات ٹھیک نہیں ہیں تمھارے لیے نیویارک تمھارا دشمن ہو گیا ہے یار" وہ اسے روک گیا۔

جیکسن نے اسے جھٹکنا چاہا

چھوڑو مجھے "وہ غرایا

" جیکسن تم زندہ رہو گے تو اسے بچا سکتے ہو

ہینری نے اسے پیچھے سے جکڑا ہوا تھا وہ بلکل اسے چھوڑنے کو تیار نہیں

تھا اور ارتھر نے ایلے کی گردن میں جان بوجھ کر ہاتھ پھنسا لیا

وہ اسکے لبوں پر جھکنے لگا وہ جیکسن کو راکھ کر رہا تھا ایلے چلا اٹھی

جیکسن "اسکی آواز میں جو خوف تھا جس طرح وہ اسے پکار رہی تھی اسے

کھڑے کھڑے موت سے پہلے موت ہی نہ اجاتی اگر وہ اس تک نہ پہنچتا

اسنے ہینری کو دھکا دیا ہینری دور جا گیرہ جبکہ اچانک ہی فضا میں ہیلی

کاپٹر کی آواز گونجنے لگی

جیکسن رو بوا اپنے آپ کو پولیس کے حوالے کر دو "آواز گونجی ۔۔۔ تو

جیکسن نے اوپر دیکھا

وہ جانتا تھا یہ کارٹر کا بھائی ہے جو عرصے سے اس موقعے کی تلاش میں تھا
اور آج اسے یہ موقع نصیب ہوا ہے تو وہ اسے کبھی اپنے ہاتھوں سے نکلنے
نہیں دے گا اسنے ایک نظر اوپر اڑتے چار ہیلی کاپٹرز کو دیکھا
ارتھر جبکہ خود حونک کھڑا تھا اسے یہ امید نہیں تھی کہ یہاں پولیس
بھی پہنچ جائے گی

تم لوگ چاروں طرف سے گھیرے گئے ہو اب ملنے کی کوشش بھی
مت کرنا اپنے آپ کو پولیس کے حوالے کر دو" آواز پھر سے گونجی
جیکسن نے ان ہیلی کاپٹرز کی ڈائریکشن چیک کی دو ایک طرف تھے دو
ایک طرف تھے جبکہ پولیس سائرن دور سے ہی سنائی دیا جا سکتا تھا
ایک طویل سانس کھینچی تھی اسنے وہ چاہتا تو یہیں سے غائب ہو جاتا اسکی
راکھ بھی کوئی نہ ڈھونڈ پاتا اسے ڈر نہیں لگ رہا تھا وہ ان سب چیزوں
سے بچپن سے کھیلتا آیا تھا

لیکن سامنے کھڑی لڑکی اسکی کمزوری تھی ہاں وہ شخص جو لڑکیوں سے بھاگتا تھا اسکا عشق وہ لڑکی تھی

اور شاید اسکی موت کی وجہ۔۔

سچ تو یہ تھا وہ ایلے کے ساتھ جینا چاہتا تھا وہ ابھی مرنا نہیں چاہتا تھا لیکن وقت ایسا تھا کہ اسکی زندگی کی ڈوری ٹوٹنے کو بے تاب تھی۔

اسنے ہینری کی جانب دیکھا جو سر تھامے بیٹھا تھا کیونکہ پتھر پر سر لگنے کے باعث اسکا دماغ چکرا گیا تھا جبکہ سر پھٹ بھی گیا تھا اسنے دھندلی نظروں سے جیکسن کو دیکھا جو اسکی جانب دیکھتا مسکرایا تھا پر سوز مسکراہٹ آخری مسکراہٹ

جیکسن" وہ دھڑکتے دل سے ہاتھ آگے بڑھ گیا

وہ اسکی جانب ارہا تھا ہینری اسے دیکھنا چاہتا تھا لیکن وہ اسے دھندلا دیکھ رہا تھا

اور وہ اسکے بالوں کو ہلکا سا بکھیر گیا

ہینزی کو اسکا لمس محسوس ہو

دی اینڈ "ہلکی آواز اسکے کان میں سنائی دی تھی

ن۔۔۔ نہیں "ہینزی اٹھنے کی کوشش کرنے لگا

اور جیکسن مڑا۔ اسکے دونوں ہاتھوں میں اسکے دادا کی گنز تھیں اسنے

دونوں گنز لوڈ کیں اور وہ آگے بڑھا

نہیں نہیں جاو جیکسن "ہینزی بے بسی کی انتہا پر تھا وہ چلا رہا تھا جبکہ

جیکسن روبو باہر نکلا وہ باہر نکلا اسنے دونوں ہاتھ بلند کیے اور اسکے بعد

صرف گولیوں کی آواز تھیں وہ بھیانک آواز نکلی ایلے چلاتی ہوئ نیچے

بیٹھ گئ جبکہ اسکی بندوق سے نکلنے والی ہر گولی ارتھر کے وجود میں اتر رہی

تھی اسنے لحاظ نہیں کیا تھا کہ اسکے سر پر پولیس منڈلا رہی ہے یہ پھر اسکی

بیوی سہمی ہوئ نظروں سے دیکھ رہی ہے یہ اسکا بھائ اسکا دوست چلا

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اٹھا ہے بس ایک شور تھا گولیوں کا وہ دونوں ہاتھوں سے فائرنگ کر رہا تھا یہاں تک کے ارتھر ہوا میں معلق ہو گیا اسکے جسم کے ہر حصے میں گولیاں تھی اور پھر ایلے نے اسے چاروں طرف سے گولیوں کی زد میں دیکھا

اوپر سے فائرنگ شروع ہوئی تو اسکا وجود پھڑ پھڑا اٹھا۔

چاروں ہیلی کاپٹر پر سے فائرنگ ہو رہی تھی صرف جیکسن روبو پر۔۔۔۔۔

جیکسن "ایلے کی چیخوں نے جیسے دل چیر دیے تھے ہینری چلا چلا کر رو یا تھا اسکی سفید شرٹ خون سے سرخ ہو گئی تھی اور شاید اسنے پہلی بار سفید رنگ پہنا تھا

وہ ہیلی کاپٹر اسپر گولیوں کی برسات کرتے پلٹ گئے وہ زمین پر گیر چکا تھا جیسے کوئی ڈال ٹوٹ گئی ہو

ایلے دیوانوں کی طرح بھاگی تھی اسکی سمت۔۔۔۔۔

اسکا سر جس میں سے خون بہہ رہا تھا وہ اسکی انکھ جسے وہ کھولنا چاہ رہا تھا

اسکے ہاتھ جن سے وہ ایلے کو چھونا چاہتا تھا لیکن بے بسی تھی

اسکی آنکھیں بند ہو رہیں تھیں

ایلے چیخیں مار رہی تھی ایسے کہ چلا چلا کر وہ پورا نیو یارک ادھر کر دے

گی اسنے جیکسن کو سینے میں بھر لیا اور جیکسن کے وجود نے ایک جھٹکا بھرا

تھا اسکے سینے میں اپنی آخری سانس بھری تھی

نہیں نہیں میں کیسے رہو گی نہیں جیکسن آپ نہیں جا سکتے مجھے چھوڑ کر

آپ مجھے کس کے حوالے کر رہے ہیں نہیں آپ اٹھ جائیں" وہ بچوں

کیطرح بلبلا اٹھی اپنے پاوں پٹخنے لگی جبکہ جیکسن کی آنکھیں اسپر ٹھر

گئیں تھیں اسکی آنکھوں کی پتلیاں ساکت ہو گئیں تھیں

نہیں" وہ حلق کے بل چلائی تھی اسکے کپڑے جیکسن کے خون سے بھر گئے تھے

ایسا تو سوچا ہی نہیں تھا

انکی محبت کی داستان ایسی نہیں تھی

وہ ساکت ہو گیا تھا اسکا دل رک گیا تھا اسکی آنکھیں ٹھہر گئی تھی اسے لگا اسکا دل پھٹ جائے گا اسنے جیکسن کو سینے سے لگا لیا اور پھر اس طرح روئی جیسے زندگی کا آسرا ٹوٹ گیا ہو

ساری زندگی تکلیف میں گزاری تھی پھر اسکے ساتھ نے ہر تکلیف کو خود میں سمیٹ لیا

پھر محبت ادھوری کیسے رہ گئی

وہ مر جائے گی وہ رہ ہی نہیں سکتی اسکے بنا اسکا وجود بے بس پڑا تھا

وہ بن پانی کی مچھلی کیطرح تڑپ تڑپ جارہی تھی اسکے انگ انگ سے

خون رس رہا تھا

جیکسن "وہ کس کو پکارے گی اب کس کے سامنے نخرہ دیکھائے گی وہ

اسے کیسے چھوڑ گیا تھا۔

پاگل سی ہوتی کبھی وہ اسکے خون رستے ہاتھوں کو چومتی کبھی اسکے چہرے

کو چومتی کبھی مدد کے لیے پکارتی

لیکن سب بے سود تھا

جیکسن روبوا سے چھوڑ کر کہانی کو ویران کر گیا تھا

-----------------------------

نیوز کاسٹر چلا رہی تھی نیویارک کینگ جیکسن روبو پولیس اٹیک میں

مارے گئے۔

جیک نے سکرین کی طرف دیکھا۔۔۔

یار تیرے بناتو ایک لمحہ نہیں گزار سکتا۔۔۔

وہ ہلکا سا مسکرایا اور سر اٹھایا وہ سامنے ہی تو کھڑا تھا

چلیں دادا" اسنے کہا جبکہ جیک مسکرا دیا

یار تو بہت ضدی ہے جیکسن کرلی نہ پھر اپنی من مانی" وہ بولا

جبکہ جیکسن کا قہقہہ ابھرا

اولڈ مین زیادہ باتیں نہیں لیٹس گو" اسنے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا جیک کی آنکھیں سرخ تھیں ان آنکھوں سے بہنے والے آنسو پہلی بار بڑی بے بسی کے تھے۔

اسکے دماغ میں پرل کا چہرہ آیا

اب یہ کوی وقت نہیں عاشقی کا" وہ بولا تھا۔۔۔

تیرے لیے میری جان بھی قربان ہے" اسنے جیکسن کا ہاتھ پکڑا اور کنپٹی پر بندوق رکھ کر دو فائر کیے

فائر کی آواز نیچے تک پہنچی تھی

جیمز نے اوپر دیکھا وہ اندھا دھند اوپر بھاگا تھا جیکوب اسکے پیچھے۔۔۔ تھا باپ کے کمرے کا دروازہ کھولا تو جیکسن کی تصویر سینے پر رکھے وہ اسکا ہاتھ تھام کر جا چکا تھا

دونوں بھائی گھٹنوں پر گیرے تھے اور اپنے پیچھے پرل کو گرتا دیکھ ان کے ہاتھوں میں ہمت نہیں تھی کہ وہ اسکی جانب بڑھتے

---

اسکی انکھ جھٹکے سے کھلی اور اسنے ارد گرد دیکھا وہ اکیلی تھی اسے لگا وجود پر چونٹیاں سی رینگ گئیں ہوں دل پھڑ پھڑ اسا گیا

جیکسن" وہ جلدی سے کمبل ہٹاتی اٹھی اور باہر بھاگی۔۔اگلی صبح نکل ائی تھی وہ حیرانگی سے اس سورج کو دیکھنے لگی جو نکل آیا تھا اسے لگا تھا وہ بھی مر جائے گی وہ چلا چلا کر روئی تھی روتے روتے بے ہوش ہو گئی تھی اسی کی بانہوں میں اور یقین تھا وہ بھی مر جائے گی لیکن وہ زندہ تھی

اسنے چار و سو خاموشی دیکھی تھی اور اپنے بال مٹھیوں میں جکڑ لیے اور خود کو نوچنے لگی۔

جیکسن جیکسن" وہ چلانے لگی

پورے گھر میں وہ پاگلوں کیطرح اسے ڈھونڈ رہی تھی

جیکسن" اسکے چلانے پر جیسے سارا گھر دھل گیا اور وہ لاونج میں گھٹنوں پر گیری ور چیخیں مارنے لگی اپنے بال نوچتی وہ دیوانی سی لگ رہی تھی۔

اپلیے"ڈیزی اسکی سمت بھڑی

جیکسن کہاں ہے وہ وہ میرے ہاتھوں میں تھا آپ مجھے بتائیں وہ کہاں ہے وہ وہ سب اسے زمین میں دبا آئیں ہیں وہ مر گیا ہے مجھے بتائیں وہ کیسے مر گیا اسنے میرا نہیں سوچا میری طرف دیکھیں وہ کہاں ہے وہ کہاں ہے جیکسن "وہ پھر سے اٹھی اور بھاگنے لگی باہر لون میں نکل ائی اسکا ٹائیگر خاموشی سے بیٹھا تھا۔

ٹائیگر جیکسن جیکسن کہاں ہے وہ وہ تمھارے ساتھ ہوتے تھے وہ مجھے مجھے بتاو کہاں ہے وہ"وہ ٹائیگر سے بناڈرے اسے جھنجھوڑ جھنجھوڑ کر بولی ڈیزی اسے قابضے میں کرنا چاہ رہی تھی لیکن وہ بلکل اسکے قابو میں نہیں ا رہی تھی وہ بے ساختہ اسکی دیوانوں جیسی حالت پر رو پڑی

جیکسن جیکسن کہاں ہے"وہ اٹھی اور گھر سے باہر بھاگنے لگی جبکہ ڈیزی نے ہینری کو کال ملالی

ہین۔۔۔ہینری "وہ سسکی

ہینری وہ پاگل ہو گئ ہے وہ مجھ سے نہیں سنبھل رہی "ڈیزی بری طرح روری

جیکسن "اسکی چیخیں اسکے آنسو دل چیر رہے تھے۔

ڈیزی اسے تھامنے کی کوشش کرنے لگی جبکہ وہ اسکے ہاتھوں سے نکل نکل جارہی تھی

وہ مجھے چھوڑ کر نہیں جاسکتے وہ نہیں جاسکتے مجھے چھوڑ کر وہ کیسے چھوڑ دیں گے مجھے "وہ چلا رہی تھی رو رہی تھی

اپنے آپ کو سنبھالو تمھاری حالت ٹھیک نہیں ہے "ڈیزی نے اسے یاد دلایا کہ اسکا بچہ اسکے پاس ہے جبکہ وہ اثر لیے بنا اسکے پاس سے بھاگی۔

اور جیسے ہی وہ باہر نکلتی ویسے ہی زخمی ہینری گھر کے اندر داخل ہوا ایلے کا دل کیا وہ دھاڑیں مارے اتنا چلائے اتنا چلائے کہ اسکا گلہ پھٹ جائے دل پھٹ جائے اسکا وجود کھا لے آج ٹائیگر کھا لے۔۔

ہینری نے اسکی سمت دیکھا بکھرا ہوا حلیہ بکھرے ہوئے بال غم سے نڈھال وجود اور دھنسی ہوئی آنکھیں وہ جیکسن کی ایلے نہیں لگ رہی تھی وہ اسے پلکیں جھپک جھپک کر دیکھ رہی تھی اسکی آنکھوں سے بہتے آنسو ہینری کے دل پر پڑ رہے تھے وہ آگے بڑھا وہ پیچھے ہٹ گئی

ایلے" اسنے پکارہ۔

جیکسن کہاں ہے" اسنے ایلے کیطرف دیکھا اور چہرہ موڑ لیا اور بے ساختہ رو پڑا تھا۔

وہ جیسے مر رہا تھا اس وقت۔۔۔۔

کہاں ہے جیکسن" ایلے نے پھر سے سوال کیا۔

Zubi Novels Zone

وہ بہت دور چلا گیا ایلے" وہ بے ساختہ رویا ایلے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ گئی

نہیں نہیں تم غلط بول رہے ہو وہ مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتے وہ جانتے ہیں میں انکے بنا نہیں رہ سکتی" وہ ایکدم گیری تھی ہینری اور ڈیزی اسکی طرف دوڑے اور وہ لون میں غیر گئی اُسنے آسمان کیطرف ایک نظر دیکھا

جیکسن "لب بڑبڑائے اور وہ بے ہوش ہو گئی

یہ ایکسیپٹ نہیں کر سکتی یہ سب کچھ ظلم ہے ایلے کے ساتھ یہ بہت بڑا ظلم جیکسن جیکسن نے کیا کر دیا" ڈیزی بولی جبکہ ہینری نے ایلے کو بازوں میں اٹھالیا اور اسے اندر لے آیا۔

---------------------------

پانچ ماہ بعد۔۔۔۔

پتھرائی ہوئی آنکھوں سے دیوار کو گھورتی وہ بیڈ پر پڑی تھی اسکے وجود میں اتنی بھی سکت نہیں تھی کہ خود اٹھ کر پانی بھی پی لے پچھلے پانچ ماہ میں اسنے اپنے حال کو اتنا بے حال کر دیا تھا کہ ڈاکٹرز نے وارن کر دیا تھا ہیزی کو کہ اگر حالات یہ ہی رہے تو بچے کو بچانا بے حد مشکل ہو جائے گا۔۔۔

کیونکہ ایلے نے ہر چیز سے رخ موڑ لیا تھا ضد کر کے وہ لاس ویگاس دوبارہ آگئی تھی اور اسکے ساتھ سب کو یہاں آنا پڑا تھا

کارٹر کا بھائی سارک نیویارک میں کلین سوئیپ کر رہا تھا جبکہ جیک روبو اور جیکسن کی موت کی خبر پھیلتے ہی نیویارک کا ہر کتا منہ پھاڑنے لگا تھا

ایک وبال تھا چاروں طرف ہیزی سے جو سنبھال نہیں رہا تھا

سارک روز انکے گھر آ رہا تھا اور جیسے ہی اس وقت بھی ملازم نے آکر بتایا کہ سارک آیا ہے ہیزی کا دل کیا اسکے اندر گولیاں اتار دے لیکن اسے تو

خود اپنا آپ اتنے کمزور لگتا تھا صرف جیکوب ڈیزی ہینری اور ایلے تھے یہاں۔۔۔

باقی سب کہاں تھے نہ ہی ایلے نے پوچھا اور نہ ہی کسی نے بتایا

ایلے یوں ہی بیٹھی تھی ہمت ہی نہیں تھی کہ بیٹھ بھی سکے تو وہ لیٹ گئی

۔۔۔۔

اور سارک مسکراتا ہوا اسی کمرے میں آگیا

اب وہ تمھارے نام نہاد گارڈز مجھے روک رہے تھے تھپڑ مار کر اندر گھس آیا ہوں

اب تم جیکسن روبو تو ہو نہیں جس کا خوف مجھے دروازے پر ہی روک لے برحال اسنے ایلے کو دیکھا ہینری اسکے سامنے آگیا

کچھ زیادہ ہی تو اپنی بھابھی سے مزے لے رہا ہے اسکی حالت دیکھ "

خباثت سے وہ ہنسا

ایلیے ان پانچ ماہ میں پانچ سو بار یہ بات سن چکی تھی اسکی آنکھوں کی خشک پتلیوں میں پانی تیرنے لگا اور وہ چہرہ ادھر کر کے رو پڑی

ہینری نے غصے سے سارک کو دھکیلا

" دفع ہو جاو یہاں سے

ہینری بے بی ایسے مت کرو دیکھو تمھاری مافیا کا جو جھنڈا تھا نہ وہ تو میں توڑ چکا ہوں اب تم خالی کھولی کچھ بھی لگو کوئ فرق نہیں پڑتا تمھاری جگہ ایک بہترین مافیا نے لے لی ہے پانچ ماہ سے جیک روبو اور جیکسن روبو کی موت نے نیو یارک کا سکہ بدل گیا تو تمھارے پھڑ پھڑانے سے کیا ہو جائے گا اپنی ویز سائیڈ پر ہو" وہ ہینری کو دھکیل گیا جبکہ ایلیے کی جانب بڑھا

کچھ مزے ہمیں بھی کرنے دو" وہ ہونٹوں کو دانتوں میں رگڑتا بولا

ہینری کو غصے کی انتہا چڑھی تھی اسنے سارک کا گریبان جکڑا اور سارک نے اسکا گریبان جکڑ لیا

میں چاہوں تو ابھی مروادوں تمھیں اپنے قابو میں رہو" وہ دھاڑا ایلے نے ان دونوں کیطرف نہیں دیکھا پیٹھ موڑے وہ روئے جارہی تھی آج اگر جیکسن ہوتا کوئی اسکے بارے میں ایسی بات کرتا نہیں کبھی نہیں اسنے تو ارتھر کی آنکھوں میں اسکا خوف دیکھا تھا۔۔۔

ہائے بیوٹیفل سارک" ہینری کے ڈھارنے پر سارک ہاتھ اٹھا گیا

اچھا ٹھیک ہے ٹھیک ہے میں پھر کبھی اجاوگا آج اسکی مردانگی زیادہ جاگ رہی ہے لیکن اسکو اتنا استعمال نہ کرو کہ ختم ہی ہو جائے کچھ ہمارے لیے بھی چھوڑ دو" سارک ہنسنے لگا ایلے نے ان دونوں کیطرف ہی نہیں دیکھا تھا اور سارک باہر نکل گیا ہینری نے ایلے کی جانب دیکھا

بکواس کر رہا ہے یہ میں اسکا منہ توڑ دوں گا تم اس بات کو مت سوچنا" وہ
بے۔ چینی سے اسکی جانب بڑھا ایلے نے سر بھی اٹھا کر نہیں دیکھا تھا
اسے۔۔۔۔

پانچ ماہ ہو گئے ہیں ایلے نہ تم میری طرف دیکھتی ہو نہ بات کرتی ہو کچھ
کھاتی نہیں پیتی نہیں آخر کب تک خود کو مارنے کی کوشش کرتی رہو گی
"وہ بولا جبکہ ایلے خاموش بیٹھی رہی

ایلے پلیز" اسنے ہاتھ آگے بڑھایا اور ایلے نے ہاتھ کھینچ لیا یہ ان دونوں
کے لیے ایک دوسرے کے گلے لگ جانا عام بات تھی

ہینری کو کافی تکلیف ہوئی تھی اسکے رویے پر وہ کھانے کی ٹرے اسکے
پاس روز کیطرح رکھتا اسکے پاس سے اٹھ کر باہر اگیا

اسنے ایک فون کال ملائی جس کو کبھی وہ کال کرنا نہیں چاہتا تھا لیکن شاید یہ ضروری تھا اور دوسری طرف سے کال اٹھی تو بلکل خاموشی اور ہلکی ہلکی رونے کی آواز تھی

مجھے تمھاری ہیلپ چاہیے اور وہ بھی صرف ایلے کے لیے" وہ سٹریٹ فارورڈ بولا۔

ک۔۔۔کہاں انا ہے مجھے" بیلا نے دکھ سے آنکھیں میرے سوال کیا

لوکیشن سینڈ کرتا ہوں میں تمھیں اور تمھاری لاس ویگاس کی ٹکٹ بھی کرا دیتا ہوں

نہیں میں خود۔۔۔

اس احسان کا شکریہ لیکن ضرورت نہیں ہے" وہ سپاٹ لہجے میں بولا بیلا لب دبا گئی اور فون بند ہو گیا وہ پھر پیچھے مڑ کر دیکھنے لگا کمرے کا دروازہ کھلا ہوا تھا اور کھانے کی ٹرے ویسے ہی رکھی تھی وہ کسی کی بات نہیں

مانتی تھی بس اپنی ضد پر اڑی رہتی تھی نہ کچھ بولتی تھی نہ کچھ کھاتی تھی اور نہ ہی کسی کی بھی طرف دیکھنا چاہتی تھی

کچھ دیر ہی گزری تھی کہ ایلیے نے اٹھ کر کمرے کا دروازہ بند کر لیا

ہینری کا دل سا بیٹھا وہ معلوم نہیں کتنی بار مرنے کی کوشش کر چکی تھی

۔

وہ پریشانی سے مڑا اسکے دروازے کے پاس پہنچا مگر دروازہ لاک تھا وہ یاد کرنے لگا اسنے ایلیے کے روم سے تمام چیزیں نکال دیں تھیں جو اسکو نقصان دیتی۔۔۔

وہ دروازے سے سر لگا کر کھڑا ہو گیا ان پانچ ماہ میں اسنے ایلیے ہی ہر ممکن حفاظت کرنی چاہی تھی لیکن سچ تو یہ تھا کہ وہ خود جیکسن کے بنا کچھ نہیں تھا اور یہ سارک۔

سارک نے الگ اسے زچ کر دیا تھا وہ کلین سوئیپ کر رہا تھا ان کی مافیا کا نام ونشان تک مٹا دینا چاہتا تھا کارٹر کی موت کا بھیانک بدلہ لینا چاہتا تھا جبکہ اسکے کندھے پر سب کچھ چھوڑ کر سب ایسے غائب ہو گئے تھے جیسے کسی کا وجود اب انکے ساتھ نہ ہو اسکی آنکھیں نم سی ہوئیں اور اسنے گھیرہ سانس بھرا

بیلا اسکا آخری سہارا تھی

ایلے کو ٹھیک کرنے کا جیکسن کا بچہ وہ سر تھام گیا آنکھوں میں آنسو بھر گئے

وہ اسے کھونا نہیں چاہتا تھا وہ اس بچے کو کوئی نقصان نہیں پہنچانا چاہتا تھا لیکن اسکی ماں جتنا خوش تھی اب اتنی ہی بڑی دشمن بن گئی تھی نہ اسے اس بچے کی فکر تھی نہ خود کی

ڈیزی نے اسکی جانب دیکھا اور اپنے انسوؤں کو صاف کر کے اسکے

نزدیک ائی

تم بھی کچھ کھالو" وہ پیار سے بولی

وہ چونک کر ماں کو دیکھنے لگا

نہیں مجھے ایک ضروری کام سے جانا ہے پلیز آپ اپنے اپر توجہ رکھیں گا

وہ پھر سے" وہ چپ ہو گیا ڈیزی بھی چپ رہ گئی۔

کاش کاش ایسا کچھ نہیں ہوتا" وہ بے ساختہ رو دی

ہر کندھے کو کندھا دینے کے لیے ہینزی میں اب ہمت نہیں تھی وہ ماں

کے شانے پر ہاتھ رکھتا وہاں سے لمبے ڈگ بھر گیا

جبکہ باہر کھڑے گارڈز کو چوکنا کر دیا تھا کہ وہ اب کسی اجنبی کو گھر میں

گھسنے نہ دیں

سارک جان بوجھ کر یہ حرکتیں کر رہا تھا وہ جیکسن کے جانے کے بعد اب ایلے کے ساتھ کیا کرنا چاہتا تھا اسے خبر نہیں تھی لیکن وہ پوری توجہ رکھے ہوئے تھا اور پوری کوشش میں تھا کہ وہ ایلے کی جان سے بڑھ کر حفاظت کرے۔

__________________

وقت اپنی رفتار چلتا جا رہا تھا۔

رات دن بلکل ایک سے تھے ذرا بھی کوئی فرق نہیں تھا نہ ہی اسکے کسی رویے میں فرق آیا تھا

وہ دن رات بس گزار رہی تھی کہ کسی دن اسکا دل یہ غم نہ سہتے ہوئے پھٹ جائے گا اسنے اپنی کلائیوں کی جانب دیکھا جہاں کٹ کے نشان تھے اسنے خود کو مارنے کی ان چند ماہ میں ہر ممکن کوشش کی تھی لیکن

معلوم نہیں وہ اتنی ڈھیٹ کیوں تھی مری ہی نہیں تھی وہ خاموشی سے سر جھکائے بیٹھی تھی تبھی بیلا مسکراتی ہوئی اندر آئی

بیلا چند دنوں سے دن رات اسکے پاس ہی تھی لیکن بیلا کے لاکھ بولنے کے باوجود نہ ہی اسکے منہ سے ایک لفظ بھی نکلا اور نہ ہی اسنے کھانے پر دھیان دیا دو لقمے لیتے ہی اسے الٹیاں آنے لگ جاتی اور اسکے بعد بس وہ روتی رہتی روتی ہی رہتی ہینری کے پاس آنے پر چلانے لگتی ہینری کا اسکی حالت دیکھ دیکھ کر دل پھٹ رہا تھا لیکن وہ ہینری کو بلکل برداشت نہیں کرتی تھی بیلا بھی بالآخر چپ کر رو ہی دی۔۔۔

یہ تو وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ایسے تھے کہ وہ اسکے بازوں میں سو جاتی بے فکر ہو کر شاید اسے یقین تھا اسکی فکر میں دو آنکھیں جاگ رہیں ہیں اور اسے لے جائیں گی

اسکے پاس سے اور اب وہ نہ چین سے بیٹھ پاتی تھی نہ ہی کچھ اور کر پاتی تھی اسے لگا حقیقی معنوں میں اسکی آواز اب کھو گئی ہے اسکے سامنے وہ لوگ چیختے رہتے اور اسے لگتا اسکے گلے میں آواز ہی نہیں وہ بولے وہ کہے کیا بات

وہ خشک آنکھوں سے بیلا کو دیکھتی رہتی اس وقت بھی اسے کافی تیز بخار تھا اور بیلا دوائی کے ساتھ کچھ کھانے کی چیزیں بھی لائی تھی

ایلے پلیز کھالو اپنے بچے کا سوچو" بیلا نے منت کی جبکہ ایلے نے کچھ نہیں کہا سر جھکائے بیٹھی رہی

تمھیں بہت تیز بخار ہے تمھارا وجود بخار میں پھنک رہا ہے مجھے ڈر ہے کہیں بچے کو کچھ ہو گیا پلیز کچھ کھا کو پھر دوائی لے لینا بیلا نے لقمہ اسکے منہ کی جانب کیا وہ یوں ہی بیٹھی رہی اور باہر ایکدم ہلچل سی ہوئی بیلا نے اٹھ کر دیکھا

ایلے کو آوازیں ارہیں تھے وہ دکھتی آنکھوں سے اپنے ہاتھ کی لکیروں

میں نہ جانے کیا تلاش کر رہی تھی کہ اچانک اسے سنائی دیا

ٹائیگر کو ڈاکٹر پر لے کر چلو" اسنے سر اٹھایا

سرخ آنکھوں میں پانی دوڑ گیا وہ ایکدم اٹھی اور بھاگتی ہوئی باہر نکلی سب

اسے دیکھ کر حیران رہ گئے وہ وہ ایلے نہیں لگ رہی تھی جسے جیکسن

نیویارک کی ملکہ کہتا تھا وہ تو کوئی ہڈیوں کا ڈھانچہ لگ رہی تھی پھیکا رنگ

اور الجھے ہوئے بال سیاہ ٹی شٹ اور ٹراوزر میں وہ سرخ ہوئی آنکھوں

سے باہر دوڑائی

لون میں ٹائیگر کے گرد کافی رش لگا رکھا تھا سب نے۔۔۔

کیا ٹائیگر بھی مر جائے گا" وہ خوف سے اس طرف بڑھنے لگی تھی اور

اسکے آگے بڑھنے پر گارڈز پیچھے ہٹے اور ایلے ایکدم ٹائیگر کے پاس گیر گئی

۔

جلتی ہوئی آنکھوں سے اسے گھیرہ سانس بھرتے دیکھنے لگی جیسے وہ تکلیف میں ہو۔۔۔

بلکل ویسے ہی جیسے وہ بھی تھی تکلیف میں لیکن تکلیف جاتی ہی نہیں تھی وقت کے ساتھ بڑھ رہی تھی وہ اسکی جدائی کو تصور کرنا ہی نہیں چاہتی تھی لیکن پانچ ماہ سے اسکو دیکھا نہیں اسکی قبر پر نہیں گئی

ٹائیگر کو مرتے ہوئے دیکھ اسکی خوش قسمتی پر رشک کرتی وہ اسکی پشت پر ہاتھ پھیرنے لگی

اسکی پشت پر جیسے جیسے ہاتھ پھیر رہی تھی ویسے ویسے اسکی سسکیاں بندھ رہی تھیں اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ چیخیں مارنے لگی

ٹائیگر کے پہلو میں بیٹھی وہ لون کی زمین پر پاؤں پٹخ پٹخ کر اپنا چہرہ پیٹتی رو رہی تھی بیلا اسکی حالت پر گھبرا کر بھاگی اسے پکڑا وہ چلانے لگی

ایلے ایلے" ایلے دھاڑیں مارنے لگی تھی

وہ رو رہی تھی وہ چلا رہی تھی اسکا بس نہیں چلا اپنے ہی ہاتھوں سے اپنا دل چیر دے۔

وہ کچھ ایسا کر جائے کہ وہ بھی مر جائے اور جیکسن کے پاس چلی جائے۔

بیلا سے وہ نہ سنبھلی تو اسنے نہ چاہتے ہوئے بھی ہینری کو کال کی اور ہینری اسکے کہنے پر جہاں بھی تھا وہ دس منٹ میں واپس لوٹا تھا ایلے کی حالت میں رتی بھی فرق نہیں آیا تھا

ہینری نے اسے بازوں میں بھرا لیکن ایلے اسے دور دھکیل کر اندر بھاگ گی ہینری سر تھام گیا۔

"سر ٹائیگر کو ڈاکٹر کے پاس لے جائیں

ایک گارڈ نے پوچھا جبکہ وہ سر ہلا گیا۔

------------------

جان تھی کہ لبوں پر تھی اور اسے نیند کے انجیکشن لگے تھے حالانکہ

ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ اسکا بچہ نقصان میں ہے اسے یہ ایکطرح کا نشہ نہ دیا

جائے لیکن وہ کیا کرتا اسنے بالآخر ہار کر اسے ٹیکے لگا ہی دیے

ایلے بے سود ہو گئی تو اسنے اسے بیڈ پر لیٹایا اور بیلا کی جانب مڑا

میں اسے کھانا کھلا رہی تھی اور باہر پتہ چلا ٹائیگر کی طبعیت خراب اور پھر

"وہ بھاگ

شیٹ یو رماو تھ "ہینری دھاڑا

بیلا ایلے کو یہ ایلے کے بچے کو کچھ ہوا میں تمھاری جان نکال لوں گا

تمہیں یہاں اس لیے نہیں بلایا اور نہ ہی میں ہزاروں ڈالرز مفت میں

دے رہا ہو۔۔۔وہ بھڑ کا بیلا سر جھکا گئی

وہ ایسا تو نہیں تھا اسنے بھیگی پلکیں اٹھائیں اور ہینری دانت پیستا سر جھٹک

کر باہر نکل گیا جبکہ ایلے کے روم کا دروازہ وہ خود لاک کر کے گیا تھا

--------------

جیکسن "لب پھڑ پھڑائے

اور ایکدم جیسے اسنے آنکھیں کھول دیں چاروں طرف عجیب اندھیرہ تھا

لیکن اسے ڈر نہیں لگ رہا تھا

اچانک ہی اسکی نگاہوں کے سامنے ایک عکس سا بن گیا

جیکسن "وہ جھٹکے سے اٹھ بیٹھی وہ دور کھڑا اسے دیکھتا مسکرا رہا تھا

جیکسن "وہ اٹھی دوڑ کر اس سائے تک پہنچی۔

لیکن اچانک وہ سایہ غائب ہو گیا اسنے ادھر ادھر دیکھا اور ایک بار پھر

اسے وہ دیکھائی دیا۔

وہ ہتھیلیوں کو چہرے پر رکھے بڑی طرح سسک اٹھی اسکی ہچکیاں

گونجنے لگیں

ایلے "اسکے کانوں میں اپنے نام کی پکار

جیکسن" وہ کانپ اٹھی

یہ کیا حال بنایا ہوا ہے" وہ حیرانگی سے آنکھیں پھاڑے اسے دیکھنے رہی تھی۔

جو اسے اوپر سے نیچے تک دیکھ رہا تھا۔

سوال کر رہا تھا ایلے کی سرخ آنکھوں میں بے یقینی تھی اسنے پیچھے دیکھا

پیچھے کوئی نہیں تھا وہ سامنے کھڑا تھا۔

وہ کچھ کہہ نہیں پا رہی تھی اسکا دل اتنی تیزی سے دھڑک رہا تھا جیسے چند لمحوں میں بس اپنی ساری دھڑکنیں کھو دے گا

اسکا وجود ریزہ ریزہ ہو جائے گا

میں نے کچھ پوچھا ہے" اسنے اسی رعب اسی دبدبے سے سوال کیا تھا وہ ویسا ہی تھا

اسنے اپنے آپ کو اوپر سے نیچے تک بلیک لباس میں ڈھانپ رکھا تھا بلکل پہلے جیسا تھا وہ۔۔۔۔

ایلے ساکت کھڑی اسے دیکھ رہی تھی اور وہ پلٹ کر پیچھے بھاگی

" ہینری۔۔ہینری۔۔۔ہینری جیکسن اگئے جیکسن

وہ مڑی اور بلکل اسکی قسمت کی طرح سیاہی چاروں سو پھیلی اسکا منہ چڑا رہی تھی۔

ZNZ Zubi Novels Zone

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے لگتا ہے ایلے کو کوئ ذہنی مسلہ ہو گیا ہے بیٹا کل بھی اسکے کمرے سے آوازیں ارہیں جیکسن کو پکار رہی تھی" ڈیزی نے کہا جبکہ ہینری نے سر واپس ٹیبل پر رکھا

انکل جیمز سے کہیں منہ چھپا کر بیٹھنے کے بجائے واپس ائیں" اسنے الگ ہی بات کی

تم جانتے ہو وہ جیکسن اور مارک پھر جیک۔۔۔۔

مام یہ غم نہ مجھے بھی ہے اپکو بھی ہے اور ایلے کو بھی ہے کوئ منہ چھپا کر نہیں بیٹھا ہم میں سے تو ان سے کہیں واپس آئیں اور وہ اپنی بیوی کو آج بھی سکیور کر رہے ہیں سر یسلی مجھے جیکسن کا لحاظ نہ ہوتا تو ان پر سب سے پہلے کیس کرتا میں" وہ غصے سے بولا

" بیٹا انھیں پتہ تو نہیں

بس کریں اپنے بیٹے کو مروانے کے لیے پولیس بھیجنے والی وہ تھی اور اب اب منہ چھپا کر بیٹھ گئیں ہیں ائ سر یسلی ہیٹ ہر" نفرت سے کہتا وہ اٹھا

ہینری "ڈیزی نے پکارہ جبکہ ہینری اندر آیا اندر بیلا کچھ چیزیں ٹرے میں رکھے ایلے کے روم کیطرف بڑھ رہی تھی ہینری نے وقت دیکھا کافی دیر ہو گئی تھی

تم اب ناشتہ کرا رہی ہو ایلے کو" وہ بھڑک کر بولا

نہیں میں صبح لے کر گئی تھی مگر وہ نیند سے جاگی نہیں تھی تو پھر میں اس وقت لے جا رہی ہوں" بیلا نے تفصیلی جواب دیا۔

ہینری نے جواب نہیں دیا اور ایلے کے روم میں چلا گیا وہ بستر میں لیٹی ہوئی تھی

ایلے "اسنے پکارہ ایلے نے جواب نہیں دیا وہ اسکے سامنے بیٹھ گیا بیلا نے ان دونوں کے بیچ ٹرے رکھی دی۔۔۔

تمھاری طبعیت نہیں ٹھیک میں نے سوچا ہے میں کسی اچھے سے ڈاکٹر کے پاس لے چلوں تمھیں اب تم جلدی سے یہ دودھ پیو پھر ہم ڈاکٹر

کے پاس چلیں گے" اسنے دودھ کا گلاس اسکی سمت بڑھایا ایلے نے کوئی ریسپونس نہیں دیا

سوجھی سوجھی آنکھیں پھیکا سا رنگ اور بکھیرے بے ترتیب بال وہ قابل رحم ہی لگ رہی تھی۔

ایلے "ہینری نے پھر پکارہ مگر ایلے نے اسکی جانب نہیں دیکھا وہ لب دبا گیا اور مڑ کر بیلا کو دیکھا۔

بیلا آگے بڑھی ہینری اٹھ گیا

بیلا نے اسکی سمت دودھ کا گلاس بڑھایا

ایلے جلدی سے دودھ کا گلاس پی لو پھر ہم جیکسن کی باتیں کریں گے بلکہ کل تم نے مجھے بتایا نہیں کہ تم نے کیا کیا سوچا تھا اور کرنے کا"

۔۔بیلا نے کہا تو ایلے نے اسکی جانب دیکھا

تم سنو گی" وہ بولی تو ہینری منہ موڑ گیا آنکھیں سرخ ہو کر چھلکنے کو تھیں اسنے اسکی آواز پانچ ماہ بعد سنی تھی

ہاں نہ میں ساری باتیں سنو گی۔۔۔وہ اسے کھلانے لگی

تمھیں پتہ ہے جیکسن مجھے بہت یاد آتے ہیں مجھے نیند ہی نہیں آتی اب میں کیا کروں کہ انکے پاس چلی جاو" وہ بولی تو اسکی آنکھوں میں دیکھتی معصومیت پر بیلا کی آنکھیں بھی بھر گئیں

سب ٹھیک ہو جائے گا ایلے" وہ اسکے گال کو پیار سے چھونے لگی کچھ بھی ٹھیک نہیں ہو گا۔۔۔

دیکھنا تم سب ایسا ہی رہے گا" وہ رونے لگی

ہینری کی سانسیں ہی خود پر بھاری ہو رہیں تھیں وہ کچھ دیر وہاں کھڑا رہا

۔

مجھے انکے ساتھ گزارا ایک ایک لمحہ یاد آتا ہے بیلا" وہ پھر سے بولی

" تم دیکھنا جب تمھارا بے بی ہو گا وہ جیکسن جیسا ہو گا

مجھے نہیں چاہیے" وہ خونی نظروں سے اسے دیکھنے لگی بیلا کا ہاتھ تھم گیا

میں اسے مار دوں گی تم دیکھنا بہت جلد" وہ بولی اور اسکے پاس سے اٹھ گئ

ایلے " بیلا ڈر کر اٹھی

جبکہ ایلے واشروم میں چلی گئ اور بیلا اسکے پیچھے لپکی پھر دوڑ کر باہر نکلی

ہینری ہینری وہ اپنے بچے کو نقصان نہ پہنچا دے " وہ گھر سے نکلتا ہی کہ

بیلا کی آواز پر پلٹ کر بھاگا اور دروازے بجایا

ایلے " وہ دھاڑا جبکہ اندر ایلے ہاتھ میں چھری لیے کھڑی تھی اسنے وہ

چھری رکھی اور اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھا۔

ہم دونوں کو بابا کے پاس جانا ہے ہمارا کوئ نہیں ہے یہاں ہم یہاں

نہیں رہیں گے " وہ جیسے اس بچے کو سمجھا رہی تھی جو دنیا میں بھی نہیں

آیا تھا اور اسنے چھری اٹھا لی باہر ہینری اور بیلا تڑپ اٹھے تھے

ہینری مڑا کچن میں دوڑا سارے ڈیوائڈر تلاش لیے اور جیسے ہی چابی ملی وہ دوڑ کر اندر آیا اور اسنے دروازے میں گھمائی بیلا اسکی بے چینی محسوس کر رہی تھی ایلیے خوش قسمت تھی کہ وہ اسکے لیے تڑپ رہا تھا ورنہ وہ بہت روڈ ہو گیا تھا نہ ہی اسکیطرف دیکھتا تھا اور نہ ہی اس سے بات کرنا ضروری نہیں سمجھتا تھا

ہینری نے بروقت دروازہ کھولا اور اندر داخل ہوتے ہی اسکا چھری والا ہاتھ جکڑ لیا۔

پاگل ہو گئی ہو ایلیے کیا ہو گیا ہے تمھیں "ہینری چلایا جبکہ ایلیے اسے سپاٹ نظروں سے حونک دیکھتی رہی وہ اسے اس وقت اپنے سامنے نہیں دیکھنا چاہتی تھی بلکہ کبھی بھی نہیں دیکھنا چاہتی تھی اسکے ہاتھ نفرت سے جھٹک کر وہ کمرے میں اگئ

باہر جاو "ہینری بیلا پر چیخا

بیلا نے حیرانگی سے اسے دیکھا وہ اسے نکال رہا تھا کیوں۔؟ عجیب دل میں پریشانی سے اتری اور وہ اسکے ایکدم چیخنے پر باہر نکل گئ

ہینزی نے دروازہ بند کیا اور ایلے کے سامنے اگیا

کیا چاہتی ہو تم" وہ بھڑک کر بولا

ایلے نے اسکا ہاتھ جھٹکا۔

ایلے پلیز میں تمھارے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں مجھ سے جتنی چاہے نفرت کرو اس بچے اور خود سے نفرت کرنا بند کرو" وہ بولا ایلے اس سے بات کرنا حرام سمجھتی تھی وہ سر جھکائے بیٹھی رہی

یار میرے سینے میں بھی اتنی ہی تکلیف بندھی ہوئی ہے تم مجھے آزماؤ مت" وہ نرمی سے بولا تھا ایلے پھر بھی کچھ نہیں بولی

ہینزی اسے کچھ دیر دیکھتا رہا اور پھر دروازہ کھول کر باہر نکل گیا

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

اسکے نکلتے ہی ایلے چہرے پر دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں جمائے رودی بری طرح چلا چلا کر کہ اسکار وناسب نے سنا تھا۔۔۔سب دلگرفتہ تھے لیکن کیا کرتے اسکے لیے۔۔۔

جبکہ وہ اٹھی جلدی سے ہاتھ میں جتنی آئیں سلیپنگ پلیزر کھی اور پانی سے پی کر بیڈ پر سکڑ سمٹ کر لیٹ گئی خود کو کمبل میں چھپائے وہ صرف جیکسن کو دیکھنا چاہتی تھی اس وقت

----------------

اسے اپنے پہلو میں جانی پہچانی خوشبو محسوس ہورہی تھی اسنے اپنی بھاری رورو کر سوجھی ہوئی آنکھوں کو کھولنا چاہا اسکا سر کسی کے شانے پر تھا اور کسی نے اسے سختی سے تھام رکھا تھا جبکہ ایلے کو وہ خوشبو یاد تھی ہزاروں میں لاکھوں میں یہ کروڑوں میں بھی

جیکسن" وہ بولنے کی کوشش کرنے لگی

ہمم "اسنے جواب دیا

آپ اگئے "وہ نیندوں میں ہی اسکی شرٹ جکڑے گی ٔوہ جاگنا چاہتی تھی لیکن دماغ اسطرح سن تھا کہ معلوم ہی نہیں ہو رہا تھا کچھ بھی ۔۔۔

ہمم "بس اتنا ہی جواب آیا

آپ اپ کہاں چلے جاتے ہیں "وہ اسے سختی سے بانہوں میں بھینچ کر مدہوشی میں بھی رو دی دوسری طرف سے کوئ جواب نہیں آیا اسے محسوس ہوا اسکے بالوں میں اسنے انگلیاں چلائیں ہیں

جیکسن "وہ پھر سے بولی۔

ہمم "جواب آیا

اب اب آپ جائیں گے تو نہیں "وہ اسکا چہرہ تھامنا چاہتی تھی لیکن نیند میں بلکل اس سے کچھ نہیں ہوا

تم سب کو بتادو گی میں آتا ہوں پھر میں چلا جاوں گا" سنجید گی سے بولتے ہوئے کہا جبکہ ایلے کا بس نہیں چلا وہ جیکسن کو ایک بار جکڑ لے تو کبھی نہ چھوڑے

"ک۔۔کسی کسی کو نہیں بتاو گی

پرومس" وہ مڑ کر اسکی جانب دیکھ رہا تھا ایلے دیکھ سکتی تھی

پرومس" وہ نیند میں بھی رو رہی تھی

براووو" اسنے کہا اور اسکا خشک ہوتے لبوں کو دیکھا ایلے اسے خود پر جھکتا ہوا دیکھنے لگی اور جب اسنے اسکے ہونٹوں کو چھوا ایلے کی سسکیاں نکل گئیں

وہ رونے لگی زور زور سے ہاتھ چلانے لگی زور زور سے آنکھیں بند کیے وہ ہاتھ چلا کر جیکسن کو محسوس کرنا چاہ رہی تھی لیکن اسکے اس ردعمل پر جیکسن اسکے ہاتھوں سے نکل کر چلا گیا

وہ اسے جاتا ہوا دیکھ رہی تھی

وہ اسے واپس بلانا چاہتی تھی مگر وہ جا چکا تھا اور اسکی روح کے سکون کے پل اپنے ساتھ لے گیا تھا

-------------------------

اگلی صبح ہینری اسکے کمرے میں آیا تو سلیپنگ پلیز کا خالی دوائیوں کا ڈبہ دیکھ کر اسکا دماغ بھک سے اڑا

بیلا" وہ دھاڑا بیلا ناشتہ بنا رہی تھی ڈر کر دوڑتی ہوئی کمرے میں ائی

کیا ہے یہ" اسنے اسکے منہ پر مارا

ی۔۔یہ" وہ حیرانگی سے خالی ڈبے کو دیکھنے لگی

یہ کس نے یہاں رکھا تھا ایلے یہ سارا کھا چکی ہے تبھی اب تک وہ اٹھی نہیں ہے "

بیلا" وہ مٹھیاں بھینچتا آگے بڑھا بیلا پیچھے ہٹی اور آگے بڑھ کر اسنے اسکی گردن جکڑ لی

قسم سے اگر ایلے کو کچھ ہوا میں تمھاری گردن دبا دوں گا۔

بیلا تم اپنی اوقات میں رہ کر اپنے کام پر اور ایلے پر دھیان دو" وہ غرایا

بیلا کی آنکھیں بھیگ گئیں تھیں وہ جھٹکے سے اسے دور کرتا ایلے کی جانب بڑھا اور اسے اتنی نرمی سے بازوں کے گھیرے میں بھرا کہ بیلا کو شدید رونا آیا وہ وہاں سے بھاگ اٹھی

ہینری کو پرواہ نہیں تھی وہ ایلے کے سر پر ہاتھ پھیرتا اسے دیکھنے لگا جس کے گالوں پر آنسوؤں کے نشاں بنے ہوئے تھے اسکا دل کٹتا تھا وہ کیسے بیان کرتا وہ کتنی مشکل میں تھا وہ کیسے بتاتا اس سے کچھ نہیں سنبھل رہا تھا

۔

اکیلے کو دوبارہ لٹا کر وہ باہر نکل گیا جبکہ بیلا کے رونے دھونے سے کوئی خاطر خواہ فرق نہیں پڑا تھا۔

________________

سارک سیگریٹ پیتے ہوئے گاڑی بھی چلا رہا تھا آدھی رات کا وقت تھا اور اس وقت وہ سکون سے اپنی عیاشی کر کے واپس اپنے گھر کیطرف جا رہا تھا۔

کہ اچانک اسکی گاڑی کے چاروں ٹائر پھٹ گئے ایکدم وہ ہوش میں آیا نشہ بھک سے اڑا اسنے اپنی پستول نکالی اور باہر دیکھنے لگا بدقسمتی سے اسکے گارڈز آج اسکے ساتھ نہیں تھے

لیکن باہر کوئی نہیں تھا اور سارک نہ گہرہ سانس بھرا

کیا مصیبت ہے "روڈ پر کانچ دیکھ کر وہ دانت پیس گیا اور تادیر وہاں کھڑا رہا

اب کسی سے لفٹ لینی پڑے گی کوئی لڑکی مل جائے" دانت نکوستہ وہ روڈ پر ہی کھڑا ہو گیا سنسان روڈ تھا

اور دور دور تک کوئی جہاں دیکھائی نہیں دے رہا تھا وہاں ایک گاڑی کو آتا دیکھ وہ روڈ کے بیچ میں کھڑا ہو گیا اسنے گاڑی رکوالی تھی وہ مسکراتا ہوا گاڑی کی کھڑکی کیطرف بڑھا

انسپکٹر سارک۔۔ گاڑی کا شیشہ نیچے کر وہ حکم دیتا بولا جبکہ دوسری طرف سے شیشہ کھولا گیا اور سارک نے سکون سے گردن اندر ڈالی اور اندر جیکسن کو بیٹھا دیکھ اسکی چیخ سی نکلی اور دھڑکتے دل سے اسنے اپنا سر واپس نکال لیا

جیکسن "اس نام کی بازگشت پانچ ماہ بعد خود ہی اسنے کی تھی

نہیں۔۔ نہیں ممکن میں کچھ زیادہ ہی نشے میں ہوں" اسنے اندر دوبارہ سر ڈالا خوف اسکے چہرے پر تھا

یس سر" ایک خوبصورت سی لڑکی معصومیت سے بولی

لیکن سارک کے تو حواس خراب ہو چکے تھے اسے ابھی تک اپنا دل پتے

کیطرح ہلتا محسوس ہو رہا تھا "تھنگ لفٹ چاہیے" انسانوں کیطرح وہ بولا

شیور سر کم ان" اس لڑکی نے دروازہ کھولا وہ گاڑی میں بیٹھ گیا

یہاں کانچ ہے یہاں سے مت گزرو" وہ ایکدم بولا

کانچ روڈ پر" وہ حیران ہوئی اور اسنے گاڑی پھر بھی وہیں سے چلادی

دیکھیں کوئی کانچ نہیں ہے" وہ بولی

"ایک منٹ روکو گاڑی

اسنے کہا تو لڑکی نے گاڑی روک لی اور سارک جلدی گاڑی سے نکلا اور

اپنی گاڑی کی جانب دیکھا چاروٹائر بلکل ٹھیک تھے

وہ دنگ نظروں سے اس گاڑی کو دیکھنے لگا

کیا ہوا سر" اس لڑکی نے سوال کیا

ن۔۔نہیں کچھ نہیں تھنکیو پلیز جائیں اپ" وہ بولا تو لڑکی سر ہلا کر چلی گئی

جبکہ سارک ٹائروں کی جانب اور روڈ کی جانب دیکھنے لگا وہاں کچھ ایسا نہیں تھا جو اسکی گاڑی خراب کرتا

ایسا کیسے ممکن تھا اسنے خود دیکھا تھا اسکے ٹائر پھٹ گئے تھے

ہاں از دیٹ پوسیبل" وہ گاڑی کے اندر بیٹھ گیا۔

اور اسنے گاڑی سٹارٹ کر دی

جیکسن کی آنکھیں اب تک دماغ میں گھوم رہیں تھیں

کچھ زیادہ ہی نشہ کر لیا سارک تم نے" وہ بولا اور گاڑی سٹارٹ کی اور مزید کچھ آگے جا کر ایک بار پھر سے اسکے ٹائر پھٹ گئے

سارک وہیں تھم گیا خوف سے تھر تھرانے لگا اور باہر جھانکا تو ٹائر ٹھیک تھے اسنے گاڑی کی سپیڈ بڑھا لی تھی۔

______________________

ڈاکٹرا بھی ہو کر گیا تھااور ایلے کو سختی سے تاکید کی تھی کہ وہ جتنا ہو سکتا ہے کھائے پیے اور خوش رہے کیونکہ اسکا بچہ بہت کمزور ہے

اسے ان باتوں سے فرق نہیں پڑتا تھا جیکسن نہیں تھا تو اسکو اور اسکے بچے کو بھی نہیں ہونا چاہیے تھا وہ خاموش بیٹھی رہی اور ہینری اسپر بھڑکنے لگا

کیوں اذیت دی رہی ہو خود کو مجھ کو" وہ غصے سے بولا

ہینری اسکی طبعیت نہیں ٹھیک بیلا کچھ جھجھکتے ہوئے اسے غصہ کرنے سے روکنے لگی

شیٹ اپ" وہ دھاڑا بیلا کا چہرہ سرخ ہو گیا

ایلے نے پانچ ماہ میں پہلی بار اسے دیکھا تھا چہرے پر غصہ تھا ناگواری تھی لیکن بولی اب بھی وہ کچھ نہیں تھی

Click On The Link Above To Read More Novels / ✆ / ✉ 0344 4499420
https://www.zubinovelszone.com/

میں تمھیں اور تمھارے بچے کو سیف کرنا چاہتا ہوں ایلے" وہ بالآخر تھک کر بولا

ایلے نے اپنے لبوں سے ایک لفظ بھی نکالنا حرام سمجھ لیا تھا وہ کچھ دیر کھڑا اسے دیکھتا رہا اور پھر باہر نکل گیا

بیلا کی آنکھوں میں آنسو دیکھ کر وہ خود پر سے کمبل ہٹاتی اٹھی جیسے برسوں کی بیمار لگ رہی تھی اسنے بیلا کے چہرے پر ہاتھ رکھا

میری وجہ سے روز بے عزت ہوتی ہو تم چلی جاو میں بھی بہت جلد چلی جاوں گی جیکسن کے پاس" وہ بولی

ایلے پلیز خود کو سنبھالو" بیلا نے اسے سینے سے لگا لیا اور ایلے بری طرح سسک اٹھی

میں نہیں بھول سکتی بیلا میں کبھی بھی نہیں جیو گی مجھے انکے بنا سانس بھی نہیں لینا مجھے نہیں چاہیے یہ زندگی میں کیا کروں گی اس زندگی کا" وہ

اسے اپنا غم سنانے لگی جبکہ بیلا اسے سختی سے بھینچے کھڑی تھی وہ دونوں تادیر روتی رہیں

پلیز کچھ کھالو پھر سو جانا۔۔۔

نہیں مجھے نیند آرہی ہے پھر میرے خواب میں جیکسن نے بھی آنا ہے"

وہ پلٹی اور جا کر بستر میں لیٹ گئی اور زور سے آنکھیں بند کر لیں

بیلا کو لگا اسکا دل اسکی حالت دیکھ کر اپنے اب پھٹ جائے گا حلق میں پھنستی گٹھلی کو اندر اتار کر وہ باہر نکلی تو ہینری کمرے کے باہر ہی کھڑا تھا

بیلا اسکے پہلو سے نکلنے لگی

تمھیں اسے زبردستی کھولنا چاہیے تھا۔۔

" میں کل سائیکاٹس کا انتظام کرتا ہوں

وہ وہاں سے چلا گیا اور بیلا اپنے کمرے میں چلی گئی

_________________________

جھٹکے سے کھینچ کر اسے کسی نے کھڑا کیا تو وہ ایکدم کسی سے کے سینے سے جا لگی

اور اس خوشبو کی مہک کو وہ نیند میں بھی لاشعوری طور پر محسوس کرنا چاہتی تھی کہ وہ کب آئے گا

جیکسن" وہ بولی

ہمم" خوشی کی بات یہ تھی وہ جواب دیتا تھا اسے

آپ مجھے اپنے ساتھ لے جائیں نہ" وہ بولی اور اسنے آنکھیں کھول کر اسے دیکھا وہ اسکے سامنے تھا وہ اسکے سینے سے لگی ہوئی تھی اسکی خوشبو کمرے میں تھی۔۔۔

تم ہینری کو تنگ مت کرو" وہ بولا

جیکس مجھے نہیں رہنا مجھے لے جائیں" وہ گڑگڑائی

ٹھیک ہے رونا بند کرو بے زار کرتی ہو تم مجھے۔۔۔میں آگے سے نہیں آیا کروں گا" وہ بولا جبکہ ایلے ایکدم سیدھی ہوئ

سوری" وہ جلدی سے بولی

حالت دیکھی ہے تم نے اپنی" وہ خفگی سے بولا

تم کچھ کھاتی نہیں ہو اگر میرا دل اٹھ گیا تم سے تو یہ انا جانا بھی بند ہو جائے گا "

نہیں نہیں" وہ اپنے انسو صاف کرتی بولی

جیکسن وہیں لیٹ گیا ایلے نے اسکے سینے پر سر رکھ لیا

کمرے میں ملگجہ سا اندھیرہ تھا وہ اسے جتنا ہلکا دیکھائی دے رہا تھا اتنا ہلکا سنائی دے رہا تھا کیونکہ وہ بہت مدھم بول رہا تھا

جیکسن کی انگلیاں اپنی پشت پر محسوس کر سکتی تھی وہ۔۔۔

میں آئندہ نہیں آؤں گا" جیکسن نے کہا

پلیز ایسا مت کہیں مجھ سے میری جان مانگ لیں ایسا مت کہیں" وہ جلدی سے اسکا چہرہ تھام گئی۔

تم میرے بچے کو مارنا چاہتی ہو" اچانک ہی اسکے بال مٹھی میں جکڑتے وہ بولا۔

جبکہ ایلے کی آنکھوں میں حیرانگی اترائی

آپ اپ کو کیسے پتہ" وہ کانپنے لگی

وہ خاموش ہو گیا سیدھا ہو کر وہ لیٹ گیا اور اسے اپنے پہلو میں لیٹا لیا

میں تمھیں تمھارے بہت قریب ملوں گا

میرے لیے خود کو سنوار کر رکھا کرو" اسکے کان کے نزدیک بولا کر وہ اسکی پشت موڑ گیا

جبکہ ایلے کو خود پر اسکا بوجھ محسوس ہو رہا تھا وہ سمٹ گئی

وہ اسکی چھاوں میں رہنا چاہتی تھی

وعدہ کرو آئندہ کھانا پینا نہیں چھوڑو گی" وہ اسکے کان کے قریب بولتا سوال کر رہا تھا

میں۔۔۔وعدہ کرتی ہوں" وہ آنکھیں بند کیے اپنے بازوں پر اس کی انگلیوں کو محسوس کرتی بولی اور کچھ دیر اسے یہ محسوسات رہیں اور وہ جلد ہی نیند میں اتر گئی پھر جیسے سب ہوا ہو گیا

وہ جاگی پلٹ کر دیکھا

کوئی نہیں تھا چادر پر ایک سلوٹ نہیں تھی

اسکا خواب اتنا مضبوط تھا وہ اپنے بال مٹھیوں میں جکڑ کر دن نکلنے تک روتی رہی تھی۔۔۔

---------------

وہ ناشتہ کر رہی تھی اسنے ضد نہیں کی بیلا کافی خوش تھی وہ کھا رہی تھی

"جلدی سے دودھ بھی پی لو پھر ایک کام کرتے ہیں ہم واک پر چلتے ہیں

جیکس نے واک کا نہیں کہا تھا انھوں نے کہا تھا کھایا پیا کرو" وہ بولی اور

دودھ کا گلاس اٹھالیا

"وہ تو خواب تھا ایلے

وہ آج آئیں گئیں پوچھ لوں گی" وہ اسکی بات پر توجہ دیے بنا ہی بولی

ایلے پلیز خود کو سنبھالو تم اپنے دماغ سے جیکسن کو تصور کر رہی ہو" وہ

پریشان ہو گئ

ایلے کچھ نہیں بولی

ہم واک پر چل رہے ہیں اوکے" وہ اٹھ گئ

میں نے کہا نہ جیکسن سے پوچھو گی تم ضدی مت کرو۔۔۔ وہ ٹائیگر کیا

مر گیا ہے" اسے خیال آیا تو پوچھا

نہیں" بیلا بولی

وہ زندہ ہے" وہ خوش ہوئ

ہاں وہ زندہ ہے وہ بیمار ہو گیا تھا" بیلا نے بتایا

ایلے مسکرائ اور پھر اداس ہو گئ

بس کھالیا" اسنے کھانے کی ٹرے اسکی جانب بڑھائ

ایلے نے سر ہلایا اور بیلا باہر نکل گئ

ایلے کھڑکی سے باہر ہلکی ہلکی بارش کو ہوتا دیکھ رہی تھی اس بارش کو وہ اگر محسوس کرنا چاہتی تھی تو جیکسن کے ساتھ دل نے خواہش کی اور اسنے زور سے آنکھیں بند کر لیں

کاش وہ اجائے۔۔۔

وہ آجائے کہیں سے بھی وہ رات میں بھی تو آتا تھا کیا وہ اسکا تصور تھا" وہ سر جھکا گئ

ایک خواب جو روز رات الگ لگ انداز میں وہ دیکھتی تھی

بارش کمرے کی کھڑکی کے شیشے پر زوروں شور سے برش رہی تھی اور

اندر دل مرجھاتا جارہا تھا

اچانک حساس ہوا کوئی اسے دیکھ رہا ہے

اسنے اس احساس کے تحت سر اٹھایا اور ایکدم دل ڈوب سا گیا

جب وہ اسے دیکھتا تھا حقیقت ہی لگتا تھا

جیکسن "وہ کمبل کھینچ کر ہٹاتی اٹھی اور بھاگتی ہوئی اسکی بانہوں میں سما گئی

اور اتنی زور سے اسے جکڑا کے جیسے اپنے اندر ہی پیوست کرلے گی اور

اسنے بھی تو فورا اسے بازوں میں اچکا لیا تھا

میں اپکو یاد کر رہی تھی "اسکا چہرہ تھامے وہ بولی جیکسن کے ارد گرد

دونوں ٹانگوں کو لاک کیے وہ کسی چھوٹے بچے کیطرح خوش میں اسپر

چڑھی ہوئی تھی وہ روشنی سے دور کھڑا تھا موسم پہلے ہی ابر الود تھا دن

میں شام کا ساسماں تھا اور پھر وہ مکمل سیاہ لباس میں ہوتا تھا

اور چہرہ بھی ماسک کے پیچھے وہ جیسے مسکرایا تھا

ایلے بہت خوش تھی

اپکو پتہ ہے بارش ہو رہی ہے" وہ جوش سے بولی

نہیں میں اندھا ہوں" اسنے کہا تو ایلے کھلکھلا اٹھی

"اتنا ہنسو گی تو لوگ پاگل سمجھیں گے

میں تو پاگل ہو گئی ہوں" وہ اسکی آنکھوں میں دیوانگی سے دیکھنے لگی

پوری طرح پاگل اسنے جیکسن کا ماسک چہرے پر سے ہٹایا اسکے ہونٹوں

کی جانب دیکھا وہ خاموش کھڑا تھا

مجھے آپ بہت یاد اتے ہیں" اسنے جھک کر اسکے گالوں کو چھوا

" جب تم یاد کرو گی میں اجاوں گا

"بیلا کہتی ہے میں اپنی مرضی سے تصور کرتی ہوں

بولنے دو جو بولتا ہے" اسنے اسکے بال سنوارے

لیکن میں یہ سب سچ چاہتی ہوں" وہ پھر سے رودی" وہ خاموش ہو گیا۔

میرا خیال میرا تصور میں یہ جدائی نہیں سہہ پارہی مجھے اپنے ساتھ لے

جائیں" وہ بری طرح رودی

جبکہ جیکسن نے اسکی گردن پر ہاتھ رکھا باہر دروازہ بجنے لگا تھا ایلے کو

ہوش نہیں تھی

جیکسن کے ہاتھ اسکی گردن پر رینگتے اسے محسوس ہو رہے تھے اور

اچانک وہ پیچھے کو گیر گئ

اور اسنے اسے بیڈ پر لیٹا دیا اسکی پیشانی چومی

دروازہ ٹوٹ جاتا بجتے بجتے۔۔۔اور وہ آگے بڑھا اور دروازہ کھول دیا

بیلا آنکھیں پھیلائے سامنے کھڑے شخص کو دیکھنے لگی اسکے پیچھے ہی

ہینری کھڑا تھا جو ابھی اندر داخل ہوا تھا

ہینری اسے دیکھ کر خاموشی سے گزر گیا اور بیلا نہ چاہتے ہوئے بھی بے

ہوش ہو گئی وہ بیلا کے پاس سے گزر گیا۔

جانے کا مقصد جب اہی گئے ہو" ہینری کی آواز پر جیکسن پلٹا

" نے کہا تھا تم نہیں اسکتے

اور تم نے کہا تھا تم سنبھال لو گے " عرصے بعد اسکی دھاڑ سنی تھی اس

گھر نے۔

تمھارا پلین فلاپ تھا

دشمنوں کا منہ کھل گیا مزید" ہینری بھڑکا

" شیٹ یو رماو تھ جب تک زندہ ہوں دیکھ لوں گا

توٹھیک ہے مجھ سے اب کسی بھی قسم کی امید مت رکھنا میں اپلے کو مزید پاگل ہوتے نہیں دیکھ سکتا میں اسے سب سچ بتادوں گا کہ تم اور دادا زندہ ہو"

ہینری" جیکسن غرایا

" تم جانتے ہو میں اسکے پاس نہیں رہ سکتا

" تو یار اسے آ کر پاگل بھی مت کرو

پلیز اسے بتانے دو" ہینری نے منت کی

نہیں" وہ سختی سے بولا اور باہر نکل گیا ہینری دانت پیستا اسے دیکھ رہا تھا جبکہ جیکسن لمبے لمبے ڈنگ بھرتا آگے بڑھا اور اسنے اپنا ماسک اتار دیا اسکے چہرے پر ایک نشان تھا جبکہ انکھ کا ایک ائ بول گرین تھا اسنے سر پر سے کیپ اتاری

اسکے گھنے بال ایکدم پیشانی پر پھیلے ٹھنڈی ہوا میں ایک سانس بھرتا وہ جمپ لگا کر اپنے پرائیویٹ جٹ میں چڑھا تھا اور ہینری اسے دور جاتے ہوئے دیکھنے لگا۔

_____________________

بیلا دل تھامے بیٹھی تھی

ہینری نے ضروری نہیں سمجھا اسے کوئی جواب دے لیکن وہ منتظر تھی

ہینری سے سوال کرنے کے لیے وہ تیار وہ کر باہر نکلا کہیں جا رہا تھا

ہینری" وہ ٹوک گئی وہ رک گیا پلٹ کر دیکھا

ایسا ایسا کیسے ممکن ہے" وہ دنگ تھی

" دنیا میں سب ممکن ہے جب ہر چیز پلیننگ سے ہو

لیکن جیکسن کو پولیس نے" وہ شاکڈ تھی

مار دیا ہے" وہ بولا جبکہ بیلا کنفیوز سی ہو گئی

یہ بات دنیا جانتی ہے لیکن مبارک ہو اب تم سچ جانتی ہو تو اپنی چونچ ایلے کے سامنے بند رکھنا" وہ باہر نکلنے لگا

تم لوگ اسپر ظلم کر رہے ہو اپنی نسل کی فکر کر لو" بیلا کے اندر جیسے غصہ سر چڑھ کر بولا

ہمارے کام میں نسلوں کی نسلیں تباہ ہو جاتیں ہیں تباہ اگر کوئی زندہ ہے تو اسے شکر منانا چاہیے" وہ روکھے لہجے میں بولتا وہاں سے باہر نکل گیا

بیلا منہ پر ہاتھ رکھے دوبارہ صوفے پر بیٹھ گئی یعنی ایلے جسے اپنا تصور سمجھتی ہے وہ حقیقت ہے وہ شخص اسکے پاس حقیقت میں اتا ہے لیکن کیا اس سے وہ مزید پاگل نہیں ہو جائے گی

کیا تھا یہ سب کیوں تھا اور ایسا کیوں کیا گیا اگر وہ بچ گیا تھا تو ایلے کے پاس آتا پیچھلے پانچ مہینوں سے یہ کون سا ناٹک چل رہا تھا

بیلا شدید غصے سے بلبلا اٹھی تھی جی کیا اس معصوم لڑکی کو جا کر سب سچ بتادے کہ وہ پر سکون رہے نہیں مارا وہ شخص جس کے پیچھے وہ پاگل ہو رہی ہے وہ زندہ ہے اور جان بوجھ کر یہ سب کر رہا ہے وہ مٹھیاں بھینچ گئی اب تک وہ اس گلٹ میں تھی کہ اس دن اگر وہ ہینری کو نا روکتی تو ہینری سامنا کر سکتا تھا ارتھر کا اور شاید اسکا روکنا اسکا جرم تھا وہ اس گلٹ میں ہینری کی پر بات سہی رہی تھی کہ جیکسن نہیں رہا جیک جو شاید اسکا آئیڈیل تھا وہ مر گیا

اور کہیں نہ کہیں سے وہ اپنا قصور نکال رہی تھی لیکن اب وہ شدید غصے میں تھی ارتھر نے بھی اسے بیوقوف بنایا تھا بلکل اسی طرح اور اسکے باپ کے ٹکڑے کر کے بوکس میں بند کر کے فریز کر دیے تھے وہ کتنا عرصہ اس آس میں جیتی رہی کہ اسکا باپ زندہ ہے جبکہ وہ تو کب کا مر چکا تھا اور جب اسنے دیکھا تو وہ چیخیں مار مار کر روئی تھی لیکن جب جیکسن

نے ارتھر کے وجود میں اتنی ہی گولیاں بھر کر اسکے جسم کے اتنے ہی

ٹکڑے کیے تو وہ مطمئین ہو گی تھی لیکن جیکسن کے مرنے کا دکھ بہت

تھا لیکن اب نہیں وہ کسی بات کے دباؤ میں نہیں آئے گی

وہ اٹھی اور ایلے کے کمرے میں چلی گئ

وہ بے چاری سو رہی تھی اسکی آنکھوں کے آنسو تو ختم ہی نہیں ہوتے

تھے بیلا کو اسکی حالت پر رونا آنے لگا اور اسکے اٹھانے کا انتظار کرنے لگی

وہ ارادہ بنا چکی تھی وہ سچ ایلے کو بتا کر رہے گی۔

---------------------

جیک نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا جیکسن نے مڑ کر دیکھا

Do you know that you become more

and more handsome " .

وہ بولا جبکہ جیکسن نے سر جھٹکا اور سامنے سکرین کو دیکھنے لگا۔

سارک صرف مہرہ ہے مجھے اصل وجہ تک پہنچنا ہے اس دن کس نے حملہ کیا تھا میں پانچ ماہ سے یہ بات جان نہیں پارہا دادا" وہ ہاتھ کی مٹھی بنا کر ٹیبل پر مارتا بولا

دشمن پر سکون ہو جائے تو غلطی کی گنجائش بن جاتی ہے ریلکس کرو کچھ نہ کچھ تو ضرور ہو گا" وہ چیئر گھسیٹ کر ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھ گیا

" اور اگر ایلے کے ساتھ کچھ ہوا تو

"فلحال تم نے ہی اسے چارہ بنا رکھا ہے

"میں پہلی بار زندگی میں شرمندہ ہوں

ڈونٹ وری ہر چیز سیٹ ہے" جیمز کی آواز پر اسنے مڑ کر دیکھا

استنبول کی سڑکوں پر کتے لی طرح گھسیٹ دوں گا میں اگر یہ اہمیٹ

" بیرات نکلا تو

میرا شک وہیں ہے" جیک نے کہا

لگتا تو ہے لیکن ہمارے شہر میں اتر کر" جیکسن چیئر چھوڑ کر اٹھا

اس میشن کے پورے ہوتے ہی تم کھلے عام مافیا کو قبول کرو گے ہم نے

تمھارے طریقے کو اپنایا تمھاری ضد پر جیکسن لیکن اپنا وعدہ مت بھولنا

" کبھی تم جان بچا کر فرار ہو جاو

دادا۔ پلیز یار فلحال آپکی مافیا ایک سڑا ہوا پین کیک بن چکی ہے جسے

"بھیڑیے کھا رہے ہیں

یہ ہی بکواس اسکی مجھے زہر لگتی ہے" جیک بھڑکا جیمز دانت نکالتا شانے

اچکا گیا

یہ سب سے بہترین بات ہے کہ میں نے ہی اسے ایسا بنایا ہے" وہ اٹھ کر

غصے سے باہر نکل گیا جبکہ جیمز نے جیکسن کے شانے پر ہاتھ رکھا۔

